जो लोग अपने माल ईश्वर के मार्ग में व्यय करते हैं और व्यय करके फिर उपकार नही जताते न दुख देते है उनका प्रतिदान उनके रब के पास है और उनके लिए किसी खेद और भय का अवसर नही है. (262) {2:254,158, 76:9, 15:88, 26:215}

جولوگ اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اورخرچ کر کے پھراحسان نہیں جتاتے نہ دکھ دیتے ہیں ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہےاوراُن کے لئے کسی رنج اور خوف کا موقع نہیں (۲۶۲) [۲:۲۵۴، ۱۵۸، ۷۶:۹، ۱۵:۸۸، ۲۶:۲۱۵]

भली बात और क्षमा उस दान से उत्तम है जिसके पीछे दुख हो ईश्वर लालसा रहित और सहन शील है (263)

بھلی بات اور چشم پوشی اس صدقے سے بہتر ہے جس کے پیچھے دکھ ہو اللہ بے نیاز اور بردبار ہے (۲۶۳)

ऐ आस्तिकों! उपकार जताकर और दुख पहूँचा कर अपने दान को नष्ट मत करो उस व्यक्ति की भाँति कि जो अपना धन लोगों को दिखाने के लिए व्यय करता है और ईश्वर पर और प्रलोक पर आस्था न रखें तो उसकी दशा उस चिकने पत्थर की चट्टान की भाँति है जिस पर कुछ मिट्टी पड़ी हुई हो, अतः उस पर प्रचण्ड वर्षा पड़े तो उसे साफ चट्टान करके छोड़ती है इस चट्टान पर कृषि करने वाले अपनी कमाई और परिश्रम का कोई फल प्राप्त नही करते. ईश्वर सत्य का नकार करने वालों को (अपने विधान के अनुसार) पथ प्रदर्शन नहीं देता (264) {56:66-67}

اے اہل ایمان ! احسان جتا کر اور اذیت پہنچا کر اپنی خیرات کوضائع مت کرواس آدمی کی طرح کہ جواپنا مال لوگوں کودکھانے کے لئےخرچ کرتا ہےاوراللہ پراورپچھلے دن پرایمان نہ رکھےتواس کی حالت اس چکنے پتھر کی چٹان کی طرح ہےجس پر کچھ مٹی پڑی ہوئی ہو پس اس پر زور دار بارش پڑی تو اُسے صاف چٹان کر کے چھوڑ گئی اس چٹان پر زراعت کرنے والے اپنی کمائی اور محنت کا کوئی نتیجہ حاصل نہیں کرتے اللہ تعالیٰ حق کا انکار کرنےوالوں کو (اپنے قانون کے مطابق) ہدایت نہیں فرماتا (۲۶۴) [۵۶:۶۶، ۶۷]

नोट- चट्टान से तात्पर्य कपटि से है वह अपने कपट को पाखण्डता से छुपाता है परन्तु अवसर आने पर प्रकट हो जाता है कि यह कपटि है जैसे चट्टान से मिट्टी बह जाती है और मिट्टी बहने से सब बीज और उपज समाप्त हो जाती है, इसी प्रकार कपटि की पाखण्डता के कार्य भी समाप्त हो जाते हैं और चट्टान स्पष्ट दिखाई देती है अर्थात् जो वास्तविकता छुपा रखी थी वह सामने आ जाती है और ज्ञात हो जाता है कि यह कपटि है.

نوٹ:۔ چٹان سے مراد منافق سے ہےوہ اپنے نفاق کو ریاکاری سے چھپاتا ہے مگر موقع آنے پر ظاہر ہو جاتا ہے کہ یہ منافق ہے جیسے چٹان سے مٹی بہہ جاتی ہے اور مٹی بہنے سے سب بیج اور فصل ختم ہو جاتی ہےاسی طرح منافق کی ریاکاری کے عمل بھی ختم ہو جاتے ہیں اور چٹان نظر آجاتی ہے یعنی جو حقیقت چھپا رکھی تھی وہ سامنے آجاتی ہےاور پتہ چل جاتا ہے کہ یہ منافق ہے.

और उन लोगों की दशा जो अपनी सम्पत्ति को ईश्वर की प्रसन्नता प्राप्त करने और अपनी आत्माओं को (ईश्वर के मार्ग में बलिदान पर) जमा लेने के कारण से व्यय करते हैं उस उपवन की भाँति है जो अच्छी और उपजाऊ (न अधिक ऊंचाई पर और न अधिक गहराई में) में हो उस पर प्रचण्ड वर्षा पड़ी तो उसने अपनी उपज दुगनी, चौगुनी (अर्थात अच्छी) मात्रा में दी या यदि उस पर प्रचण्ड वर्षा न पड़ी तो हल्की वर्षा से प्राप्त होगी और ईश्वर तुम्हारे कर्मों को देख रहा है (265)

اوران لوگوں کی حالت جو اپنے اموال کواللہ کی رضا حاصل کرنے اوراپنے نفسوں کو(راہ حق میں قربانی پر)جما لینے کی وجہ سےخرچ کرتے ہیں اس باغ کی طرح ہے جوعمدہ اور زرخیز زمین (نہ زیادہ اونچائی پراور نہ زیادہ نشیب میں) میں ہواس پر زوردار بارش پڑی تو اس نے اپنی پیداوار (دگنی چوگنی یعنی خوب) مقدار میں دی پس اگر اس پر زوردار بارش نہ پڑی تو ہلکی بارش ہی کافی ہوگی اوراللہ تمہارے عمل کو دیکھ رہا ہے(۲۶۵)

नोट- उपजाऊ भूमि से तात्पर्य आस्तिक का हृदय है बात समझाने के लिए ईश्वर ने उपजाऊ की उपमा दी है परन्तु कुरआन के अनुवादों में अनुवाद ऊंची भूमि किया गया है, अब विचारणीय बात यह है क्या ऊंची भूमि पर अच्छा उपवन हो सकता है ऊंची भूमि पर न अच्छी प्रकार पानी दिया जा सकता है और ऊंचाई होने के कारण तीव्र वायु भी हानि पहुँचाएगी इसी प्रकार निम्न भूमि में भी उपवन ठीक न होगा, उपवन की भूमि उपजाऊ और समतल ही ठीक रहती है जिसका तल ठीक हो न ऊंची न नीची.

نوٹ:۔ زرخیز زمین سے مراد مومن کا دل ہےبات سمجھانے کے لئے اللہ نے باغ کی مثال دی ہےلیکن اکثر نے ترجمہ اونچی زمین کیا ہےاب غورطلب بات یہ ہے کیا اونچی زمین پر اچھا باغ ہو سکتا ہےاونچی زمین پر نہ اچھی طرح پانی دیا جا سکتا ہےاور اونچائی ہونے کی وجہ سے تیز ہوا بھی نقصان پہنچائے گی اس طرح نشیب والی زمین میں بھی باغ ٹھیک نہ ہوگا باغ کی زمین زرخیز اور ہموار ہی ٹھیک رہتی ہےجس کی سطح بھی ٹھیک ہو نہ اونچی نہ نیچی.

प्रचण्ड वर्षा से तात्पर्य आस्तिक को ईश्वर के मार्ग में व्यय करने के लिए अधिक प्रेरणा देना और यदि थोड़ी प्रेरणा भी दी जाएगी तो भी आस्तिक हर दशा में व्यय करने को प्रस्तुत रहता है उसका हृदय हर समय उपकार करने को व्याकूल रहता है प्रेरणा कम या अधिक वर्षा

زوردار بارش سے مراد مومن کو راہ حق میں خرچ کرنے کی زیادہ ترغیب دینا اوراگر تھوڑی بھی ترغیب دی جائے گی تو بھی مومن ہرحال میں خرچ کرنے کو تیار رہتا ہےاس کا دل ہروقت نیکیاں کرنے کو بیقرار رہتا ہےترغیب کم یا

कम या अधिक आस्तिक दोनों दशा में उपकार करता है.

زیادہ بارش کم یا زیادہ مومن دونوں حالتوں میں نیکیاں کرتا ہے.

क्या तुम में कोई यह पसन्द करता है कि उसके पास एक हरा-भरा उपवन हो नहरों से सिंचित खजूरों और अंगूरों और हर प्रकार के फलों से लदा हुआ और वह अन्तिम समय अर्थात लाभ देने के समय पर एक तीव्र आंधी जिसमें आग हो, की चपेट में आकर झुलस जाए जबकि वह स्वंय बूढ़ा हो और उसके छोटे बच्चे अभी किसी योग्य न हों इस प्रकार ईश्वर अपनी बातें तुम्हारे सामने स्पष्ट करता है शायद कि तुम विचार करो (266)

کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ اس کے پاس ایک ہرا بھرا باغ ہو نہروں سے سیراب کھجوروں اور انگوروں اور ہر قسم کے پھلوں سے لدا ہوا اور وہ عین وقت پر ایک تیز بگولے جس میں آگ ہو کی زد میں آ کر جھلس جائے جب کہ وہ خود بوڑھا ہو اور اس کے کمسن بچے ابھی کسی لائق نہ ہوں اس طرح اللہ اپنی باتیں تمہارے سامنے بیان کرتا ہے شاید کہ تم غور کرو (۲۶۶)

नोट- हरा भरा उपवन से आशय आस्तिक के अच्छे कर्म है जो उसके प्रलोक में काम आने वाले है यदि आस्तिक की त्रुटि से (तीव्र आंधी) वह समाप्त हो गए तो उससे बड़ी हानि और क्या हो सकती है? और वह भी अन्तिम समय में इसको समझाने के लिए ईश्वर ने एक उपमा उपवन और बूढ़े की देकर शिक्षा दी है बुद्धि वाले विचार करें और किसी मिथ्या कथन के चक्कर में आकर अपने अच्छे कर्म नष्ट न करें अन्तिम सांस तक ईश्र के आज्ञाकारी बने रहें, कहीं ऐसा न हो कि ऐसे समय में कर्म नष्ट हो जाएं जब पश्चाताप करने का भी अवसर न रहे जैसे बूढ़े आदमी की उपमा है कि अब बुढ़ापे में वह क्या करे शक्ति उत्तर दे चुकी और उपवन समाप्त हो गया छोटे छोटे बच्चे है.

نوٹ:۔ ہرا بھرا باغ سے مراد مومن کے نیک عمل ہیں جو اس کے آخرت میں کام آنے والے ہیں اگر مومن کی غلطی سے (تیز بگولے) وہ باطل ہو گئے تو اس سے بڑا نقصان اور کیا ہو سکتا ہے؟ اور وہ بھی آخیر وقت میں اس کو سمجھانے کے لئے اللہ نے ایک مثال باغ اور بوڑھے کی دے کر تعلیم دی ہے عقل والے غور کریں اور کسی باطل روایت کے چکر میں آ کر اپنے نیک اعمال برباد نہ کریں آخری سانس تک اللہ کی فرمانبرداری کریں کہیں ایسا نہ ہو کہ ایسے وقت میں عمل برباد ہو جائیں جب توبہ کرنے کا بھی موقع نہ رہے جیسے بوڑھے آدمی کی مثال ہے کہ اب بڑھاپے میں وہ کیا کرے طاقت جواب دے چکی اور باغ ختم ہو گیا چھوٹے چھوٹے بچے ہیں.

ऐ लोगो! जो आस्था लाए हो जो सम्पत्ति तुमने कमाई है और जो कुछ हमने भूमि से तुम्हारे लिए निकाला है उसमें से उत्तम उपज ईश्वर के मार्ग में व्यय करो, ऐसा न हो कि उसके मार्ग में देने के लिए बुरी से बुरी वस्तु छांटकर देने का प्रयत्न करो यद्यपि वही बुरी वस्तु यदि कोई तुमको दे तो तुम कदापि उसे लेना स्वीकार न करोगे किन्तु यह कि उसे लेने में असावधानी बरत जाओ तुम्हें जान लेना चाहिए कि ईश्वर लालसा रहित है और सर्वोत्तम गुणों का स्वामी है (267)

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو جو مال تم نے کمائے ہیں اور جو کچھ ہم نے زمین سے تمہارے لئے نکالا ہے اس میں سے بہتر پیداوار اللہ کی راہ میں خرچ کرو ایسا نہ ہو کہ اس کی راہ میں دینے کے لئے بُری سے بُری چیز چھانٹ کر دینے کی کوشش کرو حالانکہ وہی خراب چیز اگر کوئی تم کو دے تو تم ہرگز اسے لینا گوارہ نہ کرو گے اِلّا یہ کہ اس کو قبول کرنے میں غفلت برت جاؤ تمہیں جان لینا چاہیے کہ اللہ بے نیاز ہے اور بہترین صفات کا مالک ہے (۲۶۷)

शैतान तुम्हें निर्धनता से डराता है और बुरे कर्म करने की प्रेरणा देता है, किन्तु ईश्वर तुम्हें अपनी क्षमा और कृपा दया की आशा दिलाता है ईश्वर बड़ा विस्तार वाला और ज्ञानी है (268)

شیطان تمہیں مفلسی سے ڈراتا ہے اور بُرے کام کرنے کی ترغیب دیتا ہے مگر اللہ تمہیں اپنی بخشش اور فضل کی امید دلاتا ہے اللہ بڑی کشائش والا اور دانا ہے (۲۶۸)

ईश्वर का नियम उसको युक्ति प्रदान करता है जो इस योग्य होता है जो चाहता है और जिसको ज्ञान मिला उसे वास्तव में बड़ा पुण्य, बड़ी सम्पत्ति मिल गई इन बातों से केवल वही लोग शिक्षा लेते है जो बुद्धिमान है (269) {108:1से3, 17:39}

اللہ کا قانون اس کو حکمت عطا کرتا ہے جو اس لائق ہوتا ہے جو چاہتا ہے اور جس کو حکمت ملی اسے حقیقت میں خیر کثیر بڑی دولت مل گئی ان باتوں سے صرف وہی لوگ سبق لیتے ہیں جو دانشمند ہیں (۲۶۹) [۱۰۸:۱تا۳، ۱۷:۳۹]

और जो कुछ भी धन तुमने व्यय किया हो या जो कुछ भी तुमने भेंट मानी हो विश्वास करो कि ईश्वर उसे जानता है और पापियों के लिए उनके (कल्पित) सहायकों में से कोई न होगा (270)

اور جو کچھ بھی مال تم نے خرچ کیا ہو یا جو کچھ بھی تم نے نذر مانی ہو یقین کرو کہ اللہ اسے جانتا ہے اور ظالموں کے لئے ان کے (فرضی) مددگاروں میں سے کوئی نہ ہوگا (۲۷۰)

यदि तुम अपने दान प्रकट करो अर्थात् दूसरों के सामने शुद्ध हृदयता के साथ चुकता करो तो यह भी अच्छी बात है (इसमें न कोई दोष है न यह निःस्वार्थता के विरुद्ध है) और यदि दान गुप्त

اگر تم اپنے صدقات کو ظاہر کرو یعنی دوسروں کے سامنے خلوص کے ساتھ ادا کرو تو یہ بھی اچھی چیز ہے (اس میں نہ کوئی قباحت ہے نہ یہ اخلاص کے منافی ہے) اور اگر تم

आवश्यकता वालों को दो तो यह तुम्हारे लिए उत्तम है और यह कार्य प्रणाली तुम्हारी बहुत सी बुराईयों पर आवरण डाल देगी, ईश्वर तुम्हारे कर्मों को जानता है (271)

صدقات چھپا کر ضرورت مندوں کو ادا کرو تو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اور یہ طرز عمل تمہاری بہت سی برائیوں پر پردہ ڈال دے گا اللہ تمہارے اعمال سے باخبر ہے (۲۷۱)

ऐ नबी लोगों को पथ प्रदर्शन प्रदान कर देने का उत्तरदायित्व तुम पर नही है (आप पर भार केवल संदेश पहुंचा देना है और अपने कर्म से बता देना है-5:99) और ईश्वर का नियम पथ प्रदर्शन उसे देता है जो स्वयं चाहता है और जो तुम माल व्यय करोगे वह तुम्हारे अपने ही लिए है और तुम जो भी व्यय करोगे उस व्यय करने से तुम्हारा इरादा निःसन्देह ईश्वर की प्रसन्नता चाहना होगा और तुम जो धन व्यय करोगे वह पूरा पूरा लौटा दिया जाएगा और तुम पर अत्याचार नही किया जाएगा (272)

اے نبی لوگوں کو ہدایت بخش دینے کی ذمہ داری تم پر نہیں ہے (آپ کے ذمہ صرف پیغام پہنچا دینا اور اپنے عمل سے بتا دینا ہے۔۵:۹۹) اور اللہ کا قانون ہدایت اسے دیتا ہے جو خود چاہتا ہے اور جو تم مال خرچ کرو گے وہ تمہارے اپنے ہی لئے ہے اور تم جو بھی خرچ کرو گے اس خرچ کرنے سے تمہارا منشا یقیناً اللہ کی رضا چاہنا ہوگا اور تم جو مال خرچ کرو گے وہ پورا پورا واپس کر دیا جائے گا اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا (۲۷۲)

दान का धन उन निर्धनों के लिए भी है जो ईश्वर के कार्य के लिए आबद्ध हो जाएं वह जीविका कमाने के लिए पृथ्वी में चल फिर न सकते हो उनके प्रश्न न करने के कारण अनजान व्यक्ति उनको सम्पन्न जानता है और तुम उन्हें उनके मुख से पहचान लोगे वह लोगों से लिपट कर प्रश्न नही करेंगे और तुम जो भी धन व्यय करोगे ईश्वर उसे भलिभांति जानता है (273)

صدقوں کے مال ان محتاجوں کے لئے بھی ہیں جو اللہ کی راہ میں پابند ہو جائیں وہ روزی کمانے کے لئے زمین میں چل پھر نہ سکتے ہوں ان کے سوال نہ کرنے کی بدولت بے خبر آدمی ان کو آسودہ حال گمان کرتا ہو اور تم انہیں ان کے چہروں سے پہچان لو گے وہ لوگوں سے لپٹ کر سوال نہیں کریں گے اور تم جو بھی مال خرچ کرو گے اللہ اسے اچھی طرح جانتا ہے (۲۷۳)

जो लोग अपने माल दिन रात प्रकट और गुप्त दान करते है उनका फल उनके रब के पास है और उनके लिए किसी भय और कलेश का स्थान नही है (274)

جو لوگ اپنے مال شب و روز کھلے اور چھپے خرچ کرتے ہیں ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہے اور ان کے لئے کسی خوف اور رنج کا مقام نہیں ہے (۲۷۴)

जो लोग ब्याज खाऐंगे वह नही खड़े होंगे किन्तु उस व्यक्ति की भांति खड़े होंगे जिसे शैतान ने प्रेरणा देकर (अधिक से अधिक ब्याज प्राप्त करने के लिए) पागल कर दिया हो यह इसलिए कि वह कहते है व्यापार भी तो सूद के समान है यद्यपि ईश्वर ने व्यापार को वैध बनाया और ब्याज को अवैध बनायाहै फिर व्यक्ति जिसके पास उसके रब की ओर से उसका आदेश आ चुका यदि वह ब्याज लेने से रुक जाएगा तो उसके लिए है जो गमन हो चुका उसका प्रसंग ईश्वर को समर्पित है और जिन लोगों ने फिर ब्याज लिया तो वही लोग नर्क में जाने वाले है वह उसके दण्ड में सदैव रहने वाले है (275) {3:130, 30:39, 53:39}

جو لوگ سود کھائیں گے وہ نہیں کھڑے ہوں گے مگر اس آدمی کی طرح کھڑے ہوں گے جسے شیطان نے ترغیب دے کر (زیادہ سے زیادہ سود حاصل کرنے کے لئے) خبطی کر دیا ہو یہ اس لئے کہ وہ کہتے ہیں تجارت بھی تو سود کے مانند ہے حالانکہ اللہ نے تجارت کو حلال ٹھہرایا ہے اور سود کو حرام قرار دیا ہے پھر وہ آدمی جس کے پاس اس کے رب کی طرف سے اس کا نصیحت نامہ آ چکا اگر وہ سود خوری سے باز آ جائے گا تو اس کے لئے ہے جو گزر چکا اس کا معاملہ اللہ کے حوالے ہے اور جن لوگوں نے پھر سود خوری کی پس وہی لوگ اہل نار ہیں وہ اس کی سزا میں ہمیشہ رہنے والے ہیں (۲۷۵) [۳:۱۳۰، ۳۰:۳۹، ۵۳:۳۹]

ईश्वर ब्याज को नष्ट करता है और दान को बढ़ाता है क्योंकि ईश्वर हर विरोधी और पापी को अभिरूचि नही करता (276)

اللہ سود کو ملیا میٹ کرتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا ہے کیونکہ اللہ ہر منکر اور گنہگار کو پسند نہیں کرتا (۲۷۶)

हां जो लोग आस्था ले आएं और सत्कर्म करे और नमाज़ स्थापित करें और दान दें उनका प्रतिदान निःसन्देह उनके स्वामी के पास है और उनके लिए किसी भय और कलेश का अवसर नही (277)

ہاں جو لوگ ایمان لے آئیں اور نیک عمل کریں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں ان کا اجر بے شک ان کے رب کے پاس ہے اور ان کے لئے کسی خوف اور رنج کا موقع نہیں (۲۷۷)

ऐ लोगो! जो आस्था लाए हो ईश्वर से डरो और

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرو اور جو کچھ تمہارا

سودلوگوں پر باقی رہ گیا ہے اسے چھوڑ دو اگر واقعی تم ایمان لائے ہو (۲۷۸) [۱۱:۶۴، ۲۳:۵۴]

जो कुछ तुम्हारा सूद लोगों पर शेष रह गया है उसे छोड़ दो यदि वास्तव में तुम आस्था लाए हो (278) {11:64, 23:54}

لیکن اگر تم نے ایسا نہ کیا تو آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے تمہارے خلاف اعلان جنگ ہے اب بھی توبہ کرلو (اور سود چھوڑ دو) تو اپنا اصل سرمایا لینے کے تم حق دار ہو نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے (۲۷۹)

यदि तुमने ऐसा न किया तो सुचित हो जाओ कि ईश्वर और उस के रसूल की ओर से तुम्हारे विरुद्ध युद्ध की घोषणा है अब भी पश्चाताप कर लो (और ब्याज छोड़ दो) तो अपना मूल धन लेने के तुम अधिकारी हो न तुम पर अत्याचार करो न तुम पर अत्याचार किया जाए (279)

تمہارا قرض دار تنگ دست ہو تو ہاتھ کھلنے تک اسے مہلت دو اور جو صدقہ کر دو تو یہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے اگر تم سمجھو (۲۸۰)

तुम्हारा ऋणी निर्धन हो तो हाथ खुलने तक उसे छूट दो और जो दान कर दो तो यह तुम्हारे लिए अधिक अच्छा है यदि तुम समझो, (280)

اس دن کی رسوائی و مصیبت سے بچو جب کہ تم اللہ کی طرف واپس ہو گے وہاں پر ہر آدمی کو اس کی کمائی ہوئی نیکی یا بدی کا پورا پورا بدلہ مل جائے گا اور کسی پر ظلم نہ ہوگا (۲۸۱)

उस दिन के अपमान व संकट से बचो जब कि तुम ईश्वर की ओर वापस होंगे वहां पर आदमी को उस की कमाई हुई नेकी या बदी का पूरा पूरा फल मिल जाएगा और किसी पर अत्याचार न होगा, (281)

اے اہل ایمان جب تم ایک مقررہ مدت تک کے لئے کسی سے ادھار کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لیا کرو اور چاہئے کہ تمہارے اس باہمی معاملہ کو کوئی لکھنے والا انصاف کے ساتھ لکھے اور کوئی لکھنے والا لکھنے سے انکار نہ کرے جیسا کہ اللہ نے اسے سکھایا ہے پس کاتب لکھے اور جس پر حق واجب ہے لکھوائے یعنی قرض لینے والا. اور اللہ کی نافرمانی سے بچے جو اس کا رب ہے اور حق میں سے کچھ کم نہ کرے. پس اگر قرض لینے والا بے عقل یا ناتواں ہو یا املا کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اس کا ولی انصاف کے ساتھ املا کرادے اور دستاویز لکھادے پھر اپنے مردوں میں سے دو آدمیوں کی اس پر گواہی کرالو. اگر دو آدمی نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ہوں تا کہ ایک بھول جائے تو دوسری اسے یاد دلادے. یہ گواہ ایسے لوگوں میں سے ہونے چاہئیں جن کی گواہی تمہارے درمیان مقبول ہو. گواہوں کو جب گواہی کے لئے کہا جائے تو انہیں انکار نہ کرنا چاہیے معاملہ چاہے چھوٹا ہو یا بڑا میعاد کے ساتھ اس کی دستاویز لکھوا لینے میں تساہل نہ کرو. اللہ کے نزدیک یہ طریقہ تمہارے لئے زیادہ مبنی بر انصاف ہے. اس سے شہادت قائم ہونے میں زیادہ سہولت ہوتی ہے. اور تمہارے شک وشبہ میں مبتلا ہونے کا امکان کم رہ جاتا ہے. ہاں جو تجارتی لین دین دست بدست تم لوگ آپس میں کرتے ہو اس کو نہ لکھا جائے تو کوئی حرج نہیں. مگر تجارتی معاملہ طے کرتے وقت گواہ کرلیا کرو. کاتب اور گواہ نقصان نہ کریں نہ ان کو ستایا جائے. ایسا کرو گے تو گناہ کا ارتکاب کرو گے. اللہ کے غضب سے بچو وہ تم کو صحیح طریق عمل کی تعلیم دیتا ہے اور اللہ کو ہر چیز کا علم ہے (۲۸۲)

ऐ आस्तिको! जब तुम एक निश्चित अवधि तक के लिए किसी से उधार का व्यवहार करो तो उसे लिख लिया करो और चाहिए कि तुम्हारे इस आपसी प्रसंग को कोई लिखने वाला न्याय के साथ लिखे और कोई लिखने वाला लिखने से इनकार न करे जैसा कि ईश्वर ने उसे सिखाया है अतः लेखक लिखे और जिस पर अधिकार अनिवार्य है लिखवाए अर्थात् ऋण लेने वाला और ईश्वर की अवज्ञा से बचे जो उस का रब है, और अधिकार में से कुछ कम न करे, अतः यदि उधार लेने वाला बुद्धिहीन या दुर्बल हो या लिखवाने की क्षमता न रखता हो तो उसका अभिभावक न्याय के साथ लिखा दे और लेखपत्र लिखा दे फिर अपने नरों में से दो नरों की उस पर साक्ष्य करा लो, यदि दो आदमी न हों तो एक पुरुष और दो स्त्री हो ताकि एक भूल जाए तो दूसरी उसे याद दिला दे यह साक्षी ऐसे लोगों में से होने चाहिए जिनकी साक्ष्य तुम्हारे मध्य मान्य हो, साक्षियों को जब साक्ष्य के लिए कहा जाए तो उन्हें नकार न करना चाहिए प्रसंग चाहे छोटा हो या बड़ा अवधि के साथ उसका लेख पत्र लिखवाने में आलस्य न करो, ईश्वर के निकट यह विधि तुम्हारे लिए अधिक न्याय पर आधारित है, इससे साक्ष्य स्थापित होने में अधिक सरलता होती है, और तुम्हारे भ्रम में ग्रस्त होने की सम्भावना कम रह जाती है, हां जो व्यापारिक लेन देन हस्ततः तुम लोग आपस में करते हो उसको न लिखा जाए तो कोई हानि नहीं किन्तु व्यापारिक प्रसंग निश्चित करते समय साक्षी कर लिया करो, लेखक और साक्षी हानि न करें न उनको सताया जाये, ऐसा करोगे तो पाप का व्यवहार करोगे, ईश्वर के प्रकोप से बचो वह तुम को उचित कार्य विधि की शिक्षा देता है, और ईश्वर को हर वस्तु का ज्ञान है (282)

और यदि तुम यात्रा पर हो और तुम्हें कोई लेखक न मिले तो (लेख पत्र का बदल) बन्धक रखी हुई वस्तुऐं जिन पर अधिकार कर लिया गया हो, यदि तुम में कोई व्यक्ति दूसरे पर भरोसा करके उसके साथ कोई व्यवहार करें तो जिस पर विश्वास किया गया है उसे चाहिए कि धरोहर चुकता करे और ईश्वर अपने रब से डरे, और साक्ष्य कदापि न छुपाओं जो साक्ष्य छुपाता है उसका हृदय पाप में ओत प्रोत है, और ईश्वर तुम्हारे कर्मों से अनजान नहीं है (283)

اوراگرتم سفر میں ہواورتمہیں کوئی لکھنے والا نہ ملے تو (دستہ ویز کا بدل) رھن رکھی ہوئی چیزیں ہیں جس پر قبضہ کرلیا گیا ہو.اگرتم میں سے کوئی آدمی دوسرے پر بھروسہ کرکے اس کے ساتھ کوئی معاملہ کرلے تو جس پر بھروسہ کیا گیا ہے اسے چاہیے کہ امانت ادا کرے.اور اللہ اپنے رب سے ڈرے۔اورشہادت ہرگز نہ چھپاؤ جوشہادت چھپاتا ہے اس کا دل گناہ میں آلودہ ہےاوراللہ تمہارے اعمال سے بےخبرنہیں ہے(۲۸۳)

आकाशों और भूमि में जो कुछ है सब ईश्वर का है तुम अपने हृदय की बाते चाहे प्रकट करो चाहे गुप्त रखो ईश्वर अस्तु उनका लेखा जोखा तुम से लेगा, फिर उसे अधिकार है (अपने विधान के अनुसार) जिसे चाहे क्षमा करे जिसे चाहे दण्ड दे वह हर वस्तु के माप निर्धारित करने वाला है (284) {34:3,4, 45:24, 53:31}

آسمانوں اورزمین میں جو کچھ ہےسب اللہ کا ہےتم اپنے دل کی باتیں خواہ ظاہر کروخواہ چھپاؤ اللہ بہرحال ان کا حساب تم سے لےگا پھراسے اختیار ہے(اپنے قانون کے مطابق) جسے چاہےمعاف کرے جسے چاہےسزادے.وہ ہر چیز کے پیمانے مقرر کرنے والا ہے(۲۸۴)[۴:۳:۳۴
۴۵:۲۴، ۵۳:۳۱]

ईशदूत उस पथ प्रदर्शन पर विश्वास लाया है जो उसके ईश्वर की ओर से उस पर अवतरित हुई है और आस्तिक भी जो रसूल के मानने वाले हैं उन्होंने भी इस शिक्षा को हृदय से स्वीकार कर लिया है, यह सब ईश्वर और उसके फरिश्तों और उसकी पुस्तकों और उसके रसूलों को मानते हैं और उनका कथन यह है कि हम ईश्वर के ईशदूतों को एक दूसरे से पृथक नहीं करते अर्थात् अन्तर नहीं करते, हमने सुना और अनुकरण किया, स्वामी हम तुझ से अपराध की क्षमा के इच्छुक हैं और हमें तेरी ही ओर पलटना है (285) {45:11, 3:164}

رسول اس ہدایت پرایمان لایا ہے جواس کے رب کی طرف سے اس پر نازل ہوئی ہے.اورمومن بھی جو رسول کے ماننے والے ہیں انہوں نے بھی اس ہدایت کو دل سے تسلیم کرلیا ہے. یہ سب اللہ اوراس کے فرشتوں اوراس کی کتابوں اوراس کے رسولوں کو مانتے ہیں اوران کا قول یہ ہے کہ ہم اللہ کے رسولوں کوایک دوسرے سے الگ نہیں کرتے یعنی فرق نہیں کرتے ہم نے سنا اوراطاعت کی مالک ہم تجھ سے خطا بخشی کے طالب ہیں اورہمیں تیری ہی طرف پلٹنا ہے (۲۸۵)[۴۵:۱۱، ۳:۱۶۴]

नोट- पथ प्रदर्शन आदेश क्या है? कुरआन ही आदेश है अर्थात् मुहम्मद स0 पर कुरआन अवतरित हुआ और कुरआन को ही सबने माना, यतः कुरआन में किसी विभेद का स्थान नहीं है (4:82) और कुरआन पर मुहम्मद स0 और सहाबा कराम आस्था लाए तो स्पष्ट है बिना विभेद वाली वस्तु पर आस्था लाने से विभेद का कोई स्थान नहीं है, परन्तु इसके अतिरिक्त आज मुस्लिम जाति में न जाने कितने मतभेद हैं, और उनका सम्बन्ध मुहम्मद स0 और सहाबा कराम से जोड़ा जाता है जो एक मिथ्या बात है मुहम्मद स0 और सहाबा ने न कुरआन के विरुद्ध कुछ कहा और नहीं व्यवहार किया यह सब एक दुष्टता है जिसका आखेट यह जाति हो गई और आज हीन हो गई ईश्वर हमें मतभेद से बचा ले और अपनी प्रिय जाति बना ले यह अवतरित पथ प्रदर्शन वही है जिसकी प्रार्थना (1:5) में की जाती है और ईश्वर ने इसका उत्तर (2:2) में दिया है कि ऐ प्रार्थना करने वाले जिसकी तू प्रार्थना कर रहा है वह यह है जिसमें कोई शंका नहीं बस इस पर जो कर्म करेगा वह सफल हो जाएगा,

نوٹ:۔ ہدایت کیا ہے؟ قرآن ہی ہدایت ہے.یعنی محمدؐ پرقرآن نازل ہوا اور قرآن کو ہی سب نے مانا چونکہ قرآن میں کسی بھی اختلاف کی گنجائش نہیں (۴:۸۲)اورقرآن پرمحمدؐ اورصحابہ کرام ایمان لائےتو صاف ظاہر ہےبلا اختلاف والی چیز پرایمان لانے سے اختلاف کی کوئی گنجائش نہیں ہے.لیکن اس کے باوجود آج مسلم قوم میں نہ معلوم کتنے اختلاف ہیں اوران کی نسبت محمدؐ اورصحابہ کرام کی طرف کی جاتی ہے.جوایک غلط بات ہےمحمدؐ اورصحابہ کرام نے نہ قرآن کے خلاف کچھ کہا اورنہ ہی عمل کیا. یہ سب ایک شرارت ہےجس کا شکار یہ قوم ہوگئی اورآج ذلیل ہوگئی اللہ ہمیں اس اختلاف سے بچالےاوراپنی مقبول قوم بنالے. یہ نازل شدہ ہدایت وہی ہےجس کی دعا (۱:۵) میں کی جاتی ہےاوراللہ نے اس کا جواب (۲:۲) میں دیا ہےکہ اے دعا کرنے والےجس کی تو دعا کررہا ہےوہ یہ ہےجس میں کوئی شک نہیں بس جواس پرعمل کرلےگا کامیاب ہوجائےگا.

ईश्वर किसी जीव पर उसकी शक्ति से बढ़कर उत्तर दायित्व का भार नहीं डालता हर व्यक्ति ने जो भलाई की है उसका फल उसी के लिए है और जो बदी की है उसका कष्ट उसी पर है (ईमान वालो! तुम यूं प्रार्थना किया करो) ऐ हमारे रब हमसे भूल

اللہ کسی متنفس پراس کی طاقت سے بڑھ کر ذمہ داری کا بوجھ نہیں ڈالتا. ہرآدمی نے جونیکی کمائی ہےاس کا پھل اسی کے لئے ہےاور جو بدی کی ہےاس کا وبال اسی پر ہے (ایمان لانے والو! تم یوں دعا کیا کرو) اے ہمارے رب

चूक में जो अपराध हो जाऐं उन पर पकड़ न कर, स्वामी हम पर वह भार न डाल जो तूने हम से पहले लोगों पर डाले थे स्वामी जिस भार को उठाने की शक्ति हम में नही है वह हम पर न डाल हमारे साथ नम्रता कर हम को क्षमा कर हम पर दया कर तू हमारा स्वामी है नास्तिकों की तुलना में हमारी सहायता कर (286) {2:153, 7:42,157, 23:62}

ہم سے بھول چوک میں جو قصور ہو جائیں ان پر گرفت نہ کر. مالک ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالے تھے پروردگار جس بار کو اٹھانے کی طاقت ہم میں نہیں ہے وہ ہم پر نہ ڈال ہمارے ساتھ نرمی کر ہم سے درگزر کر ہم پر رحم کر تو ہمارا مولیٰ ہے کافروں کے مقابلہ میں ہماری مدد کر (۲۸۶) [۲:۱۵۳، ۷:۱۵۳، ۷:۴۲، ۱۵۷، ۲۳:۶۲]

नोट- सूरत के अन्त में आस्तिक भक्तों की ओर से एक विशेष प्रार्थना है जो ईश्वर ने बतायी है किन्तु प्रार्थना उस समय स्वीकार होती है और लाभ देती है जब प्रार्थना करने वाला अपनी प्रार्थना को याद रखता है और कर्म करता है, इस आयत में जिन बातों के लिए ईश्वर से सहायता की प्रार्थना की है उनमें सहायता जब ही आएगी जब प्रार्थना करने वाला अर्थात् हम मुसलमान ईश्वर के आदेश की अवहेलना न करें और उसके अवतरित विधान पर विश्वास करते हुए इस पर कार्य करें न इस विधान से कम न अधिक जैसा कि (2:285) में प्रकट है, अभिप्राय यह है कि जीवन व्यतीत करने की विधि कुरआन में जैसा लिखा है और आदेश है उस पर पूरी क्रिया करें, जान बूझकर क्षमा और अनुशंसा की आशा पर कोई त्रुटि या पाप न करें हां यदि भूल से हो जाए तो क्षमा मांगने पर ईश्वर उसको क्षमा कर देगा,

نوٹ:۔سورت کے آخر میں مومن بندوں کی طرف سے ایک خاص دعا ہے جو اللہ نے بتا دی.مگر دعا اس وقت قبول ہوتی ہے اور فائدہ دیتی ہے جب دعا کرنے والا اپنی دعا کو یاد رکھتا ہے اور عمل کرتا ہے.اس آیت میں جن باتوں کے لئے اللہ سے مدد کی دعا کی ہے ان میں مدد جب ہی آئے گی جب دعا کرنے والا یعنی ہم مسلمان اللہ کے حکم کی خلاف ورزی نہ کریں.اور اس کے نازل کردہ قانون پر یقین کرتے ہوئے اس پر عمل کریں.نہ اس قانون سے کم نہ زیادہ جیسا کہ (۲:۲۸۵) میں ظاہر ہے.مقصد یہ ہے کہ ضابطہ حیات قرآن میں جیسا لکھا اور حکم ہے اس پر پورا عمل کریں جان بوجھ کر بخشش اور شفاعت کی امید پر کوئی کوتاہی یا گناہ نہ کریں ہاں اگر بھول سے ہو جائے تو معافی مانگنے پر اللہ اس کو معاف کر دے گا.

आले इमरान मदनी {3}

آل عمران [۳]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

अलिफ लाम मीम (मुहम्मद स0) (1) वह ईश्वर है क्या वह ईश्वर नही? निःसंदेह वह है वह ईश्वर सदैव जीवित रहने वाला स्वंय स्थापित रहने वाला हर वस्तु को स्थापित रखने वाला है, (2)

ऐ ईशदूत उसने तुम पर यह पुस्तक अवतरित की सत्यता के साथ प्रमाणी करण उस की जो उस की रक्षा के बीच है और तौरात व इन्जील अवतरित की (3)

और (वास्तव में) इससे पूर्व (अर्थात कुरआन से) वह (तौरात और इन्जील) इन्सानो के लिए शिक्षा थी, अब यह कसौटी कुरआन अवतरित किया जो लोग ईश्वर के आदेश को स्वीकार करने से नकार कर दें उनको निःसंदेह कठोर दण्ड मिलेगा, वास्तविक्ता यह है कि ईश्वर अधिपति है और हर पाप का पूरा दण्ड देने वाला है, (4)

निःसंदेह ईश्वर से कोई वस्तु नही छुप सकती न पृथ्वी में और न आकाश में तो इस प्रकार जब हर पाप की वास्तविक्ता का भलिभांति ज्ञान है तो उसके न्यायालय से किसी पापी का बच निकलना कदापि सम्भव नही जबकि उसके यहां न घूस चल सकती है न अनुशंसा, (5) {2:48,254,}

الم (محمدؐ)(۱) وہ اللہ ہے کیا وہ اللہ نہیں؟ یقیناً وہ ہے ہمیشہ زندہ رہنے والا.خود قائم رہنے والا ہر شئے کو قائم رکھنے والا ہے (۲)

اے نبی اس نے تم پر یہ کتاب نازل کی حق اور صدق کے ساتھ تصدیق اس کی جو اس کی حفاظت کے درمیان ہے اور توراۃ انجیل نازل کیں (۳)

اور (حقیقت میں) اس سے قبل (یعنی قرآن سے) وہ (توراۃ اور انجیل) انسانوں کے لئے ہدایت تھیں اب یہ کسوٹی قرآن نازل کیا.جو لوگ اللہ کے فرمان کو قبول کرنے سے انکار کر دیں ان کو یقیناً سخت سزا ملے گی.حقیقت یہ ہے کہ اللہ غالب ہے اور ہر جرم کی پوری پوری سزا دینے والا ہے (۴)

یقیناً اللہ سے کوئی چیز نہیں چھپ سکتی نہ زمین میں نہ آسمان میں (تو اس طرح جب) ہر جرم کی حقیقت سے پوری طرح باخبر ہے تو اس کی عدالت سے کسی مجرم کا بچ نکلنا ہرگز ممکن نہیں جب کہ اس کے یہاں نہ رشوت راہ پا سکتی ہے نہ شفارش (۵) [۲:۴۸، ۲۵۴]

वही तो है जो माताओं के पेटों में जैसे चाहता है तुम्हारी आकृति बनाता है कौन कहता है ईश्वर नही है निःसंदेह वह है वह पूर्ण सम्मान वाला है और पूर्ण सम्मान वाला है, (6)

ऐ ईशदूत वही ईश्वर है जिस ने यह पुस्तक तुम पर अवतरित की इस पुस्तक में दो प्रकार की आयत हैं, एक सुदृढ़ जो पुस्तक का मूल आधार है और दूसरी अनुरूप, जिन के मनो में कुटिलता है वह उपद्रव की खोज में सदैव अनुरूपता मिलती

وہی تو ہے جو ماؤں کے پیٹوں میں جیسے چاہتا ہے تمہاری صورت گری کرتا ہے کون کہتا ہے وہ اللہ نہیں ہے؟ یقیناً وہ ہے وہ کامل حکمت والا کامل عزت والا ہے (۶)

اے نبی وہی اللہ ہے جس نے یہ کتاب تم پر نازل کی اس کتاب میں دو طرح کی آیات ہیں ایک محکمات جو کتاب کی اصل بنیاد ہیں اور دوسری متشابہ جن کے دلوں میں کجی ہے وہ فتنے کی تلاش میں ہمیشہ متشابہات کے پیچھے

जुलती के पीछे पड़े रहते हैं, (अपनी बुद्धि से) उनको अर्थ देने का प्रयास करते हैं, यद्यपि उनका वास्तविक अर्थ कोई नही जानता परन्तु ईश्वर और वह लोग जो ज्ञान में पक्के हैं जानते हैं और ज्ञान में परिपक्व वाले कहते हैं कि हमारा उन पर विश्वास है यह सब हमारे रब की ओर से है और सत्य यह है कि किसी वस्तु से ठीक शिक्षा केवल बुद्धिमान लोग ही प्राप्त करते हैं (7) {41:53, 39:23, 4:162}

پڑے رہتے ہیں.(اپنی عقل سے) ان کو معنی پہنانے کی کوشش کرتے ہیں حالانکہ ان کا حقیقی مفہوم کوئی نہیں جانتا. مگر اللہ اور وہ لوگ جو علم میں راسخ ہیں جانتے ہیں.اور راسخ علم والے کہتے ہیں کہ ہمارا ان پر ایمان ہے یہ سب ہمارے رب کی طرف سے ہیں اور سچ یہ ہے کہ کسی چیز سے صحیح سبق صرف دانشمند لوگ ہی حاصل کرتے ہیں (۷)

[۴۱:۵۳، ۳۹:۲۳، ۴:۱۶۲]

नोट- अनुरूप अर्थात मिलती जुलती आयतों को उपद्रव उत्पन्न करने वाले व्यक्ति अपनी बुद्धि से भांति-भांति के अर्थ निकालते हैं जो मिथ्या होते हैं, अनुरूप का अर्थ कुरआन स्वंय ही बार-बार आयात को लाकर उनके द्वारा स्पष्ट कर देता है, सुदृढ़ के प्रकाश में, परन्तु यह कार्य वह कर सकतें हैं जिनको ज्ञान में परिपक्वता हो और ईश्वर से मिलने और लेखा जोखा का भय हो और वही ज्ञान में पक्के होते हैं और बुद्धिमान भी वही हैं,

نوٹ:۔متشابہات یعنی ملتی جلتی آیتوں کو فتنہ پیدا کرنے والے آدمی اپنی عقل سے طرح طرح کے معنی نکالتے ہیں جو غلط ہوتے ہیں.متشابہات کا مطلب قرآن خود ہی تصریف آیات کے ذریعہ ظاہر کردیتا ہے محکمات کی روشنی میں مگر یہ کام وہ کرسکتے ہیں جن کو علم کی پختگی ہو اور اللہ سے ملنے اور حساب کتاب کا خوف ہو اور وہی علم میں راسخ ہوتے ہیں اور دانشمند بھی وہی ہیں.

आयात में स्पष्ट है कि इन मताशाबाह (मिलती-जुलती) का अर्थ ईश्वर जानता है और वह भी जानते हैं जो ज्ञान में पक्के होते हैं, किन्तु एहले सुन्नत ने तो यह स्वीकार किया है कि इनका अर्थ केवल ईश्वर जानता है और नही जानता, तो प्रश्न उत्पन्न होता है फिर यह अवतरित क्यों की गई, यद्यपि ऐसा नही है, यदि इनका अर्थ केवल ईश्वर ही को जानना था तो इनको अवतरित करने का प्रश्न ही उत्पन्न नही होता, केवल वही आयात अवतरित की जाती जिनका अर्थ हर व्यक्ति जान लेता, परन्तु बात यह है कि इनका अर्थ ईश्वर तो जानता ही है परन्तु वह भी जानते हैं जो ज्ञान में पक्के और बुद्धिमान होते हैं, एहले सुन्नत की आस्था को देख लिया अब शीआ हजरात का दृष्टिकोण भी अवलोकन हो, शीआ लोगों ने यह स्वीकार किया है कि इनका अर्थ ज्ञान में पक्के जानते हैं परन्तु उन्होंने ज्ञान में परिपक्व केवल अली र० और संतान अली अर्थात 12 नायकों को ही स्वीकार किया है जबकि यह दृष्टिकोण कुरआन की आयत से मिथ्या सिद्ध हो रहा है, ज्ञान में परिपक्व हर वह व्यक्ति हो सकता है जो ज्ञान जानता है ज्ञानी है और ईश्वर से डरता है, ईश्वर से डरने वाले ही ज्ञानी होते हैं चाहे वह अली की संतान हो या और कोई (4:162) में अवलोकन हो ईश्वर ने क्या कहा है,

آیت میں ظاہر ہے کہ ان متشابہات کا مطلب اللہ جانتا ہے اور وہ بھی جانتے ہیں جو علم میں پختہ ہوتے ہیں لیکن اہل سنت نے تو یہ تسلیم کیا ہے کہ ان کا مطلب صرف اللہ جانتا ہے اور نہیں جانتا.تو سوال پیدا ہوتا ہے پھر یہ نازل کیوں کی گئیں؟ حالانکہ ایسا نہیں ہے اگر ان کا مطلب صرف اللہ ہی کو جاننا تھا تو ان کو نازل کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا صرف وہی آیات نازل کی جاتیں جن کا مطلب ہر آدمی جان لیتا.مگر بات یہ ہے کہ ان کا مطلب اللہ تو جانتا ہی ہے مگر وہ بھی جانتے ہیں جو علم میں راسخ اور دانشمند ہوتے ہیں.اہل سنت کے عقیدے کو دیکھ لیا اب شیعہ حضرات کا نظریہ بھی ملاحظہ ہو.شیعہ لوگوں نے یہ تسلیم کیا ہے کہ ان کا مطلب علم میں راسخ بھی جانتے ہیں مگر انہوں نے علم میں راسخ صرف علیؓ اور اولاد علی یعنی ۱۲/اماموں کو ہی تسلیم کیا ہے جب کہ یہ نظریہ قرآن کی آیت سے غلط ثابت ہو رہا ہے علم میں راسخ ہر وہ انسان ہو سکتا ہے جو علم جانتا ہے دانشمند ہے اور اللہ سے ڈرتا ہے اللہ سے ڈرنے والے ہی عالم ہوتے ہیں چاہے وہ اولاد علی سے ہوں یا اور کوئی (۴:۱۶۲) میں ملاحظہ ہو ارشاد الٰہی.

(4:162) किन्तु जो लोग उनमें (अर्थात पुस्तक वालों में) पक्का ज्ञान रखते हैं (रासिखूना फिलइल्म) और धर्म वादी हैं वह सब इस शिक्षा पर विश्वास लाते हैं जो ऐ ईशदूत तुम्हारी ओर अवतरित की गई है और जो तुम से पहले प्रेषित की गई थी,

(۴:۱۶۲) مگر جو لوگ ان میں (یعنی اہل کتاب میں) پختہ علم رکھتے ہیں (راسخون فی العلم) اور ایمان دار ہیں وہ سب اس تعلیم پر ایمان لاتے ہیں جو اے نبی تمہاری طرف نازل کی گئی ہے اور جو تم سے پہلے نازل کی گئی تھی.

इस आयात में पहले पुस्तक धारी या हर काल के मानव जो ज्ञान में परिपक्व हैं उनको बताया गया है न कि संतान अली, अतः हर व्यक्ति जो ज्ञान प्राप्त करता है वह ज्ञान में परिपक्व हो सकता है, अतः (4:162) ने शीया आस्था संतान अली तक ही सीमित को मिथ्या कर दिया, इस प्रकार की बातें कुरआन से दूरी और हठ का कारण हैं,

اس آیت میں پہلے اہل کتاب یا ہر زمانے کے انسان جو علم میں پختہ ہیں ان کو بتایا گیا ہے نہ کہ اولاد علی.اس لئے ہر آدمی جو علم حاصل کرتا ہے وہ راسخون فی العلم ہو سکتا ہے اس لئے (۴:۱۶۲) نے شیعہ عقیدہ اولاد علی تک ہی محدود کو باطل کردیا.اس طرح کی باتیں قرآن سے دوری اور ضد کا سبب ہے.

इन मताशाबहात के अनुचित अर्थ निकालने वाले ही पथ भ्रष्ट होते हैं और उनका ठीक अर्थ निकालने वाले पथ प्रदर्शन पाते हैं, जिसके लिए ईश्वर ने कहा है कि इनके द्वारा बहुत व्यक्ति ठीक मार्ग पाते हैं और बहुत भटक जाते हैं,

ان متشابہات کے غلط معنی نکالنے والے ہی گمراہ ہوتے ہیں اور ان کا صحیح مطلب نکالنے والے راہ راست پاتے ہیں جس کے لئے اللہ نے فرمایا ہے کہ ان کے ذریعہ بہت آدمی ہدایت پاتے ہیں اور بہت گمراہ ہو جاتے ہیں.

(और वह ज्ञान में पक्के अपने रब से यूं प्रार्थना करते हैं) ऐ हमारे रब हमारे हृदयों को वक्र (कजी) से बचा बाद इसके कि तूने हमें सीधा मार्ग दिया (अर्थात हमें सीधे मार्ग पर स्थापित रख ऐसा न हो कि हम इससे हट कर पथ भ्रष्ट हो जाऐं और हमारे हृदय टेढ़े हो

(اور وہ علم میں پختہ اپنے رب سے یوں عرض کرتے ہیں) اے ہمارے رب ہمارے دلوں کو کجی سے بچا بعد اس کے کہ تو نے ہمیں ہدایت دی ہے (یعنی ہمیں ہدایت پر قائم رکھ ایسا نہ ہو کہ ہم اس سے منحرف ہو کر گمراہی میں مبتلا ہو جائیں اور ہمارے دل

ٹھہرے ہو جائیں) اور اپنی طرف سے رحمت عطا فرما بے شک تو ہی بے عوض و بے غرض مراد عطا فرمانے والا ہے (۸)

जाएँ) और अपनी ओर से दया प्रदान कर निःसन्देह तू ही निःस्वार्थ अभिप्राय प्रदान करने वाला है (8)

اے ہمارے رب بے شک تو لوگوں کو ایک ایسے دن جس کے آنے میں کوئی شبہ نہیں ہے جمع کرنے والا ہے بے شک اللہ وعدہ خلاف نہیں کرتا (۹)

ऐ हमारे रब निःसन्देह तू लोगों को एक ऐसे दिन जिसके आने में कोई शंका नही है संग्रह करने वाला है निःसन्देह ईश्वर वचन भंग नही करता (9)

جن لوگوں نے کفر کیا (یعنی محمدؐ پر اور قرآن پر ایمان نہ لائے اور نیک عمل نہ کئے) یقین کرو کہ اللہ کے مقابلہ میں ہرگز کام نہ آئیں گے ان کے اموال نہ ان کی اولاد کچھ بھی اور وہی لوگ آتش دوزخ کا ایندھن ہیں (۱۰)

जिन लोगों ने इनकार किया (अर्थात् मुहम्मद स0 पर और कुरआन पर आस्था न लाए और सत्कर्म न किये) विश्वास करो कि ईश्वर के सम्मुख कदापि काम न आएँगे उनके धन न उनकी सन्तान कुछ भी और वही लोग नर्क की अग्नि का ईंधन है (10)

ان منکروں کی مثال قوم فرعون اور ان سے پہلی قوموں جیسی ہے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو (اس حد تک) جھٹلایا کہ اللہ نے ان کے انکار کے بدلے انہیں پکڑ لیا حقیقت یہ ہے کہ اللہ مجرموں کو عذاب کرنے میں بہت سخت ہے (۱۱)

उन विरोधियों की उपमा फ़िरऔन के समुदाय और उनसे पहली जातियों जैसी है कि उन्होंने हमारी आयतों को (इस सीमा तक) झुटलाया कि ईश्वर ने उनके इनकार के बदले उन्हें पकड़ लिया, सत्य यह है कि ईश्वर पापियों को यातना देने में बहुत कठोर है (11)

ان سے کہو جنہوں نے کفر کیا کہ تم جلد مغلوب ہو گے اور جہنم کی طرف ہانکے جاؤ گے اور وہ بُری جگہ ہے (۱۲)

उनसे कहो जिन्होंने नकार किया कि तुम शीघ्र परास्त होंगे और नर्क की ओर हांके जाओगे और वह बुरा स्थान है (12)

تمہیں (کفار پر اہل ایمان کے غلبہ کی) دلیل مل چکی ہے دو جماعتوں میں جو (بدر کے میدان میں) باہم مقابل ہوئی تھیں۔ ایک جماعت اللہ کی راہ میں جنگ کر رہی تھی اور دوسری جماعت کافر تھی دونوں جماعتیں ایک دوسرے کو اپنے سے دو چند دیکھ رہے تھے آنکھ کا دیکھنا اور اللہ اپنی مدد سے قوت دیتا ہے اس کو جو چاہتا ہے (یعنی اللہ کے بتائے طریقے سے ہر طرح کی جنگی تیاری کرتا ہے اور نیک عمل) بے شک اس واقعہ میں نگاہ والوں کے لئے بڑی عبرت ہے (۱۳) [۲۲:۴۰]

तुम्हें (नास्तिकों पर आस्तिकों के प्रभुत्व का) प्रमाण मिल चुका है दो दलों में जो (बदर के मैदान में) एक दूसरे के सम्मुख हुए थे एक दल ईश्वर के मार्ग में युद्ध कर रहा था और दूसरा दल नास्तिक था। दोनों दल एक दूसरे को अपने से दो चन्द देख रहे थे आंख का देखना और ईश्वर अपनी सहायता से शक्ति देता है उसको जो चाहता है (अर्थात ईश्वर की बताई विधि से हर प्रकार की जंगी तैयारी करता है और अच्छे कर्म) निःसन्देह इस घटना में दृष्टि वालों के लिए बड़ी शिक्षा है (13) {22:40}

مرغوب چیزوں کی محبت لوگوں کے لئے مزین کر دی گئی ہے جیسے عورتیں اور بیٹے اور سونے اور چاندی کے جمع کئے ہوئے خزانے اور نشاندار گھوڑے اور چوپائے اور کھیتی۔ یہ دنیا کی زندگی کا سامان ہے اور لوٹنے کا اچھا ٹھکانا تو اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے (۱۴)

रुचिकर वस्तुओं का स्नेह लोगों के लिए सुसज्जित कर दी गई है जैसे स्त्री और पुत्र और सोने और चान्दी के संग्रह किए हुए कोष और चिन्ह लगे घोड़े और पशु और खेती यह दुनिया के जीवन का सामान है और लौटने का अच्छा स्थान तो ईश्वर ही के पास है (14)

اے رسول کہہ دیجیے گا کہ کیا میں تم کو اس سے بہتر چیز کی خبر دوں جو ان لوگوں کے لئے ہے جو ضابطہ الٰہی کی مخالفت سے بچنے والے ہیں ان کے لئے اللہ کے یہاں ایسے باغات ہیں جن کی سطح میں نہریں بہتی ہیں ان باغوں میں پاکیزہ سیرت والے ساتھی اور رضا الٰہی کا پورا سامان ہے یہ ہے کہ اللہ اپنے بندوں کے جملہ اعمال کو خوب دیکھنے والا ہے (۱۵)

ऐ ईशदूत कह देना कि क्या मैं तुमको इससे उत्तम वस्तु की सूचना दूं जो उन लोगों के लिए है जो ईश्वर के नियम के विरोध से बचने वाले हैं उनके लिए ईश्वर के यहां ऐसे उपवन हैं जिनके तल में नहरें बहती हैं। उन उपवनों में पवित्र आचरण वाले साथी और ईश्वर की प्रसन्नता का पूरा सामान है यह कि ईश्वर अपने भक्तों के समस्त कर्मों को उत्तम देखने वाला है (15)

وہ وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ مالک ہم ایمان لائے ہماری خطاؤں سے درگزر فرما اور ہمیں آتش دوزخ سے بچا لے (۱۶)

वह वह लोग है जो कहते है कि स्वामी हम आस्था लाऐ हमारी त्रुटि को क्षमा कर और हमें नर्क की अग्नि से बचा ले (16)

وہ وہ لوگ ہیں جو صبر کرنے والے ہیں سچے ہیں فرمانبردار

वह वह लोग है जो धैर्य करने वाले है सच्चे है

आज्ञाकारी और दानी है और रात्रि की अंतिम घड़ियों में ईश्वर से क्षमा की प्रार्थना करते हैं (17)

ईश्वर ने स्वयं इस बात से सूचित किया है निःसन्देह वह है, कौन कहता है कि ईश्वर नही, निःसन्देह वह है और फरिश्ते और सब ज्ञानी भी जो न्याय पर स्थिर हैं वह भी साक्ष्य देते हैं कि वह है, कौन कहता है कि ईश्वर नहीं है वह है जो अधिपत्य और युक्ति वाला है (18)

निःसन्देह ईश्वर का वांछनीय धर्म केवल आत्म-समर्पण (अर्थात निर्मल ईश्वर की आज्ञापलन करना और शान्ति से रहना) है इस धर्म से हटकर जो अनेक मार्ग लोगों ने अपना लिए हैं जिन्हें पुस्तक दी गई थी उनके इस कार्य शैली का कोई कारण इसके अतिरिक्त न था कि उन्होंने ज्ञान आने के बाद आपस में एक दूसरे पर अतिक्रमण करने के लिए ऐसा किया और जो कोई ईश्वर के विधान व संदेश के अनुकरण से नकार कर दे ईश्वर को उससे लेखा लेते कुछ देर नही लगती (19)

ہیں اور فیاض ہیں اور رات کی آخری گھڑیوں میں اللہ سے مغفرت کی دعائیں مانگا کرتے ہیں (۱۷)

اللہ نے خود اس بات کو بتایا ہے بے شک وہ ہے کون کہتا ہے کہ اللہ نہیں ہے یقیناً وہ ہے اور فرشتے اور سب اہل علم بھی جو انصاف پر قائم ہیں وہ بھی گواہی دیتے ہیں کہ وہ ہے کون کہتا ہے کہ اللہ نہیں وہ ہے جو غلبہ اور حکمت والا ہے (۱۸)

بلا شبہ اللہ کا پسندیدہ دین صرف اسلام (یعنی خالص اللہ کی فرمانبرداری کرنا اور سلامتی امن سے رہنا) ہے اس دین سے ہٹ کر جو مختلف طریقے لوگوں نے اختیار کیے جنہیں کتاب دی گئی تھی ان کے اس طرز عمل کی کوئی وجہ اس کے سوا نہ تھی کہ انہوں نے علم آنے کے بعد آپس میں ایک دوسرے پر زیادتی کرنے کے لئے ایسا کیا اور جو کوئی اللہ کے احکام وہدایات کی اطاعت سے انکار کر دے اللہ کو اس سے حساب لیتے کچھ دیر نہیں لگتی (۱۹)

यदि लोग आपसे झगड़ा करें आप कह दो कि मैंने और मेरा अनुसरण करने वालों ने ईश्वर की आज्ञाकारी कर ली है और आप उन लोगों से जिन्हें पुस्तक दी गई और उम्मीयीन से (जिन्हें पुस्तक नहीं दी गई) ज्ञात करो क्या तुम ईश्वर के आज्ञाकारी हो गए हो, फिर यदि वह ईश्वर के आज्ञाकारी हो जाऐं तो पथ प्रदर्शन पा लेंगे और यदि वह नकार करें तो निःसन्देह आपका दायित्व हमारा संदेश पहुंचा देना है और ईश्वर अपने भक्तों के कर्मों को देखने वाला है (20) {5:92}

اگر لوگ آپ سے جھگڑا کریں تو آپ کہہ دیجیے گا کہ میں نے اور میری پیروی کرنے والوں نے اللہ کی فرمانبرداری کر لی ہے اور آپ ان لوگوں سے جنہیں کتاب دی گئی اور اُمّیّین سے (جنہیں کتاب نہیں دی گئی) معلوم کرو کیا تم اللہ کے فرمانبردار ہو گئے ہو پھر اگر وہ اللہ کے فرمانبردار ہو جائیں تو ہدایت پالیں گے اور اگر وہ اعراض کریں تو بلا شبہ آپ کا ذمہ ہمارا پیغام پہنچا دینا ہے (۵:۹۲) اور اللہ اپنے بندوں کے اعمال کو دیکھنے والا ہے (۲۰)

निःसन्देह जो लोग ईश्वर की आयात (चिन्हों) का नकार करेंगे और ईश्वर के ईशदूतों का अकारण विरोध करेंगे अर्थात झगड़ा करेंगे और उस पवित्र दल का अकारण विरोध करेंगे जो लोगों को न्याय का आदेश देते हैं ऐ ईशदूत पीड़ा देने वाली यातना की सूचना दो (21)

بے شک جو لوگ اللہ کی آیات کا انکار کریں گے اور اللہ کے نبیوں کی ناحق مخالفت کریں گے یعنی جھگڑا کریں گے اور اس مقدس جماعت کی ناحق مخالفت کریں گے جو لوگوں کو انصاف کا حکم دیتے ہیں اے رسول انہیں دردناک عذاب کی خبر دو (۲۱)

यही वह लोग हैं कि उनके कर्म दुनिया में भी नष्ट हो गए और प्लोक में भी नष्ट हो गए और उनका सहायक कोई नही है (22)

यہی वہ لوگ ہیں کہ ان کے اعمال دنیا میں بھی برباد ہو گئے اور آخرت میں بھی برباد ہو گئے اور ان کا مددگار کوئی نہیں (۲۲)

तुमने देखा नही कि जिन लोगों को पुस्तक के ज्ञान में से भाग दिया गया (जिसका अनुसरण करने से राज्य मिला-7:137, 26:59, 44:28) उनकी दशा क्या है? उन्हें जब ईश्वर की पुस्तक की ओर बुलाया जाएगा ताकि वह उनके मध्य निर्णय करे तो उनमें से एक दल मुंह मोड़कर चल देगा और वह हैं ही नकार करने वाले (23)

تم نے نہیں دیکھا کہ جن لوگوں کو کتاب کے علم میں سے حصہ دیا گیا (جس پر عمل کرنے سے حکومت ملی ۷:۱۳۷، ۲۶:۵۹، ۴۴:۲۸) ان کا حال کیا ہے؟ انہیں جب کتاب اللہ کی طرف بلایا جائے گا تا کہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے تو ان میں سے ایک فریق منہ موڑ کر چل دے گا اور وہ ہیں ہی انکار کرنے والے (۲۳)

नोट- आज यही दशा अधिकांश मुस्लिम जाति की है कुरआन केवल मुख पर है हृदय अधिकांश आयात इलाही का विरोधी है कुरआन कहता है कि परोक्ष ज्ञानी केवल ईश्वर है उनकी आस्था है कि परोक्ष ज्ञानी मुहम्मद स0 थे कुरआन कहता है कि ऐ ईशदूत तुम मरने वाले हो, परन्तु आज कितने मुसलमान ईशदूत के जीवित होने का विश्वास रखते हैं और जान देते हैं और विश्वास करते हैं कि ईशदूत अपनी समाधी

نوٹ:۔ آج یہی حال اکثر مسلم قوم کا ہے قرآن صرف زبان پر ہے دل اکثر آیات الٰہی کا منکر ہے۔ قرآن کہتا ہے عالم الغیب صرف اللہ ہے اُن کا عقیدہ ہے عالم الغیب رسول تھے قرآن کہتا ہے (اِنَّكَ مَيِّتٌ) اے رسول تم مرنے والے ہو مگر آج کتنے مسلمان حیاۃ النبی کے عقیدے پر جان دیتے ہیں اور یقین کرتے

में जीवित है, ईश्वर कहता है कि मेरे यहां कोई अनुशंसा नही किन्तु आज लगभग सम्पूर्ण मुसलमान अनुशंसा का विश्वास रखते है,

यह इस लिए (दण्ड से निर्भिकता) है कि वह कहते है हमें नर्क की अग्नि की यातना स्पर्श नही करेगी परन्तु केवल कुछ दिन (2:80) वास्तविकता यह है कि उन्हें उनके धर्म में धोका दिया है जो वह स्वयं मिथ्या रोपण कर लेते है, (24)

नोट- खेद है कुछ दिन की आस्था आज मुसलमानों की भी परिपक्व हो चुकी है और हर ज्ञानी यही भाषण देता है जिसको सुन कर मुसलमान निर्भिक हो गए हैं जिस कारण से वह हीन हो चुके है क्योंकि मुसलमान ईश्वर की पुस्तक कुरआन और ईश्वर से रुष्ट हो चुके है तब ही तो कुरआन में अंकित आदेशों की अवज्ञा कर रहे है ईश्वर तो रुष्ट नही है वह तो हर समय यही संदेश दे रहा है कि ऐ मेरे बन्दो! मैं कृपाल हूं दयाल, हूं क्षमा शील हूं आजाओ मेरे राज्य सभा में,

परन्तु क्या बनेगी उन पर जब हम उन्हें उस दिन संग्रह करेंगे जिसका आना अवश्य है उस दिन हर आदमी को उसकी कमाई का फल पूरा-पूरा दिया जाएगा और किसी पर अत्याचार न होगा(25) {59:2}

(वास्तविकता यह है कि ईश्वर के निर्णय उसके निर्धारित नियमानुसार होते है उनके विपरीत नही होते अतः) कहो ऐ ईश्वर देश के स्वामी तू देश उसे देता है जो चाहता है और छीनता उस से है जो बुरे कर्म करके अवज्ञाकारी हो जाता है (अर्थात अच्छे और बुरे कर्म पर राज्य मिलता और छिनता है इस में वह भी है कि सैनिक सामग्री भी तैयार करता है शक्ति के साथ राज्य है) और सम्मान और अपमान ईश्वर उसको देता है जो स्वयं चाहता है (अर्थात अच्छे बुरे कर्म पर ही सम्मान और अपमान मिलता है) भलाई भी तेरे अधिकार में है (परन्तु नियम एक ही है) निःसंदेह तू हर वस्तु का अनुमान (माप और विधान) निर्धारित करने वाला है (26) {4:116,22:40,53:39,46:19,2:247,21:105,8:53, 13:11, 38:17}

ऐ ईश्वर तू अपने निर्धारित प्राकृतिक नियम के अनुसार रात्री को दिन में प्रविष्ट करता है और दिन को रात्री में प्रविष्ट करता है (और इसी नियम के अनुसार) मृत में से जीवित निकालता है और जीवित में से मृत निकालता है (और इसी नियम के अनुसार) तू बेशुमार जीविका देता है उसे जो चाहता है, (27)

नोट- सम्मान और अपमान स्वतः नही मिलता अपितु मनुष्य के अपने कर्म से मिलता है उदाहरणतः जैद चोरी, व्यभिचार करता है झूट बोलता है तो हर आदमी उस को बुरी दृष्टि से देखेगा और पकड़ में आने पर दण्ड भी मिलेगा, इन बुरे कर्मों पर न इन्सान ही उस को सम्मान की दृष्टि से देखेगा और न ही ईश्वर उस को सम्मान देगा अपितु अपमान मिलेगा इसी प्रकार यदि बकर अच्छे कर्म करेगा तो हर व्यक्ति उस को सम्मान देगा और ईश्वर भी उस को सम्मान देगा ऐसा नही है कि आदमी कर्म बुरे करे और सम्मान मिले या अच्छे कर्म करे और उस को अपमान मिले, बस यही नियम ईश्वर का है चूंकि ईश्वर न्यायशील है और न्याय से काम लेकर सम्मान व अपमान देता है,

2:- दिन रात दोनो एक के बाद दूसरा आता रहता है कभी रात्री बड़ी कभी दिन बड़ा परन्तु न दिन को सर्वदा है न रात्री को किसी क्षेत्र पर रात्री उसी समय आती है जब सूर्य औझल हो जाता है और जितने समय औझल रहता है उतने समय ही रात्री रहती है और जितने समय

ہیں کہ رسول اللہ اپنی قبر میں زندہ ہیں۔ اللہ کہتا ہے کہ میرے یہاں کوئی شفاعت نہیں لیکن آج تقریباً پورے مسلمان شفاعت کا یقین رکھتے ہیں۔

یہ اس لئے (عذاب سے بے خوفی) ہے کہ وہ کہتے ہیں ہمیں آخرت کا عذاب چھو نہیں سکے گا مگر صرف چند دن (۲:۸۰) حقیقت یہ ہے کہ انہیں ان کے دین میں دھوکا دے دیا ہے جو وہ خود افترا کر لیتے ہیں (۲۴)

نوٹ:۔افسوس ہے چند دن کا عقیدہ آج اہل اسلام کا بھی پختہ ہو چکا ہے اور ہر عالم یہی تقریر کرتا ہے جس کو سن کر مسلمان بے خوف ہو گئے ہیں جس کی وجہ سے وہ ذلیل ہو چکے ہیں۔ کیونکہ مسلمان اللہ کی کتاب قرآن اور اللہ سے ناراض ہو چکے ہیں تب ہی تو قرآن میں درج احکام کی خلاف ورزی کر رہے ہیں اللہ تو ناراض نہیں ہے وہ تو ہر وقت یہی پیغام دے رہا ہے کہ اے میرے بندو! میں رحمان ہوں رحیم، غفار ہوں آجاؤ میرے دربار میں۔

مگر کیا بنے گی ان پر جب ہم انہیں اس روز جمع کریں گے جس کا آنا یقینی ہے۔ اس روز ہر آدمی کو اس کی کمائی کا بدلہ پورا پورا دیا جائے گا اور کسی پر ظلم نہ ہوگا (۲۵)[۵۹:۲]

(یہ حقیقت ہے کہ اللہ کے فیصلے اس کے مقرر کردہ قانون کے مطابق ہوتے ہیں ان کے خلاف کچھ نہیں ہوتا اس لئے) کہو اے اللہ ملک کے مالک تو ملک اسے دیتا ہے جو چاہتا ہے اور چھینتا اس سے ہے جو برے عمل کر کے نافرمان ہو جاتا ہے (یعنی اچھے اور برے عمل پر ملک ملتا اور چھنتا ہے اس میں یہ بھی ہے کہ فوجی سامان بھی تیار کرتا ہے طاقت کے ساتھ حکومت ہے) اور عزت اور ذلت اللہ اس کو دیتا ہے جو خود چاہتا ہے (یعنی اچھے اور برے اعمال پر ہی عزت اور ذلت ملتی ہے) بھلائی بھی تیرے اختیار میں ہے (مگر قانون ایک ہی ہے) بے شک تو ہر چیز کی قدریں (پیمانے اور قانون) مقرر کرنے والا ہے (۲۶)[۴:۱۱۶، ۲۲:۴۰، ۵۳:۳۹، ۴۶:۱۹، ۲:۲۴۷، ۲۱:۱۰۵، ۸:۵۳، ۱۳:۱۱، ۳۸:۱۷]

اے اللہ تو اپنے مقرر کردہ قانون مشیت کے مطابق رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے (اور اسی قانون کے مطابق) مردہ میں سے زندہ نکالتا ہے اور زندہ میں سے مردہ نکالتا ہے (اور اسی قانون کے مطابق) تو بے شمار رزق عطا کرتا ہے اسے جو چاہتا ہے (۲۷)

نوٹ:۔(۱) عزت اور ذلت خود بخود نہیں ملتی آدمی کے اپنے عمل سے ملتی ہے مثلاً زید چوری زنا کرتا ہے جھوٹ بولتا ہے تو ہر آدمی اس کو بری نظر سے دیکھے گا اور پکڑ میں آنے پر سزا بھی ملے گی۔ ان برے اعمال پر نہ تو انسان ہی اس کو عزت کی نظر سے دیکھے گا اور نہ ہی اللہ اس کو عزت دے گا بلکہ ذلت ملے گی اسی طرح اگر بکر اچھے اعمال کرے گا تو ہر انسان اس کو عزت دے گا اور اللہ بھی اس کو عزت دے گا۔ ایسا نہیں ہے کہ آدمی عمل برے کرے اور عزت ملے یا اچھے عمل کرے اور اس کو ذلت ملے۔ بس یہی قانون اللہ کا ہے۔ چونکہ اللہ عادل ہے وہ عدل سے کام لے کر عزت و ذلت دیتا ہے۔

(۲) دن رات دونوں یکے بعد دیگرے آتے رہتے ہیں کبھی رات بڑی کبھی دن بڑا، مگر نہ دن کو دوام ہے نہ رات کو۔ کسی خطہ پر رات اسی وقت آتی ہے جب سورج اوجھل ہو جاتا ہے۔ اور جتنی مدت اوجھل رہتا ہے اتنی مدت ہی رات رہتی ہے۔ اور

सूर्य रहता है दिन होता है, अर्थ यह हुआ प्रकाश और अंधकार का आधार सूर्य पर है इसी प्रकार किसी क्षेत्र पर नास्तिक्ता व नास्तिको का प्रभुत्व व आधिपत्य उसी दशा में होता है कि वहां या तो आस्तिक हो ही नही या हो तो अस्त व्यस्त हो और जब तक यह दशा रहेगी नास्तिक्ता का आधिपत्य रहेगा परन्तु जब आस्तिक एक सत्य दल का रूप धारण कर लें तो अनिवार्यतः धीरे धीरे उन का प्रभुत्व स्थापित होगा और उनके सम्मुख नास्तिक्ता की पराजय हो जाती है जैसे सूर्य के आने पर रात्री का अंधकार समाप्त हो जाता है.

(3) इसी प्रकार मृतक और जीवित का उदाहरण है आस्तिक जीवित के समान है और नास्तिक मृतक के समान नास्तिको में से किसी ने बुद्धि व अंतदृष्टि से काम लिया और उस पर इस्लाम की सत्यता स्पष्ट हो गई और ईश्वर ने उसे सत्य स्वीकार करने की क्षमता दी तो वाध्यतः वह अपने नास्तिक सम्बन्धीयों (मृतक) से निकल कर आस्तिको में ही आ जाएगा क्यों कि वह जीवित हो गया उसको जीवित साथियों में ही रहना चाहिए न कि मृतको में इसी प्रकार जो व्यक्ति कपटि हृदय से नास्तिक हो गया हो तो उसकी सारी सहानुभूति नास्तिकों के साथ होती है क्योंकि वह मृतक है वह उन मृतको के साथ ही रहेगा, और उस का ठीक स्थान वही है यह ही धर्म च्युत का स्थान है अस्तु यह होता ही रहेगा मृतको में से जीवित और जीवितो में से मृतक निकलेंगे कोइ विमुख नास्तिक होगा और कोई नास्तिक से आस्तिक होगा हर व्यकुलता के बाद सुगमता और हर सुगमता के बाद व्यकुलता (अलम नशरह)

मैं तुम को बताता हूं तकदीरे उम्म क्या है
शमशीर व सुना अव्वल ताऊस व रबाब आखिर (इकबाल)

(4) जो समुदाय ईश्वर के बताए हुए नियमनुसार अपने जीवन में कर्म करता है उस कर्म पर ईश्वर उस को स्वतंत्र और अधिकारी रखता है. {8:60,3:102-103}

वह जाति ज्ञान प्राप्त करती है और उस ज्ञान से एकमत रहकर राज्य प्राप्त करती है और उस ज्ञान से हर वह अविष्कार करती है जिस से शास्त्र बनते है अधिक उत्पादन होता है धरती से सोना, चान्दी , लोहा, तैल इत्यादी निकालती है पवतों से लाभ उठाती है और हर कार्य स्वतंत्रता के साथ ईश्वर के आदेशनुसार करती है तो अधिक आय होती है और दास आदमी को पारिश्रमिक निर्धारित की हुई हिसाब से मिलती है और कभी बैगार भी करता है क्योंकि वह दास है किन्तु जिस ने स्वतंत्र रहकर ज्ञान के द्वारा कार्य किया उस को बेहिसाब बेशुमार धन मिलता है जो आज देखा जा सकता है एक मजदूर को क्या मिल रहा है और एक उध्योग पति को क्या मिल रहा है बेहिसाब बेशुमार जीविका देना यह भी ईश्वर के नियम के अनुसार मिलता है.

परन्तु उस धनी को भी विचार करना है जिस को बेहिसाब बेशुमार जीविका मिल रही है उस का भी लेख होना है और वह है बड़ा कठिन अतः उस कठिन लेखा जोखा से बचने के लिए बेशुमार जीविका को ईश्वर के मार्ग में व्यय करना अनिवार्य है और इस दुनिया में जिन को जो आवश्यक्ता हो उनकी आवश्यक्ता का पूरा करना अनिवार्य है यदि यह न किया तो बेशुमार जीविका ही दुख बनकर नर्क में ले जाएगी अतः उस बेहिसाब जीविका के लेखा जोखा से बचो इस में ही भलाई है.

अतः यह जान लेना चाहिए कि (वतर्जुकु मनतशाऊ बिगेरी हिसाब) बिला प्रतिबन्धा के नही है इस के प्रतिबन्धा को जो जाति पूरा करती है उस को ही बेहिसाब बेशुमार जीविका मिलती है और वह स्वतंत्र रहती है. {4:119}

جتنی مدت سورج رہتا ہے دن ہوتا ہے مطلب یہ ہوا نور اور تاریکی کا دارومدار سورج پر ہے.اسی طرح کسی خطہ زمین پر کفر واہل کفر کا غلبہ وتسلط اسی صورت میں ہوتا ہے کہ وہاں یا تو سرے سے اہل ایمان ہوں ہی نہیں یا ہوں تو منتشر ہوں اور جب تک یہ حالت رہے گی کفر کا تسلط قائم رہے گا.لیکن جب اہل ایمان ایک جماعت صادقہ کی شکل اختیار کرلیں تو لامحالہ آہستہ آہستہ ان کا تسلط قائم ہوگا.اور ان کے مقابلہ میں کفر پسپا ہو جاتا ہے جیسے سورج کے آنے پر رات کی اندھیری ختم ہو جاتی ہے.

(۳)اسی طرح مردہ اور زندہ کی مثال ہے ایمان بمنزلہ حیات ہے اور کفر بمنزلہ مرگ.اہل کفر میں سے کسی نے عقل وبصیرت سے کام لیا اور اس پر اسلام کی حقانیت واضح ہوگئی اور اللہ نے اسے قبول حق کی توفیق دی تو لامحالہ وہ اپنے کافر اقربا (مردہ) سے نکل کر اہل ایمان میں ہی آجائے گا. کیونکہ وہ زندہ ہو گیا اُسے زندہ ساتھیوں میں ہی رہنا چاہیے نہ کہ مردوں میں.اسی طرح جو شخص منافق اور دل سے کافر ہوگیا ہوتو اس کی ساری ہمدردیاں کفار کے ساتھ ہوتی ہیں کیونکہ وہ مردہ ہے وہ ان مردوں کے ساتھ ہی رہے گا اور اس کا ٹھیک مقام وہی ہے یہ ہی مرتد کا مقام ہے. بہرحال یہ تو ہوتا ہی رہے گا مردوں میں سے زندہ اور زندوں میں سے مردہ نکلیں گے کوئی مرتد کافر ہوگا اور کوئی کافر سے مومن ہوگا.ہر پریشانی کے بعد آسانی اور ہر آسانی کے بعد پریشانی (الم نشرح)

میں تجھ کو بتاتا ہوں تقدیر اُمم کیا ہے
شمشیر و سناں اوّل طاوس و رباب آخر (اقبال)

(۴)جو قوم اللہ کے بتائے ہوئے قانون کے مطابق اپنی زندگی میں عمل کرتی ہے اس عمل پر اللہ اس کو آزاد اور حاکم رکھتا ہے (۸:۶۰،۳:۱۰۲،۱۰۳) وہ قوم علم حاصل کرتی ہے اور اس علم سے متحد ومتفق رہ کر حکومت حاصل کرتی ہے اور اس علم سے ہر وہ ایجاد کرتی ہے جس سے ہتھیار بنتے ہیں خوب پیداوار ہوتی ہے زمین سے سونا چاندی لوہا تیل وغیرہ نکالتی ہے پہاڑوں سے فائدہ اٹھاتی ہے اور ہر کام آزادی کے ساتھ اللہ کے حکم کے مطابق کرتی ہے تو خوب آمدنی ہوتی ہے.اور غلام آدمی کو اجرت مقرر کی ہوئی حساب سے ملتی ہے اور کبھی بیگار بھی کرتا ہے کیوں کہ وہ غلام ہے لیکن جس نے آزاد رہ کر علم کے ذریعہ کام کیا اس کو بے حساب بے شمار دولت ملتی ہے جو آج دیکھا جا سکتا ہے ایک مزدور کو کیا مل رہا ہے اور ایک مل مالک کو کیا مل رہا ہے. یہ ہے بے حساب بے شمار رزق دینا یہ بھی اللہ کے قانون کے مطابق ملتا ہے.

مگر اس امیر کو بھی غور کرنا ہے جس کو بے شمار رزق مل رہا ہے اس کا بھی حساب ہونا ہے اور وہ ہے بڑا سخت اس لئے اس سخت حساب سے بچنے کے لئے بے شمار رزق کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنا ضروری ہے اور اس دنیا میں جو ضرورت مند ہوں ان کی ضرورت کو پورا کرنا ضروری ہے.اگر یہ نہ کیا تو بے شمار رزق ہی مصیبت بن کر جہنم میں لے جائے گا.اس لئے اس بے حساب رزق کے حساب سے بچو اس میں ہی خیر ہے.

اس لئے یہ جان لینا چاہیے کہ [وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ] بلا شرط نہیں ہے اس کی شرط کو جو قوم پورا کرتی ہے اس کو ہی بے حساب بے شمار رزق ملتا ہے اور وہ آزاد رہتی ہے (۴:۱۱۹)

आदेश दिया जाता है कि आस्तिक दल (जीवित दल) उन दलों से मैत्री न रखें जो नास्तिक अर्थात मृत है और जो व्यक्ति या दल ऐसा करेगा वह जान ले कि उन का ईश्वर के साथ कोई सम्बन्ध नहीं अर्थात वह मृतक नास्तिक) है अतिरिक्त इस स्थिति के कि तुम उन से इस प्रकार बच जाओं जो बचने का उचित मार्ग है वास्तविक्ता यह है कि ईश्वर तुम्हें अपने नियम की प्रतिद्वन्दिता के परिणाम से डराता है क्योंकि (कर्मों का उत्तर देने के लिए) ईश्वर ही की ओर लोटकर आना है (28) {3:117-119, 58:22,60:4}

حکم دیا جاتا ہے کہ جماعت مومنین (زندہ گروہ) ان اقوام سے دوستی نہ رکھے جو کافر یعنی مردہ ہیں اور جو فردیا گروہ ایسا کرے گا وہ جان لے کہ ان کا اللہ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں (یعنی وہ مردہ کافر ہیں) سوائے اس صورت کے کہ تم ان سے اس طرح بچ جاؤ جو بچنے کا حق ہے حقیقت یہ ہے کہ اللہ تمہیں اپنے قانون کی مخالفت کے نتائج سے ڈراتا ہے. کیونکہ (اعمال کی جواب دہی کے لئے) اللہ ہی کی طرف لوٹ کر آنا ہے (۲۸)

[۳:۱۱۷_۱۱۹، ۵۸:۲۲، ۶۰:۴]

और शादीशुदा स्त्रियां भी निशिद्ध है अतिरिक्त जो मुस्लिम विवाहिता स्त्रियों के जो मुसलमान होकर तुम्हारे दाहिने हाथ अर्थात तुम्हारी सुरक्षा में आ जाऐं (परन्तु तुम उनकी परीक्षा कर लो 60:10 और उनसे विवाह कर लो 4:25) यह ईश्वर ने तुम पर अनिवार्य कर दिया है लिख दिया है और उपरोक्त वर्णित स्त्रियों के अतिरिक्त शेष सब औरतें तुम्हारे लिए वैध है (प्रतिबन्ध यह है कि तुम उनसे विवाह की इच्छा अपने मालों के साथ करो, और विवाह का उद्देश्य पूरी आयु विवाह के बन्धन में रहना हो केवल पानी बहाना न हो (अर्थात केवल तात्कालिक तौर पर यौन सम्बन्धी तृप्ति उद्देश्य विवाह न हो) फिर उन स्त्रियों में से जिससे विवाह का लाभ उठाओ तो उनके मेहर जो निर्धारित किए गए हों उन्हें दे दिया करो और इस विषय में तुम पर कोई बाधा नही कि मेहर निश्चित हो चुकने के बाद किसी बात पर तुम आपस में सहमत हो जाओ (अर्थात कुछ धन तुम्हारी

پارہ پانچ۔والمحصنٰت

اور شادی شدہ عورتیں بھی حرام ہیں سوائے نو مسلم بیاہی ہوئی عورتوں کے جو مسلمان ہو کر تمہارے داہنے ہاتھ یعنی تمہاری حفاظت میں آجائیں (مگر تم ان کا امتحان کرلو۔۶۰:۱۰۔اور ان سے نکاح کرلو۔۴:۲۵۔) یہ اللہ نے تم پر فرض کردیا ہے لکھ دیا ہے اور مذکورہ بالا عورتوں کے سوا باقی تمام عورتیں تمہارے لئے حلال ہیں (شرط) یہ ہے کہ تم ان سے نکاح کی طلب اپنے مالوں کے ساتھ کرو اور غرض نکاح عمر بھر نکاح میں رہنا ہو صرف پانی بہانا نہ ہو (یعنی صرف وقتی طور پر جنسی تسکین غرض نکاح نہ ہو) پھر ان عورتوں سے جس سے نکاح کا فائدہ اٹھاؤ تو ان کے مہر جو مقرر کئے گئے ہوں انہیں دے دیا کرو۔ اور اس امر میں تم پر کوئی حرج نہیں کہ مہر مقرر ہو چکنے کے بعد کسی بات پر تم آپس میں راضی ہو جاؤ (یعنی کچھ رقم تمہاری بیویاں تمہیں اپنی خوشی سے

पत्नीयां तुम्हें अपनी प्रसन्नता से वापस कर दें या तुम कुछ और बढ़ा दो) निःसन्देह ईश्वर बढ़कर जानने वाला है और युक्ति वाला है (24) {2:236, 10:98, 60:10}

नोट- आयत में एक शब्द "फमसतमता तुम" आया है इसका अर्थ यह है कि जिनसे विवाह का लाभ उठाओ, किन्तु इस शब्द को लेकर एक दल ने इससे मुता सिद्ध किया है और आज तक मुता कर रहे हैं और करते रहेंगे किन्तु इस मुता के बारे में अहादीस भी मिलती है कि मुहम्मद स० ने अनुमति दी थी, यदि अनुमति दी तो अवश्य वह ईश्वर के आदेश से होगी फिर इनकार हुआ तो वह इनकार भी ईश्वर के आदेश से होना अनिवार्य है और दोनों आदेश कुरआन में होने अनिवार्य हैं अब चिन्तन किया जाये वास्तविकता क्या है?

आयत में "फ़ीमा तराज़ेयतुम बिही मिम्बादिल फ़रीज़ती" के शब्द "फमसतमततातुम बिही मिनहुन्ना फआतु हुन्ना उजूरहुन्ना फ़रीज़तन" के बाद आए हैं और जिनमें आपसी सहमतति के साथ निर्धारित मेहर के धन में से कुछ वापस ले लेने को वैध बताया है, इससे भी "फमसतमतातुम" का अर्थ चिरस्थायी विवाह सिद्ध होता है, कोई तथा कथित समय बद्ध विवाह (मुता) सिद्ध नहीं होता क्योंकि जो स्त्री एक दिन या एक साल के लिए विवाह मुता करती है और मेहर का धन प्राप्त करती है अर्थात उस समय की पारिश्रमिक और जिसने समय के बाद विवाह से आप ही स्वतंत्र हो जाना है उसे अपने एक दिन या एक वर्ष के पति के साथ क्या खाक प्रेम होगा कि वह अपने निर्धारित मेहर पारिश्रमिक में से कुछ वापस दे या ऐसे ही पति.

मुता की परिभाषा यह बताई गई है कि यह एक समयबद्ध विवाह होता है जो समय समाप्त होते ही बिना तलाक के टूट जाता है, उदाहरणार्थ एक साल,छः माह, एक माह या एक दिन इत्यादि मुसलमानों की पर्याप्त संख्या कहती है कि इस्लाम के आरम्भ में इस प्रकार के विवाह की आज्ञा थी जिसकी अनुमति ईशदूत ने दी, अवलोकन हो-

बुखारी प्रति द्वितीय किताबुत्तफसीर ।728

श्रीमान अब्दुल्लाह बिन मसऊद र० कहते हैं कि हम धर्म युद्ध के लिए ईशदूत के साथ थे और हमारे साथ पत्नीयां न थी, गर्मी और शक्ति के कारण स्त्रियों से जुदाई सहन न हो रही थी, हमने कहा कि क्या हम अपने आपको खस्सी न कर लें, आप स० ने हमें ऐसा करने से रोका और उसके बाद हमें आज्ञा दे दी कि थोड़े समय के लिए किसी स्त्री से विवाह कर लिया जाए आपने फिर इस आयत का वाचन किया, अवैध न करो वह सुथरी वस्तुऐं जो ईश्वर ने तुम्हारे लिए वैध की हैं (5:8)

नीचे मुत्ता इमाम मालिक का संदर्भ प्रस्तुत है इसमें मुहम्मद स० की ओर सम्बन्धित किया गया है कि उन्होंने समयबद्ध विवाह को चार बार वैध किया और चार बार अवैध (ईश्वर की शरण) मुत्ता इमाम मालिक अनुवादित मुद्रणालय आराम बाग, कराची पेज 450 पंक्ति एक से दस पर अंकित है,

अइम्मा अरबा अर्थात चारो नायक और सर्व साधारण के निकट मुता अवैध है इस्लाम के आरम्भ में मुता ठीक था फिर खैबर के दिन अवैध हुआ फिर उमराह कज़ा में वैध हुआ फिर मक्काह की विजय के दिन अवैध हुआ फिर औतास युद्ध में वैध हुआ फिर अवैध हुआ, फिर तबूक युद्ध में वैध हुआ फिर हज्जतुल वदाआ में अवैध हुआ, इस बार बार की वैधता और अवैधता से लोगों को भ्रम शेष रहा, कतिपय लोग समय बद्ध विवाह करते थे धन के साथ कतिपय नहीं करते थे, यहां तक कि मुहम्मद स० की मृत्यु हो गई और श्रीमान अबुबकर र०

واپس کر دیں یا تم کچھ اور بڑھا دو) بے شک اللہ تعالیٰ بڑھ کر جاننے والا اور حکمت والا ہے (۲۴) [۲:۲۳۶،۱۰:۹۸،۶۰:۱۰]

نوٹ :۔آیت میں ایک لفظ [فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ] آیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جن سے نکاح کا فائدہ اٹھاؤ لیکن اس لفظ کو لے کر ایک فرقے نے اس سے متعہ ثابت کیا ہے اور آج تک متعہ کر رہے ہیں اور کرتے رہیں گے.لیکن اس متعہ کے بارے میں احادیث بھی ملتی ہیں کہ محمدؐ نے اجازت دی تھی اگر اجازت دی تھی تو ضرور وہ اللہ کے حکم سے ہوگی.پھر انکار ہوا تو وہ انکار بھی اللہ کے حکم سے ہونا ضروری ہے اور دونوں حکم قرآن میں ہونے ضروری ہیں اب غور کیا جائے حقیقت کیا ہے.

آیت میں [فِيْمَا تَرَاضَيْتُمْ بِهٖ مِنْ م بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ] کے الفاظ [فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً] کے بعد آئے ہیں اور جن میں باہمی رضامندی کے ساتھ مقررہ زرمہر میں سے کچھ واپس لے لینے کو جائز قرار دیا گیا ہے.اس سے بھی [فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ] کا معنی دائمی نکاح ثابت ہوتا ہے.کوئی نام نہاد معیادی نکاح (متعہ نامی) ثابت نہیں ہوتا کیونکہ جو عورت ایک دن یا ایک سال کے لئے نکاح متعہ کرتی ہے اور زرمہر حاصل کرتی ہے یعنی اس مدت کی اجرت اور جس نے معیاد کے بعد نکاح سے خود بخود آزاد ہو جانا ہے اسے اپنے ایک دن یا ایک سال کے شوہر کے ساتھ کیا خاک محبت ہوگی کہ وہ اپنے مقررہ مہر اجرت میں سے کچھ واپس دے یا ایسے ہی شوہر.

متعہ کی تعریف یہ بیان کی گئی ہے کہ یہ ایک میعادی نکاح ہوتا ہے جو میعاد ختم ہوتے ہی بلا طلاق کے ٹوٹ جاتا ہے مثلاً ایک سال، چھ ماہ، ایک ماہ، یا ایک دن.مسلمانوں کی کافی تعداد کہتی ہے کہ اوائل اسلام میں اس قسم کے نکاح کی اجازت تھی جس کی اجازت رسول نے دی.ملاحظہ ہو.

بخاری جلد دوئم، کتاب التفسیر (۱۷۲۸)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ ہم جہاد کی غرض سے نبیؐ کے ہمراہ تھے اور ہمارے ساتھ عورتیں نہ تھیں. بوجہ حرارت وقوت عورتوں سے جدائی برداشت نہیں ہوتی تھی.ہم نے کہا کہ کیا ہم اپنے آپ کو خصی نہ کر لیں.آپ نے ہمیں ایسا کرنے سے روکا.اور اس کے بعد ہمیں اجازت مرحمت فرمائی کہ تھوڑی مدت کے لئے کسی عورت سے نکاح کر لیا جائے آپ نے پھر اس آیت کی تلاوت کی.حرام نہ ٹھہراؤ وہ ستھری چیزیں جو اللہ نے تمہارے لئے حلال کیں ہیں (۵:۸۷)

ذیل میں موطا امام مالک کا حوالہ پیش ہے اس میں محمدؐ کی طرف منسوب کیا گیا ہے کہ انہوں نے متعہ کو چار بار حلال کیا اور چار بار حرام (نعوذ). موطا امام مالک مترجم مطبوعہ آرام باغ کراچی کے ص۔۴۵۰،سطر ا تا ۱۰، درج ہے

ائمہ اربعہ اور جمہور کے نزدیک متعہ ناجائز ہے.اوائل اسلام میں متعہ درست تھا پھر خیبر کے روز حرام ہوا پھر عمرہ قضا میں درست ہوا پھر فتح مکہ کے دن حرام ہوا پھر جنگ اوطاس میں درست ہوا پھر حرام ہوا. پھر جنگ تبوک میں درست ہوا پھر حجتہ الوداع میں حرام ہوا.اس بار بار کی حلت وحرمت سے لوگوں کو شبہ باقی رہا.بعض لوگ متعہ کرتے تھے بعض نہیں کرتے تھے، مال کے ساتھ. یہاں تک کہ محمدؐ کی وفات ہوئی اور حضرت ابوبکرؓ کی خلافت میں بھی ایسا ہی رہا.اس کے

के शासन में भी ऐसा ही रहा, इसके बाद महामना उमर र0 ने इसकी अवैधता स्पष्ट मंच में बयान की तब से लोगों ने मुता करना छोड़ दिया, किन्तु कतिपय सहाबा इसकी वैधता के स्वीकार कर्ता रहे, जैसे जाबिर बिन अब्दुल्लाह, अब्दुल्लाह बिन मसऊद (अर्थात मुफस्सिरे कुरआन!?) अबु सईद मआविया असमा बिन्ते अबूबकर, अब्दुल्ला बिन अब्बास (अर्थात मुफस्सिरे कुरआन!?) उमर बिन हवेरस और सलमा बिन अल अकू और एक दल ताबईन में भी समयबद्ध विवाह मुता की वैधता का स्वीकार कर्ता हुआ है, यह तो रहा हदीसों कथनों का उल्लेख अब कुरआन को भी अवलोकन करें इसमें क्या है,

सूरतुल मूमिनून-23, आयत 5- और जो अपने लज्जा के स्थान की सुरक्षा करते हैं

6- अतिरिक्त अपनी पत्नीयों के या उन स्त्रियों के जो उनकी सुरक्षा में हैं (विवाह के बाद) सूरत अल मआरिज 70 आयत 29 जो अपनी लज्जा के स्थान की सुरक्षा करते हैं अतिरिक्त अपनी पत्नीयों या अपनी सुरक्षा वाली स्त्रियों के जिनसे विवाह हुआ हो इसके अतिरिक्त और स्थान मैथुन अवैध है,

हदीस (कथनों) में अंकित है कि युद्ध के अवसर पर नबी स0 ने मुसलमानों के कहने पर मुता की अनुमति दी युद्ध मदीने में आरम्भ हुआ और सूरत अलमूमिनून और अलमआरिज मक्का में अवतरित हो चुकी थी जिनको ईशदूत और सहरबा ने पढ़ा था और कुरआन में यह भी अंकित है कि ऐ मुहम्मद और मुहम्मद के साथियों और प्रलय तक आने वाले आस्तिक व्यक्तियों तुम कुरआन का अनुकरण करो, यदि कुरआन के विरुद्ध कर्म करोगे तो तुम्हारा कोई सहायक न दुनिया में होगा और न प्लोक में और विमुख होने वाले को नर्क में डाला जाएगा, इतना पढ़ने के बाद कैसे सहाबा मुता की अनुमति मांगते और कैसे मुहम्मद स0 आज्ञा देते अतः सहाबा ने अनुमति नहीं मांगी,

भला जो पूरे के पूरे कुरआन का अनुकरण करने वाले थे वह कैसे इस अनुचित कार्य की अनुमति मांगते, यदि वह लोग कभी भूल से ऐसी मांग करते भी तो मुहम्मद स0 किसी भी मूल्य पर अनुमति देने वाले न थे,

अब इस हदीस कथन पर चिन्तन किया जाये जिसमें अंकित है कि सहाबा ने पत्नीयों से दूर होने के कारण यह अनुमति मांगी थी, इसलिए कि उनसे गर्मी सहन न हो रही थी काम व्याकुल कर रहा था, उन्होंने इस का उपचार यह सोचा कि ख़स्सी हो जाएं परन्तु ईशदूत ने कहा कि तुम स्त्रियों से समय के लिए पारिश्रमिक पर विवाह कर लो उन्होंने कर लिया, उपचार बहुत सरल बतायागया, व्याकुलता दूर हो गई, विचारणीय बात यह है कि क्या सहाबा के साथ-साथ इतनी स्त्रियां थी जो सहाबा को मिल गई, क्या सहाबा के पास इतना अधिक धन था जो उस धन को देकर उन स्त्रियों से मुता हो जाता था? क्या सहाबा इतने इच्छापूजक थे कि उनसे गिनती के कुछ दिन भी स्त्रियों के बिना काटने कठिन हो जाते थे, जबकि लिखा मिलता है कि उनको पेट भर भोजन भी न मिलता था, पेट से पत्थर बांधने पड़ते थे और अधिकांश वृत रखते थे, ऐसी दशा में क्या काम इतना व्याकुल कर सकता है? और जब मुसलमानों की सेना वहां से चलती थी तो उन स्त्रियों को छोड़ आती थी, फिर दूसरे स्थान पर स्त्रियों को खोजकर मुता करते थे या वह स्त्रियां ही वहां पहुंच जाती थी?

मैथुन होने के बाद उन स्त्रियों को गर्भ भी हो जाता होगा फिर उन बच्चों का क्या होता होगा? हां एक बात और वह यह कि युद्ध तो शत्रु से होता है तो उस शत्रु क्षेत्र में इच्छा पूर्ति मुता के लिए स्त्रियां कैसे मिल सकती थी? क्योंकि वहां तो सब शत्रु होते हैं और

بعد حضرت عمرؓ نے اس کی حرمت بر سر منبر بیان کی تب سے لوگوں نے متعہ کرنا چھوڑ دیا۔ مگر بعض صحابہ اس کے جواز کے قائل رہے جیسے جابر بن عبداللہ، عبداللہ بن مسعود (یعنی مفسر قرآن!؟) ابوسعید، معاویہ اسماء بنت ابوبکر، عبداللہ بن عباس (یعنی مفسر قرآن!؟) عمر بن حویرث اور سلمہ بن الاکوع اور ایک جماعت تابعین میں سے بھی متعہ کے جواز کی قائل ہوئی ہے۔ یہ تو رہا حدیثوں کا بیان اب قرآن کو بھی ملاحظہ کریں اس میں کیا ہے۔

سورہ المومنون (۲۳) آیت ۵/ اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

۶/ سوائے اپنی بیویوں کے یا ان عورتوں کے جو ان کی ملک یمین ہیں (نکاح کے بعد) سورہ المعارج (۷۰) آیت ۲۹/ جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں بجز اپنی بیویوں یا اپنی ملک یمین عورتوں کے جن سے نکاح ہوا ہے اس کے علاوہ اور جگہ مباشرت حرام ہے۔

حدیث میں درج ہے کہ جنگ کے موقع پر نبی نے مسلمانوں کے کہنے پر متعہ کی اجازت دی جنگیں مدینہ میں شروع ہوئیں اور سورت المومنون اور المعارج مکہ میں نازل ہو چکی تھیں جن کو نبی اور صحابہ نے پڑھا تھا اور قرآن میں یہ بھی درج ہے کہ اے محمدؐ اور محمدؐ کے ساتھیوں اور قیامت تک آنے والے مومن انسانوں تم قرآن کی پیروی کرو۔ اگر قرآن کے خلاف عمل کرو گے تو تمہارا کوئی مددگار نہ دنیا میں ہوگا اور نہ آخرت میں۔ اور خلاف ورزی کرنے والے کو دوزخ میں ڈالا جائے گا۔ اتنا پڑھنے کے بعد کیسے صحابہ متعہ کی اجازت مانگتے اور کیسے محمدؐ اجازت دیتے۔ اس لئے صحابہ نے اجازت طلب نہیں کی۔

بھلا جو پورے کے پورے قرآن پر عمل کرنے والے تھے وہ کیسے اس غلط کام کی اجازت مانگتے۔ اگر وہ لوگ کبھی بھول سے ایسا مطالبہ کرتے بھی تو محمدؐ کسی بھی قیمت پر اجازت دینے والے نہ تھے۔

اب اس حدیث پر غور کیا جائے جس میں درج ہے کہ صحابہ نے بیویوں سے دور ہونے کی وجہ سے یہ اجازت مانگی تھی اس لئے کہ ان سے گرمی برداشت نہ ہو رہی تھی۔ نفس پریشان کر رہا تھا۔ انہوں نے اس کا علاج یہ سوچا کہ خصی ہو جائیں۔ مگر نبی نے کہا کہ تم عورتوں سے میعاد کے لئے اجرت پر نکاح کر لو انہوں نے کر لیا۔ علاج بہت آسان بتایا گیا۔ پریشانی دور ہو گئی۔ غور طلب بات یہ ہے کہ کیا صحابہ کے ساتھ ساتھ اتنی عورتیں چلتی تھیں یا اس علاقے میں اتنی عورتیں تھیں جو صحابہ کو مل گئیں کیا صحابہ کے پاس اتنی زیادہ رقم تھی جو اس رقم کو دے کر ان عورتوں سے متعہ ہو جاتا تھا؟ کیا صحابہ اتنے نفس پرست تھے کہ ان سے گنتی کے چند دن بھی عورتوں کے بغیر کاٹنے مشکل ہو جاتے تھے۔ جب کہ لکھا یہ ملتا ہے کہ ان کو پیٹ بھر کھانا بھی نہ ملتا تھا۔ پیٹ سے پتھر باندھنے پڑتے تھے اور زیادہ تر روزے رکھتے تھے۔ ایسی حالت میں کیا نفس اتنا پریشان کر سکتا ہے؟ اور جب مسلمانوں کا لشکر وہاں سے چلتا تھا تو ان عورتوں کو چھوڑ آتا تھا پھر دوسری جگہ عورتوں کو تلاش کر کے متعہ کرتے تھے یا وہ عورتیں ہی وہاں پہنچ جاتی تھیں؟

مباشرت ہونے کے بعد ان عورتوں کو حمل بھی ہو جاتا ہوگا، پھر ان بچوں کا کیا ہوتا ہوگا؟ ہاں ایک بات اور وہ یہ کہ جنگ تو دشمن سے ہوتی ہے تو اس دشمن علاقے میں متعہ کے لئے عورتیں کیسے مل سکتی تھیں؟ کیوں کہ وہاں تو سب دشمن ہوتے ہیں اور اگر عورتیں مل بھی جائیں تو وہ سب دشمن ہوں گیں تو آپ جواب

यदि स्त्रियां मिल भी जाएं तो वह सब शत्रु होंगी तो आप उत्तर दे सकते हैं कि वह स्त्रियां क्या करेंगी? क्या मुहम्मद और सहाबा इस बात को भी नही जानते थे और उन शत्रु स्त्रियों को अपनी सेना में बुलाकर इच्छा पूजन करते थे? (ईश्वर की शरण)

इन सब बातों को पढ़ने के बाद एक समझदार व्यक्ति क्या कहेगा? और विरोधी क्या और एक सत्य का खोजी व्यक्ति क्या करेगा? समझदार और धर्मवादी व्यक्ति यही कहेगा कि यह लिखा बकवास है, कुरआन और नबी के स्थान के विपरीत है सहाबा का चरित्र और हर धर्म वादी व्यक्ति के चरित्र के विरुद्ध है कोई आस्तिक इस कर्म को नही कर सकता और न ही मुहम्मद स0 इस गन्दे कर्म मुता वैश्यवृत्ति इच्छा पूजन की अनुमति दे सकते थे, उन्होंने कभी अनुमति नही दी, जो समयबद्ध मुता कर रहा है वह इसलाम से निष्कासित है,

ऐसे लेख को विरोधी पढ़ेगा तो वह इसको लेकर अपमान जनक लेख लिखेगा और मुसलमान विरोध प्रदर्शन करेंगे और झगड़ा होगा और सत्य का खोजी घृणा के साथ दूर हो जाएगा, अतः ऐसे चरित्र को बिगाड़ने वाले लेखों कथनों तफ्सीरों को पुस्तकों से निष्कासित कर दिया जाए और घोषणा कर दी जाए कि यह मुहम्मद स0 के कथन नही हैं न ही किसी आस्तिक ने उन पर व्यवहार किया जो ऐसा कर रहा है उसका इसलाम कुरआन और मुहम्मद स0 से कोई सम्बन्ध नही है, भला अवैध कर्म करने को मुहम्मद कैसे अनुमति देते?

सहाबा कराम की कुरआन में बड़ी प्रशंसा है ईश्वर उनसे प्रसन्न हो गया, वह ईश्वर से प्रसन्न अर्थात उसके ईशदूत और धर्म से प्रसन्न और कार्यरत इस कारण से ही ईश्वर ने उनको सफल किया और वह दुनिया पर छा गए थे, आज भी सफलता इसी में है कि हम ईश्वर को प्रसन्न कर लें उसके सत्य धर्म पर व्यवहार करके जो मुहम्मद स0 ने बताया है,

क्या कभी हमने विचार किया है कि उन आस्तिक अस्तित्वों के बारे में क्या लिखा है एक ऐसे समय के लिए जिस समय में हर आदमी को ईश्वर की प्रसन्नता आवश्यक होती है, अर्थात धर्म युद्ध के अवसर पर धर्म का अधिपत्य या शहादत इसके अतिरिक्त उनका और कोई उद्देश्य नही होता, हां यदि वह कपटि होते हैं तो वह ईश्वर की प्रसन्नता नही चाहते अपितु शैतान की प्रसन्नता चाहते हैं, जो मुता के विषय में लिख रखा है कि मुता की अनुमति मांगी, यह बिल्कुल मिथ्या है, उन महात्मा गणों को बदनाम करना है और कोई भी आस्तिक कुरआन के विरुद्ध कोई पग नही उठा सकता, अतः आस्तिक ईश्वर की प्रसन्नता ही में अपना पूरा जीवन व्यतीत करता है शैतान की प्रसन्नता के लिए नही इसलाम में मुता के लिए कोई स्थान नही है न पहले था न कभी इसको वैध किया गया,

और जो कोई तुम में से इस बात की शक्ति न रखे कि वह विवाह करे कुलीन स्वतंत्र भद्र आस्तिक स्त्रियों से तो वह नास्तिक समाज से आई हुई नवीन मुस्लिम महिला जो तुम्हारी रक्षा में हो और तरुणी विवाह के योग्य हो आस्तिक महिलाओं से विवाह करे (जिनकी परीक्षा हो चुकी हो 60:10) सत्य यह है कि ईश्वर तुम्हारे विश्वास को अच्छी प्रकार जानता है, तुम सब आपस में सहजातीय हो फिर तुम नास्तिक समाज से आई हुई नवीन मुस्लिम स्त्रियों के साथ उनके अभिभावकों की अनुमति के साथ विवाह कर लो (गुप्त विवाह या मुता न करना) और उनके मेहर परिचित विधि से चुकता करना, वह स्थाई विवाह में रखी जाने वाली हो न केवल सामयिक मस्ती झाड़ने वाली और न गुप्त यारी करने वाली हो फिर जब वह विवाह कर

دے سکتے ہیں کہ وہ عورتیں کیا کریں گیں؟ کیا محمدؐ اور صحابہ اس بات کو بھی نہیں جانتے تھے اوران دشمن عورتوں کو اپنے لشکر میں بلا کر نفس پرستی کرتے تھے (نعوذ)

ان سب باتوں کو پڑھنے کے بعد ایک سمجھدار آدمی کیا کہے گا اور مخالف کیا، اور ایک حق کا متلاشی آدمی کیا کرے گا؟ سمجھدار اور ایمان دار آدمی یہی کہے گا کہ یہ لکھا بکواس ہے قرآن اور نبی کے مقام کے خلاف ہے صحابہ کی خصلت اور ہر ایمان دار آدمی کے کردار کے خلاف ہے. کوئی مومن اس کام کو نہیں کرسکتا اور نہ ہی محمدؐ اس گندے کام متعہ نفس پرستی کی اجازت دے سکتے تھے انہوں نے کبھی اجازت نہیں دی جو متعہ کررہا ہے وہ اسلام سے خارج ہے.

ایسی تحریروں کو مخالف پڑھے گا تو وہ اس کو لے کر توہین آمیز مضمون لکھے گا اور مسلمان احتجاج کریں گے اور جھگڑا ہوگا. اور حق کا متلاشی نفرت کے ساتھ دور ہو جائے گا. اس لئے ایسی اخلاق شوز تحریروں احادیثوں تفسیروں کو کتابوں سے خارج کردیا جائے اور اعلان کر دیا جائے کہ یہ محمدؐ کے قول نہیں ہیں. نہ ہی کسی مومن نے ان پر عمل کیا جو ایسا کررہا ہے اس کا اسلام قرآن اور محمدؐ سے کوئی واسطہ نہیں ہے متعہ نہ کبھی حلال تھا اور نہ ہی آج حلال ہے بھلا حرام کام کرنے کو محمدؐ کیسے اجازت دیتے؟

صحابہ کرام کی قرآن میں بڑی تعریف ہے اللہ ان سے راضی ہوگیا وہ اللہ سے راضی یعنی اس کے نبی اور دین سے راضی اور عامل اس وجہ سے ہی اللہ نے ان کو کامیاب کیا اور وہ دنیا پر چھا گئے تھے. آج بھی کامیابی اسی میں ہے کہ ہم بھی اللہ کو راضی کرلیں اس کے سچے دین پر عمل کر کے جو محمدؐ نے بتایا ہے.

کیا کبھی ہم نے غور کیا ہے کہ ان مومن ہستیوں کے بارے میں کیا لکھا ہے ایک ایسے وقت کے لئے جس وقت میں ہر آدمی کو اللہ کی رضا درکار ہوتی ہے. یعنی جہاد کے موقع پر دین کا غلبہ یا شہادت اس کے علاوہ ان کا اور کوئی مقصد نہیں ہوتا. ہاں اگر وہ منافق ہوتے ہیں تو وہ اللہ کی رضا نہیں چاہتے بلکہ شیطان کی رضا چاہتے ہیں. جو متعہ کے بارے میں لکھ رکھا ہے کہ متعہ کی اجازت مانگی یہ بالکل غلط ہے ان پاک نفوس کو بدنام کرنا ہے. اور کوئی بھی مومن قرآن کے خلاف کوئی قدم نہیں اُٹھا سکتا. اس لئے مومن اللہ کی رضا ہی میں اپنی پوری زندگی گذارتا ہے. شیطان کی رضا کے لئے نہیں اسلام میں متعہ کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے. نہ پہلے تھی نہ کبھی اس کو جائز کیا گیا.

اور جو کوئی تم میں سے اس چیز کی طاقت نہ رکھے کہ وہ نکاح کرے خاندانی آزاد مومنہ شریف عورتوں سے تو وہ کافر معاشرے سے آئی ہوئی نو مسلمہ خواتین جو تمہاری حفاظت میں ہوں اور نوجوان نکاح کے لائق ہوں مومنہ عورتوں سے نکاح کرے (جن کا امتحان ہو چکا ہو۔۶۰:۱۰۔) حقیقت یہ ہے کہ اللہ تمہارے ایمان کو اچھی طرح جانتا ہے تم سب آپس میں ایک دوسرے کے ہم جنس ہو. پھر تم کافر معاشرہ سے آئی ہوئی نو مسلمہ عورتوں کے ساتھ ان کے مالک حاکم کی اجازت کے ساتھ نکاح کرلو (چھپا نکاح یا متعہ نہ کرنا) اور ان کے مہر معروف طریقے کے مطابق ادا کرنا. وہ نکاح دوام میں رکھی جانے والی ہوں نہ

ले फिर यदि वह निर्लज्जता करे तो उनके लिए उस दण्ड से आधा दण्ड निश्चित किया जाता है जो कुलीन विवाहिता स्वतंत्र भद्र महिलाओं के लिए निश्चित है यह आदेश तुम में से उसके लिए है जिसे यौन सम्बन्धी अनुचित कार्य करने की आशंका हो और यदि सन्तोष करो तो यह तुम्हारे लिए बहुत अच्छा है और ईश्वर क्षमा करने वाला कृपालु है (25) {24:31,32}

नोट- क्या मा मलाकत ऐमान या मा मलाकत यमीन से तात्पर्य दासी या दास है? इन शब्दों से दास दासियों का तर्क अनुचित लिया जाता है स्पष्ट रहे कि दास दासी की कल्पना कुरआन के शत प्रतिशत विपरीत है, समाज में दास दासी की आयात के केवल दो मार्ग है, प्रथम यह कि गुण्डे लोग बच्चों को अपहरण करके ले जाते रहे है और उनको बेचते रहे है, वह बच्चे दास दासियों के स्थान पर कार्य करते रहे हैं, दूसरा मार्ग है युद्ध बन्दियों को दास दासी बनाने का, किन्तु कुरआन ने इन दोनों मार्गों को समाप्त किया है,

1- और हमने सम्मान दिया है मानव की सन्तान को 17:70, ईश्वर ने जिसको सम्मान दिया हो उसको हीन करना बहुत बड़ा पाप है अतः यह मार्ग भी बन्द हो गया,

2- पस जब तुम्हारी उन नास्तिकों से मुठभेड़ हो अर्थात युद्ध हो तो प्रथम कार्य गर्दन मारना है यहां तक कि जब तुम उनको अच्छी प्रकार कुचल दो तब बन्दीयों को बलिष्ट बांधों, इसके बाद युद्ध अपने शस्त्र डाल दें तो तुम्हें अधिकार है उपकार करके छोड़ दो या प्रतिदान लेकर 47:4 अर्थात शान्ति होने पर,

यह है कुरआन का आदेश, युद्ध बन्दियों के प्रति अर्थात उनको हर स्थिति में मुक्ति मिलनी है,

मा मलाकत ऐमान क्या है? इस पर चिन्तन अनिवार्य है आयत 47:4 में स्पष्ट अंकित है कि जब तुम बन्दी बान्ध लो और युद्ध समाप्त हो जाए तो उन बन्दियों को मुक्ति प्रतिदान लेकर स्वतंत्र कर दो या जिस पर धन नही है उसको उपकार करके छोड़ दो, या अपने बन्दी भी दूसरे पक्ष के पास हो सकते है उनसे विनिमय होगा, मानो हर स्थिति में स्वतंत्र करना और कराना है, इस्लाम ने दासता के चलन को समाप्त किया है फिर यह दासी और दासों का प्रश्न ही उत्पन्न नही होता,

पश्चिम ने 1800 ई० में इस समस्या पर ध्यान दिया है जहां प्राचीन काल से दासों का चलन था इस्लाम ने उनको मुक्त करने का एक उपाये और बताया है कि प्रायश्चित की विधि पर व्यवहार में आता है उनके लिए जो पहले से दास चले आ रहे थे, आज भी जो ऋणी है उसको दास ही समझा जाता है, इस्लाम ने उसको स्वतंत्र कराने का आदेश दिया है, अर्थात उसका कर्ज चुकता कर दो, अस्तु ईश्वर ने हर पार्श्व को उज्ज्वल किया है कही झोल नही रखा और सबसे बड़ी बात तो उपकार करना है,

इन मुक्त किये हुए स्त्री पुरुष में बहुत ऐसे भी हो सकते है जो मुस्लिम समाज और शिक्षा से प्रभावित हो गए हों और इस्लाम स्वीकार कर लिया हो या वैसे ही रहे हो और वह नास्तिक समाज में जाने को तैयार न हो और उनका वहां कोई सहारा भी शेष न रहा हो तो ऐसी स्थिति में वह इस्लामी राज्य के आधीन क्षेत्र में रहेंगे और उनको शासन अपने अधिकार अर्थात अपनी सुरक्षा में ले लेगा और

صرف وقتی مستی جھاڑنے والی اور نہ چھپے یاری کرنے والی ہوں. پھر جب وہ نکاح کرلیں پھر اگر وہ بے حیائی کریں تو ان کے لئے اس سزا سے نصف سزا مقرر کی جاتی ہے جو خاندانی شادی شدہ آزاد شریف عورتوں کے لئے مقرر ہے یہ حکم تم میں سے اس کے لئے ہے جسے جنسی بے راہ روی کا اندیشہ ہو اور اگر صبر کرو تو یہ تمہارے لئے بہت اچھا ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے (۲۵) [۳۲،۳۱:۲۴]

نوٹ:۔ کیا ماملکت ایمان یا ماملکت یمین سے مراد لونڈی غلام ہیں؟ ان الفاظ سے مراد لونڈی غلام کی دلیل غلط پکڑی جاتی ہے. واضح رہے کہ لونڈی غلام کا تصور قرآن کے صد فیصد خلاف ہے. معاشرے میں لونڈی غلام کی درآمد کے صرف دو راستے ہیں. پہلا یہ کہ غنڈے لوگ بچوں کو اغوا کر کے لے جاتے ہیں اور ان کو بیچ دیتے رہے ہیں. وہ بچے لونڈی غلاموں کی جگہ کام کرتے رہے ہیں. دوسرا راستہ ہے جنگی قیدیوں کو لونڈی غلام بنانے کا. لیکن قرآن نے ان دونوں راستوں کو ختم کیا ہے.

(۱) اور ہم نے عزت دی آدم کی اولاد کو (۷۰:۱۷)

اللہ نے جس کو عزت دی ہو اس کو ذلیل کرنا بہت بڑا گناہ ہے اس لئے یہ راستہ بھی بند ہو گیا.

(۲) پس جب تمہاری ان کافروں سے مڈبھیڑ ہو تو پہلا کام گردنیں مارنا ہے. یہاں تک کہ جب تم ان کو اچھی طرح کچل دو تب قیدیوں کو مضبوط باندھ لو. اس کے بعد لڑائی اپنے ہتھیار ڈال دے تو تمہیں اختیار ہے احسان کر کے چھوڑ دو یا فدیہ لے کر (۴:۴۷) یعنی امن ہونے پر

یہ ہے قرآن کا حکم جنگی قیدیوں کے بارے میں یعنی ان کو ہر حال میں رہائی ملنی ہے

ماملکت ایمان کیا ہے؟ اس پر غور ضروری ہے. آیت (۴:۴۷) میں صاف درج ہے کہ جب تم قیدی باندھ لو اور لڑائی ختم ہو جائے یعنی لڑائی ہتھیار ڈال دے امن ہو جائے تو ان قیدیوں کو فدیہ لے کر آزاد کر دو یا جس پر رقم نہیں ہے اس کو احسان کر کے چھوڑ دو. یا اپنے قیدی بھی دوسرے فریق کے پاس ہو سکتے ہیں ان سے تبادلہ ہوگا. گویا ہر حال میں آزاد کرنا اور کرانا ہے. اسلام نے غلامی کے رواج کو ختم کیا ہے. پھر یہ کنیز اور غلاموں کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا.

مغرب نے ۱۸۰۰ء میں اس مسئلے پر توجہ دی ہے. جہاں زمانہ قدیم سے غلاموں کا رواج تھا، اسلام نے ان کو آزاد کرنے کا ایک طریقہ اور بتایا ہے جو کفارے کے طور پر عمل میں آتا ہے ان کے لئے جو پہلے سے غلام چلے آرہے تھے آج بھی جو قرض دار ہے اس کو غلام ہی سمجھا جاتا ہے. اسلام نے اس کو بھی آزاد کرانے کا حکم دیا ہے یعنی اس کا قرض ادا کر دو. بہر حال اللہ نے ہر پہلو کو روشن کیا ہے کہیں جھول نہیں رکھا اور سب سے بڑی بات تو احسان کرنا ہے.

ان رہا کئے ہوئے مرد یا عورتوں میں سے بہت ایسے بھی ہو سکتے ہیں جو مسلم معاشرہ اور تعلیم سے متاثر ہو گئے ہوں اور اسلام قبول کر لیا ہو یا ویسے ہی رہے ہوں اور وہ کافر معاشرہ میں جانے کو تیار نہ ہوں اور ان کا وہاں کوئی سہارا بھی باقی نہ رہا ہو. تو ایسی حالت میں وہ اسلامی حکومت کے زیر نگیں علاقہ میں رہیں گے اور ان کو حکومت اپنی ولایت یعنی اپنی حفاظت و عہد میں لے لے گی. اور ان میں

उनमे जो पुरुष या स्त्री आपस में या पहले से रहने वाले से विवाह करना चाहें जैस आयत 4:25 में बताया गया है तो वह उस मर्द के साथ विवाह कर सकती है ऐसे ही उनका नर भी अधिकारी की अनुमति के साथ उस अधिकारी की जिसको शासन ने उस विभाग का अधिकारी नियुक्त किया है विवाह कर सकता है, ऐसी स्थिति में भी केवल एक विवाह का औचित्य है और 4:3 में भी केवल एक विवाह की अनुमति है सामान्य स्थिति में सूरत नूर आयत 33 में भी ऐसी स्त्रि को विवाह करने की आज्ञा है, अर्थात विवाह के योग्य व्यस्क स्त्री यदि विवाह करना चाहें तो तुम उसे मत रोको, क्या तुम अपने सांसारिक लाभ के लिए उनको इस वैध कार्य से रोकोगे तो तुम स्वयं पापी होंगे,

यह है मा मलाकत ऐमान का कुरआनी अर्थ अर्थात जो तुम्हारे दाहिने हाथ में हो अर्थात तुम्हारी देखभाल में हो तुम्हारे वचन में हो, वह दास दासी अनुचरी बनकर नही रहेंगे अपितु स्वतंत्र होंगे केवल शासन की देखभाल होगी ताकि उनको कोई व्याकुल न करें, और जब उनकी पूरी परीक्षा हो जाएगी और वह अपने को निष्ठवान सिद्ध कर देंगे तो फिर वह तुम्हारी बराबर के नागरिक होंगे उनके भी वही अधिकार होंगे जो तुम्हारे है कोई अन्तर न होगा अन्तर यदि होगा तो केवल कर्म से होगा,

आयत (4:25, 23:5,6,7 और 70:29,30,31) के अनुसार बिना विवाह के अनुचारी से मैथुन करना अवैध है जबकि आयत में कहा गया है कि विवाह करो उन स्त्रियों से जो तुम्हारी सुरक्षा में हो और नियमानुसार उनके मेहर (जो धन निश्चित किया है) चुकता करो परन्तु काम पूजकों ने अनुचरी का नाम दे दिया है और विवाह से नकार किया है और अन्याय यह किया है कि मुहम्मद स0 को भी इस कुरआन के विरुद्ध कार्य में सम्मिलित कर लिया है यह लिखकर कि आपके यहां भी अनुचरी थी जिनके साथ आप बिना विवाह मैथुन करते थे और उनसे बच्चे उत्पन्न होने को भी लिख दिया,

यदि बिना विवाह को अनुचरी से मैथुन की अनुमति होती तो 4:25 में यह प्रतिबन्ध न होता कि यदि तुम को कुलीन स्वतंत्र स्त्री न मिले तो मा मलाकत से विवाह करो उनके मेहरों के साथ अधिकारी की अनुमति से, कहा यह जाता कि यदि कुलीन स्त्री न मिले तो मा मलाकत ऐमान से ही अपनी इच्छा पूर्ति कर लो विवाह का प्रतिबन्ध न होता, जबकि आयत में विवाह का प्रतिबन्ध है, अतः बिना विवाह के मैथुन अवैध है, इस अनुचित कार्य को उचित करने के लिए मुहम्मद को भी बदनाम किया है जबकि मुहम्मद स0 के यहां बिना विवाह के कोई अनुचरी न थी, इस्लाम में अनुचरि के लिए कोई स्थान नही, यदि घर का काम काज के लिए कोई स्त्री रखी जाएगी तो वह कर्मचारी के पद से रहेगी उससे मैथुन का कोई प्रश्न नही, वह एक कर्मचारी है न कि अनुचरी, हर विषय पर कुरआन के प्रकाश में विचार करना चाहिए न कि किसी रवायत या इतिहास की पुस्तकों से, अतः बिना विवाह के किसी स्त्री को रखने की अनुमति नही दी जा सकती न ही किसी ने दी है,

मा मलाकत ऐमान के तीन कुरआनी अर्थ प्रस्तुत है, मा मलाकत ऐमान का अर्थ है वह वस्तु जिसके स्वामी हुए तुम्हारे दाहिने हाथ, अर्थात जो वस्तु तुम्हारी सुरक्षा में हो,

1, कुरआन के अवतरित होने से पहले जो क्रय किए हुए पुरुष स्त्री थे वह दास की स्थिति (पद) से रह रहे थे और उनमें जो स्त्री थी उनसे यौन सम्बन्ध स्थापित किथे समय के चलन के अनुसार कुरआन ने उनको तोड़ा नहीं क्योंकि अधिकांश उनमें सन्तान वाली थी, अपितु इस्लाम ने यह किया कि उनके विवाह उन्ही व्यक्तियों से करा दिए और उनको पत्नी के अधिकार प्रदान किये, 4:3में तात्कालिक स्थिति के लिए

جومرد یا عورتیں آپس میں یا پہلے سے رہنے والے سے نکاح کرنا چاہیں جیسا آیت (۴:۲۵) میں بتایا گیا ہے تو وہ اس مرد کے ساتھ نکاح کر سکتی ہے ایسے ہی ان کا آدمی بھی حاکم کی اجازت کے ساتھ اس حاکم کی جس کو حکومت نے اس محکمے کا حاکم مقرر کیا ہے۔ نکاح کر سکتا ہے ایسی صورت میں بھی صرف ایک نکاح کا جواز ہے اور (۴:۳) میں بھی صرف ایک نکاح کی اجازت ہے عام حالت میں۔ سورت نور آیت ۳۳ ر میں بھی ایسی عورت کو نکاح کرنے کی اجازت ہے۔ یعنی نکاح کے لائق جوان عورت اگر نکاح کرنا چاہے تو تم اسے مت روکو۔ کیا تم اپنے دینوی فائدے کے لئے ان کو اس جائز کام سے روکو گے تو تم خود گنہگار رہو گے۔

یہ ہے ماملکت ایمان کا قرآنی مفہوم یعنی جو تمہارے داہنے ہاتھ میں ہوں یعنی جو تمہارے زیر نگرانی تمہارے میثاق میں ہوں۔ وہ غلام اور کنیز بن کر نہیں رہیں گے۔ بلکہ آزاد ہوں گے صرف حکومت کی دیکھ بھال ہوگی تاکہ ان کو کوئی پریشان نہ کرے اور جب ان کا پورا امتحان ہو جائے گا اور وہ اپنے کو وفادار ثابت کر دیں گے تو پھر وہ تمہاری برابر کے شہری ہوں گے ان کے بھی وہی حق ہوں گے جو تمہارے ہیں۔ کوئی فرق نہ ہوگا فرق اگر ہوگا تو صرف عمل سے ہوگا۔

آیت (۴:۲۵، ۲۳:۵،۶،۷) اور (۷۰:۲۹،۳۰،۳۱) کے مطابق بلا نکاح کے کنیز سے مباشرت کرنا حرام ہے۔ جب کہ آیت میں کہا گیا ہے کہ نکاح کرو ان عورتوں سے جو تمہاری حفاظت میں ہوں اور قاعدے کے مطابق ان کے مہر ادا کرو مگر نفس پرستوں نے کنیز کا نام دے دیا ہے اور نکاح سے انکار کیا ہے اور ظلم یہ بھی کیا کہ محمدؐ کو بھی اس خلاف قرآن عمل میں شامل کر لیا یہ لکھ کر کہ آپ کے یہاں بھی کنیزیں تھیں جن کے ساتھ آپ بنا نکاح مباشرت کرتے تھے اور ان سے بچے پیدا ہونے کو بھی لکھ دیا۔

اگر بغیر نکاح کنیز سے مباشرت کی اجازت ہوتی تو (۴:۲۵) میں یہ قید نہ ہوتی کہ اگر تم کو خاندانی آزاد عورت نہ ملے تو ماملکت ایمان سے نکاح کرو ان کے مہروں کے ساتھ حاکم کی اجازت سے۔ کہا یہ جاتا کہ اگر خاندانی عورت نہ ملے تو ماملکت ایمان سے ہی اپنی خواہش پوری کر لو نکاح کی شرط نہ ہوتی جب کہ آیت میں نکاح کی شرط ہے اس لئے بغیر نکاح کے مباشرت حرام ہے اس غلط کام کو صحیح کرنے کے لئے محمدؐ کو بھی بدنام کیا ہے جب کہ محمدؐ کے یہاں بغیر نکاح کے کوئی کنیز نہ تھی اسلام میں کنیز کے لئے کوئی گنجائش نہیں اگر گھر کے کام کاج کے لئے کوئی عورت رکھی جائے گی تو وہ ملازمہ کی حیثیت سے رہے گی اس سے مباشرت کا کوئی سوال نہیں وہ ایک ملازمہ ہے نہ کہ کنیز۔ ہر مسئلہ پر قرآن کی روشنی میں غور کرنا چاہیے نہ کہ کسی روایت یا تاریخ کی کتابوں سے اس لئے بغیر نکاح کے کسی عورت کو رکھنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی نہ ہی کسی نے دی ہے۔

ماملکت کے تین مفہوم پیش ہیں۔ ماملکت ایمان کا معنی ہے وہ چیز جس کے مالک ہوئے تمہارے داہنے ہاتھ یعنی جو چیز تمہاری حفاظت میں ہو۔

(۱) زمانہ نزول قرآن سے پہلے جو خریدے ہوئے مرد عورت تھے وہ مملوک کی حیثیت سے رہ رہے تھے اور ان میں جو عورتیں تھیں ان سے جنسی تعلقات قائم کئے تھے رواج زمانہ کے مطابق۔ قرآن نے ان کو توڑا نہیں کیونکہ اکثر ان میں اولاد والی تھیں بلکہ اسلام نے یہ کیا کہ ان کے نکاح انہیں آدمیوں سے کرا دیے۔ اور ان کو بیوی کے حقوق عطا کئے۔ (۴:۳) میں ہنگامی حالات کے لئے چار نکاح

चार विवाह तक की अनुमति के साथ और फिर कहा यदि तुम को भय हो कि न्याय न हो सकेगा तो केवल एक अनुवांशिक स्त्री या एक मा मलाकत ऐमान से विवाह करो, इस्लाम ने क्रय करके दास बनाने का आदेश नहीं दिया अपितु स्वतंत्र करने का आदेश दिया है क्रय करके 5:89

2- दूसरे नम्बर पर मा मलाकत ऐमान से कुरआन में उन स्त्रियों से अभिप्राय है जो गैर मुस्लिम समाज से मुसलमान होकर और देश त्याग करके मुसलमानों के पास आ जाऐ इसको भलीभांति प्रकार समझने के लिए 4:23,24 पर विचार अनिवार्य है जिनमें स्त्रियों की सूची जिनसे विवाह नही हो सकता जिसमें विवाह वाली स्त्री भी है परन्तु विवाह वाली उन स्त्रियों से विवाह वैध है जो मा मलाकत ऐमानाकुम हों यह वह स्त्रियां है जो नास्तिक समाज में पति रखती हों किन्तु मुसलमान हो जाए और देश त्याग करके मुस्लिम समाज में आ जाऐ ऐसी स्त्रियों के लिए कुरआन की आयत 60:10 में आदेश है कि उनकी परीक्षा कर लिया करो कही ऐसा न हो कि वह जासूस हो जब उनकी परीक्षा हो जाए और ठीक सिद्ध हों तो उनसे विवाह कर सकते हो (4:24) नियमानुसार बिना विवाह के यौन सम्बन्ध मैथुन वैध नही है.

प्रचलित धर्म ज्ञान में मा मलाकत ऐमान से जो बिना निकाह यौन सम्बन्ध स्थापित करने की जो कल्पना बना ली है वह न केवल यह कि अनुचित है अपितु इससे इस्लाम, कुरआन और मुहम्मद स0 की महानता कलंकित होती है.

3- मा मलाकत ऐमान से कुरआन ने उन कर्मचारियों को कहा है जो पारिश्रमिक पर काम काज करते हैं 16:71, 30:28

मा मलाकत ऐमान के इन तीन अर्थों से यह कही सिद्ध नही होता कि मा मलाकत ऐमान से बिना विवाह के मैथुन हो सकता है कदापि नही, बिना विवाह मैथुन को वैध करने वालों को ईश्वर के सम्मुख जाने का भय होना चाहिए कि महाप्रलय में क्या उत्तर होगा क्या कुरआन ने इस कुकर्म की अनुमति दी है? नही दी.

(उपरोक्त वर्णित नियमों के स्पष्टीकरण के द्वारा) ईश्वर संकल्प करता है कि वह तुम पर उन आस्तिकों की रीति नीति स्पष्ट करे जो तुम से पहले हो चुके हैं और उन्ही आचार व्यवहार को बताए और इस प्रकार वह तुम पर कृपा करे और ईश्वर बहुत जानने वाला और युक्ति वाला है (26)

नोट- "सुनानुललजीना मिन कबलिकुम" के शब्दों में इस बात को स्पष्ट कर दिया है कि जो नियम तुम पर लागू किए गए है वह कोई नवीन नही है अपितु यह पहले उम्मतों पर भी लागू थे, अर्थात जो नियम व धर्म तुम को दिया गया है वह पहले समुदायों को भी दिया गया था 42:13, तब ही तो कहा गया है कि ईश्वर तुम को पहले लोगों की रीति नीति बताए जिनकी खोज में मुहम्मद स0 और दूसरे आस्तिक थे फिर ईश्वर ने उनको सत्य रीति नीति दे दी (93:7)

और ईश्वर चाहता है कि तुम पर कृपा करे और जो लोग अपनी इच्छाओं के पीछे चलते हैं वह चाहते हैं कि तुम सीधे मार्ग से भटक कर दूर जा पड़ो (27)

ईश्वर चाहता है कि तुम से (भार को) हलका करे और मनुष्य निर्बल उत्पन्न किया गया है (28)

नोट- भार हलका करने का अर्थ यह है कि इस्लाम से पहले इस मानव ने अपने ऊपर बहुत से प्रतिबन्ध लगा रखे थे और इसके बहुत पूज्य थे ईश्वर ने उन सबको समाप्त किया, इस कुरआन के द्वारा और इन्सान का भार जिसमें दबा जा रहा था हलका कर दिया.

تک کی اجازت کے ساتھ۔اور پھر کہا اگر تم کو خوف ہو کہ انصاف نہ ہو سکے گا تو صرف ایک خاندانی عورت یا ایک ماملکت ایمان سے نکاح کرو۔اسلام نے خرید کر کے غلام بنانے کا حکم نہیں دیا بلکہ آزاد کرنے کا حکم دیا ہے خرید کر (۸۹:۵)

(۲) دوسرے نمبر پر ماملکت ایمان سے قرآن نے وہ عورتیں مراد لی ہیں جو غیر مسلم معاشرہ سے مسلمان ہو کر اور ہجرت کر کے مسلمانوں کے پاس آجائیں۔اس کو اچھی طرح سمجھنے کے لئے (۲۳،۲۴:۴) پر غور ضروری ہے جن میں ان عورتوں کی فہرست ہے جس سے نکاح نہیں ہو سکتا۔جس میں نکاح والی عورت بھی ہے۔مگر نکاح والی ان عورتوں سے نکاح جائز ہے جو ماملکت ایمان کم ہوں یہ وہ عورتیں ہیں جو کافر معاشرہ میں شوہر رکھتی ہوں۔لیکن مسلمان ہو جائیں اور ہجرت کر کے مسلم معاشرے میں آجائیں۔ایسی عورتوں کے لئے قرآن کی آیت (۱۰:۶۰) میں حکم ہے کہ ان کا امتحان کر لیا کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ جاسوس ہوں جب ان کا امتحان ہو جائے اور ٹھیک ثابت ہوں تو ان سے نکاح کر سکتے ہو (۲۴:۴) قائدے کے مطابق بغیر نکاح کے مباشرت جائز نہیں ہے۔

رائج فقہوں میں ماملکت ایمان سے جو بلا نکاح جنسی تعلقات قائم کرنے کا تصور دیا گیا ہے وہ نہ صرف یہ کہ غلط ہے بلکہ اس سے اسلام اور قرآن اور محمدؐ کی عظمت داغ دار ہوتی ہے۔

(۳) ماملکت ایمان سے قرآن نے وہ ملازم مراد لئے ہیں جو اجرت پر کام کاج کرتے ہیں (۷۱:۱۶،۲۸:۳۰)

ماملکت ایمان کے ان تین مفہوم سے یہ کہیں ثابت نہیں ہوتا کہ ماملکت ایمان سے بلا نکاح کے مباشرت ہو سکتی ہے۔ہر گز نہیں بلا نکاح مباشرت کو جائز کرنے والوں کو اللہ کے حضور جانے کا خوف ہونا چاہیے کہ حشر میں کیا جواب ہوگا کیا قرآن نے اس فعل بد کی اجازت دی ہے؟ نہیں دی۔

(مذکورہ بالا قوانین کی وضاحت کے ذریعہ) اللہ ارادہ کرتا ہے کہ وہ تم پر ان مومنوں کے طریقے واضح کرے جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں اور انہیں طریقوں کو بتائے اور اس طرح وہ تم پر مہربانی کرے اور اللہ بہت جاننے والا اور حکمت والا ہے (۲۶)

نوٹ:۔[سنن الذین من قبلکم] کے الفاظ میں اس بات کی وضاحت کر دی گئی ہے کہ جو قانون تم پر لاگو کئے گئے ہیں وہ کوئی نئے نہیں ہیں۔بلکہ یہ پہلی امتوں پر بھی لاگو تھے یعنی جو شریعت اور دین تم کو دیا گیا ہے وہی پہلی امتوں کو بھی دیا گیا تھا (۱۳:۴۲) تب ہی تو کہا گیا ہے کہ اللہ تم کو پہلے لوگوں کے طریقے بتائے جن کی تلاش میں محمدؐ اور دوسرے مومن تھے پھر اللہ نے ان کو ہدایت دے دی (۷:۹۳)

اور اللہ چاہتا ہے کہ تم پر مہربانی کرے اور جو لوگ اپنی خواہشوں کے پیچھے چلتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم سیدھے راستے سے بھٹک کر دور جا پڑو (۲۷)

اللہ چاہتا ہے کہ تم سے (بوجھ کو) ہلکا کرے اور انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے (۲۸)

نوٹ:۔بوجھ ہلکا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اسلام سے پہلے اس انسان نے اپنے اوپر بہت سی پابندی لگا رکھی تھیں اور اس کے بہت معبود تھے اللہ نے ان سب کو ختم کیا۔اس قرآن کے ذریعہ اور انسان کا بوجھ جس میں دبا جا رہا تھا ہلکا کر دیا۔

वह एक सजदा जिसे तू गरां समझता है
हजार सजदों से देता है इन्सान को निजात (इक़बाल)

وہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدوں سے دیتا ہے انساں کو نجات ۔اقبال

आज मुसलमान ने उससे अधिक भार लाद लिया है,

آج مسلمان نے اس سے زیادہ بوجھ لاد لیا ہے

आस्तिको! एक दूसरे का धन अनुचित न खाओ हां यदि आपस की सहमति से व्यापार का लेन देन हो (और इससे माली लाभ हो जाए तो वह उचित है) और अपने आपको वध न करो, कुछ शंका नहीं कि ईश्वर तुम पर कृपालु है (29) {2:54, 7:150, 20:91}
और उसकी कृपा यह है कि तुम को सरल नियम दिए इसलिए उस पर व्यवहार करो यदि विमुखता करोगे तो उसकी कृपा से दूर हो जाओगे और जो कोई अत्याचार व अतिक्रमण से ऐसा करेगा (अर्थात दूसरों का माल अनुचित विधि से खाएगा) उसे हम समीप नर्क की अग्नि में डाल देंगे, ईश्वर के लिए यह कोई कठिन कार्य नहीं है (30)

مومنو! ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ ہاں اگر آپس کی رضا مندی سے تجارت کا لین دین ہو (اور اس سے مالی فائدہ ہو جائے تو وہ جائز ہے) اپنے آپ کو ہلاک نہ کرو کچھ شک نہیں کہ اللہ تم پر مہربان ہے (۲۹) [۲:۵۴، ۷:۱۵۰، ۲۰:۹۱] اور اس کی رحمت یہ ہے کہ تم کو آسان شریعت دی اس لئے اس پر عمل کرو اگر روگردانی کرو گے تو اس کی مہربانی سے دور ہو جاؤ گے۔
اور جو کوئی ظلم و زیادتی سے ایسا کرے گا (یعنی دوسروں کا مال ناجائز طریقے سے کھائے گا) اسے ہم عن قریب دوزخ کی آگ میں ڈال دیں گے اللہ کے لئے یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے (۳۰)

नोट- अवैध विधि से माल खाना वध करना है और आपस में दुश्मनी हो जाती है जिससे समाप्त न होने वाली लड़ाई आरम्भ हो जाती है जो एक अर्थ में नर्क की अग्नि ही है {4:10, 59:20}

نوٹ:۔ ناجائز طریقے سے مال کھانا قتل کرنا ہے اور آپس میں دشمنی ہو جاتی ہے جس سے ناختم ہونے والی لڑائی شروع ہو جاتی ہے جو ایک معنی میں دوزخ کی آگ ہی ہے (۴:۱۰، ۵۹:۲۰)

यदि तुम बड़े पापों से (अर्थात व्यापार लेन देन आदि के आवरण में एक दूसरे का आर्थिक वध अथवा दूसरे बड़े पापों से) रुक जाओ जिससे तुमको वर्जित किया गया है तो हम तुम सबकी दुर्दशा दूर कर देंगे (अर्थात इस विश्वास पात्रता और संवेदना के बरताओ से प्रयोजन की हर वस्तु भोजन, वस्त्र, रक्षा, इलाज आदि नियमानुसार प्राप्त होना आरम्भ हो जाएगी, और आपस में प्रेम उत्पन्न होगा जो तुम्हारी शक्ति को बढ़ा देगा जिससे शत्रु भयभीत होंगे) और हम तुम्हें सम्मान के स्थान में प्रविष्ट करेंगे (अर्थात दुनिया और प्रलोक में सम्मानित रहोगे, प्रलोक भी दुनिया से ही बनती है, उस समय जब दुनिया में ईश्वर के आदेश पर जीवन व्यतीत किया जाए तो ईश्वर अपने सदाचारी भक्तों की सहायता करता है और उनको सम्मान और शक्ति मिलती है (31) {5:65, 42:37, 53:32}

اگر تم بڑے گناہوں سے (یعنی تجارت لین دین وغیرہ کے پردے میں ایک دوسرے کا اقتصادی قتل نیز دوسرے کبائر سے) باز آجاؤ جن سے تم کو منع کیا گیا ہے تو ہم تم سب کی بدحالیاں دور کر دیں گے (یعنی اس ایمان داری اور ہمدردی کے برتاؤ سے ضرورت کی ہر چیز خوراک، لباس، حفاظت، علاج وغیرہ باقاعدہ آسانی سے میسر آنی شروع ہو جائے گی اور آپس میں محبت پیدا ہوگی جو تمہاری طاقت کو بڑھا دے گی جس سے دشمن خوف زدہ ہوں گے) اور ہم تمہیں عزت کے مقام میں داخل کریں گے (یعنی دنیا اور آخرت میں باعزت رہو گے آخرت بھی دنیا سے ہی بنتی ہے اس وقت جب دنیا میں اللہ کے حکم پر زندگی گزاری جائے تو اللہ اپنے نیک بندوں کی مدد کرتا ہے اور ان کو عزت اور طاقت ملتی ہے (۳۱) [۵:۶۵، ۴۲:۳۷، ۵۳:۳۲]

और उस वस्तु की इच्छा न करो जिसे देकर ईश्वर ने तुम में से कतिपय को कतिपय पर श्रेष्ठता प्रदान की है पुरुषों के लिए भाग है उसमें जिसे उन्होंने श्रम से कमाया हो और स्त्रियों के लिए अंश है उसमें जिसे उन्होंने श्रम से कमाया हो और ईश्वर से उसका कृपा दया मांगो, निःसन्देह ईश्वर हर एक वस्तु को उत्तम जानने वाला है (32)

اور اس چیز کی تمنا نہ کرو جسے دے کر اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر فوقیت عطا فرمائی ہے. مردوں کے لئے حصہ ہے اس میں جیسے انہوں نے محنت سے کمایا ہو، اور عورتوں کے لئے حصہ ہے اس میں جسے انہوں نے محنت سے کمایا ہو اور اللہ سے اس کا فضل مانگو. بے شک اللہ ہر ایک چیز کو خوب جاننے والا ہے (۳۲) [۲۰:۵۳]

और जो माल माता-पिता और नातेदार छोड़ मरे तो (तो अधिकारियों में बांट दो) हमने हर एक के अधिकारी निश्चित कर दिए है और जिन लोगों से तुम वचन कर चुके हो उनको भी उनका अंश दो, निःसन्देह ईश्वर हर वस्तु को देख रहा है (33) {2:180} वचन का अर्थ वसियत है

اور جو مال ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں تو (حق داروں میں تقسیم کر دو کہ) ہم نے ہر ایک کے حقدار مقرر کر دئے ہیں اور جن لوگوں سے تم عہد کر چکے ہو ان کو بھی ان کا حصہ دو بے شک اللہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے (۳۳) [۲:۱۸۰] عہد کا مطلب وصیت ہے

पुरुष स्त्री पर व्यवस्थापक अर्थात रक्षक सहारा देने

مرد عورت پر قوام ہیں یعنی محافظ سہارا دینے والے نگراں

ہیں اس بنا پر کہ اللہ نے بعض کو بعض سے افضل بنایا ہے اور اس لئے بھی کہ مرد اپنا مال خرچ کرتے ہیں تو جو نیک بیویاں ہیں وہ اطاعت شعار ہوتی ہیں اور مردوں کے پیچھے اللہ کی حفاظت و نگرانی میں ان کے حقوق کی حفاظت کرتی ہیں جن عورتوں سے تمہیں سرکشی کا اندیشہ ہو انہیں سمجھاؤ، خواب گاہوں میں ان سے الگ رہو۔ اگر اس پر بھی باز نہ آئیں تو زدوکب کرو۔ اور اگر فرمانبردار ہو جائیں تو پھر ان کو ایذا دینے کا کوئی بہانہ مت ڈھونڈو۔ بے شک اللہ سب سے اعلیٰ اور جلیل القدر ہے (۳۴) [۴:۱۵،۳۳،۱۲۸]

वाले नियंत्रक हैं, इस आधार पर कि ईश्वर ने कतिपय को कतिपय से श्रेष्ठ बनाया है, और इसलिए भी कि पुरुष अपना धन व्यय करते हैं तो जो शीलवान पत्नीयां हैं वह आज्ञाकारी होती हैं और पुरुषों के पीछे ईश्वर की रक्षा व देखभाल में उनके अधिकारों की रक्षा करती हैं और जिन स्त्रियों से तुम्हें अवज्ञा की शंका हो उन्हें समझाओ और उनके साथ सोना छोड़ दो और यदि इस पर भी न माने तो मारो और यदि आज्ञाकारी हो जाऐं तो फिर उनको पीड़ा देने का कोई बहाना मत खोजो निःसन्देह ईश्वर सबसे उच्चतर और महानुभाव है (34) {4:15,33,128}

اگر تم کو معلوم ہو کہ میاں بیوی میں ان بن ہے تو ایک منصف مرد کے خاندان میں سے اور ایک منصف عورت کے خاندان میں سے مقرر کرو۔ وہ اگر صلح کرا دینی چاہیں گے تو اللہ ان میں موافقت کر دے گا۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ سب کچھ جانتا ہے اور سب باتوں سے خبردار ہے (۳۵)

यदि तुम को ज्ञात हो कि पति पत्नी में अनबन है तो एक पंच पुरुष के परिवार से और एक न्याय-कर्ता स्त्री के परिवार से नियुक्त करो वह यदि समझौता करा देना चाहेंगे तो ईश्वर उनमें अनुकूलता उत्पन्न कर देगा, कुछ शंका नहीं ईश्वर सब कुछ जानता है और सब बातों से अवगत है (35)

نوٹ:۔ آج جو طلاق دی جارہی ہیں وہ قرآن کے خلاف دی جارہی ہیں اللہ نے طلاق کا طریقہ یہ بتایا ہے کہ اگر ان بن دیکھو تو منصف مقرر کرو اور وہ صلح کی کوشش کریں، اگر صلح ہو جاتی ہے تو ٹھیک ہے اگر نہیں ہوتی ہے تو ان منصفوں کے بیان کے مطابق طلاق کا کام شروع ہوگا اور پھر ایک قاضی ہوگا اور طلاق عدت کے لئے ہوگی جو تین ماہ ہے ان تین ماہ میں طلاق دینے والا رجوع کر سکتا ہے اور زندگی میں دوبارہ رجوع کر سکتا ہے اور اس وقت ہی منصف یہ طے کر دیں گے کہ یہ طلاق ہے یا خلع۔

नोट- आज जो तलाक दी जा रही है वह कुरआन के विरुद्ध दी जा रही है, ईश्वर ने तलाक की विधि यह बताई है कि यदि अनबन देखो तो पंच नियुक्त करो और वह समझौता का प्रयत्न करें, यदि समझौता हो जाता है तो ठीक है यदि नहीं होता तो उन व्यक्तियों के कथन के अनुसार तलाक का कार्य आरम्भ होगा और फिर एक न्यायाधीश भी होगा और तलाक इद्दत के लिए होगी जो तीन माह है इस तीन माह में तलाक देने वाला प्रत्यागमन (रुजू) कर सकता है और जीवन में दो बार प्रत्यागमन कर सकता है और उस समय ही न्यायाधीश यह निर्णय कर देंगे कि यह तलाक है या खुला,

اور اللہ کی فرمانبرداری کرو۔ اور اس کے ساتھ کسی بھی چیز (زندہ یا مردہ انسان کو جن کو قانون بنانے والا نہ مانا جائے کسی جانور کسی قبر یا کسی بت یا استھان) کو شریک نہ ٹھہرانا (۶:۴۲) اور نیک سلوک کرنا اپنے ماں باپ کے ساتھ اور اپنے قرابتداروں کے ساتھ اور بے سہارا لوگوں کے ساتھ اور ان کے ساتھ جن کا کاروبار (کسی بھی وجہ سے) ساکن ہو جائے اور ہم سایہ قرابتدار کے ساتھ ہم سایہ اجنبی کے ساتھ۔ اور دور کے ہمسایہ کے ساتھ اور مسافر کے ساتھ اور اپنے ملازمین کے یا جو تمہارے حفاظت میں ہوں کے ساتھ حسن سلوک کرنا بے شک اللہ اترانے والے اور فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا (۳۶) [۴۲:۲۱، ۹:۳۱، ۶:۱۵۹، ۳۰:۳۱،۳۲]

और ईश्वर की आज्ञा पालन करो और उसके साथ किसी भी वस्तु जीवित या मृतक व्यक्ति को जिन्न को नियम बनाने वाला न माना जाए किसी जानवर किसी समाधी या किसी मूर्ति या (स्थान) को साझी न बनाना 42:6, और अच्छा व्यवहार करना अपने माता-पिता के साथ और अपने सगोत्री के साथ और बेसहारा लोगों के साथ और उनके साथ जिनका कारोबार (किसी भी कारण से) रुक जाए और प्रतिवासी सगोत्री के साथ प्रतिवासी अपरिचित के साथ और दूर के प्रतिवासी के साथ और यात्री के साथ और कर्मचारियों के साथ या जो तुम्हारी सुरक्षा में हो के साथ उत्तम व्यवहार करना, निःसन्देह ईश्वर इतराने वाले और घमण्ड करने वाले को पसन्द नहीं करता (36) {42:21, 9:31, 6:159, 30:31,32}

جو خود بھی بخل کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی بخل کرنے کا مشورہ دیتے ہیں اور اللہ نے جو دولت انہیں اپنے فضل سے دے رکھی ہے اسے چھپا کر رکھتے ہیں (تا کہ کسی کو دینا نہ پڑے) ایسے نافرمان لوگوں کے لئے ہم نے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے (۳۷)

जो स्वयं भी कृपणता करते हैं और दूसरों को भी कृपणता करने का परामर्श देते हैं और ईश्वर ने जो धन उन्हें अपनी कृपा दया से दे रखा है उसे छुपा के रखते हैं (ताकि किसी को देना न पड़े) ऐसे कृतघ्न अवज्ञाकार लोगों के लिए हम ने अपमान का दण्ड तैयार कर रखा है (37)

(اور ان لوگوں کے لئے بھی) جو لوگوں کو دکھانے کے لئے اپنا مال خرچ کرتے ہیں وہ نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور نہ روز آخرت پر (وہ لوگ شیطان کے ساتھی ہیں) اور جس کا ساتھی شیطان ہوا تو اسے بہت ہی برا ساتھی ملا (۳۸) [۷:۸،۹،۱۶]

(और उन लोगों के लिए भी) जो लोगों को दिखाने के लिए अपना माल व्यय करते हैं वह न ईश्वर पर विश्वास रखते हैं और न महा प्रलय पर (वह लोग शैतान के साथी हैं) और जिसका साथी शैतान हुआ तो उसे बहुत ही बुरा साथी मिला (38) {7:8,9,16}

और यदि वह लोग ईश्वर पर और महा प्रलय पर विश्वास लाते और जो कुछ ईश्वर ने उनको दिया है उसमें से व्यय करते हैं तो उनकी क्या हानि होती और ईश्वर उनको अधिक जानता है (39)

ईश्वर कण बराबर भी अत्याचार नहीं करता यदि किसी ने एक सत्कर्म किया है वह उसे अधिक करता है और अपनी ओर से उसको बहुत बड़ा प्रतिदान देगा (40) {10:24, 6:160}

फिर (प्रलय के दिन) जब हम हर उम्मत में से (उस काल का) साक्षी लाएंगे, और (ऐ ईशदूत) आपको हम उन (आपके काल के लोगों) पर साक्षी लाएंगे (कि ईश्वर का प्रेषित किया हुआ नियम सब लोगों तक पहुंच चुका था) (41) {5:67}

उस (प्रलय के) दिन वह लोग जिन्होंने नकार किया, अर्थात उस नियम की अवज्ञा की, जो ईश्वर ने अपने ईशदूत के द्वारा अवतरित किया है, वह कामना करेंगे कि काश उन पर पृथ्वी बराबर हो जाएं क्योंकि वह उस दिन ईश्वर से कोई भी वस्तु छुपा न सकेंगे (सब कुछ खुलकर स्पष्ट हो जाएगा) (42)

नोटः- ईशदूत वही (ईश्वरीय वाणी) का अनुकरण करते हैं 6:50, 10:15, 46:9, अतः ईशदूत का अनुकरण कुरआन का अनुकरण है 36:65 सब बातें स्पष्ट हो जाएंगी.

ऐ लोगो! जो आस्था लाए हो जब तुम (सुकारा) उन्मत्त हो तो नमाज़ के निकट न जाओ (इसलिए तुम हर बड़ाई घमण्ड और वांशिक भेद को छोड़कर) नमाज़ में सम्मिलित हो जाओ ऐसी स्थिति में जो तुम नमाज़ में पढ़ रहे हो वह तुम्हारी बुद्धि में आ रहा है और उसके अनुसार नमाज़ से बाहर आकर व्यवहार करोगे (जिससे तुम पर दया की जाएगी) और इसी प्रकार जनाबत की स्थिति में भी यहां तक कि स्नान कर लो, जब स्नान कर लो तब नमाज़ पढ़ो, किन्तु यदि तुम किसी बिना रुके तीव्र यात्रा पर हो (अभियान) और किसी कारणवश स्नान अनिवार्य हो जाए और स्नान करने और तयम्मुम करने का अवसर न हो तो नमाज़ समय पर पढ़ो क्योंकि नमाज़ अपने निश्चित समय के साथ अनिवार्य है 4:103 और कभी ऐसा हो कि तुम रोगी हो या यात्रा में हो या तुम से किसी को स्वपन दोष हो गया हो अर्थात स्राव आ गया हो या तुम ने स्त्रीयों से मैथुन किया हो फिर पानी न मिले तो पवित्र मिट्टी से काम लो और उससे अपने मुखू को और होथों पर मल लो निःसंदेह ईश्वर नम्रता से काम लेने वाला और क्षमा करने वाला है, (43) {5:6, 22:2, 15:72}

नोट- आयत 43 का भाव लिखने में प्रचलित अनुवादों से कुछ हट कर मार्ग अपनाया गया है? आयत में अंकित चन्द शब्द हैं उन पर कुछ लिखा जा रहा है हो सकता है इससे आयत का भाव स्पष्ट हो जाए

(1) सुकारा ईश्वर कहता है कि उन्माद की स्थिति में नमाज़ के निकट न जाओ? अतः जो कुछ तुम मुख से पढ़ रहे हो उसे जान लो उन्माद सुरा आदि का भी होता है परन्तु सुरा इस्लाम में वर्जित है और यह आदेश नमाज़ का प्रलय तक रहेगा अतः सुरा का प्रश्न ही उत्पन्न नही होता अब देखना यह है कि सुकारा से तात्पर्य क्या है, नींद का अधिपत्य भी सुकारा है धन का उन्माद भी होता है ज्वानी व सुन्दरता का भी उन्माद होता है गोत्र वंश का भी उन्माद होता है शासन की

اور اگر وہ لوگ اللہ پر اور روز آخرت پر ایمان لاتے اور جو کچھ اللہ نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے تو ان کا کیا نقصان ہوتا اور اللہ ان کو خوب جانتا ہے (۳۹)

اللہ ذرہ بھر بھی ظلم نہیں کرتا اگر کسی نے ایک نیکی کی ہے تو وہ اسے زیادہ کرتا ہے اور اپنی طرف سے اس کو بہت بڑا اجر دے گا (۴۰) [۱۰:۲۴، ۶:۱۶۰]

پھر (قیامت کے دن) جب ہم ہر امت میں سے (اس زمانہ کا) گواہ لائیں گے، اور (اے رسولؐ) آپ کو ہم ان (آپ کے زمانے کے لوگوں) پر گواہ لائیں گے (کہ اللہ کا نازل کیا ہوا ضابطہ حیات سب لوگوں تک پہنچ چکا تھا) (۴۱) [۵:۶۷]

اس (قیامت کے) دن وہ لوگ جنہوں نے انکار کیا، یعنی اس ضابطے کی نافرمانی کی، جو اللہ نے اپنے رسول کے ذریعہ نازل فرمایا ہے وہ آرزو کریں گے کہ کاش ان پر زمین برابر ہو جائے کیونکہ وہ اس دن اللہ سے کوئی بھی چیز چھپا نہ سکیں گے (سب کچھ کھل کر عیاں ہو جائے گا) (۴۲)

نوٹ:۔ رسول وحی کی اتباع کرتے ہیں (۶:۵۰، ۱۰:۱۵، ۴۶:۹) اس لئے رسول کی اتباع قرآن کی اتباع ہے ۳۶:۶۵ سب باتیں ظاہر ہو جائیں گی۔

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو جب تم سکرای مدہوش ہو تو صلوٰۃ کے قریب نہ جاؤ (اس لئے تم ہر فخر و غرور نسلی برتری کو چھوڑ کر) صلوٰۃ میں شامل ہو جاؤ ایسی حالت میں جو تم صلوٰۃ میں پڑھ رہے ہو وہ تمہارے ذہن میں آ رہا ہے اور اس کے مطابق نماز سے باہر آ کر عمل کرو گے (جس سے تم پر رحم کیا جائے گا) اور اسی طرح جنابت کی حالت میں بھی یہاں تک کہ غسل کر لو (جب غسل کر لو تب نماز پڑھو لیکن اگر تم کسی بغیر رکے تیز سفر پر ہو اور کسی وجہ سے غسل واجب ہو جائے اور غسل کرنے اور تیمم کرنے کا موقع نہ ہو تو نماز وقت پڑھو۔ کیونکہ نماز اپنے مقرر وقت کے ساتھ فرض ہے (۴:۱۰۳) اور کبھی ایسا ہو کہ تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کسی کو احتلام ہو گیا ہو یعنی رساؤ آ گیا ہو یا تم نے عورتوں سے مباشرت کی ہو پھر پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے کام لو اور اس سے اپنے چہروں اور ہاتھوں پر مسح کر لو بے شک اللہ نرمی سے کام لینے والا اور بخشش کرنے والا ہے (۴۳) [۵:۶، ۲۲:۲، ۱۵:۷۲]

نوٹ:۔ آیت ۴۳ کا مفہوم لکھنے میں رائج ترجموں سے کچھ ہٹ کر طریقہ اختیار کیا گیا ہے؟ آیت میں درج چند لفظ ہیں ان پر کچھ لکھا جا رہا ہے ہو سکتا ہے اس سے آیت کا مفہوم صاف ہو جائے

(۱) سکرای۔ اللہ فرماتا ہے کہ نشے سکرای کی حالت میں نماز کے قریب نہ جاؤ؟ اس لئے کہ جو کچھ تم زبان سے پڑھ رہے ہو اسے جان لو نشہ شراب وغیرہ کا بھی ہوتا ہے مگر شراب اسلام میں حرام ہے اور یہ حکم نماز کا قیامت تک رہے گا۔ اس لئے شراب کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ سکرای سے مراد کیا ہے۔ نیند کا غلبہ بھی سکرای ہے۔ دولت کا نشہ بھی ہوتا ہے جوانی و خوبصورتی کا بھی نشہ ہوتا

शक्ति का भी उन्माद होता है कोई कठोर तम शारिरिक कष्ट कोई मानसिक कलेश और किसी तीव्र भावना के कारण भी उन्माद होता है अतः ईश्वर का आदेश है कि तुम नमाज़ के लिए इन सब उन्मादों से दूर होकर आओ इस का अर्थ यह हुआ कि जब व्यक्ति के मन में ऐसी कोई बात न होगी तो वह विनीत बन कर नमाज़ में खड़ा होगा, उस पर नमाज़ से बाहर आकर व्यवहार करेगा तो ईश्वर उस पर दया करेगा, और यदि उस नमाज़ी ने बाहर आकर आयत के अनुसार कर्म न किया तो वह उन्माद में था,

सुकारा का यह अर्थ निकालना अनुचित है जब उन्माद दूर हो जाएगा तब नमाज़ के निकट आओ यदि यही अर्थ हो तो बहुत से व्यक्ति हर समय ही उन्माद की स्थिति में रहे ओर औचित्य प्रस्तुत करें कि हम ईश्वर के आदेश के अनुसार नमाज़ नही पढ़ रहे, परन्तु यह बात कदापि नही है अपितु हर प्रकार के मानसिक विकार को छोड़ देने की बात है, ईश्वर बता रहा है कि जिस व्यवस्था में तुम सम्मिलित हो उसमें गर्व व अभिमान से कार्य नही चलेगा, अपितु मेरी आज्ञाकारी से काम चलेगा, और वह है कुरआन पर कर्म करना जो इसमें अंकित है उसको जानो और नमाज़ में कुरआन ही पढ़ा जाता है एक आयत है जिसमें प्रलय का उल्लेख है उसमें आदमियों को ऐसे बताया है जैसे सुकारा,

(22:2) जिस दिन तुम उसे देखोगे स्थिति यह होगी कि हर दूध पिलाने वाली अपने दूध पीते बच्चे से अचेत हो जाएगी, हर गर्भवती का गर्भ गिर जाएगा और लोग तुम को सुकारा चकित दिखाई देंगे, यद्यपि वह उन्माद में न होंगे अपितु ईश्व की यातना ही कुछ ऐसी कठोर होगी,

(15:72) तेरी सौगंध ऐ नबी! उस समय उन पर एक उन्माद सा (सुकारा) चढ़ा हुआ था जिसमें वह आपे से बाहर हुए जाते थे,

इन दो आयतों में सुकारा का शब्द है यहां पर इनका अर्थ पढ़ने के बाद बुद्धि में आ जाना चाहिए सुकारा का अर्थ क्या है वह उन्माद नही जो शराब का होता है, अपितु उन्मत्त होना है किसी दूसरे उन्माद के कारण से, जैसे जब कोई आदमी अपनी शक्ति के कारण किसी को कुछ नही समझता और मनमानी करता है उस पर किसी शिक्षा का प्रभाव नही होता तो उसको कहा जाता है कि यह अपनी शक्ति के उन्माद में उन्मत्त है आकाश को थूक रहा है यद्यपि वह सुरा के उन्माद में नही होता,

(2) आबिरीः- शब्द आबिरी से अर्थ सब अनुवादों में सामान्य यात्रा ली है या मस्जिद से गमन, जबकि सामान्य यात्रा के लिए आयत में कुछ शब्दों के बाद ही (अलासफरिन) आया है अतः आबिरी से तात्पर्य सामान्य यात्रा नही है, अपितु बिना रुके वह तीव्र यात्रा है जिसमें और लोग भी सम्मिलित हों और केवल स्टेण्ड पर ही रुके जैसे आजकल वायु यान या शत्रु का भय हो तो ऐसी स्थिति में भी तीव्रता के साथ घोड़े या किसी दूसरी सवारी को दौड़ाना पड़ता है, कभी पैदल भी यह स्थिति आ सकती है और आज कल मोटर गाड़ियां है उनमें भी यात्रा होती है, यदि तयम्मुम या स्नान के लिए आदमी रुकता है तो उसे शत्रु पकड़ लेगा, पस ऐसी स्थिति में जो तीव्र यात्रा है उसके लिए शब्द आबिरी आया है न कि सामान्य यात्रा के लिए

(3) अलगाइतः- इस शब्द का अनुवाद लगभग हर आलिम ने मल-मूत्र से निवृत्त किया है, यदि यह मान लिया जाए जैसा कि माना जाता है तो विवशता के अतिरिक्त आदमी जब भी मल-मूत्र त्यागने को जाएगा

ہے حسب ونسبت کا بھی نشہ ہوتا ہے حکومت کی طاقت کا بھی نشہ ہوتا ہے. کوئی شدید جسمانی تکلیف کوئی ذہنی کوفت اور کسی شدید جذبہ کی وجہ سے بھی نشہ ہوتا ہے اس لئے اللہ فرماتا ہے کہ تم نماز کے لئے ان سب نشوں سے دور ہو کر آؤ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جب آدمی کے دماغ میں ایسی کوئی بات نہ ہوگی تو وہ عاجز بن کر نماز میں کھڑا ہوگا اور جو نماز میں پڑھا جا رہا ہوگا. اس پر نماز سے باہر آ کر عمل کرے گا تو اللہ اس پر رحم کرے گا. اور اگر اس نمازی نے باہر آ کر آیت کے مطابق عمل نہ کیا تو وہ نشے میں تھا.

और जिनके भार हलके होंगे तो वही लोग हैं जिन्होनें अपने लिए हानि में डाला, इस लिए कि हमारी आयतो के बारे में अन्याय करते थे. (9)
और हम ही ने पृथ्वी में तुम्हारा ठिकाना बनाया और उसमें तुम्हारे लिए जीविका उत्पन्न की (परन्तु)

اس روز (اعمال کا) تلنا حق ہے تو جن لوگوں کے وزن بھاری ہوں گے وہ تو نجات پانے والے ہیں (۸)
اور جن کے وزن ہلکے ہوں گے تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے تئیں خسارے میں ڈالا اس لئے کہ ہماری آیتوں کے بارے میں بے انصافی کرتے تھے (۹)
اور ہم ہی نے زمین میں تمہارا ٹھکانہ بنایا اور اس میں تمہارے لئے سامان معیشت پیدا کئے (مگر تم کم ہی

तुम कम ही आज्ञाकारी करते हो. (10)

فرمانبرداری کرتے ہو(۱۰)

हमने तुम्हारी रचना का आरम्भ किया (अर्थात तुमको उत्पन्न किया मिट्टी से) फिर फरिश्तो से (अर्थात संसार की हर वस्तु से) कहा कि आदम को सज्दा करो (अर्थात वैगारी हो जाओ) इस आदेश पर सबने सज्दा किया परन्तु इबलीस ने नही किया.(11) {22:11}

ہم نے تمہاری تخلیق کی ابتدا کی (یعنی تم کو پیدا کیا مٹی سے) پھر تمہاری صورت بنائی پھر فرشتوں سے (یعنی کائنات کی ہر چیز سے) کہا کہ آدم کو سجدہ کرو (یعنی مسخر ہو جاؤ) اس حکم پر سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے نہیں کیا(۱۱) [۲۲:۱۱]

नोट :- इसके विषय में सूरत बक़रा में लिखा जा चुका है, परन्तु संक्षेप में यहां लिखा जा रहा है कि रूप बनाने का अर्थ है प्रगतिशील विशेषता का वाहक आस्तित्व बनाया मानव की रचना के तुरन्त बाद ही मनुष्य को अपनी आवश्यकता की वस्तुओं की खोज आरम्भ हो गई ईश्वर की दी हुई स्वभाव से मानव ने दूसरी रचना से कार्य लेना आरम्भ कर दिया और उन्नति करता रहा, कर रहा है और करता रहेगा, जबकि यह विशेषता और किसी रचना में नही है, जब आदम ने विराम के बाद (सुम्मा) उन वस्तुओं के नाम रख लिए जो उसके प्रयोग में आ रही थी तब ईश्वर ने आदम को फरिश्तों के सामने उत्तराधिकार के तौर पर आबाद रहने वाली रचना बनाकर प्रस्तुत किया, शब्द सुम्मा इस बात को प्रमाणित कर रहा है कि कुछ समय में मानव को यह ज्ञान आ गया तब प्रस्तुत किया सृजन के तुरन्त बाद ही नही.

نوٹ:۔اس کے بارے میں سورہ بقرہ میں لکھا جا چکا ہے مگر مختصراً یہ لکھا جا رہا ہے کہ صورت بنانے کا مطلب ہے ترقی پذیر خصوصیت کا حامل وجود بنایا. انسان کی پیدائش کے فوراً بعد ہی انسان کو اپنی ضرورت کی چیزوں کی تلاش شروع ہو گئی اللہ کی دی ہوئی جبلت سے انسان نے دوسری مخلوق سے کام لینا شروع کر دیا. اور ترقی کرتا رہا کر رہا ہے اور کرتا رہے گا. جب کہ یہ خصوصیت اور کسی مخلوق میں نہیں ہیں جب انسان نے وقفہ کے بعد (ثم) ان چیزوں کے نام رکھ لئے جو اس کے تصرف میں آ رہی تھیں تب اللہ نے انسان کو فرشتوں کے سامنے جانشینی کے طور پر آباد رہنے والی مخلوق بنا کر پیش کیا لفظ ثم اس بات پر دلالت کر رہا ہے کہ کچھ عرصے میں انسان کو یہ علم آ گیا تب پیش کیا تخلیق کے فوراً بعد ہی نہیں.

ईश्वर ने कहा जब स्वयं मैंने तुझे झुकने का आदेश दिया तो किस वस्तु ने तुझे झुकने से रोक दिया? इबलीस ने उत्तर दिया मैं आदम से उत्तम हूं तूने मुझे आग से उत्पन्न किया है और इसे मिट्टी से (12)

कहा तू स्थानान्तरित हो जा तुझे अधिकार नही कि यहां घमण्ड करे, पस निकल जा तू हीन है (13)

इबलीस ने कहा मुझे मेरे कार्य को उस दिन तक छूट दे जिस दिन लोग उठाए जाऐंगे (14)

اللہ نے کہا جب خود میں نے تجھے جھکنے کا حکم دیا تو کس چیز نے تجھے جھکنے سے روک دیا؟ ابلیس نے جواب دیا میں آدم سے بہتر ہوں تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا اور اسے مٹی سے (۱۲)

فرمایا تو منتقل ہو جا تجھے حق نہیں کہ یہاں غرور کرے پس نکل جا تو ذلیل ہے (۱۳)

ابلیس نے کہا مجھے (میری تحریک کو) اس دن تک مہلت عطا کر جس دن لوگ اٹھائے جائیں گے (۱۴)

ईश्वर ने कहा तेरे काम को तो छूट है (किन्तु तुझे ज्ञात नही था अब ज्ञात हो गया कि मेरे नियम में पहले से ही तेरे कार्य की आयु महाप्रलय तक है इसलिए कि मेरा नियम बदला नही करता (15)

اللہ نے کہا تیرے کام کو تو مہلت ہی ہے (لیکن تجھے معلوم نہیں تھا اب علم ہو گیا کہ میرے قانون میں پہلے سے ہی تیرے کام کی عمر قیامت تک ہے اس لئے کہ میرا قانون بدلا نہیں کرتا (۱۵)

फिर इबलीस ने कहा कि जब मैं तेरे नियमानुसार तिरस्कृत हो गया हूं तो मैं भी तेरे सीधे मार्ग पर उनको पथ भ्रष्ट करने के लिए बैठूंगा (16)

پھر ابلیس نے کہا کہ جب میں تیرے قانون کے مطابق ملعون ہو گیا ہوں تو میں بھی تیرے سیدھے رستے پر ان کو گمراہ کرنے کے لئے بیٹھوں گا (۱۶)

फिर उनके आगे से (अर्थात दोनों हाथों के बीच से) और पीछे से और दाएं से और बाएं से आऊंगा और तू उनमें से अधिकांश को आज्ञाकारी नही पाएगा (17)

ईश्वर ने कहा निकल जा यहां से तुच्छ पतित जो लोग उनमें से तेरा अनुकरण करेंगे मैं (उनसे और तुझ से) तुम सब से नर्क को भर दूंगा (18)

پھر ان کے آگے سے (یعنی دونوں ہاتھوں کے درمیان سے) اور پیچھے سے اور دائیں سے اور بائیں سے آؤں گا اور تو ان میں سے اکثر کو فرمانبردار نہیں پائے گا (۱۷)

اللہ نے فرمایا نکل جا یہاں سے ذلیل مردود جو لوگ ان میں سے تیری پیروی کریں گے میں (ان سے اور تجھ سے) تم سب سے جہنم کو بھر دونگا (۱۸)

और (फिर) आदम से कहा कि तुम और तुम्हारी पत्नी स्वर्ग में रहो सहो और जहां से चाहो खाओ पियो प्रयोग करो परन्तु इस शजर (अवज्ञा झगड़े के) पास न जाना अन्यथा पापी हो जाओगे (19) {2:35}

اور (پھر) آدم سے کہا کہ تم اور تمہاری بیوی جنت میں رہو سہو اور جہاں سے چاہو کھاؤ پیؤ استعمال کرو مگر اس شجر (نافرمانی جھگڑے) کے پاس نہ جانا ورنہ گنہگار ہو جاؤ گے (۱۹) [۲:۳۵]

नोट- आयत 7:19 और 2:35 में है कि आदम व हव्वा को स्वर्ग में साथ प्रविष्ट किया किन्तु तफ्सीरों और हदीसों व कथनों में लिखा है कि आदम स्वर्ग में अकेले प्रविष्ट किये वह वहां उदास रहते थे

نوٹ:۔آیت (۷:۱۹) اور (۲:۳۵) میں ہے کہ آدم وحوا کو جنت میں ساتھ داخل کیا لیکن تفاسیر اور احادیث وقصص میں لکھا ہے کہ آدم جنت میں اکیلے داخل کئے

तो एक दिन ईश्वर ने जब आदम सो रहे थे तो उनकी बाईं पसली निकाली और उससे उनका जोड़ा बनाया और उनके पास छोड़ दिया उसको देखकर आदम प्रसन्न हो गए परन्तु यह विचार गलत है उचित यह है कि ईश्वर ने आदम व हव्वा को एक साथ एक ही जाती अर्थात मिट्टी से बनाया और साथ ही उनको स्वर्ग में प्रविष्ट किया इसके अतिरिक्त और सब विचार मिथ्या हैं.

तो शैतान दोनों को बहकाने लगा ताकि उनकी छुपी वस्तुएं जो उनसे छुपी थीं खोल दे अतः उसने कहा तुम्हारे ईश्वर ने तुम्हें इस शजर से केवल इसलिए रोका है कि कहीं तुम फ़रिश्ते न बन जाओ या तुम्हें स्थायी जीवन न मिल जाए (20)

और उन दोनों से शपथ खा कर कहा कि मैं तो तुम्हारा शुभ चिन्तक हूं (21)

इस प्रकार धोका देकर वह उन दोनों को धीरे-धीरे अपने छल पर ले आया अतः जब उन्होंने इस शजर का स्वाद चखा तो उनके सतर एक दूसरे के सामने खुल गए (अर्थात उनको अनुभव होने लगा) और वह अपने शरीरों को उपवन के पत्तों से ढांकने लगे तब उनके रब ने उनको पुकारा कि क्या मैंने तुमको इस शजर के पास जाने से रोका नहीं था और बता नहीं दिया था कि शैतान तुम्हारा खुला शत्रु है. (22)

नोट- हमारे यहां एक आस्था यह भी है कि शतान ने पहले हव्वा को बहकाया और हव्वा ने आदम को यह भी मिथ्या है आयत में स्पष्ट है कि दोनों को बहकाया मैं भावार्थ में शजर को शजर ही लिख रहा हूं इसलिए कि आदम की घटना में शजर से अर्थ वृक्ष नहीं है अपितु और है इसका अर्थ देखने के लिए आयत {4:65, 17:60} देखो उनमें शजर का अर्थ विवाद झगड़ा, विरोध है जो मैंने सूरत बकरा में आदम की घटना में लिखा है.

दोनों निवेदन करने लगे कि ईश्वर हमने अपनी जानों पर अत्याचार किया है और अगर तूने हमें क्षमा नहीं किया होता और हम पर दया न की होती तो हम नष्ट हो जाते अब भी हमारी मोक्ष और हम पर दया कर. (23)

कहा स्थानान्तरित हो जाओ तुम एक दूसरे के शत्रु होंगे और तुम्हारे लिए एक विशेष समय तक पृथ्वी में ही निवास का स्थान है और जीविका है. (24) {2:241, 12:17, 16:80}

और कहा वहीं तुमको जीना और वहीं मरना है और उसी में से निकाला जाएगा. (25)

ऐ मानव की सन्तान हमने तुम्हारे लिए वस्त्र प्रस्तुत कर दिया है जो तुम्हारे सतर को छुपाता है और शोभा और सज्जा का साधन (और दूसरा वस्त्र) सदाचारिता का वस्त्र है (जो बुराईयों से बचाता है) और यही वस्त्र सबसे उत्तम है (इसलिए इस वस्त्र को न उतरने देना शैतान इस वस्त्र को ही उतरवाना चाहता है) यह ईश्वर के चिन्हों में है ताकि लोग शिक्षा प्राप्त करें. (26)

وہ وہاں اداس رہتے تھے تو ایک دن اللہ نے جب آدم سو رہے تھے تو ان کی بائیں پسلی نکالی اور اس سے ان کا جوڑا بنایا اور ان کے پاس چھوڑ دیا اس کو دیکھ کر آدم خوش ہو گئے. مگر یہ خیال غلط ہے. درست یہ ہے کہ اللہ نے آدم وحوا کو ایک ساتھ ایک ہی جنس یعنی مٹی سے بنایا اور ساتھ ہی ان کو جنت میں داخل کیا اس کے علاوہ اور سب عقیدے غلط ہیں.

تو شیطان دونوں کو بہکانے لگا تاکہ ان کی ستر کی چیزیں جو ان سے پوشیدہ تھیں کھول دے چنانچہ اس نے کہا تمہارے رب نے تمہیں اس شجر سے صرف اس لئے روکا ہے کہ کہیں تم فرشتے نہ بن جاؤ یا تمہیں دائمی زندگی نہ مل جائے (۲۰)

اور ان دونوں سے قسم کھا کر کہا کہ میں تو تمہارا خیر خواہ ہوں (۲۱)

اس طرح دھوکا دے کر وہ ان دونوں کو رفتہ رفتہ اپنے فریب پر لے آیا. پس جب انہوں نے اس شجر کا مزا چکھا تو ان کے ستر ایک دوسرے کے سامنے کھل گئے (یعنی ان کو احساس ہونے لگا) اور وہ اپنے جسموں کو جنت کے پتوں سے ڈھانکنے لگے تب ان کے رب نے ان کو پکارا کہ کیا میں نے تم کو اس شجر (کے پاس جانے) سے منع نہیں کیا تھا اور بتا نہیں دیا تھا کہ شیطان تمہارا دشمن ہے کھلا (۲۲)

نوٹ: ۔ ہمارے یہاں ایک عقیدہ یہ بھی ہے کہ شیطان نے پہلے حوا کو بہکایا اور حوا نے آدم کو. یہ بھی غلط ہے آیت میں صاف ہے کہ دونوں کو بہکایا. میں مفہوم میں شجر کو شجر ہی لکھ رہا ہوں. اس لئے کہ آدم کے واقعہ میں شجر سے مراد درخت نہیں ہے بلکہ اور ہے اس کا مطلب دیکھنے کے لئے آیت (۴:۶۵؛ ۱۷:۶۰) دیکھو. اُن میں شجر کا مطلب تنازعہ جھگڑا اختلاف ہے جو میں نے سورت بقرہ میں آدم کے واقعہ میں لکھا ہے.

دونوں عرض کرنے لگے کہ رب ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے اور اگر تو نے ہمیں بخشا نہیں ہوتا اور ہم پر رحم نہیں کیا ہوتا تو ہم تباہ ہو جاتے اب بھی ہماری مغفرت اور ہم پر رحم کر (۲۳)

فرمایا منتقل ہو جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو گے اور تمہارے لئے ایک خاص مدت تک زمین میں ہی جائے قرار ہے اور سامان زیست ہے (۲۴) [۲:۲۴۱:۱۲:۱۷:۱۶:۸۰]

اور فرمایا وہیں تم کو جینا اور وہیں مرنا ہے اور اسی میں سے تم کو نکالا جائے گا (۲۵)

اے بنی آدم ہم نے تمہارے لئے لباس مہیا کر دیا ہے جو تمہاری ستر پوشی کرتا ہے اور زیب وزینت کا ذریعہ (اور دوسرا لباس) پرہیز گاری کا لباس ہے (جو برائیوں سے بچاتا ہے) اور یہی لباس سب سے بہتر ہے (اس لئے اس لباس کو نہ اترنے دینا شیطان اس لباس کو ہی اتروانا چاہتا ہے) یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں (۲۶)

ऐ आदम की सन्तान शैतान तुम्हें बहका न दे जिस प्रकार तुम्हारे माता पिता को उनवन से निकलना दिया था और उनका सदाचारीता वस्त्र उतरवा लिया था और उनसे बुराई करवादी थी अर्थात सतर खोल दिए थे अर्थात उनको विवेक आने लगा था (और वह उन बुराईयों को छुपाने लगे) वह और उसके भाई तुमको ऐसे स्थान से देखते रहते हैं जहां से तुम उनको नहीं देख सकते हमने शैतानों को उन्ही लोगों का मित्र बनाया है जो विश्वास नही रखते. (27)

اے بنی آدم شیطان تمہیں بہکا نہ دے جس طرح تمہارے ماں باپ کو جنت سے نکلوا دیا تھا اور ان کا پرہیز گاری کا لباس اتروا لیا تھا اور ان سے برائی کروا دی تھی یعنی ستر کھول دیئے تھے یعنی ان کو شعور آنے لگا تھا (اور وہ ان برائیوں کو چھپانے لگے) وہ اور اس کے بھائی تم کو ایسی جگہ سے دیکھتے رہتے ہیں جہاں سے تم ان کو نہیں دیکھ سکتے ہم نے شیطانوں کو انہی لوگوں کا رفیق بنایا ہے جو ایمان نہیں رکھتے (۲۷)

नोट- आयत में वस्त्र उतरवाने की बात है यदि कपड़े का वस्त्र माना जाए तो आदम व हव्वा पर उस समय कपड़े का वस्त्र कहां था जो शैतान ने उतरवा दिया था अतः आयत में वस्त्र का अर्थ सदाचारीता का वस्त्र ही अर्थ है जो आदम व हव्वा से त्रुटि हो गई थी और उस समय तक जो उन को विवेक नही था कि हम नंगे हैं यह बुद्धिहीनता का आवर्ण भी बुद्धि से उतर गया और उनको विवेक आने लगा और अपने गुप्तांगोको पत्तों से छुपाने लगे.

نوٹ:۔آیت میں لباس اتروانے کی بات ہے اگر کپڑے کا لباس مانا جائے تو آدم وحوا پر اس وقت کپڑے کا لباس کہاں تھا جو شیطان نے اتروا دیا تھا اس لئے آیت میں لباس کا مطلب لباس تقوا ہی مطلب ہے جو آدم وحوا سے غلطی ہوگئی تھی اور اس وقت تک جو ان کو شعور نہیں تھا کہ ہم ننگے ہیں یہ کم عقلی کا پردہ بھی عقل سے اتر گیا اور ان کو شعور ہونے لگا اور اپنی شرم گاہوں کو پتوں سے چھپانے لگے۔

और जब कोई निर्लज्जता का कार्य करते हैं तो कहते हैं कि हमने अपने पूर्वजों को इसी प्रकार करते देखा है और ईश्वर ने भी हमको यही आदेश दिया है कह दो कि ईश्वर निर्लज्जता के कार्य करने का कदापि आदेश नही देता भला तुम ईश्वर के प्रति ऐसी बात क्यों कहते हो जिसका तुम्हें ज्ञान नही. (28)

اور جب کوئی بے حیائی کا کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے بزرگوں کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے اور اللہ نے بھی ہم کو یہی حکم دیا ہے کہہ دو کہ اللہ بے حیائی کے کام کرنے کا ہرگز حکم نہیں دیتا. بھلا تم اللہ کی نسبت ایسی بات کیوں کہتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں (۲۸)

कह दो कि मेरे ईश्वर ने तो न्याय करने का आदेश दिया है और यह कि हर नमाज के समय सीधा मुख क्या करो (अर्थात ईश्वर की ओर ध्यान आकृष्ट रखो) और विशेष उसीकी पूजा करो और उसी को पुकारो उसने जिस प्रकार आरम्भ में उत्पन्न किया था उस प्रकार तुम फिर उत्पन्न होंगे. (29)

کہہ دو کہ میرے رب نے تو انصاف کرنے کا حکم دیا ہے اور یہ کہ ہر نماز کے وقت سیدھا رخ کیا کرو (یعنی اللہ کی طرف توجہ قائم رکھو) اور خاص اسی کی عبادت کرو اس کو پکارو اس نے جس طرح ابتدا میں پیدا کیا تھا اسی طرح تم پھر پیدا ہو گے (۲۹)

एक दल ने तो सीधा मार्ग ग्रहण किया परन्तु दूसरे दल पर पथ भ्रष्ट चिमट कर रह गई है. क्योंकि उन्होंने ईश्वर के अतिरिक्त शैतानों को अपना अभि-भावक बना लिया है और वह समझ रहे हैं कि हम सीधे मार्ग पर हैं. (30)

ایک گروہ نے تو سیدھا راستہ اختیار کیا مگر دوسرے گروہ پر گمراہی چسپاں ہو کر رہ گئی ہے. کیونکہ انہوں نے اللہ کے بجائے شیاطین کو اپنا سرپرست بنا لیا ہے اور وہ سمجھ رہے ہیں کہ ہم سیدھی راہ پر ہیں (۳۰)

ऐ आदम की सन्तान हर पूजा के अवसर पर अपनी शोभा से सुसज्जित रहो और खाओ और पियो और सीमा से उल्लंघन न करो ईश्वर सीमा से बढ़ने वालो को पसंद नही करता. (31)

اے بنی آدم ہر عبادت کے موقع پر اپنی زینت سے آراستہ رہو اور کھاؤ اور پیو اور حد سے تجاوز نہ کرو، اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا (۳۱)

ज्ञात तो करो कि जो शोभा और खाने की पवित्र वस्तुएं ईश्वर ने अपने बन्दों के लिए उत्पन्न की हैं उनको अवैध किसने किया है? कहदो कि यह वस्तुएं दुनिया के जीवन में भी धर्म वालो के लिए हैं और प्रलय के दिन विशेष उन्ही का भाग होगा. इसी प्रकार ईश्वर अपनी धाराऐं समझने वालों के लिए खोलकर वर्णन करता है. (32)

پوچھو تو کہ جو زینت اور کھانے کی پاکیزہ چیزیں اللہ نے اپنے بندوں کے لئے پیدا کی ہیں ان کو حرام کس نے کیا ہے؟ کہہ دو کہ یہ چیزیں دنیا کی زندگی میں بھی ایمان والوں کے لئے ہیں اور قیامت کے دن خالص انہی کا حصہ ہوں گی. اسی طرح اللہ اپنی آیتیں سمجھنے والوں کے لئے کھول کر بیان کرتا ہے (۳۲)

कहदो कि मेरे ईश्वर ने तो निर्लज्जता की बातो को प्रकट हो या गुप्त और पापो को और अन्याय पूर्ण बलात करने को अवैध किया है और इसको भी कि तुम किसी को ईश्वर का सहयोगी बनाओ जिसको

کہہ دو کہ میرے رب نے تو بے حیائی کی باتوں کو ظاہر ہوں یا پوشیدہ اور گناہ کو اور ناحق زیادتی کرنے کو حرام کیا ہے اور اس کو بھی کہ تم کسی کو اللہ کا شریک بناؤ جس کی اس نے کوئی سند نازل نہیں کی اور اس کو بھی کہ اللہ کے بارے

उसने कोई प्रमाण अवतरित नही किया और इसका भी कि ईश्वर के विषम में ऐसी बाते कहो जिनक तुम्हें कुछ ज्ञान नही, (33) {6:151, 17:29-41}

میں ایسی باتیں کہو جن کا تمہیں کچھ علم نہیں (۳۳)[۶:۱۵۱؛ ۱۷:۲۹،۴۱]

हर समुदाय के लिए (पतन का) एक समय निश्चित है जब वह आजाता है तो न एक घड़ी देर होती है और न शीघ्रता, (34)

ہر امت کے لئے (زوال کا) ایک وقت مقرر ہے جب وہ آجاتا ہے تو نہ ایک گھڑی دیر ہو سکتی ہے اور نہ جلدی (۳۴)

ऐ आदम की सन्तान जब हमारे रसूल तुम्हारे पास आएं जो तुममें से हो तुम्हारे पास आए (जो हम आरम्भ में कह चुके है) और हमारी आयतें तुमको सुनाया करें (तो उनपर विश्वास लाया करो कि) जो व्यक्ति डरता रहेगा और अपनी दशा ठीक रखेगा तो ऐसे लोगों को न कुछ भय होगा और न वह शोक पूर्ण होंगे, (35)

اے بنی آدم جب ہمارے رسول جو تم میں سے ہوں تمہارے پاس آئیں (جو ہم نے آغاز میں فرما دیا تھا) اور ہماری آیتیں تم کو سنایا کریں (تو ان پر ایمان لایا کرو کہ) جو شخص ڈرتا رہے گا اور اپنی حالت درست رکھے گا تو ایسے لوگوں کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غم زدہ ہوں گے (۳۵)[۳:۸۱]

और जो हमारी आयतों को झुठलाएंगे और उन का पालन नही करेंगे वही नर्की है कि सदैव उसमें रहेंगे, (36)

اور جو ہماری آیتوں کو جھٹلائیں گے اور ان سے سرتابی کریں گے وہی دوزخی ہیں کہ ہمیشہ اس میں رہیں گے (۳۶)

तो उससे अधिक अत्याचारी कौन होगा जो ईश्वर पर झूट बान्धे या उसकी आयतों को झुठलाए उनको उनके भाग्य का लिखा मिलता ही रहेगा यहां तक कि जब उन के पास हमारे भेजे हुए जीव निकालने आएंगे तो कहेंगे कि जिन को तुम ईश्वर के अतिरिक्त पुकारते थे वह कहां है? वह कहेंगे (ज्ञात नहीं) कि वह हमसे कहां लुप्त हो गए और अंगीकार करेंगे कि निःसन्देह हम नास्तिक थे, (37) {5:11, 3:55, 10:46}

تو اس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیتوں کو جھٹلائے۔ ان کو ان کے نصیب کا لکھا ملتا ہی رہے گا۔ یہاں تک کہ جب اُن کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے جان نکالنے آئیں گے تو کہیں گے کہ جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے تھے وہ کہاں ہیں؟ وہ کہیں گے (معلوم نہیں) کہ وہ ہم سے کہاں غائب ہو گئے۔ اور اقرار کریں گے کہ بے شک ہم کافر تھے (۳۷)[۵:۱۱۷؛ ۳:۵۵؛ ۱۰:۴۶]

तो ईश्वर कहेगा कि जिन्नो और इन्सानों के जो दल तुमसे पहले हो चुके हैं उनही के साथ तुमभी प्रविष्ट नर्क हो जाओ जब एक दल जा प्रविष्ट होगा तो अपनी बहन (अर्थात अपनी जैसी दूसरी जमाअत) पर धिक्कार करेगा यहां तक कि जब सब उसमें प्रविष्ट हो जाएंगे तो पिछला वर्ग पहले के बारे में कहेगा कि ऐ ईश्वर इनही लोगों ने हमको पथ भ्रष्ट किया था तू इनको नर्क की अग्नि का दोगुना दण्ड दे ईश्वर कहेगा कि सबको दोगुना है परन्तु तुम जानते नही, (38)

تو اللہ فرمائے گا کہ جنوں اور انسانوں کی جو جماعتیں تم سے پہلے ہو گزری ہیں اُن ہی کے ساتھ تم بھی داخل جہنم ہو جاؤ۔ جب ایک جماعت جا داخل ہوگی تو اپنی بہن (یعنی اپنی جیسی دوسری جماعت) پر لعنت کرے گی یہاں تک کہ جب سب اس میں داخل ہو جائیں گے تو پچھلی جماعت پہلی کی نسبت کہے گی کہ اے رب ان ہی لوگوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا تو ان کو آتش جہنم کا دگنا عذاب دے۔ اللہ فرمائے گا کہ سب کو دگنا ہے مگر تم جانتے نہیں (۳۸)

पहला दल पिछले दल से कहेगा तुम्हें हम पर किसी प्रकार की श्रेष्ठता नही मिली जैसी कुछ बुराई दुनिया में करते हो अब उसका स्वाद चखों, (39)

پہلی جماعت پچھلی جماعت سے کہے گی تمہیں ہم پر کسی طرح کی فوقیت نہیں ملی تو جیسی کچھ برائی دنیا میں کرتے رہے ہو اب اس کا مزہ چکھو (۳۹)

जिन लोगों ने हमारी धाराओं को झुठलाया और उनकी अवज्ञा की उनके लिए उच्चता के द्वार न खोले जाएंगे उनका स्वर्ग में प्रविष्ट होना ऐसा ही असंभव है जैसा सूई के नाके से ऊंट का निकल जाना और पापीयों को हम ऐसा ही दण्ड दिया करते हैं (40) {2:80-81-111-112-167-175-23, 2:25, 3:24-25, 62:5-7}

جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے سرتابی کی ان کے لئے بلندی کے دروازے نہ کھولے جائیں گے ان کا جنت میں داخل ہونا ایسا ہی ناممکن ہے جیسا سوئی کے ناکے سے اونٹ کا نکل جانا اور گنہگاروں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں (۴۰)[۲:۸۰،۸۱،۱۱۱،۱۱۲،۱۶۷،۱۷۵،۲۳؛ ۲:۲۵؛ ۳:۲۴،۲۵؛ ۶۲:۵،۷]

ऐसे नास्तिको के लिए नीचे आग का बिछोना और ऊपर आग की चादर होगी हम अन्यायीयों को ऐसा ही दण्ड देते है, (41)

ایسے کافروں کے لئے نیچے آگ کا بچھونا اور اوپر آگ کی چادر ہوگی ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں (۴۱)

और जो लोग आस्था लाए और सत्कर्म करते रहे हम किसी व्यक्ति को उस की शक्ति से अधिक कष्ट नही देते ऐसे ही लोग स्वर्ग वाले है और वह उसमें

اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے ہم کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے ایسے

सदैव रहेंगे. (42)

और हमने उनके सीनो से द्वेष कपट खींच लिए है और उन स्वर्गीयों के नीचे नहर बह रही होंगी और कहेंगे कि ईश्वर का धन्यवाद है जिसने हमको यहां का मार्ग दिखाया और यदि ईश्वर हम को मार्ग न दिखाता तो हम मार्ग न पाते निःसंदेह हमारे ईश्वर के रसूल सत्य बात लेकर आए थे और मनादी कर दी जाएगी कि तुम उन कर्मों के बदले में जो करते थे इस स्वर्ग के स्वामी बना दिए गए हो. (43) {3:161}

ہی لوگ اہل جنت ہیں اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے (۴۲)

اور ہم نے ان کے سینوں میں سے کینے کھینچ لئے ہیں ان جنتیوں کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی اور کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہم کو یہاں کا رستہ دکھایا اور اگر اللہ ہم کو رستہ نہ دکھاتا تو ہم رستہ نہ پاتے بےشک ہمارے رب کے رسول حق بات لے کر آئے تھے اور منادی کر دی جائے گی کہ تم اُن اعمال کے صلے میں جو کرتے تھے اس جنت کے مالک بنا دئے گئے ہو (۴۳) [۳:۱۶۱]

और स्वर्ग वाले नर्क वालो से पुकार कर कहेंगे कि जो वचन हमारे ईश्वर ने हम से किया था हमने तो उसे सच्चा पाया भला जो वचन तुम्हारे ईश्वर ने तुम से किया था तुमने भी उसे सत्य पाया? वह कहेंगे हां तो उनमें एक पुकारने वाला पुकार देगा कि अत्याचारीयों पर ईश्वर की धिक्कार. (44) {17:60}

उन लोगों पर जो ईश्वर के मार्ग से रोकते और उसमें कजी ढूंढते और परलोक से इनकार कर रहें हैं. (45)

उन दोनों दलों के मध्य एक आवरण बाधक होगा जिसकी ऊंचाई (ऐराफ) पर कुछ लोग और होंगे वह हर एक को उनके लक्षण से पहचान लेंगे. और स्वर्ग वालों को पुकार कर कहेंगे कि आप पर ईश्वर की कृपा हो वह स्वर्ग वाले अभी प्रविष्ट तो नही हुवे परन्तु आशा वानहोंगे (ऊंचाई वाले तो स्वर्ग वाले होंगे ही वह लोग आशावनों को पुकारेंगे ओर वह लोग निःसंदेह स्वर्ग के अधिकारी होंगे. (46) {56:7-13, 35:32}

اور اہل جنت دوزخیوں سے پکار کر کہیں گے کہ جو وعدہ ہمارے رب نے ہم سے کیا تھا ہم نے تو اسے سچا پایا بھلا جو وعدہ تمہارے رب نے تم سے کیا تھا تم نے بھی اسے سچا پایا؟ وہ کہیں گے ہاں تو ان میں ایک پکارنے والا پکار دے گا کہ بےانصافوں پر اللہ کی لعنت (۴۴) [۱۷:۶۰]

ان لوگوں پر جو اللہ کی راہ سے روکتے اور اس میں کجی ڈھونڈتے اور آخرت سے انکار کر رہے ہیں (۴۵)

اُن دونوں گروہوں کے درمیان ایک پردہ حائل ہوگا جس کی بلندی (اعراف) پر کچھ لوگ اور ہوں گے وہ ہر ایک کو ان کی علامت سے پہچان لیں گے. اور اہل جنت کو پکار کر کہیں گے کہ آپ پر اللہ کی رحمت ہو وہ اہل جنت ابھی داخل تو نہیں ہوئے مگر امیدوار ہوں گے (اعراف والے تو جنت) والے ہوں گے ہی وہ لوگ امیدواروں کو پکاریں گے اور وہ یقیناً جنت کے حقدار ہوں گے (۴۶) [۵۶:۷-۱۳، ۳۵:۳۲]

और जब उन स्वर्ग के आशावानों की दृष्टि नर्क वालों की ओर फिरेंगी तो कहेंगे ऐ रब हमें उन अत्चारीयों में सम्मिलित न करना. (47)

ऊंचाई वाले (नास्तिक) लोगों को जिन्हें उनकी सूरतों से पहचान करते होंगे पुकारेंगे और कहेंगे (कि आज) न तो तुम्हारा दल ही काम आया और न तुम्हारा घमंड (48)

फिर वह नर्क वालों से ज्ञात करेंगे स्वर्ग वालो की ओर संकेत करके देखो क्या यह वही लोग है जिन के बारे में तुम शपथ खा खा कर कहते थे ईश्वर उन पर किसी प्रकार की कृपा न करेगा? (तो सुनो आज उनसे कहा जा रहा है कि आस्तिको) तुम स्वर्ग में प्रविष्ट हो जाओ तुम्हें कुछ भय नही और न तुमको शोक होगा. (49)

اور جب ان جنت کے امیدواروں کی نگاہیں دوزخ والوں کی طرف پھریں گی تو کہیں گے اے رب ہمیں ان ظالم لوگوں میں شامل نہ کرنا (۴۷)

اہل اعراف (کافر) لوگوں کو جنہیں ان کی صورتوں سے شناخت کرتے ہوں گے پکاریں گے اور کہیں گے (کہ آج) نہ تو تمہاری جماعت ہی تمہارے کام آئی اور نہ تمہارا تکبر (۴۸)

پھر وہ دوزخیوں سے پوچھیں گے جنتیوں کی طرف اشارہ کر کے دیکھو کیا یہ وہی لوگ ہیں جن کے بارے میں تم قسمیں کھا کھا کر کہتے تھے اللہ اُن پر کسی طرح کی رحمت نہ کرے گا؟ (تو سنو آج ان سے کہا جا رہا ہے کہ مومنوں) تم جنت میں داخل ہو جاؤ تمہیں کچھ خوف نہیں اور نہ تم کو رنج ہوگا (۴۹)

और नर्की स्वर्ग के लोगों से कहेंगे कि कुछ पानी हम पर बहाओ या जो जीविका ईश्वर ने तुम्हें दी है उससे कुछ दो वह उत्तर देंगे कि ईश्वर ने स्वर्ग का पानी और जीविका नास्तिकों पर बन्द कर दिया है (50)

उन लोगों पर जिन्होंने अपने धर्म को खेल बना लिया और दुनिया के जीवन ने उनको धोके में डाल दिया तो जिस प्रकार वह लोग उस दिन के आने को भूले रहे और हमारी धाराओं से विरोधी हो रहे

اور دوزخی جنتیوں سے کہیں گے کہ کسی قدر ہم پر پانی بہاؤ یا جو رزق اللہ نے تمہیں عنایت کیا ہے اس سے کچھ دو. وہ جواب دیں گے کہ اللہ نے جنت کا پانی اور رزق کافروں پر بند کر دیا ہے (۵۰)

ان لوگوں پر جنہوں نے اپنے دین کو کھیل بنالیا اور دنیا کی زندگی نے ان کو دھوکے میں ڈال دیا تو جس طرح وہ لوگ اس دن کے آنے کو بھولے رہے اور ہماری آیتوں سے

थे इसी प्रकार आज हम भी उन्हें भुला देंगे (51)
और हमने उनके पास पुस्तक पहुंचा दी है जिसको ज्ञान व बुद्धि के साथ खोल खोलकर वर्णन कर दिया है वह आस्तिक लोगों के लिए पथ प्रदर्शन और दया है (52)
अब क्या वह लोग इसके सिवा किसी और बात के प्रतीक्षक हैं कि वह फल सामने आ जाए जिसकी यह पुस्तक सूचना दे रही है? जिस रोज वह फल सामने आ जाएगा तो वही लोग जिन्होंने उसे भूला रखा था वह बोल उठेंगे कि निःसन्देह हमारे रब के ईशदूत सत्य लेर आए थे, भला आज हमारे कोई अनुशंसक हैं कि हमारी अनुशंसा करें या हम फिर लौटा दिए जाएं कि जो कर्म हम करते थे (वह न करें अपितु) उनके अतिरिक्त और सत्कर्म करें, निःसन्देह उन लोगों ने अपनी हानि की, और जो कुछ मिथ्यारोपण किया करते थे उनसे सब जाता रहा (53) {10:39}
कुछ शंका नही तुम्हारा ईश्वर ही रब है जिसने आकाशों और पृथ्वी को छे अय्याम (चरण) में उत्पन्न किया फिर अर्श पर (अर्थात राज सिंहासन पर) जा बैठा वही रात को दिन पर ढकता है और फिर दिन रात्रि के पीछे दौड़ा चला आता है और उसी ने सूर्य और चन्द्रमा और तारों को उत्पन्न किया, सब उसके आदेशानुसार कार्य में लगे हुए हैं देखो सब रचना भी उसी की है और आदेश भी उसी का है विश्व पालक बड़ी सम्पन्नता वाला है (54)
अपने ईश्वर से नम्रता से और चुपके चुपके प्रर्थाना किया करो वह सीमा से बढ़ने वालों को मित्र नही रखता (55)
और दुनिया पृथ्वी में सुधार के बाद भ्रष्ट न करना और ईश्वर से भय करते हुए और लालसा रखकर मांगते रहना, कुछ शंका नही कि ईश्वर की कृपा शुभ कर्म करने वालों से निकट है (56)
और वही तो है जो हवाओं को अपनी करूणा वर्षा के आगे आगे शुभ सूचना लिए हुए प्रेषित करता है फिर जब वह पानी से लदे हुए बादल उठा लेती है है तो उन्हें किसी मृतक भूमि की ओर चला देता है फिर बादल से वर्षा बरसा देते हैं फिर वर्षा से हर प्रकार के फल उत्पन्न करते हैं इसी प्रकार हम मृतकों को जीवित करके बाहर निकालेंगे ताकि तुम चिन्तन से काम लो (57)
जो धरती पवित्र है उसमें से पेड़ पौदे भी ईश्वर के नियमानुसार अच्छा निकलते हैं और जो विकृत है उसमें से जो निकलता है निकम्मा होता है, इसी प्रकार हम धाराओं को फेर-फेरकर वर्णन करते हैं आज्ञाकारी लोगों के लिए (58)
हमने नूह अ0 को उनकी जाति की ओर भेजा तो उन्होंने कहा ऐ मेरी जाति के लोगो! ईश्वर की पूजा करो इसके अतिरिक्त तुम्हारा कोई पूज्य नही, मुझे तुम्हारे विषय में बड़े दिन के दण्ड का डर है (59)

منکر ہو رہے تھے اسی طرح آج ہم بھی انہیں بھلا دیں گے (۵۱)
اور ہم نے اُن کے پاس کتاب پہنچا دی ہے جس کو علم و دانش کے ساتھ کھول کھول کر بیان کر دیا ہے وہ مومن لوگوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے (۵۲)
اب کیا وہ لوگ اس کے سوا کسی اور بات کے منتظر ہیں کہ وہ انجام سامنے آجائے جس کی یہ کتاب خبر دے رہی ہے؟ جس روز وہ انجام سامنے آجائے گا تو وہی لوگ جنہوں نے اسے بھلا رکھا تھا وہ بول اٹھیں گے کہ بے شک ہمارے رب کے رسول حق لے کر آئے تھے بھلا آج ہمارے کوئی شفارشی ہیں کہ ہماری شفارش کریں یا ہم پھر لوٹا دئے جائیں کہ جو عمل ہم کرتے تھے (وہ نہ کریں بلکہ) ان کے سوا اور نیک عمل کریں۔ بے شک ان لوگوں نے اپنا نقصان کیا اور جو کچھ افترا کیا کرتے تھے ان سے سب جاتا رہا (۵۳) [۳۹:۱۰]
کچھ شک نہیں تمہارا رب وہی رب ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ ایام (دور) میں پیدا کیا پھر عرش پر (یعنی حکمرانی کے تخت پر) جا ٹھہرا وہی رات کو دن پر ڈھانک دیتا ہے اور پھر دن رات کے پیچھے دوڑا چلا آتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند اور ستاروں کو پیدا کیا سب اس کے حکم کے مطابق کام میں لگے ہوئے ہیں دیکھو سب مخلوق بھی اسی کی ہے اور حکم بھی اسی کا ہے رب العالمین بڑی برکت والا ہے (۵۴)
اپنے رب سے عاجزی سے اور چپکے چپکے دعائیں مانگا کرو وہ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا (۵۵)
اور دنیا زمین میں اصلاح کے بعد خرابی نہ کرنا اور اللہ سے خوف کرتے ہوئے اور امید رکھ کر دعائیں مانگتے رہنا۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ کی رحمت نیکی کرنے والوں سے قریب ہے (۵۶)
اور وہی تو ہے جو ہواؤں کو اپنی رحمت مینہ کے آگے آگے خوشخبری لئے ہوئے بھیجتا ہے۔ پھر جب وہ پانی سے لدے ہوئے بادل اٹھا لیتی ہیں تو انہیں کسی مردہ زمین کی طرف حرکت دیتا ہے پھر بادل سے مینہ برساتے ہیں پھر مینہ سے ہر طرح کے پھل پیدا کرتے ہیں۔ اسی طرح ہم مردوں کو زندہ کر کے باہر نکالیں گے تاکہ تم غور و فکر سے کام لو (۵۷)
جو زمین پاکیزہ ہے اس میں سے سبزہ بھی رب کے قانون کے مطابق اچھا نکلتا ہے اور جو خراب ہے اس میں سے جو نکلتا ہے ناقص ہوتا ہے۔ اسی طرح ہم آیتوں کو پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں فرمانبردار لوگوں کے لئے (۵۸)
ہم نے نوحؑ کو ان کی قوم کی طرف بھیجا تو انہوں نے کہا اے میری برادری کے لوگو اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں مجھے تمہارے بارے میں بڑے دن کے عذاب کا ڈر ہے (۵۹)

तो जो उनकी जाति में नेता थे वह कहने लगे कि हम तुम्हें खुली भ्रष्टता में देखते हैं (60)
उन्होंने कहा ऐ जाति मुझ में किसी प्रकार की पथ भ्रष्टता नहीं है अपितु मैं विश्व पालक का ईशदूत हूं (61)
तुम्हें अपने ईश्वर के सन्देश पहुंचाता हूं और तुम्हारा हित चाहता हूं और मुझको ईश्वर की ओर से ऐसी बात ज्ञात है जिनसे तुम बेखबर हो (62)
क्या तुम को इस बात से आश्चर्य हुआ है कि तुम में से एक व्यक्ति के हाथ तुम्हारे ईश्वर की ओर से तुम्हारे पास स्मरण पत्र आया ताकि वह तुम को सचेत कर दे और ताकि तुम सदाचारी बनो और ताकि तुम पर दया की जाए (63)
परन्तु उन लोगों ने उनको झुठलाया तो हमने नूह को और जो उनके साथ नौका में सवार थे उनको तो बचा लिया और जिन लोगों ने हमारी आयतों को झुठलाया था उन्हें प्लावन कर दिया कुछ शंका नहीं कि वह अन्धे लोग थे (64)
और आपकी जाति की ओर उनके भाई हूद अ० को भेजा उन्होंने कहा कि भाईयो! ईश्वर की पूजा करो उसके सिवा तुम्हारा कोई पूज्य नहीं, क्या तुम डरते नहीं (65)
तो उनकी जाति के सरदार जो नास्तिक थे कहने लगे कि तुम हमें मूढ़ दिखाते हो और हम तुम्हें झूठा जानते हैं (66)
उन्होंने कहा मेरी जाति! मुझ में मूढ़ता की कोई बात नहीं है अपितु मैं विश्व पालक का ईशदूत हूं (67)
मैं तुम्हें ईश्वर का सन्देश पहुंचाता हूं और तुम्हारा विश्वसनीय हितैषी हूं (68)
क्या तुम को इस बात से आश्चर्य हुआ है कि तुम में से एक व्यक्ति के हाथ तुम्हारे ईश्वर की ओर से तुम्हारे पास शिक्षा आई ताकि वह तुम्हें डराये और याद तो करो जब उसने तुम को नूह की जाति के बाद उनका उत्तराधिकारी बनाया और तुम को अधिक विस्तार दिया, अतः ईश्वर की कृपा को याद करो ताकि मोक्ष प्राप्त करो (69)
वह कहने लगे क्या तुम हमारे पास इसलिए आए हो कि हम अकेले ईश्वर ही की पूजा करें और जिन को हमारे पूर्वज पूजते चले आए हैं उनको छोड़ दें? तो यदि तुम सच्चे हो तो जिस वस्तु से हमें डराते हो उसे ले आओ (70)
हूद अ० ने कहा कि तुम्हारे ईश्वर की ओर से तुम पर कष्ट और प्रकोप निश्चित हो चुका है, क्या तुम मुझ से ऐसे नामों के विषय में झगड़ते हो जो तुम ने और तुम्हारे पूर्वजों ने रख लिए हैं जिनका ईश्वर ने कोई प्रमाण अवतरित नहीं किया, तो तुम भी प्रतीक्षा करो मैं भी तुम्हारे साथ प्रतीक्षा करता हूं (71)
फिर हमने हूद को और जो लोग उनके साथ थे

تو جو ان کی قوم میں سردار تھے وہ کہنے لگے کہ ہم تمہیں صریح گمراہی میں دیکھتے ہیں (۶۰)
انہوں نے کہا اے قوم مجھ میں کسی طرح کی گمراہی نہیں ہے بلکہ میں پروردگار عالم کا رسول ہوں (۶۱)
تمہیں اپنے رب کے پیغام پہنچاتا ہوں اور تمہاری خیر خواہی کرتا ہوں اور مجھ کو اللہ کی طرف سے ایسی باتیں معلوم ہیں جن سے تم بے خبر ہو (۶۲)
کیا تم کو اس بات سے تعجب ہوا ہے کہ تم میں سے ایک شخص کے ہاتھ تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس یاددہانی آئی تاکہ وہ تم کو ڈرائے اور تاکہ تم پرہیزگار بنو اور تاکہ تم پر رحم کیا جائے (۶۳)
مگر ان لوگوں نے اُن کی تکذیب کی تو ہم نے نوح کو اور جو ان کے ساتھ کشتی میں سوار تھے ان کو تو بچا لیا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا انہیں غرق کر دیا کچھ شک نہیں کہ وہ اندھے لوگ تھے (۶۴)
اور قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہود کو بھیجا انہوں نے کہا کہ بھائیو! اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں کیا تم ڈرتے نہیں؟ (۶۵)
تو ان کی قوم کے سردار جو کافر تھے کہنے لگے کہ تم ہمیں احمق نظر آتے ہو اور ہم تمہیں جھوٹا خیال کرتے ہیں (۶۶)
انہوں نے کہا میری قوم! مجھ میں حماقت کی کوئی بات نہیں ہے بلکہ میں رب العالمین کا رسول ہوں (۶۷)
میں تمہیں اللہ کے پیغام پہنچا دیتا ہوں اور تمہارا امانت دار خیر خواہ ہوں (۶۸)
کیا تم کو اس بات سے تعجب ہوا ہے کہ تم میں سے ایک شخص کے ہاتھ تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس نصیحت آئی تاکہ وہ تمہیں ڈرائے اور یاد تو کرو جب اس نے تم کو قوم نوح کے بعد ان کا جانشین بنایا اور تم کو پھیلاؤ زیادہ دیا پس اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو تاکہ نجات حاصل کرو (۶۹)
وہ کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ ہم اکیلے اللہ ہی کی عبادت کریں اور جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آئے ہیں ان کو چھوڑ دیں؟ تو اگر سچے ہو تو جس چیز سے ہمیں ڈراتے ہو اسے لے آؤ (۷۰)
ہود نے کہا کہ تمہارے رب کی طرف سے تم پر عذاب اور غضب مقرر ہو چکا ہے. کیا تم مجھ سے ایسے ناموں کے بارے میں جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں. جن کی اللہ نے کوئی سند نازل نہیں کی. تو تم بھی انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں (۷۱)
پھر ہم نے ہود کو اور جو لوگ ان کے ساتھ تھے ان کو نجات

उनको युक्ति दी और जिन्होंने हमारी आयतों को झुठलाया था उनकी जड़ काट दी, और वह आस्था लाने वाले न थे (72)

और समूद की जाति की ओर उनके भाई सालेह को भेजा, सालेह ने कहा कि ऐ जाति! ईश्वर ही की पूजा करो उसके अतिरिक्त तुम्हारा कोई पूज्य नहीं, तुम्हारे पास तुम्हारे ईश्वर की ओर से एक चमत्कार आ चुका है यही ईश्वर की ऊंटनी तुम्हारे लिए चमत्कार है तो इसे (स्वतंत्र) छोड़ दो कि ईश्वर की धरती में चरती फिरे और तुम इसे बुरी इच्छा से हाथ भी न लगाना अन्यथा बड़ा कष्ट तुम्हें पकड़ लेगा (73)

और याद करो ईश्वर के उपकार को जब उसने आद की जाति के बाद तुम्हें उसका उत्तराधिकारी बनाया और धरती में इस प्रकार बसाया कि तुम मैदानों में भवन बनाते हो और पर्वतों को काट कर घर बनाते हो, अतः ईश्वर के प्रसादों को याद करो और ईश्वर की पृथ्वी में अवज्ञा और अशान्ति करते न फिरो (74)

उसकी जाति के घमण्डी और उद्दण्ड नेताओं ने उन निर्धन और बलहीन व्यक्तियों से कहा जो सालेह अ0 पर विश्वास ला चुके थे क्या तुम को इस बात का विश्वास है कि सालेह अपने ईश्वर की ओर से भेजा हुआ ईशदूत है उन (विश्वास वालों) ने उत्तर दिया कि हां जिस सन्देश के साथ वह भेजा गया है हम उस पर निःसन्देह विश्वास रखते हैं (75)

तो घमण्डी कहने लगे कि जिस वस्तु पर तुम विश्वास लाए हो हम तो उसको नहीं मानते (76)

फिर उन लोगों ने ऊंटनी को घायल करके मार डाला और अपने ईश्वर के आदेश से अवज्ञा की और कहने लगे कि सालेह जिस वस्तु से तुम हमें डराते थे यदि तुम ईशदूत हो तो उसे ले आओ (77)

तो उनको भूचाल ने आ पकड़ा और वह अपने घरों में औंधे पड़े रहे गए प्रातः को (78)

(यह विनाश देखकर) सालेह उनसे पृथक हो गए और कहा ऐ मेरी जाति के लोगो! मैंने अपने ईश्वर का संदेश तुम्हें पहुंचा दिया और तुम हित करने वालों को पसंद ही नहीं करते (79)

और लूत अ0 को भेजा जब कहा अपनी जाति को तुम ऐसी निर्लज्जता का कार्य करते हो कि तुम से पहले संसार वालों में से किसी ने ऐसा कार्य नहीं किया था (80)

तुम स्त्रियों को छोड़कर पुरुषों से अपनी कामेच्छा पूरी करते हो, सत्य यह है कि तुम बिल्कुल ही सीमा से निकल जाने वाले हो (81)

उसकी जाति का उत्तर इसके सिवा कुछ न था कि कहने लगे कि उन लोगों को नगर से निकाल बाहर करो यह व्यक्ति बड़े पवित्र व शुद्ध बनते हैं (82)

तो हमने उनको और उनके घर वालों (अर्थात उनके साथ विश्वास लाने वालों) को बचा लिया परन्तु

بخشی اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کی جڑ کاٹ دی اور وہ ایمان لانے والے تھے ہی نہیں (۷۲)

اور قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا. صالح نے کہا کہ اے قوم! اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں. تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک معجزہ آ چکا ہے یہی اللہ کی اونٹنی تمہارے لئے معجزہ ہے تو اسے (آزاد) چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں چرتی پھرے اور تم اسے بُری نیت سے ہاتھ بھی نہ لگانا ورنہ عذاب الیم تمہیں پکڑ لے گا (۷۳)

اور یاد کرو اللہ کے احسان کو جب اس نے قوم عاد کے بعد تمہیں اس کا جانشین بنایا اور زمین میں اس طرح بسایا کہ تم میدانوں میں محل بناتے ہو اور پہاڑوں کو کاٹ کر گھر بناتے ہو. لہٰذا اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو. اور اللہ کی زمین میں فساد نہ کرتے پھرو (۷۴)

اس کی قوم کے مغرور اور سرکش سرداروں نے ان غریب اور کمزور آدمیوں سے کہا جو صالح پر ایمان لا چکے تھے. کیا تم کو اس بات کا یقین ہے کہ صالح اپنے رب کی طرف سے بھیجا ہوا رسول ہے ان (ایمان والوں) نے جواب دیا کہ ہاں جس پیغام کے ساتھ وہ بھیجا گیا ہے ہم اس پر بلاشبہ ایمان رکھتے ہیں (۷۵)

تو مغرور کہنے لگے کہ جس چیز پر تم ایمان لائے ہو ہم تو اس کو نہیں مانتے (۷۶)

پھر ان لوگوں نے اونٹنی کو زخمی کر کے مار ڈالا اور اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی اور کہنے لگے کہ صالح جس چیز سے تم ہمیں ڈراتے ہو اگر تم رسول ہو تو اسے لے آؤ (۷۷)

تو ان کو زلزلہ نے آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں میں اندھے پڑے رہ گئے صبح کو (۷۸)

(یہ بربادی دیکھ کر) صالح نے ان سے کنارہ کشی کر لی اور کہا اے میری قوم کے لوگو! میں نے اپنے رب کا پیغام تمہیں پہنچا دیا اور تم نصیحت کرنے والوں کو پسند ہی نہیں کرتے (۷۹)

اور لوط کو بھیجا جب کہا اپنی قوم کو تم ایسی بے شرمی کا کام کرتے ہو کہ تم سے پہلے اہل عالم میں سے کسی نے ایسی حرکت نہیں کی تھی (۸۰)

تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں سے اپنی خواہش پوری کرتے ہو حقیقت یہ ہے کہ تم بالکل ہی حد سے گزر جانے والے ہو (۸۱)

اس کی قوم کا جواب اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ کہنے لگے کہ ان لوگوں کو بستی سے نکال باہر کرو یہ لوگ بڑے پاک صاف بنتے ہیں (۸۲)

تو ہم نے ان کو اور ان کے گھر والوں (یعنی ان کے ساتھ ایمان لانے والوں) کو بچا لیا مگر ان کی بیوی نہ بچی کہ وہ

उनकी पत्नी न बची कि वह पीछे रहने वालों में थी (83)
और हमने उन पर (पत्थरों की) एक वर्षा की तो देख लो पापियों का क्या बुरा परिणाम हुआ (84)
और मदयन की ओर उनके भाई शुऐब अ0 को भेजा उन्होंने कहा कि ऐ जाति ईश्वर ही की पूजा करो उसके सिवा तुम्हारा कोई पूज्य नही, तुम्हारे ईश्वर की ओर से चिन्ह आ चुका है तो तुम माप और तोल पूरी किया करो और लोगों को वस्तु कम न दिया करो, और पृथ्वी में सुधार के बाद विकार न करना यदि तुम धैर्य वादी हो तो समझ लो कि यह बात तुम्हारे लिए उत्तम है (85)
और देखो, ऐसा न करो कि (धर्म के प्रचार को रोकने के लिए) हर मार्ग पर जा बैठे और जो व्यक्ति विश्वास लाए उसे डरा धमका कर ईश्वर के धर्म से रोको और उसमें कजी डालने का प्रयत्न करते हो याद करो जब तुम थोड़े थे उसने तुम्हारी संख्या बहुत बढ़ा दी और देख लो कि अशान्ति करने वालों का परिणाम कैसा हुआ (86)
और निःसन्देह तुम में से एक दल मेरे ईशदौत्य पर विश्वास ले आया है और एक दल विश्वास नही लाया तो धैर्य किए रहो, यहां तक कि ईश्वर हमारे तुम्हारे मध्य निर्णय कर दे और वह सबसे उत्तम निर्णय करने वाला है (87)
उनकी जाति में जो लोग नेता और बड़े व्यक्ति थे वह कहने लगे कि शुऐब अ0 हम तम को और जो लोग तुम्हारे साथ विश्वास लाए हैं उनको अपने नगर से निकाल देंगे या तुम हमारे धर्म में आ जाओ उन्होंने कहा चाहे हम (तुम्हारे धर्म से) अप्रसन्न ही हों तो भी? (88)
यदि तुम इसके बाद कि ईश्वर हमें इससे मुक्ति दे चुका है तुम्हारे धर्म में लौट जाएं तो निःसन्देह हमने ईश्वर पर झूट बांधा और हमारे लिए यह सम्भव नही कि हम उसमें लौट जाएं निःसन्देह हमारा ईश्वर यही चाहता है कि हम कदापि नही लोटेंगे हमारे ईश्वर का ज्ञान हर वस्तु को घेरे हुए है, हमारा ईश्वर पर ही भरोसा है ऐ रब हम में और हमारी जाति में न्याय के साथ निर्णय कर दे और तू सबसे उत्तम निर्णय करने वाला है (89)
और उनकी जाति में से नेता लोग जो नास्तिक थे कहने लगे कि यदि तुम ने शुऐब अ0 का अनुकरण किया तो निःसन्देह तुम हानि में पड़ गए (90)
फिर पकड़ा उनको भूचाल ने फिर रह गए अपने घरों में औंधे पड़े हुए प्रातः को (91)

پیچھے رہنے والوں میں تھی (۸۳)
اور ہم نے ان پر (پتھروں کا) مینہ برسایا تو دیکھ لو مجرموں کا کیا بُرا انجام ہوا (۸۴)
اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیبؑ کو بھیجا انہوں نے کہا کہ قوم اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں. تمہارے رب کی طرف سے نشانی آ چکی ہے تو تم ماپ اور تول پوری کیا کرو اور لوگوں کو چیز کم نہ دیا کرو. اور زمین میں اصلاح کے بعد خرابی نہ کرنا. اگر تم صاحب ایمان ہو تو سمجھ لو کہ یہ بات تمہارے حق میں بہتر ہے (۸۵)
اور دیکھو ایسا نہ کرو کہ (دین کی اشاعت کو روکنے کے لئے) ہر رستہ پر جا بیٹھو اور جو شخص ایمان لائے اسے ڈرا دھمکا کر اللہ کے دین سے روکو اور اس میں کجی ڈالنے کی کوشش کرتے ہو. یاد کرو جب تم تھوڑے تھے اس نے تمہاری تعداد بہت بڑھا دی اور دیکھ لو کہ خرابی کرنے والوں کا انجام کیسا ہوا (۸۶)
اور بلاشبہ تم میں سے ایک جماعت میری رسالت پر ایمان لے آئی ہے اور ایک جماعت ایمان نہیں لائی تو صبر کئے رہو یہاں تک کہ اللہ ہمارے اور تمہارے درمیان فیصلہ کر دے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے (۸۷)
ان کی قوم میں جو لوگ سردار اور بڑے آدمی تھے وہ کہنے لگے کہ شعیبؑ ہم تم کو اور جو لوگ تمہارے ساتھ ایمان لائے ہیں ان کو اپنے شہر سے نکال دیں گے یا تم ہمارے مذہب میں آ جاؤ. انہوں نے کہا چاہے ہم (تمہارے دین سے) بیزار ہی ہوں تو بھی؟ (۸۸)
اگر ہم اس کے بعد کہ اللہ ہمیں اس سے نجات دے چکا ہے تمہارے مذہب میں لوٹ جائیں تو بے شک ہم نے اللہ پر جھوٹ باندھا اور ہمارے لئے یہ ممکن نہیں کہ ہم اس میں لوٹ جائیں. یقیناً ہمارا رب یہی چاہتا ہے کہ ہم ہرگز نہیں لوٹیں گے. ہمارے رب کا علم ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے. ہمارا اللہ پر ہی بھروسہ ہے. اے رب ہم میں اور ہماری قوم میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دے اور تو سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے (۸۹)
اور ان کی قوم میں سے سردار لوگ جو کافر تھے کہنے لگے کہ اگر تم نے شعیبؑ کی پیروی کی تو بے شک تم خسارے میں پڑ گئے (۹۰)
پھر پکڑا ان کو زلزلے نے پھر رہ گئے اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ہوئے صبح کو (۹۱)

नोट- आयत 89 का:- लगभग हर अनुवाद में (इल्ला अंय्यशा अल्लाहु रब्बुना) का अनुवाद यह किया है कि इल्ला यह कि (हमारा रब ही ऐसा चाहे) अर्थात पलटा दे अब विचारणीय बात यह है कि जब ईश्वर ने सदाचारी लोगों को ईशदूत बनाया है तो उन्हें पूरे पथ प्रदर्शन जानकारी

نوٹ: آیت ۸۹ کا:۔ تقریباً ہر ترجمہ میں (اِلَّا اَنْ یَّشَآءَ اللّٰہُ رَبُّنَا) کا ترجمہ یہ کیا ہے کہ اِلَّا یہ کہ (ہمارا رب ہی ایسا چاہے) یعنی پلٹا دے. اب قابل غور بات یہ ہے کہ جب اللہ نے نیک لوگوں کو نبی بنایا ہے تو انہیں پوری ہدایت کے ساتھ

के साथ बनाया है यदि नबी ही वापस पथ भ्रष्टता में आ जाएं तो फिर क्या रह गया? अतः ईशदूत के लिए यह गुमान ही नही किया जा सकता कि ईश्वर उनको भी भ्रष्ट कर सकता है, निःसन्देह नही करेगा, और न ही ईशदूत वापस भ्रष्टता में जाएगा,

अतः इन शब्दों का भाव वह उचित है जो मैंने किया है अर्थात निःसन्देह वह चाहता है हमारा ईश्वर कि हम कभी भ्रष्टता में न पलटेंगे, इसी प्रकार जहां भी ऐसी आयत हो वहां भी यही भाव होगा, हां, एक सामान्य व्यक्ति तो पलट सकता है परन्तु वह भी कच्चे विश्वास वाला नहीं नहीं, अर्थात जहां इल्ला के बाद मा शाअल्लाह इत्यादि हो इसका अर्थ यह होता है कि जो कुछ कहा गया है इसके विपरीत कभी नहीं होगा,

بنایا ہے اگر نبی ہی واپس گمراہی میں آجائیں تو پھر کیا رہ گیا؟ اس لئے نبی کے لئے یہ گمان ہی نہیں کیا جاسکتا کہ اللہ ان کو بھی گمراہ کرسکتا ہے یقیناً نہیں کرے گا اور نہ ہی رسول واپس گمراہی میں جائے گا۔

اس لئے ان الفاظ کا مفہوم وہ ٹھیک ہے جو میں نے کیا ہے یعنی یقیناً یہ چاہتا ہے ہمارا رب کہ ہم کبھی گمراہی میں نہ پلٹیں گے۔ اسی طرح جہاں بھی ایسی آیت ہو وہاں بھی یہی مفہوم ہوگا۔ ہاں ایک عام آدمی تو پلٹ سکتا ہے مگر وہ بھی کچے ایمان والا نبی نہیں۔ یعنی جہاں اِلّا کے بعد ماشاءاللہ وغیرہ ہو تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ جو کچھ کہا گیا ہے اس کے خلاف کبھی نہیں ہوگا۔

जिन व्यक्तियों ने शुऐब अ० को झुटलाया था वह ऐसे नष्ट हुए मानों वह उनमें कभी बसे ही न थे जिन लोगों ने शुऐब को झुटलाया वह हानि में पड़ गए (92)

جن لوگوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا تھا وہ ایسے برباد ہوئے گویا وہ ان میں کبھی آباد ہی نہیں ہوئے تھے جن لوگوں نے شعیب کو جھٹلایا وہ خسارے میں پڑ گئے (۹۲)

तो शुऐब अ० इनमें से निकल आए और कहा कि भाईयो! मैंने तुमको अपने ईश्वर के सन्देश पहुंचा दिए हैं और तुम्हारा हित किया था, अब मैं उस जाति पर कैसे अनुताप करूं जो सत्य को स्वीकार करने से इनकार करती है (93)

تو شعیب ان میں سے نکل آئے اور کہا کہ بھائیو! میں نے تم کو اپنے رب کے پیغام پہنچا دئے ہیں اور تمہاری خیر خواہی کی تھی اب میں اس قوم پر کیسے افسوس کروں جو قبول حق سے انکار کرتی ہے (۹۳)

और जब हमने कोई ईशदूत किसी बस्ती में अपने नबीयों में से भेजा तो निःसन्देह वहां के रहने वालों को (जो विश्वास न लाए) दुखों और कष्टों में ग्रस्त किया ताकि वह नम्रता और विलाप करें (94)

<u>اور جب ہم نے کوئی رسول کسی بستی میں اپنے نبیوں میں سے بھیجا تو یقیناً وہاں کے رہنے والوں کو (جو ایمان نہ لائے) دکھوں اور مصیبتوں میں مبتلا کیا تاکہ وہ عاجزی اور زاری کریں (۹۴)</u>

फिर हमने उनकी दुरावस्था को सम्पन्नता से बदल दिया यहां तक कि वह बहुत फले फूले और कहने लगे कि इस प्रकार का दुख और आराम हमारे बड़ों को भी पहुंचता रहा है तो हमने उनको अचानक पकड़ लिया और वह (अपनी दशा में) अचेत थे (95)

پھر ہم نے ان کی بدحالی کو خوشحالی سے بدل دیا۔ یہاں تک کہ وہ خوب پھلے پھولے اور کہنے لگے کہ اس طرح کا رنج و راحت ہمارے بڑوں کو بھی پہنچتا رہا ہے۔ تو ہم نے ان کو اچانک پکڑ لیا اور وہ (اپنے حال میں) بے خبر تھے (۹۵)

यदि उन बस्तियों के लोग आस्था ले आते और सदाचारी हो जाते तो हम उन पर आकाश और पृथ्वी की अधिकता (के द्वार) खोल देते, परन्तु उन्होंने तो झुटलाया, सो उनके कर्म के दण्ड में हमने उनको पकड़ लिया (96)

اگر ان بستیوں کے لوگ ایمان لے آتے اور پرہیزگار ہوجاتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین کی برکات (کے دروازے) کھول دیتے مگر انہوں نے تو جھٹلایا۔ سو ان کے اعمال کی سزا میں ہم نے ان کو پکڑ لیا (۹۶)

क्या नास्तिकों के रहने वाले इससे निश्चिन्त है कि उन पर हमारी यातना रात्रि को आए और वह सो रहे हो (97)

کیا بستیوں کے رہنے والے اس سے بے خوف ہیں۔ کہ ان پر ہمارا عذاب رات کو آئے اور وہ سو رہے ہوں (۹۷)

और क्या बस्ती वाले इससे निडर हैं कि उन पर हमारा कष्ट दिन चढ़े आए और वह खेल रहे हों (98)

اور کیا بستی والے اس سے نڈر ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب دن چڑھے آنازل ہو اور وہ کھیل رہے ہوں (۹۸)

क्या वह ईश्वर की युक्तियों का भय नही रखते (सुन लो कि) ईश्वर की गुप्त युक्तियों से वही निडर होते हैं जो हानि उठाने वाले हैं (99)

کیا وہ اللہ کی تدبیروں کا ڈر نہیں رکھتے (سن لو کہ) اللہ کی چھپی تدبیروں سے وہی لوگ نڈر ہوتے ہیں جو نقصان اٹھانے والے ہیں (۹۹)

क्या उन लोगों को जो धरती को अधिकारियों की (मृत्यु के) बाद धरती के उत्तराधिकारी होते हैं यह काम सूझ का नही हुआ कि यदि हम चाहें तो उनके पापों के कारण उन पर कष्ट डाल दें और इसी कारण उनके हृदयों पर हमारा नियम मोहर लगा दें कि कुछ सुन ही न सकें, (100)

کیا ان لوگوں کو جو اہل زمین کے (مرجانے کے) بعد زمین کے وارث ہوتے ہیں۔ یہ کام موجب ہدایت نہیں ہوا کہ اگر ہم چاہیں تو ان کے گناہوں کے سبب اُن پر مصیبت ڈال دیں اور اسی سبب ان کے دلوں پر ہمارا قانون مہر لگا دے کہ کچھ سن ہی نہ سکیں (۱۰۰)

یہ بستیاں ہیں جن کے کچھ حالات ہم تم کو سناتے ہیں اور

यह बस्तियां है जिनके कुछ समाचार हम तुम को सुनाते है और उनके पास उनके रसूल चिन्ह लेकर आए परन्तु वह ऐसे नही थे कि जिस वस्तु को पहले झुटला चुके हो उसे मानले इसी प्रकार ईश्वर नास्तिकों के हृदयों पर मोहर लगा देते है अर्थात उसका नियम, (101)
हमने उन में बहुतो को ऐसा पाया कि वह अपने वचन पर स्थापित न थे और उनमें अधिकांश को पाया कि वह भ्रष्ट थे, (102)
फिर उनके बाद हमने मूसा को अपने चिन्हों के साथ फिर औन और उस के दरबारियों की ओर भेजा परन्तु उन्होंने उनके साथ अत्याचार किया तो देखो उन विकार करने वालो का परिणाम क्या हुआ (103)
और मूसा ने कहा ऐ फिर औन मैं विश्व पालक का ईश्दूत हूं, (104)
मुझ पर अनिवार्य है कि ईश्वर की ओर से जो कुछ कहूं सचही कहूं मैं तुम्हारे पास तुम्हारे ईश्वर की ओर से चिन्ह ले कर आया हूं सो बनी इसराईल को मेरे साथ जाने दें (105)
फिर औन ने कहा यदि तू चिन्ह लेकर आया है और तू सच्चा है तो ला दिखा, (106)
मूसा ने अपनी लाठी डाल दी तो अचानक वह स्पष्ट अजगर बन गई, (107)
और अपना हाथ बाहर निकाला तो वह देखने वालों के लिए सफेद चमकीला निकला, (108)
(यह देख कर) फिर औन के नेता कहने लगे यह बड़ा चालाक जादूगर है, (109)
इसका इरादा है कि तुमको तुम्हारे देश से निकाल दे बताओ तुम्हारा विचार क्या है, (110)
उन्होंने कहा कि इस समय मूसा और इसके भाई के विषय को स्थगित रखऐ और नगरों में हरकारे रवाना कर दीजिए (111)
कि तमाम माहिर जादूगरों को आपके पास ले आऐं (112)
और जादूगर फिर औन के पास आ पहुंचे और कहने लगे कि यदि हम सफल रहें तो हमे पुरस्कार दिया जाएगा? (113)
फिर औन ने कहा अवश्य मिलेगा और तुम को सम्मानित समासदो में सम्मिलित कर लिया जाएगा, (114)
जादूगरो ने कहा मूसा या तो तुम डालों या हम डालतें है, (115)
मूसा ने कहा तुमही डालो जब उन्होंने जादू की वस्तुएं डाली तो लोगों की आंखों पर जादू कर दिया और अपने जादू से आतंक फैला दिया और बहुत बड़ा जादू किया, (116)
और हमने मूसा पर वही की कि तुमभी अपनी लाठी डाल दो जूंही उसने अपनी लाठी डाली तो अचानक ऐसा हुआ कि वह जादू के झूटे प्रदर्शन को निगल गई (117)

ان کے پاس ان کے رسول نشانیاں لے کر آئے مگر وہ ایسے نہیں تھے کہ جس چیز کو پہلے جھٹلا چکے ہوں اسے مان لیں اسی طرح اللہ کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے یعنی اس کا قانون (۱۰۱)
ہم نے ان میں بہتوں کو ایسا پایا کہ وہ اپنے عہد پر قائم نہ تھے اور ان میں اکثروں کو پایا کہ وہ فاسق تھے (۱۰۲)
پھر ان کے بعد ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف بھیجا مگر انہوں نے ان کے ساتھ زیادتی کی تو دیکھو ان خرابی کرنے والوں کا انجام کیا ہوا (۱۰۳)
اور موسیٰ نے کہا اے فرعون میں رب العالمین کا رسول ہوں (۱۰۴)
مجھ پر واجب ہے کہ اللہ کی طرف سے جو کچھ کہوں سچ ہی کہوں میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں سو بنی اسرائیل کو میرے ساتھ جانے دے (۱۰۵)
فرعون نے کہا اگر تو نشانی لے کر آیا ہے اور تو سچا ہے تو لا دکھا (۱۰۶)
موسیٰ نے اپنی لاٹھی ڈال دی تو یکا یک وہ صاف اژدہا بن گئی (۱۰۷)
اور اپنا ہاتھ باہر نکالا تو وہ دیکھنے والوں کے لئے سفید چمکیلا نکلا (۱۰۸)
(یہ دیکھ کر) فرعون کے سردار کہنے لگے یہ بڑا چالاک جادوگر ہے (۱۰۹)
اس کا ارادہ ہے کہ تم کو تمہارے ملک سے نکال دے بتاؤ تمہاری کیا رائے ہے (۱۱۰)
انہوں نے کہا کہ اس وقت موسیٰ اور اس کے بھائی کے معاملہ کو ملتوی رکھیے اور شہروں میں نقیب روانہ کر دیجئے (۱۱۱)
کہ تمام ماہر جادوگروں کو آپ کے پاس لے آئیں (۱۱۲)
اور جادوگر فرعون کے پاس آ پہنچے اور کہنے لگے کہ اگر ہم جیت گئے تو ہمیں صلہ عطا کیا جائے گا؟ (۱۱۳)
فرعون نے کہا ضرور ملے گا اور تم کو مقرب درباریوں میں شامل کر لیا جائے گا (۱۱۴)
جادوگروں نے کہا کہ موسیٰ یا تو تم ڈالو یا ہم ڈالتے ہیں (۱۱۵)
موسیٰ نے کہا تم ہی ڈالو۔ جب انہوں نے جادو کی چیزیں ڈالیں تو لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا اور اپنے جادو سے دہشت پھیلا دی اور بہت بڑا جادو کیا (۱۱۶)
اور ہم نے موسیٰ پر وحی کی کہ تم بھی اپنی لاٹھی ڈال دو۔ جونہی اس نے اپنی لاٹھی پھینکی تو اچانک ایسا ہوا کہ وہ جادوگروں کی جھوٹی نمائش کو نگل گئی (۱۱۷)

सत्य सिद्ध हो गया और जादूगरो ने जो करतब किये थे सब नष्ट हो गए (118)

حق ثابت ہوگیا اور جادوگروں نے جو کرتب کئے تھے سب نیست و نابود ہوگئے (۱۱۸)

इस प्रकार (फ़िरऔन और उसके दरबारी) परास्त होकर अपमानित हुए (119)

اس طرح (فرعون اور اس کے درباری) مغلوب ہوکر ذلیل و خوار ہوئے (۱۱۹)

और (यह देखकर) जादूगर सजदे में गिर पड़े (120)

اور (یہ دیکھ کر) جادوگر سجدے میں گر پڑے (۱۲۰)

उन्होंने कहा कि हम उस ईश्वर पर विश्वास ले आए जो सारे संसार का पालने वाला है (121)

انہوں نے کہا کہ ہم اس اللہ پر ایمان لے آئے جو سارے جہاں کا رب ہے (۱۲۱)

जो मूसा और हारून का रब है (124)

جو موسیٰ اور ہارون کا رب ہے (۱۲۲)

फ़िरऔन ने कहा जादूगरों से इससे पहले कि मैं तुम्हें आज्ञा दूं तुम इस पर आस्था ले आए? निःसन्देह यह छल है जो तुमने मिलकर नगर में किया है ताकि नगर वालों को यहां से निकाल दो सो निकट ही जान लोगे (123) {20:71}

فرعون نے کہا جادوگروں سے اس سے پہلے کہ میں تمہیں اجازت دوں تم اس پر ایمان لے آئے؟ بے شک یہ فریب ہے جو تم نے مل کر شہر میں کیا ہے تاکہ شہر والوں کو یہاں سے نکال دو سو عنقریب جان لوگے (۱۲۳) [۲۰:۷۱]

मैं तुम्हारे एक ओर के हाथ दूसरे ओर के पग काट दूंगा फिर तुम सबको सूली पर चढ़ा दूंगा (124)

میں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ دوسرے طرف کے پاؤں کاٹ دوں گا پھر تم سب کو سولی چڑھادوں گا (۱۲۴)

नोट- आयत 123 में शब्द इज़न आया है जिस का अर्थ लिखा गया है आज्ञा फिर औन ने कहा कि तुम इस पर विश्वास ले आए पूर्व इस के कि मैं आज्ञा दूं तो क्या फ़िरऔन मूसा पर विश्वास लाने की आज्ञा दे देता निःसंदेह फिर औन आज्ञा नही देता परन्तु उसने यह शब्द बोला जिसका अर्थ यह है कि मेरी आज्ञा बिलकुल नही और न मेरे नियम में है कि तुम या और कोई मूसा के ईश्वर पर आस्था लाए चूंकि अपने राज्य तक हर व्यक्ति का प्रतिपालक मैं हूं बस यही अर्थ आयत (2:255) में शब्द इज़न का है जहां ईश्वर कह रहा है कि कौन है जो मेरी आज्ञा (इज़न) के बिना अनुशंसा कर सके अर्थात मेरी आज्ञा ही नही है क्योंकि मैं हर प्रकट गुप्त आगे पीछे को जानता हूं मेरा यह नियम नही है कि पापियों की अनुशंसा हो.

نوٹ: ۔آیت ۱۲۳ میں لفظ اذن آیا ہے جس کا مطلب لکھا گیا ہے اجازت یعنی فرعون نے کہا کہ تم اس پر ایمان لے آئے قبل اس کے کہ میں اجازت دوں. تو کیا فرعون موسیٰ پر ایمان لانے کی اجازت دے دیتا؟ یقیناً فرعون اجازت نہیں دیتا. مگر اس نے یہ لفظ بولا جس کا مطلب یہ ہے کہ میری اجازت بالکل نہیں اور نہ میرے قانون میں ہے کہ تم یا اور کوئی موسیٰ کے اللہ پر ایمان لائے. چونکہ اپنی بادشاہت تک ہر آدمی کا رب میں ہوں. بس یہی مطلب آیت (۲:۲۵۵) میں لفظ اذن کا ہے جہاں اللہ کہہ رہا ہے کہ کون ہے جو میری اجازت (اذن) کے بغیر شفاعت کر سکے. یعنی میری اجازت ہی نہیں ہے کیونکہ میں ہر ظاہر چھپے آگے پیچھے کو جانتا ہوں میرا یہ قانون نہیں ہے کہ مجرموں کی شفاعت ہو.

वह बोले कि हम अपने ईश्वर की ओर लोटकर जाने वाले है, (125)

وہ بولے کہ ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں (۱۲۵)

इसके अतिरिक्त और हमारा क्या दोष है कि जब हमारे ईश्वर के चिन्ह हमारे पास आ गए तो हम उनपर विश्वास ले आए ऐ रब हम पर धैर्य का लाभ कर और हमें मृत्यु दे तो इस दशा में कि हम मुस्लिम हो, (126) {3:55, 5:117}

اس کے علاوہ اور ہمارا کیا قصور ہے کہ جب ہمارے رب کی نشانیاں ہمارے پاس آئیں تو ہم ان پر ایمان لے آئے! اے رب ہم پر صبر کا فیضان کر اور ہمیں موت دے تو اس حال میں کہ ہم مسلم ہوں (۱۲۶) [۳:۵۵، ۵:۱۱۷]

और फिर औन की जाती में जो नेता थे कहने लगे कि क्या तू मूसा और उसकी जाती को छोड़ देगा कि देश में विकार करें और तुमसे और तेरे देवताओ से मुख फेर ले? वह बोला कि हम उनके लड़को को वध करते रहेंगे और लड़कियों को जीवित रहने देंगे और निःसंदेह हम उन पर पूर्ण अधिकार रखतें हैं, (127)

اور قوم فرعون میں جو سردار تھے کہنے لگے کہ کیا تو موسیٰ اور اس کی قوم کو چھوڑ دے گا کہ ملک میں خرابی کریں اور تجھ سے اور تیرے معبودوں سے منہ پھر لیں؟ وہ بولا کہ ہم ان کے لڑکوں کو قتل کرتے رہیں گے اور لڑکیوں کو زندہ رہنے دیں گے اور بے شبہ ہم ان پر پورا اختیار رکھتے ہیں (۱۲۷)

मूसा ने अपनी जाती से कहा कि ईश्वर से सहयता मांगो और धैर्यवान रहो पृथ्वी तो ईश्वर की है वह अपने बच्चों में से जिसे चाहता है उसका स्वामी बनाता है और अन्त भला तो डरने वालों का है (128)

موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ سے مدد مانگو اور ثابت قدم رہو زمین تو اللہ کی ہے وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کا مالک بناتا ہے اور آخر بھلا تو ڈرنے والوں کا ہے (۱۲۸)

वह बोले तुम्हारे आने से पहले भी हम सताय जा रहे थे और तुम्हारे आने के बाद भी मूसा ने कहा निकट है कि तुम्हारा स्वामी तुम्हारे शत्रु को वध

وہ بولے تمہارے آنے سے پہلے بھی ہم ستائے جارہے تھے اور تمہارے آنے کے بعد بھی موسیٰ نے کہا قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تمہارے دشمن کو ہلاک کردے اور اس کی

कर दे और उसके स्थान तुम्हें पृथ्वी में उसका उत्तराधिकारी बनाए फिर देखे कि तुम कैसे कर्म करते हो. (129)

جگہ تمہیں زمین میں اس کا جانشین بنائے پھر دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو (۱۲۹)

और हमने फ़िरऔनियों को काल और फलों की हानि में पकड़ा ताकि शिक्षा प्राप्त करें. (130)

اور ہم نے فرعونیوں کو قحط سالی اور پھلوں کے نقصان میں پکڑا تاکہ نصیحت حاصل کریں (۱۳۰)

तो जब उनको सम्पन्नता आती तो कहते कि हम इसके अधिकारी हैं और यदि कष्ट आता तो मूसा और उनके साथियों की अपशकुन बताते देखो उनकी अपशकुनी ईश्वर के नियम के अनुसार ईश्वर के यहां निश्चित है, किन्तु उनमें अधिकांश जानते नही. (131) {27:47, 36:19-18}

تو جب ان کو خوشحالی میسر ہوتی تو کہتے کہ ہم اس کے حق دار ہیں اور اگر سختی پہنچتی تو موسیٰ اور ان کے رفیقوں کی بدشگونی بتاتے. دیکھو ان کی بدشگونی اللہ کے قانون کے مطابق اللہ کے یہاں مقدر ہے لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے (۱۳۱) [۲۷:۴۷، ۳۶:۱۸، ۱۹]

और कहने लगे कि तुम हमारे पास कोई चिन्ह लाओ ताकि उससे हम पर जादू करो, परन्तु हम तुम पर विश्वास लाने वाले नही हैं. (132)

اور کہنے لگے کہ تم ہمارے پاس کوئی نشانی لاؤ تا کہ اس سے ہم پر جادو کرو، مگر ہم تم پر ایمان لانے والے نہیں ہیں (۱۳۲)

तो हमने उन पर आंधियां और टिड्डीयां और जूऐं और मेंढ़क और रक्त कितने खुले चिन्ह भेजे परन्तु वह घमण्ड ही करते रहे और वह लोग थे ही पापी. (133)

تو ہم نے ان پر طوفان اور ٹڈیاں اور جوئیں اور مینڈک اور خون کتنی کھلی نشانیاں بھیجیں مگر وہ تکبر ہی کرتے رہے اور وہ لوگ تھے ہی گناہگار (۱۳۳)

और जब उन पर कष्ट आता तो कहते कि मूसा हमारे लिए अपने रब से प्रार्थना करो जैसा उसने तुमसे वचन कर रखा है यदि तुम हमसे कष्ट टाल दोगे तो हम तुम पर विश्वास भी ले आएंगे और बनी ईसराईल को भी तुम्हारे साथ जाने देंगे (134)

اور جب ان پر عذاب آتا تو کہتے کہ موسیٰ ہمارے لئے اپنے پروردگار سے دعا کرو جیسا اس نے تم سے عہد کر رکھا ہے تم ہم سے عذاب ٹال دو گے تو ہم تم پر ایمان بھی لے آئیں گے اور بنی اسرائیل کو بھی تمہارے ساتھ جانے دیں گے (۱۳۴)

फिर जब हमने एक समय के लिए जिस तक उन्हें (अपने दुष्ट कर्मों के कारण) पहुंचाना था उनसे कष्ट टाल दिया तो उन्होंने उसी समय अपना वचन तोड़ दिया. (135)

پھر جب ہم نے ایک مدت کے لئے جس تک انہیں (اپنی بداعمالیوں کی وجہ سے) پہنچنا تھا ان سے عذاب ٹال دیا تو انہوں نے اسی وقت اپنا عہد توڑ دیا (۱۳۵)

तो हमने उनसे बदला लेकर ही छोड़ा कि उनको नदी में डुबो दिया इसलिए कि वह हमारी आयतों को झुटलाते और उनसे बेवफ़ाई करते थे. (136)

تو ہم نے ان سے بدلہ لے کر ہی چھوڑا کہ ان کو دریا میں ڈبو دیا. اس لئے کہ وہ ہماری آیتوں کو جھٹلاتے اور ان سے بے پروائی کرتے تھے (۱۳۶)

और जो लोग बलहीन समझेजाते थे उनको पृथ्वी के पूर्व और पश्चिम का स्वामी बना दिया जिसे हमने अधिकता दी थी और बनी ईसराईल के विषय में तेरे रब का अच्छा वचन पूरा हुआ इसलिए कि वह धैर्य वान रहे और हमने फ़िरऔन और उसकी जाति ने जो भवन बनाए थे और अंगूर के उपवन जो छतरियों पर चढ़ाने थे सबको हमने नष्ट कर दिया. (137)

اور جو لوگ کمزور سمجھے جاتے تھے ان کو زمین کے مشرق اور مغرب کا مالک بنا دیا جسے ہم نے برکت دی تھی اور بنی اسرائیل کے حق میں تیرے رب کا نیک وعدہ پورا ہو کر رہا اس لئے کہ وہ ثابت قدم رہے اور ہم نے فرعون اور اس کی قوم نے جو محل بنائے تھے اور انگور کے باغ جو چھتریوں پر چڑھاتے تھے سب کو ہم نے تباہ کر دیا (۱۳۷)

और हमने बनी ईसराईल को दरया के पार किया तो वह ऐसे लोगों के पास पहुंचे जो अपने बुतों की पूजा के लिए बेठे रहते थे (बनी ईसराईल कहने लगे कि मूसा जैसा उन लोगों के देवता हैं हमारे लिए भी एक देवता बना दो. मूसा ने कहा कि तुम बड़े ही मूर्ख हो (138)

اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا کے پار کیا تو وہ ایسے لوگوں کے پاس پہنچے جو اپنے بتوں کی عبادت کے لئے بیٹھے رہتے تھے (بنی اسرائیل) کہنے لگے کہ موسیٰ جیسے ان لوگوں کے معبود ہیں ہمارے لئے بھی ایک معبود بنا دو موسیٰ نے کہا کہ تم بڑے ہی جاہل لوگ ہو (۱۳۸)

वह लोग जिसमें (फंसे हुए) हैं वह नष्ट होने वाला है और जो कार्य वह करते है सब व्यर्थ है (139)

وہ لوگ جس میں (پھنسے ہوئے) ہیں وہ برباد ہونے والا ہے اور جو کام وہ کرتے ہیں سب باطل ہے (۱۳۹)

और यह भी कहा भला मैं ईश्वर के सिवा तुम्हारे लिए और पूज्य खोजूं यद्यपि उसने तुमको सम्पूर्ण संसार वालों पर सम्मान दिया है (140)

اور یہ بھی کہا بھلا میں اللہ کے سوا تمہارے لئے اور معبود تلاش کروں حالانکہ اس نے تم کو تمام اہل عالم پر فضیلت دی ہے (۱۴۰)

और वह समय जब हमने तुम को फ़िरऔनियों से मुक्ति दी वह लोग तुम को बड़ा दुख देते थे तुम्हारे पुत्रों को वध कर डालते थे और पुत्रियों को जीवित रहने देते थे और उसमें तुम्हारे रब की ओर से कठिन परीक्षा थी (141)

और पहले हमने मूसा से तीस रातों का वचन लिया था फिर दस रातें मिलाकर पूरी चालीस कर दिया तो उसके ईश्वर की चालीस रात की संख्या पूरी हो गई और मूसा ने अपने भाई हारून से कहा कि मेरे बाद तुम मेरी जाति में मेरे स्थानापन्न हो उनका सुधार करते रहना और शैतानों के मार्ग पर न चलना (142)

और जब मूसा हमारे निर्धारित किये हुए समय पर पहुंचे और उनके पालनहार ने उनसे वार्ता की तो कहने लगे कि ऐ रब दिखा कि मैं तेरा दर्शन करूं ईश्वर ने कहा कि तुम मुझे कदापि न देख सकोगे, हां, पर्वत की ओर देखते रहो यदि यह अपने स्थान पर स्थापित रहा तो तब तुम मुझको देख सकोगे तो जब उसके ईश्वर ने पर्वत पर तेज डाला तो उसको कण कण कर दिया और मूसा अचेत होकर गिर पड़े जब चेतना आई तो कहने लगे कि तेरा अस्तित्व पवित्र है और मैं तेरे समक्ष पश्चाताप करता हूं और जो आस्था लाने वाले हैं उनमें सबसे प्रथम हूं (143)

ईश्वर ने कहा (मूसा) मैंने तुम को अपने संदेश और अपनी वाणी से लोगों से श्रेष्ठ किया है तो जो मैंने तुम को प्रदान किया है उसे पकड़ रखो और आज्ञाकारी करो (144)

और हमने पट्टिकाओं में उनके लिए हर प्रकार की शिक्षा और हर वस्तु का विवरण लिख कर दिया (फिर आदेश किया कि) बल से पकड़े रहो और अपनी जाति से भी कह दो कि उन बातों को जो इसमें अंकित है बहुत उत्तम है पकड़े रहें, मैं निकट ही तुम को अवज्ञाकारियों का घर दिखाऊंगा (145)

और जो लोग धरती में अनुचित घमण्ड करते हैं वह हमारी आयात से फिरे रहते हैं (अर्थात वह स्वीकार न करेंगे) यदि वह सब चिन्ह भी देख ले तब भी उन पर विश्वास न लाएंगे और यदि सत्य मार्ग देखेंगे तो उसे अपना मार्ग न बनाएंगे, और यदि पथ भ्रष्टता का मार्ग देखेंगे तो उसे अपना लेंगे, यह इसलिए कि उन्होंने हमारी धाराओं को झुटलाया और उनसे अचेत रहे (146)

जो लोग हमारी आयतों को और परलोक के आने को झुटलाएंगे उनके कर्म नष्ट हो जाएंगे वह जैसे कर्म करते हैं वैसा ही उनको फल मिलेगा (147) {2:7;4:155;9:127;51:9;61:5;83:14}

और मूसा की जाति ने मूसा के बाद अपने आभूषण का बछड़ा बना लिया (वह) एक शरीर (था) जिसमें से बैल की ध्वनि निकलती थी, उन लोगों ने यह न देखा कि वह न उनसे बात कर सकता है और न

اور وہ وقت جب ہم نے تم کو فرعونیوں سے نجات دی وہ لوگ تم کو بڑا دکھ دیتے تھے تمہارے بیٹوں کو قتل کر ڈالتے تھے اور بیٹیوں کو زندہ رہنے دیتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے سخت آزمائش تھی (۱۴۱)

اور پہلے ہم نے موسیٰ سے تیس راتوں کا وعدہ لیا تھا پھر دس راتیں ملا کر پورا چالیس کر دیا تو اس کے رب کی چالیس رات کی تعداد پوری ہو گئی اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا کہ میرے بعد تم میری قوم میں میرے جانشین ہو ان کی اصلاح کرتے رہنا اور شریروں کے رستے پر نہ چلنا (۱۴۲)

اور جب موسیٰ ہمارے مقرر کئے ہوئے وقت پر پہنچے اور ان کے رب نے ان سے کلام کیا تو کہنے لگے کہ اے رب دکھا کہ میں تیرا دیدار دیکھوں رب نے کہا کہ تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے ہاں پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو اگر یہ اپنی جگہ قائم رہا تو تم مجھ کو دیکھ سکو گے تو جب اس کے رب نے پہاڑ پر تجلی کی تو اس کو ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ بےہوش ہو کر گر پڑے۔ جب ہوش آیا تو کہنے لگے کہ تیری ذات پاک ہے اور میں تیرے حضور میں توبہ کرتا ہوں اور جو ایمان لانے والے ہیں ان میں سب سے اول ہوں (۱۴۳)

اللہ نے فرمایا (موسیٰ) میں نے تم کو اپنے پیغام اور اپنے کلام سے لوگوں سے ممتاز کیا ہے تو جو میں نے تم کو عطا کیا ہے اسے پکڑ رکھو اور فرمانبرداری کرو (۱۴۴)

اور ہم نے تختیوں میں ان کے لئے ہر قسم کی نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل لکھوا کر دی (پھر ارشاد فرمایا کہ) زور سے پکڑے رہو اور اپنی قوم سے بھی کہہ دو کہ ان باتوں کو جو اس میں درج ہیں بہت بہتر ہیں پکڑے رہیں۔ میں عن قریب تم کو نافرمان لوگوں کا گھر دکھاؤں گا (۱۴۵)

اور جو لوگ زمین میں ناحق غرور کرتے ہیں وہ ہماری آیات سے پھرے رہتے ہیں (یعنی وہ قبول نہیں کریں گے) اگر وہ سب نشانیاں بھی دیکھ لیں تب بھی ان پر ایمان نہ لائیں گے۔ اور اگر راستی کا رستہ دیکھیں گے تو اسے اپنا رستہ نہ بنائیں گے۔ اور اگر گمراہی کی راہ دیکھیں گے تو اسے اپنا لیں گے۔ یہ اس لئے کہ انہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا اور ان سے غفلت کرتے رہے (۱۴۶)

اور جو لوگ ہماری آیتوں کو اور آخرت کے آنے کو جھٹلائیں گے ان کے اعمال ضائع ہو جائیں گے وہ جیسے عمل کرتے ہیں ویسا ہی ان کو بدلہ ملے گا (۱۴۷)[۲:۷،۴:۱۵۵، ۹:۱۲۷، ۵۱:۹، ۶۱:۵، ۸۳:۱۴]

اور قوم موسیٰ نے موسیٰ کے بعد اپنے زیور کا ایک بچھڑا بنا لیا (وہ) ایک جسم (تھا) جس میں سے بیل کی آواز نکلتی تھی۔ ان لوگوں نے یہ نہ دیکھا کہ وہ نہ ان سے بات کر سکتا ہے

उनको मार्ग दर्शन कर सकता है उसको उन्होंने पूज्य बना लिया और अपने प्रति अन्याय किया (148)

اور نہ ان کو رستہ دکھا سکتا ہے اس کو انہوں نے معبود بنالیا اور اپنے حق میں ظلم کیا (۱۴۸)

और जब उनको (अपनी त्रुटि का बोध हुआ तो लज्जा से) हाथ मलने लगे और उन्होंने देख लिया कि वह पथ भ्रष्ट हो गए हैं तो कहने लगे यदि हमारे रब ने पहले भी हम पर कृपा न की होती और हमारे पाप क्षमा न किए होते तो हम हानि उठाने वालों में हो जाते अतः अब भी आशा है कि वह दया करेगा. (149)

اور جب ان کو (اپنی غلطی کا احساس ہوا تو ندامت سے) ہاتھ ملنے لگے اور انہوں نے دیکھ لیا کہ وہ گمراہ ہو گئے ہیں تو کہنے لگے اگر ہمارے رب نے پہلے بھی ہم پر رحم نہ کیا ہوتا اور ہمارے قصور معاف نہ کئے ہوتے تو ہم نقصان اٹھانے والوں میں ہو جاتے اس لئے اب بھی امید ہے کہ وہ رحم کرے گا (۱۴۹)

और जब मूसा वापस आया अपनी जाति की और ईश्वर के नियम लेकर (तो वह जाति दशा जो मूर्ती पूजा कर रही थी देख कर) क्रोध किया और दुख के साथ कहा कि तुमने मेरे जाने के बाद कैसी अनुचित गति की? और कैसी अनुचित स्थानापन्नता की? क्या तुम्हें इतनी जल्दी थी कि अपने ईश्वर के आदेश की भी प्रतीक्षा न कर सके? और उसने पट्टिकाऐं एक ओर रख दी और अपने भाई हारून के सर के बालों को पकड़कर अपनी ओर खीचने लगे हारून ने कहा ऐ मेरी माता के पुत्र उन लोगों ने मुझे बलहीन जाना और निकट था कि वध कर डालें तो मेरे साथ ऐसा न कीजिए कि शत्रु हंसे और मुझे अन्यायियों में सम्मिलित न करो. (150)

اور جب موسیٰ واپس آیا اپنی قوم کی طرف احکام الٰہی لے کر (تو قوم کی حالت جو بت پرستی کر رہی تھی دیکھ کر) غصہ کیا اور افسوس کے ساتھ کہا کہ تم نے میرے جانے کے بعد کیسی نامعقول حرکت کی اور کیسی بُری جانشینی کی؟ کیا تمہیں اتنی جلدی تھی کہ اپنے رب کے حکم کا انتظار بھی نہ کر سکے؟ اور اس نے تختیاں ایک طرف رکھ دیں اور اپنے بھائی ہارون کے سر کے بالوں کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچنے لگے ہارون نے کہا اے میرے ماں جائے بھائی ان لوگوں نے مجھے کمزور سمجھا اور قریب تھا کہ قتل کر ڈالیں تو میرے ساتھ ایسا نہ کیجئے کہ دشمن ہنسیں. اور مجھے ظالموں میں شامل نہ کیجئے (۱۵۰)

तब उन्होंने प्रार्थना की कि ऐ मेरे रब मुझे और मेरे भाई को क्षमा कर दें और हमें अपनी अनुकम्पा में प्रविष्ट कर तू सबसे बढ़कर दया करने वाला है. (151)

تب انہوں نے دعا کی کہ اے میرے رب مجھے اور میرے بھائی کو معاف کر دے اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے (۱۵۱)

इसमें कोई शंका नही की जिन लोगों ने बछड़े को पूज्य बनाया उन पर उनके ईश्वर का क्रोध शीघ्र अवतरित होगा. और दुनिया के जीवन में अपमान होगा हम ऐसे झूट बनाने वाले को ऐसी ही यातना देतें हैं. (152)

اس میں کوئی شک نہیں کہ جن لوگوں نے بچھڑے کو معبود بنایا ہے ان پر ان کے رب کا غضب جلد نازل ہوگا اور دنیا کی زندگی میں ذلت ہوگی ہم ایسے جھوٹ بنانے والوں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں (۱۵۲)

और जिन्होंने बुरे कर्म किए फिर इसके बाद पश्चाताप करली और विश्वास ले आए तो कुछ शंका नही कि तुम्हारा ईश्वर इसके बाद क्षमा करने वाला दयालू है. (153)

اور جنہوں نے بُرے کام کئے پھر اس کے بعد توبہ کر لی اور ایمان لے آئے تو کچھ شک نہیں کہ تمہارا رب اس کے بعد بخشنے والا مہربان ہے (۱۵۳)

और जब मूसा का आवेश दूर हुआ तो पट्टिकाएं उठा ली और जो कुछ उनमें लिखा था वह उन लोगों के लिए जो अपने रब से डरते है पथ प्रदर्शन और कृपा है. (154)

اور جب موسیٰ کا جوش دور ہوا تو تختیاں اٹھا لیں اور جو کچھ ان میں لکھا تھا وہ ان لوگوں کے لئے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں ہدایت اور رحمت ہے (۱۵۴)

और मूसा ने उस समय पर जो हमने निश्चित की थी अपनी जाति के सत्तर आदमी चुने जब उनको भूचाल ने पकड़ा तो मूसा ने कहा ऐ रब यदि तू चाहता है तो इनको और मुझको पहले ही से वध कर देता क्या तू उस कर्म के दण्ड में जो हममें से मुर्ख लोगों ने किया है हमें वध कर देगा यह तो तेरी परिक्षा है इससे तू उसको जो अशुभ कर्म करता है पथ भ्रष्ट कर देता है और जो अच्छे कर्म करता है उसे हिदायत देता है (अर्थात तेरा नियम) तू ही हमारा सहयक है तू हमें क्षमा कर दें और हम पर दया कर और तू सबसे उत्तम क्षमा करने वाला है (155)

اور موسیٰ نے اس میعاد پر جو ہم نے مقرر کی تھی اپنی قوم کے ستر آدمی منتخب کئے جب ان کو زلزلے نے پکڑا تو موسیٰ نے کہا اے رب اگر تو چاہتا تو ان کو اور مجھ کو پہلے ہی سے ہلاک کر دیتا کہ تو اس فعل کی سزا میں جو ہم میں سے بے عقل لوگوں نے کیا ہے ہمیں ہلاک کر دے گا یہ تو تیری آزمائش ہے اس سے تو اس کو جو بُرے عمل کرتا ہے گمراہ کر دیتا ہے اور جو اچھے عمل کرتا ہے اسے ہدایت دیتا ہے (یعنی تیرا قانون) تو ہی ہمارا کارساز ہے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور تو سب سے بہتر مغفرت کرنے والا ہے (۱۵۵)

और हमारे लिए इस दुनिया में भी मंगल लिख दे और परलोक में भी, हम तेरी ओर प्रत्यागमन हो चुके, कहा कि जो मेरा दण्ड है उसे तो जिस पर चाहता हूं नियमानुसार अवतरित करता हूं और जो मेरी दया है वह हर अच्छी वस्तु को सम्मिलित है मैंनेउस को उन लोगों के लिए लिख दिया है जो सदाचारीता करते और दान देते और हमारी आयतों पर विश्वास रखतें हैं, (156)

(आज यह कृपा उन लोगों का भाग है) जो इस ईशदूत नबी उम्मी का अनुकरण गृहण करें जिसका उल्लेख उन्हें अपने यहां तोरात और इनजील में लिखा हुआ मिलता है बुराई से रोकता है उनके लिए पवित्र वस्तुऐं वैध बताता है और अशुद्ध वस्तुऐं अवैध बताता है और उन पर से वह भार उतारता है जो उन पर लदे हुए थे (अर्थात उन के मुर्ख ज्ञानियों ने अपनी ओर से बना कर उनको दिए थे) और वह बंधन भी खोलता है जिस में उनको जकड़ दिया गया था, अतः जो लोग उस पर विश्वास लाएं और उस का समर्थन व सहयता करें और उस प्रकाश का अनुराण स्वीकार करें जो उस पर अवतरित किया गया है वही सफल होने वाले होंगे, (157) {3:75, 6:146, 76:4}

اور ہمارے لئے اس دنیا میں بھی بھلائی لکھ دے اور آخرت میں بھی، ہم تیری طرف رجوع ہو چکے فرمایا کہ جو میرا عذاب ہے اسے تو جس پر چاہتا ہوں قانون کے مطابق نازل کرتا ہوں اور جو میری رحمت ہے وہ ہر اچھی چیز کو شامل ہے میں نے اس کو ان لوگوں کے لئے لکھ دیا ہے جو پرہیزگاری کرتے اور زکوٰۃ دیتے اور ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں (۱۵۶)

(آج یہ رحمت ان لوگوں کا حصہ ہے) جو اس رسول نبی اُمّی کی پیروی اختیار کریں گے جس کا ذکر انہیں اپنے یہاں تورات اور انجیل میں لکھا ہوا ملتا ہے وہ انہیں نیکی کا حکم دیتا ہے برائی سے روکتا ہے ان کے لئے پاک چیزیں حلال بتاتا ہے اور ناپاک چیزیں حرام بتاتا ہے اور ان پر سے وہ بوجھ اُتارتا ہے جو ان پر لدے ہوئے تھے (یعنی ان کے جاہل عالموں نے اپنی طرف سے بنا کر ان کو دئے تھے) اور وہ بندشیں بھی کھولتا ہے جس میں ان کو جکڑ دیا گیا تھا لہٰذا جو لوگ اس پر ایمان لائیں اور اس کی حمایت و نصرت کریں اور اس روشنی کی پیروی اختیار کریں گے جو اس پر نازل کی گئی ہے وہی فلاح پانے والے ہوں گے (۱۵۷)
[۳:۷۵، ۶:۱۴۶، ۷۶:۴)

नोट– मुसलमानों ने मुहम्मद स० को अनपढ़ माना है देखे कुरआन क्या कहता है?

सूरत बकरा आयत 78 और कतिपय उनमें उम्मी है कि सूचना नही रखते पुस्तक की अतिरिक्त झूटी कामनाओं की और उनके पास कुछ नही परन्तु कल्पना,

(2:79) सो विकार है उनको जो लिखते है पुस्तक अपने हाथ से फिर कह देते है यह ईश्वर की ओर से है ताकि लेवें उस पर थोड़ा सा मूल्य सो विकार है उनको अपने हाथों के लिखे से और विकार है उनको अपनी कमाई से आले इमरान 75 और कतिपय पुस्तक वालों में वह है कि यदि उनके पास धरोहर रखिए ढेर माल का तो दे दे तुमको और कतिपय उनमें वह है कि यदि उनके पास धरोहर रखे एक अशरफी तो न दे तुमको परन्तु जबकि तू रहे उसके सिर पर खड़ा यह इस वास्ते कि उन्होंने कह रखा है कि नही है इस पर उम्मी लोगों के लिए कुछ पाप वह झूट बोलते है ईश्वर पर और वह जानते है,

चूंकि बनी इसराईल में शिक्षा की कमी थी और वह उस समय धर्म और शास्त्र से अनभिज्ञ थे महामना मुहम्मद स० से पहले बनी इसमाईल में श्रीमान इसमाईल के बाद किसी नबी का प्रेषण नही हुआ जबकि इस समय में बनी इसमाईल के बीच बहुत से नबी आए और उन्हें पुस्तक भी मिली, इसके विपरीत बनी ईसमाईल को कुरआन से पहले पुस्तक भी नही मिली, इस कारण बनी इसमाईल को उम्मी बिना पुस्तक वाले कहते थे और यह शब्द बनी इसराईल अपमान के पहलू से प्रयोग करते थे, परन्तु बदवियत और उम्मियत व पुस्तक और धर्म शास्त्र से अपरिचय चूंकि वास्तविक रूप में उनके मध्य विधामान थी इस कारण से कुरआन में इस शब्द को उनके लिए विशिष्ट उपाधि के समान प्रयोग किया और मुहम्मद स० और सहाबा ने भी इस शब्द को बिना किसी आत्महीनता के प्रयोग किया, मानो बनी इसराईल के

نوٹ: مسلمانوں نے محمدؐ کو ان پڑھ لکھا ہے دیکھیں قرآن کیا کہتا ہے؟

سورت بقرہ آیت (۲:۷۸) اور بعض ان میں اُمّی ہیں کہ خبر نہیں رکھتے کتاب کی سوائے جھوٹی آرزوؤں کے اور ان کے پاس کچھ نہیں مگر خیالات۔

(۲:۷۹) سو خرابی ہے ان کو جو لکھتے ہیں کتاب اپنے ہاتھ سے پھر کہہ دیتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے تاکہ لیویں اس پر تھوڑا سا مول۔ سو خرابی ہے ان کو اپنے ہاتھوں کے لکھے سے اور خرابی ہے ان کو اپنی کمائی سے۔

آل عمران (۷۵) اور بعضے اہل کتاب میں وہ ہیں کہ اگر ان کے پاس امانت رکھے ڈھیر مال کا تو ادا کر دیں تجھ کو اور بعضے ان میں وہ ہیں کہ اگر ان کے پاس امانت رکھے ایک اشرفی تو ادا نہ کریں تجھ کو مگر جب کہ تو رہے اس کے سر پر کھڑا یہ اس واسطے کہ انہوں نے کہہ رکھا ہے کہ نہیں ہے ہم پر اُمّی لوگوں کے حق میں کچھ گناہ وہ جھوٹ بولتے ہیں اللہ پر اور وہ جانتے ہیں۔

چونکہ بنی اسماعیل میں تعلیم کی کمی تھی اور وہ اس وقت کی کتاب و شریعت سے ناآشنا تھے اور حضرت محمدؐ سے پہلے بنی اسماعیل میں حضرت اسماعیل کے بعد کسی نبی کی بعثت نہیں ہوئی جب کہ اس دوران بنی اسرائیل کے اندر بہت سے نبی آئے اور انہیں کتاب بھی ملی اس کے برعکس بنی اسماعیل کو قرآن سے پہلے کتاب بھی نہیں ملی۔ اس وجہ سے بنی اسرائیل بنی اسماعیل کو امی بغیر اہل کتاب کہتے تھے اور یہ لفظ بنی اسرائیل تحقیر کے پہلو سے استعمال کرتے تھے لیکن بدویت اور امیت کتاب و شریعت سے بیگانگی چونکہ بطور امر واقعہ ان کے اندر موجود تھی اس وجہ سے قرآن میں اس لفظ کو ان کے لئے بطور امتیازی لقب کے استعمال کیا۔ اور محمدؐ اور صحابہ نے بھی اس لفظ کو بلا کسی احساس کہتری کے استعمال کیا، گویا بنی

सम्मुख यह शब्द उनके लिए एक विशिष्ट उपाधि थी बनी इस्माईल के लिए उम्मी एक उपाधि के स्थान पर प्रयोग होता है इसका कारण यह है कि वह लोग पाठशाला की शिक्षा से अनभिज्ञ अपनी बदवियाना सादगी पर स्थापित थे और लिखना पढ़ना केवल अपने परिवार के पुरुषों से ही प्राप्त करते थे जो चलते फिरते और घर पर रहते हो जाती थी.

इस प्रकार यह शब्द विशिष्ट हो सकता है अरबों क लिए इस शब्द के प्रयोग का आरम्भ पुस्तक वालों से ही हुआ हो, किन्तु यह बात स्पष्ट है कि शब्द के प्रयोग में अरबों के लिए अपमान का कोई पार्श्व नही था अतः कुरआन ने इस शब्द को अरबों के लिए उनको पुस्तक वालों अर्थात यहूद व ईसाईयों से विभेदित करने के लिए प्रयोग किया है इस पार्श्व से मुहम्मद स0 के लिए नबी उम्मी की उपाधि प्रयोग हुई है न कि उन पढ़ होने के कारण नबी पढ़े लिखे थे इसका प्रमाण भी कुरआन में विधमान है दूसरी बात यह कि मक्काह को उम्मुल कुरा कहा जाता है जो कुरआन में अंकित है.

सूरत अलअनाम आयत 92 और इस लिए अवतरित की गई है कि इसके द्वारा तुम नगरों के इस केन्द्र (अर्थात उम्मुलकुरा) और इसके चारो ओर रहने वालो को सचेत कर दो.

सूरत शूरा आयत 7 हां इसी प्रकार ऐ नबी यह कुरआन अरबी हमने तुम्हारी ओर वही किया है ताकि तुम नगरो के केन्द्र (उम्मुलकुरा) और उसके चारो ओर रहने वालो को सचेत कर दो.

इस लिए भी उम्मुलकुरा (मक्काह) के रहने वालो को उम्मी कहा गया है जैसे चीन के रहने वाले को चीनी और अरब के रहने वाले को अरबी कहा जाता है.

आले इमरान आयत 20 फिर भी यदि तुझसे झगड़ा करें तो कहदे मैंने आधीन अपना मुख ईश्वर के आदेश पर और उन्होंने भी जो मेरे साथ है, कह दो पुस्तक वालों को और उम्मी (बिना पुस्तक वालो को) कि तुमभी आधीन होते हो फिर यदि वह आधीन हुए तो उन्होंने मार्ग पाया सीधा और यदि मुख मोड़े तो तेरा दायित्व केवल पहुंचा देना है और ईश्वर की दृष्टि में है बन्दे

सूरत जुमा आयत 2 वही है जिसने उठया अर्थात बनाया उम्मीयों में एक ईशदूत उनही में का पढ़कर सुनाता है उनको उसकी धाराएं और उनको संवारता है और सिखलाता है उनको पुस्तक और बुद्धि और इससे पहले थे वह खुली खोज में लुप्त हुए धर्म शास्त्र की.

उपरोक्त आयत को पढ़ने के बाद यह परिणाम सामने आता है कि उम्मी का अर्थ इन आयात में अनपढ़ कदापि नही, अपितु पुस्तक वालो की तुलना में बिना पुस्तक वाले और उम्मुल कुरा के रहने वालों से है, जैसा कि यहूदी कहते थे कि हम पुस्तक वाले है और अरबों पर कोई पुस्तक अवतरित नही हुई अतः यह उम्मी है और इनको कोई अधिकार नही है कि यह वाद करें कि हमारे मध्य एक नबी का प्रेषण हुआ है, ईशदौत्य और राज्य तो केवल हमारा ही अधिकार है इस पर ईश्वर ने कहा कि देखो जिनको तुम उम्मी अर्थात बिना पुस्तक वाले कहते हो उनमें ही नबी का प्रेषण किया गया है यह तो हमारी दया है हमारा प्रसाद है हम जिस पर चाहें दया करे और अब यह दया और प्रसाद उम्मीयों के लिए विशेष हो गया है.

(2:78,79) में कहा गया है कि उनमें कतिवय उम्मी है जो पुस्तक का ज्ञान नही रखते, बस अपने कुछ विचार रखते है उम्मी को अधिक सपष्ट करने के लिए इस्म मोसूला लिल्लज़ीना लाकर हर भ्रम को ही समाप्त कर दिया, यह इस्म मोसूला राजे हो रहा है उम्मीयों की ओर और कहा है कि दोष है उनको जो लिखते है पुस्तक अपने हाथ से, फिर कहते है,

اسرائیل کے بالمقابل یہ لفظ ان کے لئے ایک امتیازی لقب تھا. بنی اسماعیل کے لئے اُمّی بطور لقب استعمال ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ لوگ مدرسے کی تعلیم سے نا آشنا اپنی بدویانہ سادگی پر قائم تھے اور لکھنا پڑھنا صرف اپنے قبیلے کے افراد سے ہی حاصل کرتے تھے، جو چلتے پھرتے اور گھر پر رہتے ہو جاتی تھی.

اسی طرح یہ لفظ امتیازی ہو سکتا ہے عربوں کے لئے اس لفظ کے استعمال کا آغاز اہل کتاب سے ہی ہوا ہو لیکن یہ بات واضح ہے کہ اس لفظ کے استعمال میں عربوں کے لئے تحقیر کا کوئی پہلو نہیں تھا. چنانچہ قرآن نے اس لفظ کو عربوں کے لئے ان کو اہل کتاب یعنی یہود و عیسائیوں سے ممیز کرنے کے لئے استعمال کیا ہے. اس پہلو سے محمدؐ کے لئے نبی اُمّی کا لقب استعمال ہوا ہے نہ کہ ان پڑھ ہونے کی وجہ سے.

نبی پڑھے تھے اور اس کا ثبوت بھی قرآن میں موجود ہے دوسری بات یہ کہ مکہ کو ام القریٰ کہا جاتا ہے جو قرآن میں درج ہے.

سورہ انعام ۔ آیت ۹۲/ اور اس لئے نازل کی گئی ہے کہ اس کے ذریعہ تم بستیوں کے اس مرکز (یعنی ام القریٰ) اور اس کے گرد و پیش رہنے والوں کو خبردار کردو.

سورت شوریٰ ۔ آیت ۷/ ہاں اسی طرح اے نبی یہ قرآن عربی ہم نے تمہاری طرف وحی کیا ہے تا کہ تم بستیوں کے مرکز (ام القریٰ) اور اس کے اطراف میں رہنے والوں کو خبردار کردو.

اس لئے بھی ام القریٰ (مکہ) کے رہنے والوں کو اُمّی کہا گیا ہے جیسے چین کے رہنے والے کو چینی اور عرب کے رہنے والے کو عربی کہا جاتا ہے.

آل عمران ۔ آیت ۲۰/ پھر بھی اگر آپ سے جھگڑا کریں تو کہہ دے میں نے تابع کیا اپنا منہ اللہ کے حکم پر اور انہوں نے بھی جو میرے ساتھ ہیں کہہ دو کتاب والوں کو اور امی (غیر اہل کتاب کو) کہ تم بھی تابع ہوتے ہو. پھر اگر وہ تابع ہوئے تو انہوں نے راہ پائی سیدھی. اور اگر منہ پھریں تو آپ کے ذمہ صرف پہنچا دینا ہے اور اللہ کی نگاہ میں ہیں بندے.

سورت جمعہ ۔ آیت ۲/ وہی ہے جس نے اٹھایا امیوں میں ایک رسول ان ہی میں کا پڑھ کر سناتا ہے ان کو اس کی آیتیں اور ان کو سنوارتا ہے اور سکھلاتا ہے ان کو کتاب اور عقلمندی اور اس سے پہلے تھے وہ کھلی تلاش میں گم شدہ شریعت کی.

آیات بالا کو پڑھنے کے بعد یہ نتیجہ سامنے آتا ہے کہ اُمّی کا مطلب ان آیات میں ان پڑھ ہرگز نہیں، بلکہ اہل کتاب کے مقابلہ میں غیر اہل کتاب اور ام القرائی کے رہنے والوں سے ہے، جیسا کہ یہودی کہتے تھے کہ ہم اہل کتاب ہیں اور عربوں پر کوئی کتاب نازل نہیں ہوئی اس لئے یہ اُمّی ہیں. اور ان کو کوئی حق نہیں ہے کہ یہ دعویٰ کریں کہ ہمارے اندر ایک نبی مبعوث ہوا ہے. نبوت اور امارت تو صرف ہمارا ہی حق ہے اس پر اللہ نے فرمایا کہ دیکھو جن کو تم امی یعنی غیر اہل کتاب کہتے ہو ان میں ہی نبی مبعوث کیا گیا ہے یہ تو ہماری رحمت ہے ہمارا فضل ہے ہم جس پر چاہیں کریں اور اب یہ رحمت اور فضل اُمّیوں کے لئے خاص ہو گیا ہے.

(۲:۷۸،۷۹) میں کہا گیا ہے کہ ان میں بعض اُمّی ہیں جو کتاب کا علم نہیں رکھتے بس اپنے کچھ خیال رکھتے ہیں. اُمّی کی مزید وضاحت کرنے کے لئے اسم موصولہ للذین لا کر ہر شک کو ہی ختم کردیا. یہ اسم موصولہ راجع ہو رہا ہے امیوں کی طرف اور کہا ہے کہ خرابی ہے ان کو جو لکھتے ہیں کتاب اپنے ہاتھ سے پھر کہہ دیتے ہیں یہ

यह ईश्वर की ओर से है, देखिए इस आयत में कितने अच्छी प्रकार उम्मी को स्पष्ट कर दिया है, क्या अनपढ़ अपने हाथ से कुछ लिख सकता है? हाथ से वही लिखेगा जो पढ़ा होगा, अतः उम्मी का अर्थ अनपढ़ कदापि नही है, इस क्रम में और स्पष्टिकरण अवलोकन हो,

मुहम्मद स0 के विषय में अपने और पराए सब यही कहते है कि वह अनपढ़ थे केवल शब्द उम्मी को लेकर यद्यपि इसका स्पष्टिकरण ऊपर हो गया है, परन्तु और सुनिए क्या वास्तव में मुहम्मद स0 अनपढ़ थे,

सूरत फुरकान 25 आयत 5, और कहने लगे यह प्रतिया है पहलो की जिनको इसने लिख लिया है सो वही लिखवाई जाती है प्रातः और सायं,

सूरत अनकबूत 29 आयत 48, और इससे पहले (अर्थात कुरआन अवतरित होने से पहले) तुम कोई पुस्तक न पढ़ते थे और न अपने हाथ से कुछ लिखते थे यदि यूं होता तो व्यर्थ वाले अवश्य शंका लाते,

उपरोक्त लिखित (25:5) में स्वयं मुहम्मद के विरोधी यह स्वीकार कर रहे है कि नबी ने पुरानी प्रतियों को लिख लिया है जो प्रातः और सायं दूसरो को लिखाई जाती है विरोधी तो मुहम्मद स0 को पढ़ा लिखा स्वीकार कर रहे है और रसूल के अनुयायी उनको अनपढ़ लिख रहे है? आयत (29:48) में ईश्वर साक्ष्य दे रहा है कि ऐ मुहम्मद आप नबूवत मिलने से पहले न लिखते थे न पढ़ते थे, यह इस लिए कि यदि ऐसा होता तो विरोधी अवश्य शंका करते कि नबी ने पहले से ही लिख लिया है ओर पढ़ लिया है और समय आने पर उन्होने घोषणा कर दी कि मैं नबी हूं, और यह पुस्तक है अतः मुहम्मद नबूवत मिलने से पहले लिखते पढ़ते न थे पहले का इनकार है नबूवत मिलने के बाद का नही है बाद के लिए स्वीकृति है कि आप ईशदौत्य मिलने के बाद लिखते पढ़ते थे,

इस सत्य जिसको नकारा नही जा सकता केवल शब्द उम्मी जिसका अर्थ भोलेपन से अनपढ़ लिख दिया गया है, से यह कह देना कि मुहम्मद स0 अनपढ़ थे उनकी महिमा में अशिष्टता है, हां कही इस शब्द का अर्थ अनपढ़ होगा परन्तु यहा अनपढ़ नही है,

आयत (62:2) में है कि वही तो है जिसने उम्मीयों के मध्य एक ईशदूत स्वयं उन ही में से उठाया इस आयत में लगभग पुरे मक्का वालो को उम्मी कहा गया है, तब ही तो कहा कि उम्मीयों में स्वयं उन्ही में से नबी उठाया इस आयत के प्रकाश में युद्ध बदर को देखिए जिसमें मक्का के आदमी जिनमें मुहम्मद स0 के परिवारी भी थे बन्दी हो गए थे और उन में अधिकांश को स्वतन्त्र करने का बदला यह निश्चित हुआ था कि हर व्यक्ति इतने व्यक्तियों को लिखना पढ़ना सिखा दे उन बन्दीयों ने यह काम किया और स्वतन्त्र हो गए अब विचारणीय बात यह है कि यदि अनपढ़ को उम्मी कहा गया है तो ईश्वर ने किन उम्मीयों में रसूल उठाया जो लिखना पढ़ना जानते थे, जो बन्दी हो गए थे विचार करें कि यह वही उम्मी थे जो उम्मुल कुरा मक्का के रहने वाले थे और वह पढ़े लिखे थे अतः मुहम्मद भी पढ़े लिखे थे, अन्तर केवल यह है कि उनकी शिक्षा किसी पाठशाला में नियमानुसार नही हुई थी, केवल अपने परिवार के व्यक्तियों के द्वारा हुई थी,

एक बात हुदेबिया की संधि की है जब रसूल शब्द लिखने पर मक्का वालो ने आपत्ति की तो मुहम्मद स0 ने अली र0 से कहा कि इस शब्द को काट कर मुहम्मद पुत्र अब्दुल्ला लिख दो तो अली ने इन्कार कर दिया, तब मुहम्मद ने अपने हाथ से रसूल शब्द काट कर वही लिख दिया जो मक्का वाले चाहते थे, अली भी तो मक्काह के रहने वाले थे अर्थात उम्मी थे फिर अली कैसे लिख रहे थे और मक्का के

اللہ کی طرف سے ہے دیکھئے اس آیت میں کتنے اچھی طرح اُمّی کی وضاحت کردی ہے کیا ان پڑھ اپنے ہاتھ سے کچھ لکھ سکتا ہے؟ ہاتھ سے وہی لکھے گا جو پڑھا ہوگا۔اس لئے اُمّی کا مطلب ان پڑھ ہرگز نہیں ہے اس سلسلے میں مزید وضاحت ملاحظہ ہو۔

محمدؐ کے بارے میں اپنے اور غیر سب یہ کہتے ہیں کہ وہ ان پڑھ تھے صرف لفظ اُمّی کو لے کر حالانکہ اس کی وضاحت اوپر ہو گئی ہے مگر اور سنئے کیا حقیقت میں محمدؐ ان پڑھ تھے۔

سورہ الفرقان ۔ ۲۵/آیت ۵/اور کہنے لگے یہ نقلیں ہیں پہلوں کی جن کو اس نے لکھ لیا ہے سو وہی لکھوائی جاتی ہیں صبح اور شام

سورہ العنکبوت ۲۹/آیت ۴۸/اور اس سے پہلے (یعنی قرآن نازل ہونے سے پہلے)تم کوئی کتاب نہ پڑھتے تھے اور نہ اپنے ہاتھ سے کچھ لکھتے تھے اگر یوں ہوتا تو باطل والے ضرور شک لاتے

مندرجہ بالا (۲۵:۵) میں خود محمدؐ کے مخالف یہ اقرار کر رہے ہیں کہ نبی نے پرانی نقلوں کو لکھ لیا ہے جو صبح اور شام دوسروں کو لکھائی جاتی ہیں مخالف تو محمدؐ کو پڑھا لکھا تسلیم کر رہے ہیں اور رسول کے امتی ان کو ان پڑھ لکھ رہے ہیں؟ آیت (۲۹:۴۸) میں اللہ شہادت دے رہا ہے کہ اے محمدؐ آپ نبوت ملنے سے پہلے نہ لکھتے تھے نہ پڑھتے تھے یہ اس لئے کہ اگر ایسا ہوتا تو مخالف ضرور شک کرتے کہ نبی نے پہلے سے ہی لکھ لیا ہے اور پڑھ لیا ہے اور وقت آنے پر انہوں نے اعلان کر دیا کہ میں نبی ہوں اور یہ کتاب ہے۔اس لئے محمدؐ نبوت ملنے سے پہلے لکھتے پڑھتے نہ تھے پہلے کا انکار ہے نبوت ملنے کے بعد کا انکار نہیں ہے بعد کے لئے اقرار ہے کہ آپ نبوت ملنے کے بعد لکھتے پڑھتے تھے۔

اس نا قابل تردید ثبوت ہوتے ہوئے صرف لفظ امی جس کا مطلب بھولے پن سے ان پڑھ لکھ دیا گیا ہے سے یہ کہہ دینا کہ محمدؐ ان پڑھ تھے ان کی شان میں گستاخی ہے ہاں کہیں اس لفظ کا مطلب ان پڑھ ہوگا مگر یہاں ان پڑھ نہیں ہے۔

آیت (۶۲:۲) میں ہے کہ وہی تو ہے جس نے امیوں کے اندر ایک رسول خود ان ہی میں سے اٹھایا اس آیت میں تقریباً پورے مکہ والوں کو امی کہا گیا ہے تب ہی تو کہا کہ امیوں میں خود انہی میں سے نبی اٹھایا۔اس آیت کے ذیل میں جنگ بدر کو دیکھئے جس میں مکہ کے افراد جن میں محمد کے خاندانی بھی تھے قید ہو گئے تھے اور ان میں اکثر کی رہائی کا فدیہ یہ مقرر ہوا تھا کہ ہر آدمی اتنے آدمیوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دے۔اُن قیدیوں نے یہ کام کیا اور رہا ہو گئے۔اب غور طلب بات یہ ہے کہ اگر ان پڑھ کو امی کہا گیا ہے تو اللہ نے کن امیوں میں رسول اٹھایا جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے جو قید ہو گئے تھے۔غور کریں کہ یہ وہی امی تھے جو ام القریٰ مکہ کے رہنے والے تھے اور وہ پڑھے لکھے تھے۔اس لئے محمدؐ بھی پڑھے لکھے تھے۔فرق صرف یہ ہے کہ ان کی تعلیم کسی مدرسے میں باقاعدہ نہیں ہوئی تھی، محض اپنے قبیلہ کے افراد کے ذریعہ ہوئی تھی۔

ایک بات صلح حدیبیہ کی ہے جب رسول لفظ لکھنے پر مکہ والوں نے اعتراض کیا تو محمدؐ نے علیؓ سے کہا کہ اس لفظ کو کاٹ کر محمدؐ بن عبداللہ لکھ دو تو علی نے انکار کر دیا۔تب محمدؐ نے اپنے ہاتھ سے رسول لفظ کاٹ کر وہی لکھ دیا جو مکہ والے

रहने वाले कई वही के लेखक भी थे, पहली वही के समय भी शब्द इक़रा अर्थात पढ़ आया है और यदि मुहम्मद स0 अनपढ़ थे तो कागज़ कलम अली से लेकर अपने हाथ से वही कैसे लिख दिया जो मक्का वाले चाहते थे और अली ने इन्कार कर दिया था?

इतने प्रमाणो के बाद यदि अब भी हम मुहम्मद स0 को अनपढ़ ही मानते रहे तो इसके अतिरिक्त और क्या कहा जा सकता है कि हम कुरआन की उपेक्षा करके केवल रवायात कथन को मान रहे है जो ग़ैर मासूम रावी की साक्ष्य से अधिक और कुछ नही है और हम सत्य बात कहने का साहस और उसको समझने की क्षमता से वंचित हो गए है इस शब्द अनपढ़ को लेकर सलमान रूश्दी ने भी पूरे कुरआन और इस्लाम को शंका के घेरे में लाने का असफल प्रयत्न किया है (ईश्वर की शरण) पानी सरसे ऊंचा हो गया है क्या अब भी वह समय नही आया जब हम स्पष्ट शब्दो में यह घोषणा करें कि मुहम्मद स0 पढ़े लिखे थे अतः अनपढ़ नही थे अस्तु मैं तो पूरे विवेक के साथ यह घोषणा करता हूं कि नबी पढ़े लिखे थे दुनिया चाहे कुछ भी कहती रहे.

आयात में पवित्र वस्तुएं वैध बताने का अर्थ यह है कि जो वस्तुएं बनी इसराईल पर उनकी निर्धनता और विवशता के कारण से क्रय शक्ति से दूर हो गई थी अर्थात वंचित हो गए थे या उनके पंडितो ने मिथ्या आचरण से कार्य करके वैध को अवैध और अवैध को वैध कर दिया था जैसे आज मुसलमानों के यहां है कि एक दल किसी वस्तु को वैध बता रहा है दूसरा अवैध ऐसे ही वह ज्ञानी करते थे, यद्यपि उनके धर्मशास्त्र में भी वह वस्तुएं वैध थी जिनको मुहम्मद स0 बता रहे थे कि अमुक वस्तु जो तुम्हारे ज्ञानी ने अवैध कर दी है वह वैध है जो वैध कर रखी है वह अवैध है, भार उतारने का अर्थ है कि उन्होंने अपने धर्म शास्त्रीयों और संतो के कहने पर अपने ऊपर स्वयं बनाई हुई विधि को लाद लिया था जिस में बहुत कुछ बन्धन थे जैसे आज मुसलमानों में है, उनको भी मुहम्मद स0 ने बताया कि यह नियम जिसका तुम पालन कर रहे हो ईश्वर का प्रेषित किया हुआ नही है ईश्वर ने यह प्रेषित किया है जो कुरआन में है और यही पहले भी था, (42:13, 4:26) जो बहुत साफ है इसको मानो जिसकी घोषणा (7:156) में कर दी है, (2:177,47:4)

(ऐ मुहम्मद स0) कह दो कि लोगो मैं तुम सबकी ओर ईश्वर का भेजा हुआ हूं (अर्थात उसका ईशदूत हूं) जो आकाशों और पृथ्वी का राजा है कौन कहता है ईश्वर नही निःसंदेह ईश्वर है वही जीवन देता है और वही मृत्यू देता है तो ईश्वर पर और उसके रसूल नबी उम्मी पर जो ईश्वर पर और उसके तमाम कथन पर विश्वास रखते है आस्था लाओ, और उनका अनुकरण करो ताकि पथ प्रदर्शन पाओ, (158)

और मूसा की जाति में (कुरआन के प्रेषण के समय) कुछ लोग ऐसे भी है जो सत्य का मार्ग बताते है और उसी के साथ न्याय करते है, (159)

और हमने (बनी इसराईल की अधिकता के कारण) उनको (सरलता के लिए अपने आदेश से जो नबी को दिया था से) बारह दल बना दिए और जब मूसा से उनकी जाति ने पानी मांगा तो हमने उनकी ओर आदेश भेजा कि अपनी लाठी पत्थर पर

چاہتے تھے.علی بھی تو مکہ کے رہنے والے یعنی امی تھے پھر علی کیسے لکھ رہے تھےاور مکہ کے رہنے والے کئی کاتب وحی بھی تھے پہلی وحی کے وقت بھی لفظ اقرا یعنی پڑھ آیا ہے.اور اگر محمدؐ ان پڑھ تھے تو کاغذ قلم علی سے لے کر اپنے ہاتھ سے وہی کیسے لکھ دیا جو مکہ والے چاہتے تھےاور علی نے انکار کر دیا تھا؟

اتنے ثبوت کے بعد اگر اب بھی ہم محمدؐ کو ان پڑھ ہی مانتے رہےتو اس کے علاوہ اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ ہم قرآن سے صرف نظر کر کے محض روایات کو مان رہے ہیں. جو غیر معصوم راوی کی شہادت سے زیادہ اور کچھ نہیں ہے.اور ہم حق بات کہنے کی جرات اور اس کو سمجھنے کی صلاحیت سے محروم ہو گئے ہیں اس لفظ ان پڑھ کو لے کر سلمان رشدی نے بھی پورے قرآن اور اسلام کو شک کے دائرے میں لانے کی ناکام اور ناپاک کوشش کی ہے(نعوذباللہ)پانی سر سے گزر چکا ہے کیا اب بھی وہ وقت نہیں آیا جب ہم دوٹوک الفاظ میں اعلان کریں کہ محمدؐ پڑھے لکھے تھے ان پڑھ نہیں تھے.بہرحال میں تو پورے شرح صدر کے ساتھ یہ اعلان کرتا ہوں کہ نبی پڑھے لکھے تھے دنیا خواہ کچھ بھی کہتی رہے.

آیت میں پاک چیزیں حلال بتانے کا مطلب یہ ہے کہ جو چیزیں بنی اسرائیل پر ان کی محتاجی اور مفلسی کی وجہ سے طاقت خرید سے دور ہو گئیں تھیں یعنی محروم ہو گئے تھے یا ان کے عالموں نے غلط روش سے کام لے کر حلال کو حرام اور حرام کو حلال کر لیا تھا جیسے آج مسلمانوں کے یہاں ہے کہ ایک فرقہ کسی چیز کو حلال بتا رہا ہے دوسرا حرام ایسے ہی وہ عالم کرتے تھے.حالانکہ ان کی شریعت میں بھی وہ چیزیں حلال تھیں جن کو محمدؐ بتا رہے تھے کہ فلاں چیزیں جو تمہارے عالم نے حرام کر دی ہے وہ حلال ہے جو حلال کر رکھی ہے وہ حرام ہے. بوجھ اتارنے کا مطلب ہے کہ انہوں نے اپنے فقیہ اور درویشوں کے کہنے پر اپنے اوپر خود بنائی ہوئی شریعت لاد لی تھی جس میں بہت کچھ بندشیں تھیں جیسے آج مسلمانوں میں ہیں ان کو بھی محمدؐ نے بتایا کہ یہ قانون جس کی تم پابندی کر رہے ہو اللہ کا نازل کردہ نہیں ہے اللہ نے یہ نازل کیا ہے جو قرآن میں ہے. اور یہی پہلے بھی تھا (۴۲:۱۳،۴:۲۶) جو بہت آسان ہے اس کو مانو جس کا اعلان (۷:۱۵۸) میں کر دیا ہے(۲:۱۷۷،۴۷:۴)

(اے محمدؐ) کہہ دو کہ لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا بھیجا ہوا ہوں (یعنی اس کا رسول ہوں) جو آسمانوں اور زمین کا بادشاہ ہے کون کہتا ہے اللہ نہیں یقیناً اللہ ہے وہی زندگانی بخشتا ہے اور وہی موت دیتا ہے تو اللہ پر اور اس کے رسول نبی امی پر جو اللہ پر اور اس کے تمام کلام پر ایمان رکھتے ہیں ایمان لاؤ اور ان کی پیروی کرو تاکہ ہدایت پاؤ(۱۵۸)

اور قوم موسیٰ میں (نزول قرآن کے وقت) کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو حق کا رستہ بتاتے ہیں اور اسی کے ساتھ انصاف کرتے ہیں(۱۵۹)

اور ہم نے (بنی اسرائیل کی اکثریت کی وجہ سے) ان کو (آسانی کے لئے اپنے حکم سے جو نبی کو دیا تھا سے) بارہ جماعتیں بنا دیا اور جب موسیٰ سے ان کی قوم نے پانی طلب کیا تو ہم نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ اپنی لاٹھی پتھر

मारो तो उस में से बारह स्रोत फूट निकले और सब लोगो ने अपना अपना घाट ज्ञात कर लिया (अर्थात हर एक दल को बता दिया गया कि तुम अमुक घाट से पानी लोगे) और हमने उन पर बादलो को मण्डप बनाए रखा और उन पर मन-व-सलवा उतारते रहे (और उनसे कहा कि) जो पवित्र वस्तुएं हम तुम्हे देते हैं उन्हे खाओ, परन्तु उन लोगो ने (अवज्ञा करके) हमारी हानि नही की अपितु अपना ही नुकसान किया. (160)

پر ماردو تو اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے اور سب لوگوں نے اپنا اپنا گھاٹ معلوم کرلیا (یعنی ہر ایک جماعت کو بتا دیا گیا کہ تم فلاں گھاٹ سے پانی لوگے) اور ہم نے ان پر بادلوں کو سائبان بنائے رکھا اور ان پر من وسلویٰ اتارتے رہے (اور ان سے کہا کہ) جو پاکیزہ چیزیں ہم تمہیں دیتے ہیں انہیں کھاؤ مگر ان لوگوں نے (نافرمانی کرکے) ہمارا کچھ نقصان نہیں کیا بلکہ اپنا ہی نقصان کیا (۱۶۰)

नोट :- मूसा भूगर्भ शास्त्रवेत्ता भी थे उनको ज्ञात हो जाता था कि पानी किस धरती में सरलता से निकलता है और वहा पर धरती निम्न थी अतः ईश्वर के आदेशानुसार ऐसी भूमी पर अपनी लाठी मारी अर्थात सूराख किया जिससे पानी निकलने लगा.

نوٹ: ۔موسیٰ ماہر ارض بھی تھے ان کو معلوم ہوجاتا تھا کہ پانی کس زمین میں آسانی سے نکلتا ہے اور وہاں پر زمین نشیبی تھی اس لئے اللہ کے حکم کے مطابق ایسی زمین پر اپنا عصا مارا یعنی سوراخ کیا جس سے پانی ابلنے لگا.

माह जून 2003 ई0 में मैं ने बी0बी0सी0 की उर्दू सेवा में सूना था कि जब आन्ध्रा प्रदेश में पानी की बहुत कमी थी उस समय रीछ न दो स्थान धरती को लगभग छ फिट खोद दिया और पानी निकल आया इससे सिद्ध हुआ कि रीछ के अन्दर ईश्वर ने यह क्षमता रखी है ऐसे ही ईश्वर ने मूसा को यह ज्ञान दिया था उनको ज्ञात हो जाता था कि धरती में पानी किस स्थान कम दूरी पर है तिथि मुझे याद नही रही

ماہ جون ۲۰۰۳ء میں میں نے بی.بی.سی. کی اردو نشریات میں سنا تھا کہ جب آندھرا پردیش میں پانی کی بہت کمی تھی اس وقت ریچھ نے دو جگہ زمین کو تقریباً چھ فٹ کھودا. اور پانی نکل آیا اس سے ثابت ہوا کہ ریچھ کے اندر اللہ نے صلاحیت رکھی ہے ایسے ہی اللہ نے موسیٰ کو یہ علم دیا تھا ان کو معلوم ہوجاتا تھا کہ زمین میں پانی کس جگہ کم دوری پر ہے تاریخ مجھے یاد نہیں رہی.

और जब उनसे कहा गया कि इस नगर में निवास करो और जहां से चाहो खाओ पियो, परन्तु नगर में प्रविष्ट होते समय हित्तुन कहना और द्वार में नम्रता के साथ प्रविष्ट होना हम तुम्हारी त्रुटियों को क्षमा कर देंगे और सत्कर्म करने वालो को और अधिक देंगे. (161){2:58,59,4:154}

اور جب ان سے کہا گیا کہ اس شہر میں سکونت اختیار کرلو اور جہاں سے چاہو کھاؤ پیو لیکن شہر میں داخل ہوتے وقت حطۃ کہنا اور دروازے میں عاجزی کے ساتھ داخل ہونا ہم تمہاری کمیوں کو معاف کردیں گے اور نیکی کرنے والوں کو اور زیادہ دیں گے (۱۶۱) [۲:۵۸،۵۹:۴:۱۵۴]

नोट :- हित्तुन का अर्थ यह है कि ईश्वर ने आदेश दिया कि जिस जाति पर तुम ने विजय प्राप्त की है उनके लिए कहो कि हमने तुमको क्षमा किया तुम शान्ति और संतोष से रहो जैसे मक्काह की विजय के दिन मुहम्मद स0 ने मक्काह वालो के साथ सलूक किया और बाद में आस्तिको ने नगरो को विजय करने के बाद वहां के निवासियों के साथ नम्रता का व्यवहार किया उन नागरिको को कोई कष्ट नही दिया, जब के अत्याचारी शासक नगरो को विजय करने के बाद नरसंहार करते हैं इनसानो को दास बनाते हैं, उनके साथ अभद्र व्यवहार करते हैं जो एक बड़ा अत्याचार है अतः ईश्वर ने आस्तिको को आदेश दिया कि तुम ऐसा व्यवहार करना जो न्याय का हो यह है हित्तुन का अर्थ.

نوٹ: ۔حطۃ کا مطلب یہ ہے کہ اللہ نے حکم دیا کہ جس قوم پر تم نے فتح حاصل کی ہے ان کے لئے کہو کہ ہم نے تم کو معاف کیا تم امن اور اطمینان سے رہو جیسے فتح مکہ کے دن محمدؐ نے مکہ والوں کے ساتھ سلوک کیا اور بعد میں مومن مسلمانوں نے شہروں کو فتح کرنے کے بعد وہاں کے باشندوں کے ساتھ نرمی کا سلوک کیا. ان باشندوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچایا. جب کہ ظالم حکمراں شہروں کو فتح کرنے کے بعد قتل عام کرتے ہیں. انسانوں کو غلام بناتے ہیں ان کے ساتھ غیر انسانی سلوک کرتے ہیں جو ایک ظلم عظیم ہے اس لئے اللہ نے مومنوں کو حکم دیا کہ تم ایسا برتاؤ کرنا جو انصاف کا ہو یہ ہے حطۃ کا مطلب.

परन्तु उनमें जो अन्यायी थे उन्होने इस शब्द को जिसका उनको आदेश दिया गया था दल बदलकर इसके स्थान पर और शब्द कहना आरम्भ किया (अर्थात जिसमें अत्याचार करने का पार्श्व निकलता था और हित्तुन में क्षमा के लिए है वह क्षमा नही करना चाहते थे) तो हम ने उनपर आकाश से कष्ट भेजा इस लिए कि वह अत्याचार करते थे. (162)

مگر ان میں جو ظالم تھے انہوں نے اس لفظ کو جس کا ان کو حکم دیا گیا تھا بدل کر اس کی جگہ اور لفظ کہنا شروع کیا (یعنی جس میں ظلم کرنے کا پہلو نکلتا تھا اور حطۃ میں معافی کے لئے ہے وہ معافی نہیں کرنا چاہتے تھے) تو ہم نے ان پر آسمان سے عذاب بھیجا اس لئے کہ وہ ظلم کرتے تھے (۱۶۲)

और उनसे उन गांव वालों की दशा ज्ञात करो जो दरया किनारे था, जब वह लेगा सबत विश्राम के दिन के विषय में सीमा का उल्लंघन करने लगे उस समय कि उनके सबत विश्राम के दिन मीन न उनके सामने पानी के ऊपर आती और जब सबत का दिन न होता तो न आती और जब हम उन लोगो को उनकी अवज्ञा के कारण परिक्षा में डालने लगे. (163)

اور ان سے ان گاؤں والوں کا حال تو پوچھو جو لب دریا تھے جب وہ لوگ سبت کے دن کے بارے میں حد سے تجاوز کرنے لگے اس وقت کہ ان کے سبت آرام کے دن مچھلیاں ان کے سامنے پانی کے اوپر آتیں اور جب سبت کا دن نہ ہوتا تو نہ آتیں اسی طرح ہم ان لوگوں کو ان کی نافرمانیوں کے سبب آزمائش میں ڈالنے لگے (۱۶۳)

और जब उनमें से एक दल ने कहा कि तुम ऐसे लोगो को क्यों उपदेश करते हो जिनको ईश्वर बध करने वाला है या कठोर दण्ड देने वाला है तो उन्होने कहा इस लिए कि तुम्हारे रब के सामने क्षमा याचना कर सके और विचित्र नही कि वह सदाचारी हो जाएं (164)

اور جب ان میں سے ایک جماعت نے کہا کہ تم ایسے لوگوں کو کیوں نصیحت کرتے ہو جن کو اللہ ہلاک کرنے والا ہے یا سخت عذاب دینے والا ہے تو انہوں نے کہا اس لئے کہ تمہارے رب کے سامنے معذرت کرسکیں اور عجب نہیں کہ وہ پرہیز گاری اختیار کریں (۱۶۴)

जब उन्होने इन बातो को भुला दिया जिनकी उनको शिक्षा दी गई थी तो जो लोग बुराई से रोकते थे उनको हमने मुक्ति दी और जो अत्याचार करते थे उनको बुरी यातना में पकड़ लिया कि अवज्ञा किए जाते थे. (165)

جب انہوں نے ان باتوں کو فراموش کردیا جن کی ان کو نصیحت کی گئی تھی تو جو لوگ بُرائی سے منع کیا کرتے تھے ان کو ہم نے نجات دی اور جو ظلم کرتے تھے ان کو بُرے عذاب میں پکڑ لیا کہ نافرمانی کئے جاتے تھے (۱۶۵)

किन्तु जिन कार्यों से उनको रोका गया था जब वह उनको करने लगे तो हमने उनके लिए कहा कि जब तुम बन्दर तुच्छ बनना चाहते तो तो बन्दर जैसे हो जाओ. (166)

غرض جن اعمال سے ان کو منع کیا گیا تھا جب وہ ان کو کرنے لگے تو ہم نے ان کے لئے کہا کہ جب تم بندر ذلیل بنا چاہتے ہو تو بندر جیسے ہو جاؤ (۱۶۶)

और तुम्हारे ईश्वर ने अवज्ञा कारियों को सचेत कर दिया है कि वह उन पर प्रलय तक ऐसे लोगो को नियुक्त रखेगा जो उनको बुरी यातनाएं देते रहेंगे निःसंदेह तुम्हारा ईश्वर शीघ्र दण्ड देने वाला और क्षमा करने वाला दयालु भी है. (167)

اور تمہارے رب نے نافرمانوں کو آگاہ کردیا ہے کہ وہ ان پر قیامت تک ایسے لوگوں کو مسلط رکھے گا جو ان کو بُری تکلیفیں دیتے رہیں۔ بے شک تمہارا رب جلد عذاب کرنے والا اور وہ بخشنے والا مہربان بھی ہے (۱۶۷)

और हमने उनको वर्ग वर्ग करके देश में अस्त-व्यस्त कर दिया कतिपेय उनमें से सदाचारी है और कुछ उनके विपरीत (अर्थात अत्याचारी) हमने उन्हें आराम और दुख दोनो स्थिति में डाल कर परिक्षा की ताकि वह लोग मान जाएं और आज्ञाकारी करें. (168)

اور ہم نے ان کو جماعت جماعت کرکے ملک میں منتشر کردیا بعض ان میں سے نیکوکار ہیں اور کچھ ان کے مختلف (یعنی بدکردار) ہم نے ان کو آرام اور تکلیف دونوں میں ڈال کر آزمایا تھا تاکہ وہ لوگ بُرائیوں سے رُک جائیں اور فرمانبرداری کریں (۱۶۸)

फिर उनके बाद बुरे लोग उनके उत्तराधिकारी और पुस्तक के भी उत्तराधिकारी हुए वह लोग तुच्छ धन ले लेते है और कहते है कि हम को क्षमा मिल जाएगी और अगर फिर वही धन सामने आए तो लपक कर उसे ले लेते है क्या उन से पुस्तक का वचन नही लिया जा चुका है कि ईश्वर के नाम पर वही बात कहे जो सत्य हो और जो कुछ इस पुस्तक में है उसको उन्होने पढ़ लिया है और परलोक का घर तो सदाचारियों के लिए उत्तम है क्या तुम समझते नही. (169)

پھر ان کے بعد بُرے لوگ ان کے قائم مقام اور کتاب اللہ کے وارث ہوئے وہ لوگ ناقص مال لے لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم کو معافی مل جائے گی اور اگر پھر وہی مال سامنے آئے تو لپک کر اسے لے لیتے ہیں کیا ان سے کتاب کا عہد نہیں لیا جاچکا ہے کہ اللہ کے نام پر وہی بات کہیں جو حق ہو اور جو کچھ اس کتاب میں ہے اس کو انہوں نے پڑھ بھی لیا ہے اور آخرت کا گھر تو پرہیز گاروں کے لئے بہتر ہے کیا تم سمجھتے نہیں (۱۶۹)

और जो लोग पुस्तक को पक्का पकड़े हुए है और नमाज स्थापित करते है हम सदाचारियो का फल समाप्त नही करते. (170)

اور جو لوگ کتاب کو مضبوط پکڑے ہوئے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں ہم نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے (۱۷۰)

जब हमने उनके ऊपर पर्वत को भूचाल में डाला मानो वह एक मण्डप था और उन्होने विचार किया कि वह उन पर गिरता है तो (हम ने कहा कि) जो हमने तुम्हे दिया है उसे शक्ति से पकड़े रहो और जो इसमें लिखा है उस पर कर्म करते रहो ताकि बच जाओ. (171)

جب ہم نے ان کے اوپر پہاڑ کو زلزلے میں ڈالا گویا وہ ایک سائبان تھا اور انہوں نے خیال کیا کہ وہ ان پر گرتا ہے تو (ہم نے کہا کہ) جو ہم نے تمہیں دیا ہے اسے زور سے پکڑے رہو اور جو اس میں لکھا ہے اس پر عمل کرتے رہو تاکہ بچ جاؤ (۱۷۱)

और जब तेरे ईश्वर ने आदम की सन्तान से जो आदम की वंश से उत्पन्न होने वाली है पीठें से निकाला और वचन लिया था और स्वयं उन्हे उन पर साक्षी बनाया था (अर्थात उनके स्वभाव में यह बात डाल दी थी और ज्ञात किया) क्या मैं तुम्हारा

اور جب تیرے رب نے آدم کی اولاد سے جو آدم کی نسل سے پیدا ہونے والی ہے پشتوں سے نکالا اور عہد لیا تھا اور خود انہیں ان پر گواہ بنایا تھا (یعنی ان کی فطرت میں یہ

ईश्वर नही हूं? वह कहने लगे क्यों नही हम साक्षी है (यह वचन इस लिए कराया था) कि महा प्रलय के दिन कहने लगो कि हम को तो इसकी सूचना न थी. (172)

بات ڈال دی تھی اور پوچھا) کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ وہ کہنے لگے کیوں نہیں ہم گواہ ہیں (یہ اقرار اس لئے کرایا تھا) کہ قیامت کے دن کہنے لگو کہ ہم کوتو اس کی خبر نہیں تھی (۱۷۲)

यह कहो कि अनेकेश्वर वाद तो पहले हमारे बड़ो ने किया था और हमतो उनकी सन्तान थे उनके बाद उत्पन्न हुए (इसलिए उनकी चाल चलने पर विवश थे) तो क्या उन बुरे व्यक्तियों के पापो के बदले तू हमें वध कर देगा. (173) {7:155}

یا یہ کہو کہ شرک تو پہلے ہمارے بڑوں نے کیا تھا اور ہم تو ان کی اولاد تھے ان کے بعد پیدا ہوئے (اس لئے ان کی چال چلنے پر مجبور تھے) تو کیا ان بُرے آدمیوں کے جرم کے بدلے میں تو ہمیں ہلاک کردے گا (۱۷۳) [۷:۱۵۵]

और इसी प्रकार हम अपनी आयतों को खोल कर वर्णन करते हैं ताकि वह लोग समझें और आज्ञाकारी करें. (174)

اور اسی طرح ہم اپنی آیتوں کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں تاکہ وہ لوگ سمجھیں اور فرمانبرداری کریں (۱۷۴)

उन लोगों को उस व्यक्ति की अवस्था पढ़कर सुनाओ जिसे हमने अपनी आयात अर्थात जीवन व्यतीत करने का नियम (नबी के द्वारा) दिया था परन्तु उसने उसे उतार दिया (अर्थात उससे विमुख होकर उसको छोड़ दिया) पस शैतान उसके पीछे हो लिया और पथ भ्रष्ट हो जाए (175)

اُن لوگوں کو اس شخص کا حال پڑھ کر سناؤ جسے ہم نے اپنی آیات یعنی ضابطہ حیات (نبی کے ذریعہ) دیا تھا۔ لیکن اس نے اسے اتار دیا (یعنی اس سے روگردانی کرکے اس کو چھوڑ دیا) پس شیطان اس کے پیچھے ہولیا اور وہ گمراہ ہوجائے (۱۷۵)

और यदि हम चाहते तो अर्थात हमारा नियम देखता कि वह सदाचारी है तो उन आयतों से उनको उच्च कर दें परन्तु वह हीनता की ओर झुकता है अपनी इच्छा के पीछे चल पड़ता है तो उसकी उपमा कुत्ते की भांति हो गई कि यदि कठोरता करो तो जबान निकाले रहे और यूंही छोड़ दो तो भी जबान निकाले रहे यही उपमा उन लोभी लोगों की है जिन्होंने हमारी आयतों को झुठलाया तो यह कथा वर्णन करो ताकि वह चिन्ता करें चिन्तन करें. लालची व्यक्तियों की इच्छा बुरी कमाई के लिए बढ़ती रहती हैं. (176) {37:62से67;44:43से50}

اور اگر ہم چاہتے یعنی ہمارا قانون دیکھتا کہ وہ نیک ہے تو اُن آیتوں سے اس کو بلند کردیں مگر وہ پستی کی طرف مائل ہوتا ہے۔ اور اپنی خواہش کے پیچھے چل پڑتا ہے تو اس کی مثال کتے کی سی ہوگئی کہ اگر سختی کرو تو زبان نکالے رہے اور یوں ہی چھوڑ دو تو بھی زبان نکالے رہے یہی مثال ان لالچی لوگوں کی ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو یہ قصہ بیان کرو تاکہ وہ فکر کریں۔ لالچی آدمیوں کی خواہش غلط کمائی کے لئے بڑھتی رہتی ہے (۱۷۶) [۳۷:۶۲ سے ۶۷؛ ۴۴:۴۳ تا ۵۰]

और जिन लोगों ने हमारी आयतों का इनकार किया (या करेंगे) उनकी उपमा बुरी है और वह अपनी ही क्षति करेंगे. (177)

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا (یا کریں گے) ان کی مثال بُری ہے اور وہ اپنا ہی نقصان کریں گے (۱۷۷)

जिसको ईश्वर का नियम पथ प्रदर्शन दे वही सीधे मार्ग पर है और जिसे पथ भ्रष्ट कर दे तो ऐसे ही लोग क्षति उठाने वाले हैं. (178)

جس کو اللہ کا قانون ہدایت دے وہی راہ یاب ہے اور جسے گمراہ کردے تو ایسے ہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں (۱۷۸)

और हमारे नियम के अनुसार बहुत से जिन्न और इन्सान नर्क के लिए तैयार होते रहेगें. वह कौन हैं? उनके हृदय हैं किन्तु उनसे समझते नही और उनकी आंखे हैं परन्तु उनसे देखते नही और उनके कान हैं पर उनसे सुनते नही वह लोग पशुओं की भांति हैं अपितु उनसे भी भटके हुए वही हैं जो भूल में पड़े हुए हैं (ऐसे लोग हैं जो नर्की हैं) (179)

اور ہمارے قانون کے مطابق بہت سے جن اور انسان دوزخ کے لئے تیار ہوتے رہیں گے وہ کون ہیں؟ ان کے دل ہیں لیکن ان سے سمجھتے نہیں اور اُن کی آنکھیں ہیں مگر اُن سے دیکھتے نہیں اور ان کے کان ہیں پر ان سے سنتے نہیں وہ لوگ چارپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی بھٹکے ہوئے وہی وہ ہیں جو غفلت میں پڑے ہوئے ہیں (ایسے لوگ ہیں جو دوزخی ہیں) (۱۷۹)

और ईश्वर के सब नाम अच्छे हैं तो उस को उसके नामो से पुकारा करो और जो लोग उसके नामो में कजी करते हैं उनको छोड़ दो वह जो कुछ कर रहे हैं निकट ही उसका दण्ड पायेगें (180)

اور اللہ کے سب نام اچھے ہیں تو اس کو اس کے ناموں سے پکارا کرو اور جو لوگ اس کے ناموں سے کجی کرتے ہیں ان کو چھوڑ دو وہ جو کچھ کر رہے ہیں عنقریب اس کی سزا پائیں گے (۱۸۰)

और हमारी रचना में से एक दल ऐसा भी है जो सत्य का मार्ग बताता है और सत्य के साथ न्याय करता है (181)

اور ہماری مخلوق میں سے ایک جماعت ایسی بھی ہے جو حق کا رستہ بتاتی ہے اور حق کے ساتھ انصاف کرتے ہیں (۱۸۱)

और जिन लोगो ने हमारी आयात को भुलाया उनको क्रमशः इस प्रकार से पकड़ेगें कि उनको ज्ञात ही न होगा. (182)

اور جن لوگوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا ان کو بتدریج اس طرح سے پکڑیں گے کہ ان کو معلوم ہی نہ ہوگا (۱۸۲)

और मेरे नियमानुसार उनको छूट मिली हुई है मेरी

اور میرے قانون کے مطابق ان کو مہلت ملی ہوئی ہے

युक्ति बलवान है (183)

क्या उन्होने विचार नही किया कि उन के साथी (मुहम्मद) को जुनून नही है वह स्पष्ट डर सुनाने वाले है (184)

क्या उन्होने आकाश ओर पृथ्वी के राज्य में और जो वस्तुएं ईश्वर ने उत्पन्न की है उन पर विचार नही किया, और इस बात पर कि अजब नही कि उनका समय निकट पहुंच गया हो तो इसके बाद वह और किस बात पर विश्वास लाएंगें? (185)

जिन लोगो को ईश्वर का नियम भ्रष्ट ठेहरा दे उसको कोई पथ प्रदर्शन देने वाला नही और वह उनको छोड़े रखता है कि अपनी अवज्ञा में पड़े रहे.(186)

लोग आप से महाप्रलय के विषय में ज्ञात करेंगें कि उसके आने का समय कब है कह देना कि उसका ज्ञान तो मेरे ईश्वर को ही है वही उसको उसके समय पर प्रकट कर देगा वह धरती व आकाश में एक भारी बात होगी, और अचानक आ जाएगी वह तुम से इस प्रकार ज्ञात करेंगें मानो तुम इससे भलि भांति अवगत हो कहो कि उसका ज्ञान तो ईश्वर ही को है परन्तु अधिकांश लोग नही जानते.(187) {33:63,79:42,43}

कह दो कि मैं अपने लाभ और क्षती का कुछ भी अधिकार नही रखता सुनो निःसंदेह होता वह है जो ईश्वर चाहे और यदि मैं परोक्ष की बाते जानता होता तो बहुत लाभ एकत्र कर लेता ओर मुझको कोई क्षती न पहुंचती मैं तो आस्तिकों को भय और शुभ समाचार सुनाने वाला हुं. (188) {6:59,27:65,73:26}

वह ईश्वर ही तो है जिसने तुम को एक व्यक्ति से उत्पन्न किया और उसी जाति अर्थात उसी मिट्टी से उसका जोड़ा बनाया ताकि उससे सुख प्राप्त करे, सो जब वह उसके पास जाता है तो उसे हलका सा गर्भ रह जाता है और वह उसके साथ चलती फिरती है फिर जब कुछ भार प्रतीत करती है तो दोनो अपने ईश्वर से प्रार्थना करते है, कि यदि तू हमें ठीक और पूर्ण बच्चा देगा तो हम तेरे आज्ञाकारी होगे. (189) {4:1,2:223}

जब वह उनको ठीक और पूर्ण बच्चा देता है तो उसमें जो उनको देता है उसका सहयोगी साझी बनाते है जो वह अनेकेश्वर वाद करते है ईश्वर इससे श्रेष्ट है (190)

क्या वह ऐसो को सहयोगी बनाते है जो कुछ उत्पन्न नही कर सकते और स्वयं उत्पन्न किए जाते है. (191)

और वह न उनकी सहायता की शक्ति रखते है और न अपनी ही सहायता कर सकते है. (192)

यदि तुम उनको सीधे मार्ग की ओर बुलाओ तो तुम्हारा कहा न माने तुम्हारे किए बराबर है कि तुम उनको बुलाओ या चुपके ही रहो. (193)

बेशक़ जिनको तुम ईश्वर के अतिरिक्त पुकारते हो

میری تدبیر مضبوط ہے(۱۸۳)

کیا انہوں نے غور نہیں کیا کہ ان کے رفیق (محمد) کو جنون نہیں ہے وہ ظاہر ڈر سنانے والے ہیں (۱۸۴)

کیا انہوں نے آسمان اور زمین کی بادشاہی میں اور جو چیزیں اللہ نے پیدا کی ہیں اُن پر نظر نہیں کی. اور اس بات پر کہ عجب نہیں کہ ان کا وقت قریب پہنچ گیا ہو تو اس کے بعد وہ اور کس بات پر ایمان لائیں گے؟ (۱۸۵)

جن لوگوں کو اللہ کا قانون گمراہ ٹھہرا دے اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں اور وہ ان کو چھوڑے رکھتا ہے کہ اپنی سرکشی میں پڑے رہیں (۱۸۶)

لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں معلوم کریں گے کہ اُس کے آنے کا وقت کیا ہے کہد ینا کہ اُس کا علم تو میرے رب ہی کو ہے وہی اس کو اس کے وقت پر ظاہر کر دے گا وہ زمین و آسمان میں ایک بھاری بات ہوگی اور اچانک آجائے گی وہ تم سے اس طرح دریافت کریں گے گویا تم اس سے بخوبی واقف ہو کہو کہ اس کا علم تو اللہ ہی کو ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے (۱۸۷)[۴۳،۴۲:۷۹،۶۳:۳۳]

کہد و کہ میں اپنے فائدے اور نقصان کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتا. (سنو) یقیناً ہوتا وہ ہے جو اللہ چاہے اور اگر میں غیب کی باتیں جانتا ہوتا تو بہت فائدے جمع کر لیتا اور مجھ کو کوئی تکلیف نہ پہنچتی میں تو مومنوں کو ڈر اور خوشخبری سنانے والا ہوں (۱۸۸)[۲۶:۷۳،۶۵:۲۷،۵۹:۶]

وہ اللہ ہی تو ہے جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا اور اسی جنس یعنی اسی مٹی سے اس کا جوڑا بنایا تا کہ اس سے راحت حاصل کرے سو جب وہ اس کے پاس جاتا ہے تو اسے ہلکا سا حمل رہ جاتا ہے اور وہ اس کے ساتھ چلتی پھرتی ہے پھر جب کچھ بوجھ معلوم کرتی ہے تو دونوں اپنے رب سے التجا کرتے ہیں کہ اگر تو ہمیں صحیح وسالم بچہ دے گا تو ہم تیرے فرمانبردار رہوں گے (۱۸۹)[۲۲۳:۲،۱:۴]

جب وہ ان کو صحیح وسالم بچہ دیتا ہے تو اس میں جو ان کو دیتا ہے اس کا شریک مقرر کرتے ہیں جو وہ شرک کرتے ہیں اللہ اس سے بلند ہیں (۱۹۰)

کیا وہ ایسوں کو شریک بناتے ہیں جو کچھ پیدا نہیں کر سکتے اور خود پیدا کئے جاتے ہیں (۱۹۱)

اور وہ نہ اُن کی مدد کی طاقت رکھتے ہیں اور نہ اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں (۱۹۲)

اگر تم ان کو سیدھے رستے کی طرف بلاؤ تو تمہارا کہا نہ مانیں تمہارے لئے برابر ہے کہ تم ان کو بلاؤ یا چپکے ہو رہو (۱۹۳)

بے شک جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو تمہاری طرح کے

तुम्हारी भांति के बन्दे हैं तो तुम उनको पुकारो यदि सच्चे हो तो चाहिए कि वह तुम को उत्तर दें(194)
भला उनके पांव हैं जिनसे चले या हाथ हैं जिसे पकड़े या आंखे हैं जिनसे देखे, या कान हैं जिनसे सुनें? कह दो कि अपने सहयोगियों को बुला लो और मेरे बारे में युक्ति कर लो और मुझे छूट भी न दो. (195)
निःसंदेह मेरा सहायक ईश्वर है जिसने सत्य पुस्तक अवतरित की और वही एक हस्ती है जिसकी और सदाचारियों को मुख करना चाहिए (196)
और जिनको तुम ईश्वर के सिवा पुकारते हो वह न तुम्हारी सहायता की शक्ति रखते हैं और न स्वयं ही अपनी सहायता कर सकते हैं. (197)
और यदि तुम उनको सीधे मार्ग की ओर बुलाओं तो सुन न सकें और तुम उन्हे देखते हो कि आंखें खोल तुम्हारी ओर देख रहे हैं परन्तु कुछ नही देखते. (198)
आप नम्रता और क्षमा से काम लो और शुभ कर्म करने का आदेश दो और मूर्खों से अलग हो जाओ.(199)
और यदि शैतान की ओर से तुम्हारे हृदय में किसी प्रकार का वसवसा उत्पन्न हो तो ईश्वर से शरण मागो निःसंदेह वह सुन्ने वाला और सब कुछ जानने वाला है. (200)
जो लोग सदाचारी हैं जब उनको शैतान की ओर से कोई वसवसा उत्पन्न होगा तो चौंक पड़ेगे और देखने लगेगें और चिन्तन करेंगें. (201)
और उन (नास्तिकों) के भाई उन्हें पथ भ्रष्टता में खींचना चाहेगें और कोई कमी नही करेंगें. (202)
और जब तुम उनके पास कोई आयत नही लाते तो कहते हैं कि तुम ने क्यों नही बना ली कह दो मैं तो उस आदेश का अनुकरण करता हूं जो मेरे रब की ओर से मेरे पास आता है यह (कुरआन) तुम्हारे ईश्वर की ओर से ज्ञान और अन्तरदृष्टि और आस्तिको के लिए शिक्षा और दया है. (203)
और जब कुरआन पढ़ा जाए तो ध्यान से सुना करो और चुप रहा करो ताकि तुम पर दया की जाए (204)
और अपने ईश्वर को मन ही मन में नम्रता के साथ और भय से और उच्च ध्वनि की तुलना में निम्न ध्वनी से प्रातः और सायं याद करते रहो और अचेतो में से न होना. (205)
जो लोग तेरे ईश्वर के निकट हैं अर्थात सदाचारी हैं वह उसकी पूजा से अवज्ञा नही करते और उस पवित्र अस्तित्व को याद करते और उसके आगे सजदा करते रहते हैं. अर्थात उसी की आज्ञाकारी करते रहते हैं. (206)

नोट- वह कान का कच्चा है का अर्थ यह है कि वह सुनने वाला है मुहम्मद स0 ने अपने चारो ओर की स्थिति की जानकारी के लिए एक व्यवस्था स्थापित की थी और उस व्यवस्था में सहाबा कराम जो सच्चे थे कपटियों की सत्य सूचनाएं मुहम्मद स0 को लाकर दिया करते थे जो वह मुहम्मद स0 और मुसलमानों के विरुद्ध परामर्श करते थे उन समाचारों से कपटियों की पोल खुलती थी और उनकी धुर्त्तता से सुचित होकर मुहम्मद स0 उनसे बचाओ का प्रबन्ध करते थे इस बात पर कपटि मुहम्मद स0 को कहते थे कि यह तो सुनी सुनाई बातों पर कार्य करते है, अर्थात कानो का कच्चा है जो कोई कही से सूचना लाकर देता है उस पर विश्वास करता है और यह भी कहते थे कि इसको हर बात का पता चल जाता है, क्या इसके कान बड़े है मुहम्मद स0 ने यह व्यवस्था इसलिए स्थापित की है कि किसी आशंका के आने से पहले ही इसकी सूचना पाकर उससे बचने का प्रबद्ध किया जाए तो यह आस्तिकों के लिए अनुकम्पा है देखिए मुहम्मद स0 ने क्या व्यवस्था स्थापित की थी जिस पर दुनिया ने अपना गुप्तचर विभाग स्थापित किया है और लाभकारी है,

نوٹ: ۔وہ کان ہےیا کان کا کچا ہےکا مطلب یہ ہے کہ وہ سننےوالا ہےمحمدؐ نے گرد وپیش کے حالات کی معلومات کے لئے ایک نظام قائم کیا تھا اور اس نظام میں صحابہ کرام جو سچے تھے منافقین کی صحیح خبریں محمدؐ کو لا کر دیا کرتے تھے جو وہ محمد اور مسلمانوں کے خلاف مشورے کرتے تھے ان خبروں سے منافقوں کی پول کھلتی تھی اور ان کی مکاریوں سے آگاہ ہو کر محمدؐ ان سے بچاؤ کا انتظام کرتے تھے اس بات پر منافق محمدؐ کو کہتے تھے کہ یہ تو سنی سنائی باتوں پر عمل کرتے ہیں یعنی کانوں کا کچا ہے۔ جو کوئی کہیں سے خبر لا کر دیتا ہے اس پر یقین کرتا ہےاور یہ بھی کہتے تھے کہ اس کو ہر بات کا پتہ چل جاتا ہے کیا اس کے کان بڑے ہیں یعنی کان ہے اس پر اللہ نے یہ کہا ہے کہ محمدؐ نے یہ نظام اس لئے قائم کیا ہے کہ کسی خطرے کے آنے سے پہلے ہی اس کی خبر پا کر اس سے بچنے کا انتظام کیا جائے۔ تو یہ مومنین کے لئے رحمت ہے دیکھئے محمدؐ نے کیسا نظام قائم کیا تھا جس پر دنیا نے اپنا خفیہ محکمہ قائم کیا ہےاور مفید ہے۔

आस्तिको! वह लोग ईश्वर की शपथें खाकर तुम्हें प्रसन्न करना चाहेंगे यद्यपि यदि वह आस्तिक होते तो उन्हें ज्ञात होता कि ईश्वर और उसका ईशदूत इस बात के अधिक अधिकारी है कि उनको प्रसन्न किया जाए (62)

مومنو! وہ لوگ اللہ کی قسمیں کھا کر تمہیں راضی کرنا چاہیں گے حالانکہ اگر وہ مومن ہوتے تو انہیں معلوم ہوتا کہ اللہ اور اس کا رسول اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ ان کو راضی کیا جائے(۶۲)

क्या वह लोग अब तक इतनी बात भी नही समझ सके कि जो कोई ईश्वर और उसके रसूल का सामना करता है तो उसके लिए नर्क की आग तैयार है उसमें वह सदैव रहेगा, यह बड़ी रुसवाई है (63)

کیا وہ لوگ اب تک اتنی بات بھی نہیں سمجھ سکے کہ جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کا مقابلہ کرتا ہےتو اس کے لئے جہنم کی آگ تیار ہے اس میں وہ ہمیشہ رہےگا یہ بڑی رسوائی ہے(۶۳)

कपटि डरते रहते है कि उन (के रसूल) पर कही कोई ऐसी सूरत अवतरित न हो जाए कि उनके मन की बातों को उन पर प्रकट कर दें कह दो कि हंसी किए जाओ, जिस बात से तुम डरते हो ईश्वर उसको अवश्य ही प्रकट कर देगा (64)

منافق ڈرتے رہتے ہیں کہ ان (کے رسول) پر کہیں کوئی ایسی سورت نازل نہ ہو جائے کہ ان کے دل کی باتوں کو ان پر ظاہر کردے۔ کہدو کہ ہنسی کئے جاؤ جس بات سے تم ڈرتے ہو اللہ اس کو ضرور ظاہر کردے گا(۶۴)

और यदि तुम उनसे ज्ञात करो तो कहेंगे कि हम तो यूं ही बात चीत और दिल्लगी करते थे, कहो क्या तुम ईश्वर और उसकी आयतों और उसके रसूल से हंसी करते थे (65)

اور اگر تم ان سے دریافت کرو تو کہیں گے کہ ہم تو یوں ہی بات چیت اور دل لگی کرتے تھے کہو کیا تم اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ہنسی کرتے تھے(۶۵)

बहाने मत बनाओ तुम शान्ति का अनुबन्ध को गृहण करने के बाद उससे विमुख हो चुके हो, यदि हम तुम में से एक दल को (जो पश्चाताप कर ले अर्थात अनुबन्ध में प्रविष्ट हो जाए) को क्षमा कर दें तो दूसरे दल (जो अपने अनुबन्ध तोड़ने पर जमा रहे) को दण्ड भी देंगे क्योंकि वह पाप करता रहा है (66)

بہانے مت بناؤ تم معاہدہ میں داخل ہونے کے بعد اس سے منحرف ہو چکے ہو اگر ہم تم میں سے ایک جماعت کو (جو توبہ کر لے یعنی معاہدہ امن میں داخل ہو جائے) کو معاف کردیں تو دوسری جماعت (جو اپنی معاہدہ شکنی کفر پر جمی رہے) کو سزا بھی دیں گے کیونکہ وہ گناہ کرتے رہے ہیں(۶۶)

कपटि नर और कपटि नारी एक दूसरे के सह जाति (एक ही स्वभाव के हैं) है बुराई का आदेश देंगे अच्छी बातों से रोकेंगें और व्यय करने से अपनी मुट्ठियां बन्द रखेंगे उन्होंने ईश्वर को भुला रखा है अतः ईश्वर ने भी भुला दिया, सत्य यह है कि

منافق مرد اور منافق عورتیں ایک دوسرے کے ہم جنس (ایک ہی مزاج کے ہیں) ہیں برائی کا حکم دیں گے اچھی باتوں سے روکیں گے اور خرچ کرنے سے اپنی مٹھیاں بند رکھیں گے انہوں نے اللہ کو بھلا رکھا ہے اس لئے اللہ نے بھی

कपटि अवज्ञाकार है (67)
ईश्वर ने कपटि पुरुषों और कपटि स्त्रीयों और नास्तिकों से नर्क की अग्नि का वचन किया है, जिसमें वह सदैव रहेंगे, और यही उनके योग्य है उन पर ईश्वर की धिक्कार है उनके लिए ऐसा दण्ड है जो कभी समाप्त न होगा, (68)
(कपटियों!) तुम्हारी दशा भी वैसी ही है जैसी उन लोगों की थी जो तुमसे पहले हो चुके है वह शक्ति में तुमसे बहुत बढ़ कर और धन और सन्तान में तुमसे कही अधिक थे, सो उन्होंने अपने भाग्य का लाभ उठा लिया सो जिस प्रकार तुमसे पहले लोग अपने भाग्य से लाभ उठा चुके है तुमने भी अपने भाग्य से लाभ उठा लिया, और जिस प्रकार मिथ्या पूजा की बातों में वह डूबे रहे इसी प्रकार तुम भी डूबे रहे वही वह लोग है, जिनके कर्म दुनिया और परलोक में नष्ट हो गए और वही लोग हानी उठाने वाले है, (69)
क्या कपटियों के पास उन लोगों की सूचनाएं नही पहुंची जो उन से पहले हो चुके है, जाति नूह जाति आद जाति समूद जाति इब्राहीम मद्यन के लोग और वह लोग जिन की बस्तियां उलट दी गई थी? उन जातियों के पास उन के रसूल खुली हुई स्मृतियां लेकर आए (परन्तु उन्होंने न माना) और ईश्वर ऐसा न है कि उन पर अत्याचार करें परन्तु वह स्वंय ही अपने ऊपर अन्याय करने वाले थे (70)
आस्तिक पुरुष और आस्तिक स्त्रीयां एक दूसरे के मित्र है नेकी का आदेश देते है बुराई से रोकते है नमाज़ स्थापित करते है, दान देते है ईश्वर और उसके ईशदूत की आज्ञा मानते है वही लोग है जिन पर निकट ही ईश्वर कृपा करेगा, निःसंदेह ईश्वर सब पर अधिकार प्राप्त है उसका कोई कार्य युक्ति से रहित नही (71)
ईश्वर ने आस्तिक पुरुषों और आस्तिक स्त्रीयों के लिए उपवनों का वचन किया है जिनके नीचे नहरे बह रही है वह उनमें सदैव रहेंगे, उनके रहने के लिए सदैव का स्वर्ग है अच्छे भवन होंगे, और उन सबसे बढ़ कर ईश्वर की प्रसन्नता वही सबसे बड़ी सफलता है (72)
ऐ रसूल! काफिरो और कपटियों से कठोरता के साथ युद्ध करो और उनका स्थान नर्क है और वह बहुत बुरा स्थान है (73)
वह ईश्वर की शपथे खा कर कहते है कि उन्होंने कुछ नही कहा यद्यपि उन्होंने कुफ्र का शब्द कहा और वह शान्ति का अनुबन्ध करने के बाद विमुख हो गए (अर्थात संधि करने के बाद संधि से निकल गए) और ऐसी बात का प्रयत्न कर चुके है जिस पर अधिकार नही पा सके और उन्होंने (आस्तिकों में) क्या बुराई देखी है अतिरिक्त इसके कि ईश्वर ने अपनी कृपा से और उसके ईशदूत ने उनको धनी कर दिया है तो यदि वह लोग पश्चाताप कर लें

انہیں بھلا دیا حقیقت یہ ہے کہ منافق نافرمان ہیں (۶۷)
اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں سے آتش جہنم کا وعدہ کیا ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہی ان کے لائق ہے ان پر اللہ کی لعنت ہے ان کے لئے ایسا عذاب ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا (۶۸)
(منافقو!) تمہارا حال بھی ویسا ہی ہے جیسا ان لوگوں کا تھا جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں وہ طاقت میں تم سے بہت بڑھ کر اور مال واولاد میں تم سے کہیں زیادہ تھے سو انہوں نے اپنے حصہ کا فائدہ اٹھالیا سو جس طرح تم سے پہلے لوگ اپنے حصہ سے فائدہ اٹھا چکے ہیں تم نے بھی اپنے حصہ سے فائدہ اٹھالیا. اور جس طرح باطل پرستی کی باتوں میں وہ ڈوبے رہے اسی طرح تم بھی ڈوبے رہے. وہ وہ لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت میں اکارت گئے اور وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں (۶۹)
کیا منافقوں کے پاس ان لوگوں کی خبریں نہیں پہنچی جو ان سے پہلے ہو چکے ہیں. قوم نوح قوم عاد قوم ثمود قوم ابراہیم مدین کے لوگ اور وہ لوگ جن کی بستیاں الٹ دی گئیں تھیں؟ ان قوموں کے پاس ان کے رسول کھلی ہوئی نشانیاں لے کر آئے (مگر انہوں نے نہ مانا) اور اللہ ایسا نہ ہے کہ ان پر ظلم کرے مگر وہ خود ہی اپنے اوپر ظلم کرنے والے تھے (۷۰)
مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں نیکی کا حکم دیتے ہیں برائی سے روکتے ہیں نماز قائم کرتے ہیں زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں وہی لوگ ہیں جن پر عنقریب اللہ رحم فرمائے گا بے شک اللہ سب پر غالب ہے اس کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں (۷۱)
اللہ نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لئے باغوں کا وعدہ کیا ہے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے. ان کے رہنے کے لئے ہمیشہ کی جنت ہیں اچھے مکانات ہوں گے اور ان سب سے بڑھ کر اللہ کی رضا مندی وہی سب سے بڑی کامیابی ہے (۷۲)
اے رسول! کافروں اور منافقوں سے سختی کے ساتھ جہاد کرو اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ بہت بُری جگہ ہے (۷۳)
وہ اللہ کی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ انہوں نے کچھ نہیں کیا حالانکہ انہوں نے کفر کا کلمہ کہا اور وہ سلامتی کا معاہدہ کرنے کے بعد منحرف ہو گئے (یعنی صلح کرنے کے بعد صلح سے نکل گئے) اور ایسی بات کا قصد کر چکے ہیں جس پر قدرت نہیں پا سکے. اور انہوں نے (مسلمانوں میں) کیا بُرائی دیکھی ہے سوا اس کے کہ اللہ نے اپنے فضل سے اور اس کے

(उस उपद्रव से जो वह करते हैं) तो यह उनके लिए अच्छा होगा और यदि मुख फेर ले तो ईश्वर उनको दुनिया और परलोक में दुख देने वाला दण्ड देगा, और धरती में उनका कोई सहायक और मित्र न होगा. (74)

رسول نے ان کو دولت مند کردیا ہے تو اگر وہ لوگ توبہ کرلیں (اس فساد سے جو وہ کرتے ہیں) تو یہ ان کے حق میں اچھا ہوگا۔اور اگر منہ پھیرلیں تو اللہ ان کو دنیا اور آخرت میں دکھ دینے والا عذاب دے گا۔اور زمین میں ان کا کوئی دوست اور مددگار نہ ہوگا (۷۴)

और उनमें ऐसे भी हैं जिन्होंने ईश्वर से प्रण किया था कि यदि वह हमें अपनी कृपा से (धन) देगा तो हम अवश्य दान करेंगे और हम सदाचारियों में हो जाएंगे (75)

اوران میں ایسے بھی ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر وہ ہمیں اپنے فضل سے (مال) عطا کرے گا تو ہم ضرور خیرات کریں گے اور ہم نیک کرداروں میں ہو جائیں گے (۷۵)

परन्तु जब ईश्वर ने उन्हें अपने कृपा दया से दिया तो उसमें कृपणता करने लगे और अपने वचन से विमुखता करके फिर गए (76)

لیکن جب اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا تو اس میں بخل کرنے لگے اور اپنے عہد سے روگردانی کر کے پھر گئے (۷۶)

(उनकी अवज्ञा का) यह फल निकला कि ईश्वर ने उनके मनों में उस दिन तक के लिए कपट उत्पन्न कर दिया जब वह ईश्वर के समक्ष प्रस्तुत होंगे इसलिए कि उन्होंने ईश्वर से जो वचन किया था उसे पूरा नहीं किया और इसलिए भी कि वह झूठ बोला करते थे (77)

(ان کی سرکشی کا) نتیجہ یہ نکلا کہ اللہ نے ان کے دلوں میں اس روز تک کے لئے نفاق ڈال دیا جب وہ اللہ کے روبرو حاضر ہوں گے۔اس لئے کہ انہوں نے اللہ سے جو عہد کیا تھا اسے پورا نہیں کیا اور اس لئے بھی کہ وہ جھوٹ بولا کرتے تھے (۷۷)

क्या उन्हें यह ज्ञात नहीं कि ईश्वर उनके भेदों और मंत्रणाओं तक से अवगत है यह कि ईश्वर सबसे बड़ा परोक्ष ज्ञानी है (78)

کیا انہیں یہ نہیں معلوم کہ اللہ ان کے بھیدوں اور مشورہ تک سے واقف ہے اور یہ کہ اللہ سب سے بڑا غیب داں ہے (۷۸)

जो (सम्पन्न) मुसलमान दिल खोल के दान करते हैं और जो (निर्धन) केवल इतना ही कमाते हैं जितनी श्रमवृत्ति करते हैं और थोड़ी सी कमाई में से भी व्यय करते हैं उन पर जो कपटि हैं उनका उपहास उड़ाते हैं और हंसते हैं (किन्तु सत्य यह है कि) ईश्वर उनकी ओर से उनको स्वयं अपमानित कर रहा है (कि अपमान का जीवन व्यतीत कर रहे हैं) उनके लिए कष्ट देने वाला दण्ड है (79)

جو (خوش حال) مسلمان دل کھول کر خیرات کرتے ہیں اور جو (غریب) صرف اتنا ہی کما سکتے ہیں جتنی مزدوری کرتے ہیں اور تھوڑی سی کمائی میں سے بھی خرچ کرتے ہیں ان پر جو منافق ہیں ان کا مذاق اڑاتے ہیں اور ہنستے ہیں (لیکن حقیقت یہ ہے کہ) اللہ ان کی طرف سے ان کو خود ذلیل کر رہا ہے (کہ ذلت کی زندگی گذار رہے ہیں) ان کے لئے دردناک عذاب ہے (۷۹)

ऐ नबी तुम चाहे ऐसे लोगों के लिए क्षमा की प्रार्थना करो या न करो यदि तुम सत्तर बार भी उन्हें क्षमा कर देने की प्रार्थना करोगे तो ईश्वर उन्हें कदापि क्षमा न करेगा, इसलिए कि उन्होंने ईश्वर और उसके ईशदूत के साथ इनकार किया और ईश्वर कपटियों को मुक्ति का मार्ग नहीं देता (80) {9:84,95,96;63:6}

اے نبی تم خواہ ایسے لوگوں کے لئے معافی کی درخواست کرو یا نہ کرو اگر تم ستر بار بھی انہیں معاف کر دینے کی درخواست کرو گے تو اللہ انہیں ہرگز معاف نہ کرے گا اس لئے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا اور اللہ منافقوں کو راہ نجات نہیں دیتا (۸۰) [۹:۸۴،۹۵،۹۶؛۶۳:۶]

(जिन लोगों ने बहाने बनाए थे उन बहानों पर) जिन लोगों को पीछे रह जाने की आज्ञा दे दी गई थी वह ईश्वर के रसूल का साथ न देने और घर बैठे रहने पर प्रसन्न हुए और उन्हें अच्छा न लगा कि ईश्वर के मार्ग में जान व माल से धर्म युद्ध करें उन्होंने लोगों से कहा कि इस कठोर गरमी में न निकलो, उनसे कहो कि नर्क की अग्नि इससे अधिक गर्म है काश उन्हें इसका ज्ञान होता (81)

(جن لوگوں نے بہانے بنائے تھے ان بہانوں پر) جن لوگوں کو پیچھے رہ جانے کی اجازت دے دی گئی تھی وہ اللہ کے رسول کا ساتھ نہ دینے اور گھر بیٹھے رہنے پر راضی ہوئے اور انہیں گوارہ نہ ہوا کہ اللہ کی راہ میں جان و مال سے جہاد کریں انہوں نے لوگوں سے کہا کہ اس سخت گرمی میں نہ نکلو ان سے کہو کہ جہنم کی آگ اس سے زیادہ گرم ہے کاش انہیں اس کا شعور ہوتا (۸۱)

अब चाहिए कि वह लोग हंसना कम करें और रोएं अधिक इसलिए कि जो दुष्टता वह करते रहे हैं उसका फल ऐसा ही है (82)

اب چاہئے کہ وہ لوگ ہنسنا کم کریں اور روئیں زیادہ اس لئے کہ جو بدی وہ کماتے رہے ہیں اس کی سزا ایسی ہی ہے (۸۲)

यदि ईश्वर उनके किसी दल के बीच तुम्हें वापस ले जाए और भविष्य में उनमें से कोई दल धर्म युद्ध के लिए निकलने की अनुमति मांगे तो स्पष्ट कह देना, अब तुम मेरे साथ कदापि नहीं चल सकते और न मेरे, साथ में किसी शत्रु से लड़ सकते हो, तुमने बैठ रहने वालों को पसन्द किया था तो अब

اگر اللہ ان کے کسی گروہ کے درمیان تمہیں واپس لے جائے اور آئندہ ان میں سے کوئی گروہ جہاد کے لئے نکلنے کی تم سے اجازت مانگے تو صاف کہہ دینا اب تم میرے ساتھ ہرگز نہیں چل سکتے۔اور نہ میرے ساتھ میں کسی دشمن سے لڑ سکتے ہو تم نے بیٹھ رہنے والوں کو پسند کیا تھا تو اب گھر

घर बैठने वालों ही के साथ बैठे रहो (८३)

(ऐ नबी ऐसे व्यक्तियों को मुसलमान न समझो) और उनमें से जो कोई मरे उसकी नमाज़ अर्थी भी तुम कदापि न पढ़ना, और न कभी उनकी समाधि पर खड़े होना, क्योंकि उन्होंने ईश्वर और उसके रसूल के साथ कुफ्र किया है और वह मरे हैं इस दशा में कि पापी थे (८४)

नोट- सूरत तौबा की इन आयात के विषय में जो हदीस प्रचलित हैं उनमें से एक लिख रहा हूं जो बुखारी में जिल्द दोम पेज ८०२ पर बाब ८०९ हदीस नं० १७८३, और उनमें किसी की मृत्यु पर नमाज़ न पढ़ना और न उसकी कबर पर खड़े होना,

(१७८३) श्रीमान इब्ने उमर र० कहते हैं कि जब अब्दुल्लाह बिन उबेई रईस कपटि की मृत्यु हुई तो अब्दुल्ला बिन अब्दुल्ला बिन उबेई अर्थात उसका पुत्र रसूल की सभा में उपस्थित हो गया, अतः आप ने अपना मुबारक कुर्ता उसे प्रदान कर दिया और आदेश दिया कि उसे इसका कफन दिया जाए फिर जब आप उसकी नमाज़ पढ़ने के लिए खड़े हुए तो श्री उमर बिन खत्ताब ने आप स० का आंचल थाम लिया और निवेदन किया कि आप स० इसकी नमाज़ अर्थी पढ़ेंगे जो कपटि है और इसके लिए क्षमा की प्रार्थना करने से तो ईश्वर ने आपको मना किया है, आपने इरशाद फरमाया कि ईश्वर ने तो मुझे अधिकार दिया है या मुझे सूचना दी है अर्थात कहा है कि तुम इनकी क्षमा चाहो या न चाहो यदि तुम सत्तर बार इनकी क्षमा चाहोगे तो ईश्वर कदापि उन्हें नही क्षमा करेगा, (आयत ८०) फिर आपने फरमाया कि मैं इसके लिए सत्तर से अधिक बार क्षमा मांगूगा, रावी का कथन है कि फिर रसूल स० ने उसकी नमाज़ अर्थी पढ़ाई और हमने भी आपके साथ पढ़ी, फिर ईश्वर ने यह आयत अवतरित की और उनमें से किसी की अर्थी पर कभी नमाज़ न पढ़ना और न उनकी समाधि पर खड़े होना, बेशक उन्होंने ईश्वर और रसूल के साथ कुफ्र किया और वह अवज्ञा की दशा में ही मरे (आयत ८४) हदीस १७८१-१७८२ भी लगभग इसी विषय से वर्णन है, मौलाना महमूदुल हसन साहब ने अनुवाद पर इन आयातों की तफसीर में यही लिखा है,

इन रिवायात से यह बात निश्चित ढंग से सिद्ध है कि उस समय तक सूरत तौबा की कम से कम आयत नं० ८० अवतरित हो चुकी थी और इस आयत के शब्द और उनका सामूहिक अर्थ से यह आदेश भी निकल कर सामने आता है जिसके आधीन रसूल को कपटियों के लिए क्षमा की प्रार्थना करने से रोक दिया गया है, अतः नमाज़ अर्थी क्षमा का अंश है, अतः रसूल को कपटियों की नमाज़ अर्थी पढ़ने से भी रोक दिया गया है, इस रिवायात में यह भी कहा गया है कि जब रसूल स० अब्दुल्ला बिन उबेई की नमाज़ अर्थी पढ़ने खड़े हुए तो उमर र० ने आपका आंचल थाम लिया और निवेदन किया कि आप इसकी नमाज़ अर्थी पढ़ेंगे? जो कपटि है और इसके लिए क्षमा की प्रार्थना करने से तो ईश्वर ने आपको रोक दिया है, किन्तु जैसा कि रिवायात में कहा गया है, रसूल स० ने उमर के निवेदन को स्वीकार नहीं किया और आयत ८० के आदेश को आदेश न मानते हुए केवल एक सूचना माना और कहा कि मैं इसके लिए सत्तर बार से अधिक क्षमा मांगूगा, रावी आगे कहता है कि फिर रसूल स० ने अब्दुल्ला इब्न उबेई की नमाज़ अर्थी पढ़ाई और हमने भी आप के साथ पढ़ी रावी कहता है कि फिर ईश्वर ने आयत ८४ अवतरित की जिसके द्वारा रसूल को कपटियों की नमाज़ अर्थी पढ़ने से और उनकी समाधी पर खड़े होने से रोक

بیٹھنے والوں ہی کے ساتھ بیٹھے رہو (۸۳)

(اے نبی ایسے آدمیوں کو مسلمان نہ سمجھو) اور ان میں سے جو کوئی مرے اس کی نماز جنازہ بھی تم ہرگز نہ پڑھنا اور نہ کبھی ان کی قبر پر کھڑے ہونا۔ کیوں کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا ہے اور وہ مرے ہیں اس حال میں کہ وہ فاسق تھے (۸۴)

نوٹ:۔ سورہ توبہ کی ان آیات کے بارے میں جو احادیث مروی ہیں ان میں سے ایک لکھ رہا ہوں۔ جو بخاری میں جلد دوم (ص ۸۰۲) پر باب ۸۰۹ قولہٖ ولا تصل علی احد منھم ابداً ولا تقم علی قبرہٖ حدیث نمبر ۱۷۸۳۔ اور ان میں کسی کی میت پر نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہونا۔

۱۷۸۳ حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ جب عبداللہ بن ابی رئیس منافق کی وفات ہوئی تو عبداللہ بن عبداللہ بن ابی یعنی اس کا بیٹا رسول کی بارگاہ میں حاضر ہوگیا چنانچہ آپ نے اپنا مبارک کرتا اسے عطا فرما دیا اور حکم دیا کہ اسے اس کا کفن دیا جائے پھر جب آپ اس کی نماز پڑھانے کے لئے کھڑے ہوئے تو حضرت عمر بن خطاب نے آپؐ کا دامن تھام لیا اور عرض کیا کہ آپؐ اس کی نماز جنازہ پڑھیں گے جو منافق ہے اور اس کے لئے دعائے مغفرت کرنے سے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو منع فرمایا ہے آپ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تو مجھے اختیار دیا ہے یا مجھے خبر دی ہے یعنی فرمایا ہے کہ تم ان کی معافی چاہو یا نہ چاہو اگر تم ستر بار ان کی معافی چاہو گے تو اللہ ہرگز انہیں نہیں بخشے گا۔ (آیت ۔۸۰) پھر آپ نے فرمایا کہ میں اس کے لئے ستر سے زیادہ بار معافی طلب کرلوں گا۔ راوی کا بیان ہے کہ پھر رسولؐ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی اور ہم نے بھی آپ کے ساتھ پڑھی پھر اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی اور ان میں سے کسی کی میت پر کبھی نماز نہ پڑھنا اور نہ ان کی قبر پر کھڑے ہونا۔ بے شک انہوں نے اللہ اور رسول کے ساتھ کفر کیا اور وہ نافرمانی کی حالت میں ہی مرے (آیت ۸۴) حدیث ۱۷۸۱۔۱۷۸۲ بھی تقریباً اس مضمون سے عبارت ہیں۔

مولانا محمود الحسن صاحب کے ترجمہ پر ان آیتوں کی تفسیر میں یہی لکھا ہے، ان روایات سے یہ امر قطعی طور پر ثابت ہے کہ اُس وقت تک سورہ توبہ کی کم از کم آیت نمبر ۸۰ نازل ہو چکی تھی اور اس آیت کے الفاظ اور ان کا مجموعی مفہوم سے یہ حکم بھی نکل کر سامنے آتا ہے جس کے تحت رسول کو منافقین کے لئے دعائے مغفرت کرنے سے روک دیا گیا ہے چونکہ نماز جنازہ دعائے مغفرت کا حصہ ہے اس لئے رسول کو منافقین کی نماز جنازہ پڑھانے سے بھی روک دیا گیا اس روایت میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ جب رسولؐ عبداللہ بن ابی کی نماز جنازہ پڑھانے کھڑے ہوئے تو عمرؓ نے آپ کا دامن تھام لیا اور عرض کیا کہ آپ اس کی نماز جنازہ پڑھیں گے؟ جو منافق ہے اور اس کے لئے دعائے مغفرت کرنے سے تو اللہ نے آپ کو منع فرمایا ہے۔ لیکن جیسا کہ روایت میں کہا گیا ہے، رسولؐ نے عمر کی گذارش کو قبول نہیں فرمایا اور آیت نمبر ۸۰ کے حکم کو حکم نہ مانتے ہوئے صرف ایک خبر مانا اور فرمایا کہ میں اس کے لئے ستر بار سے زیادہ معافی طلب کروں گا راوی آگے بیان کرتا ہے کہ پھر رسولؐ نے عبداللہ ابن ابی کی نماز جنازہ پڑھائی اور ہم نے بھی آپ کے ساتھ پڑھی راوی کہتا ہے کہ پھر اللہ نے آیت ۸۴ نازل فرمائی جس کے ذریعہ رسول کو منافقین کی نماز جنازہ پڑھنے سے اور ان کی قبر پر کھڑے ہونے

दिया गया.

इस प्रसंग में मौलाना मोदूदी ने तफ़हीमुल कुरआन में लिखा है कि तबूक से वापसी पर कुछ अधिक समय व्यतीत न हुआ था कि अब्दुल्ला बिन उबई कपटियों का नेता मर गया, उसके पुत्र अब्दुल्ला बिन अब्दुल्ला जो सच्चा आस्तिक था नबी की सेवा में उपस्थित हुए और कफन में लगाने के लिए आपका कुर्ता मांगा आपने पूर्णतः प्रसन्नता से प्रदान कर दिया, फिर उन्होंने प्रार्थना की कि आप स० ही नमाज़ अर्थी पढ़ाऐं, आप इसके लिए तैयार हो गए श्रीमान उमर ने आग्रह के साथ निवेदन किया कि या रसूल अल्ला, आप इस व्यक्ति पर नमाज़ अर्थी पढ़ेंगे जो यह और यह कर चुका है परन्तु मुहम्मद स० उनकी यह सब बातें सुन कर मुस्कुराते रहे और अपनी करूणा के आधार पर जो मित्र व शत्रु सबके लिए सामान्य थी, आपने इस निकृष्ट -तम के प्रति क्षमा के लिए प्रार्थना करने में संकोच न किया, अन्ततः जब आप नमाज़ पढ़ाने खड़े हो ही गए तो यह आयत अवतरित हुई और सीधे ईश्वर के आदेश से आपको रोक दिया गया.

मोदूदी साहब ने नमाज़ पढ़ाने का इनकार किया है तो इससे सिद्ध हुआ कि मोदूदी साहब ने उस रिवायत का इनकार किया है जिसमें नमाज़ पढ़ाने का उल्लेख है परन्तु किसी ने मोदूदी साहब को हदीस का विरोधी नही कहा? दूसरी बात यह कि आयत में स्पष्ट इनकार है फिर नबी को उस स्थान पर क्यों खड़ा कर दिया जहां से ईश्वर को रोकना पड़ा?

ऊपर की दोनों रिवायतों में कितना विरोधाभाष है प्रथम रिवायत में जिसके रावी इब्न उमर है कहा गया है कि रसूल ने अब्दुल्ला इब्न उबेई की नमाज़ अर्थी पढ़ी और फिर निषेध की आयत अवतरित हुई, जबकि मौलाना मोदूदी लिखते है कि जैसे ही रसूल नमाज़ पढ़ाने खड़े हुए आयत नं० 84 अवतरित हुई और आपको नमाज़ पढ़ाने से रोक दिया गया अर्थात आप ने नमाज़ नही पढ़ाई.

अस्तु उपरोक्त लिखी रिवायतों से यह बात सामने आती है कि उमर कपटि की नमाज़ अर्थी पढ़ाने के विरुद्ध थे और कहते थे कि कपटि के लिए क्षमा की प्रार्थना करने से ईश्वर ने रसूल को मना किया है, जबकि रसूल ने इसके विपरीत उस कपटि के लिए क्षमा की प्रार्थना की और नमाज़ अर्थी पढ़ाने के लिए खड़े हो गए या पढ़ा दी. यदि इन रिवायतों को सत्य मान लिया जाए तो एक गम्भीर स्थिति से दो चार होना पड़ेगा, और मानना पड़ेगा कि उमर की क्षमता और बुद्धि व विवेक ईश्वर की इच्छा को समझने में बहुत उच्च थी जबकि रसूल से (ईश्वर की शरण) इस प्रसंग में कोई कमी हो गई. ऐसे ही कई दूसरे स्थानों पर कुरआन की आयात के अवतरित होने को वर्णन करते समय उमर की मंत्रणा का उल्लेख किया गया है, इससे उमर की बुद्धि व विवेक और दूरदर्शता और विवेक शीलता से सम्बन्ध प्रशंसा व स्तुति के कोण तो अवश्य उजागर होते हैं परन्तु रसूल के गौरव के विपरीत कोण भी निकलता है.

दूसरे यह कि इब्ने उमर की रिवायत में है कि उमर कह रहे हैं कि या रसूल अल्ला आपको ईश्वर ने कपटि के लिए क्षमा की प्रार्थना करने से रोक दिया है, और कपटियों से धर्म युद्ध कराने को कहा है (तौबा अहज़ाब) और पहचान भी बता दी है (47:30) इन सब बातों के होते हुए फिर नबी कपटि की नमाज़ पढ़ाएं? प्रश्न ही उत्पन्न नही होता. अब्दुल्ला बिन उबेई को तो वध हो जाना चाहिए था क्योंकि वह खुला कपटि था न कि क्षमा की प्रार्थना. इसका अर्थ यह हुआ कि उस समय तक सूरत तौबा की आयत नम्बर 80 अवतरित हो चुकी थी फिर आप सोचें कि रसूल कुरआन के आदेशों या शिक्षा के विपरीत कोई

سے منع کردیا گیا.

اس مسئلے پر مولانا مودودی تفہیم القرآن میں رقم طراز ہیں کہ تبوک سے واپسی پر کچھ زیادہ مدت نہ گذری تھی کہ عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین مرگیا، اس کے بیٹے عبداللہ بن عبداللہ جو مخلص مسلمانوں میں سے تھے نبی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کفن میں لگانے کے لئے آپ کا کرتا مانگا آپ نے کمال فراغ دلی سے عطا کردیا. پھر انہوں نے درخواست کی کہ آپ ہی نماز جنازہ پڑھائیں، آپ اس کے لئے تیار ہوگئے. حضرت عمرؓ نے باصرار عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ اس شخص پر نماز جنازہ پڑھیں گے جو یہ اور یہ کرچکا ہے مگر محمدؐ ان کی یہ سب باتیں سن کر مسکراتے رہے اور اپنی رحمت کی بنا پر جو دوست دشمن سب کے لئے عام تھی، آپ نے اس بدترین کے حق میں دعائے مغفرت کرنے میں تامل نہ کیا. آخر جب آپ نماز پڑھانے کھڑے ہو ہی گئے تو یہ آیت نازل ہوئی اور براہ راست حکم خداوندی سے آپ کو روک دیا گیا.

مودودی صاحب نے نماز پڑھانے کا انکار کیا ہے تو اس سے ثابت ہوا کہ مودودی صاحب نے اس روایت کا انکار کیا ہے جس میں نماز پڑھانے کا ذکر ہے لیکن کسی نے مودودی صاحب کو منکر حدیث نہیں کہا؟ دوسری بات یہ کہ آیت میں صاف انکار ہے پھر نبی کو اس مقام پر کیوں کھڑا کردیا جہاں سے اللہ کو روکنا پڑا؟

اوپر کی دونوں روایتوں میں کتنا فرق ہے اوّل روایت میں جس کے راوی ابن عمر ہیں کہا گیا ہے کہ رسول نے عبداللہ ابن آبی کی نماز جنازہ پڑھی اور پھر ممانعت کی آیت نازل ہوئی، جب کہ مولانا مودودی لکھتے ہیں کہ جیسے ہی رسول نماز پڑھانے کھڑے ہوئے آیت نمبر ۸۴ نازل ہوئی اور آپ کو نماز پڑھانے سے روک دیا گیا یعنی آپ نے نماز جنازہ نہیں پڑھائی.

بہرحال مندرجہ بالا روایتوں سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ عمر منافق کی نماز جنازہ پڑھانے کے خلاف تھے اور کہتے تھے کہ منافق کے لئے دعائے مغفرت کرنے سے اللہ نے رسول کو منع کیا ہے جب کہ رسول نے اس کے برعکس اُس منافق کے لئے دعائے مغفرت کی اور نماز جنازہ پڑھانے کے لئے کھڑے ہوگئے یا پڑھادی. اگر ان روایتوں کو درست مان لیا جائے تو ایک سنگین صورت حال سے دوچار ہونا پڑے گا. اور ماننا پڑے گا کہ عمر کی صلاحیت اور فہم وفراست اللہ کی مرضی کے سمجھنے میں بہت بلندی تھی جب کہ رسول سے (نعوذ باللہ) اس سلسلہ میں کوئی کوتاہی ہوئی. ایسے ہی کئی دیگر مقامات پر قرآنی آیات کی شان نزول بیان کرتے وقت عمر کی رائے کا ذکر کیا گیا ہے. اس سے عمر کی فہم وفراست دوراندیشی اور معاملہ فہمی سے متعلق تعریف وتوصیف کے گوشے تو ضرور اجاگر ہوئے ہیں لیکن شان رسول کے منافی پہلو بھی نکلتا ہے.

دوسرے یہ کہ ابن عمر کی روایت میں ہے کہ عمر کہہ رہے ہیں کہ یا رسول اللہ آپ کو اللہ نے منافق کے لئے دعائے مغفرت کرنے سے منع کیا ہے اور منافقوں سے جہاد کرنے کو کہا ہے (توبہ احزاب) اور پہچان بھی بتادی ہے (۴۷:۳۰) ان سب باتوں کے ہوتے ہوئے پھر نبی منافق کی نماز پڑھائیں؟ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا. عبداللہ بن ابی کو تو قتل ہوجانا چاہئے تھا. کیوں کہ وہ کھلا منافق تھا نہ کہ دعائے مغفرت اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس وقت تک سورہ توبہ کہ

कार्य कर सकते थे? (ईश्वर की शरण) इसी आयत ८० में कपटियों को ईश्वर व रसूल का विरोधी और अवज्ञाकारी कहा गया है, तो ऐसी स्थिति में रसूल ऐसे व्यक्तियों के लिए क्षमा की प्रार्थना करने की सोच भी नही सकते थे? अपितु उनको वध करते ईश्वर के आदेशानुसार और किया भी है.

तीसरे यह कि ईश्वर परोक्षा ज्ञानी है, उसको पहले से ही ज्ञान था कि नबी को भविष्य में किस प्रकार की घटना व स्थिति सामने आने है अतः ईश्वर ने अपने नबी को वही के द्वारा स्पष्ट आदेश पारित किए थे जो कुरआन का अंश है, ताकि नबी को समय आने पर किसी व्याकुलता व विवशता का सामना न हो आयात के सन्दर्भ से ज्ञात होता है कि सूरत तौबा की आयात नं० ८० से ८४ तक तो एक साथ ही अवतरित हुई, परन्तु इनको तो मानना ही पड़ेगा, यदि ऐसा न भी हो तो भी आयात ८० के आदेश ही कपटि के प्रति क्षमा की प्रार्थना करने और नमाज़ अर्थी पढ़ने के निषद के लिए प्रयाप्त है.

इसके अतिरिक्त हमें विचार करना चाहिए कि इतिहास की पुस्तकों और कथनों से ऐसी किसी बात की प्रेरणा नही होती जिसके आधार पर रसूल को अब्दुल्ला बिन उबेई जैसे कपटि के प्रति क्षमा की प्रार्थना करने के लिए या प्रेरणा होती, अतः ज्ञात हुआ कि रसूल ने कपटि की नमाज़ अर्थी नही पढ़ाई और न उसके लिए क्षमा की प्रार्थना की और इस विषय की सभी रिवायतें मिथ्या और मनघढ़न्त हैं और हमें उनको कठोरता के साथ निरस्त करना चाहिए रहा प्रश्न अब्दुल्ला बिन अब्दुल्ला का नबी से अपने पिता के लिए क्षमा की प्रार्थना करने और नमाज़ अर्थी पढ़ने की प्रार्थना करना तो यह भी एक विचित्र सी बात है क्या अब्दुल्ला को ईश्वर का वह आदेश कि कपटियों से धर्म युद्ध करो उनको वध करो उनके लिए क्षमा की प्रार्थना न करो उनसे दान न लो ज्ञात न था? यदि हां तो उनकी प्रार्थना को माना जा सकता है, और यदि ज्ञात था और ज्ञात था क्योंकि उनको सच्चा आस्तिक लिखा है और नबी के साथ रहते थे तो ऐसी स्थिति में अब्दुल्ला कभी भी नबी से क्षमा की प्रार्थना करने को नही कह सकते थे और न ही कहा यदि वह आस्तिक थे यह कथन ही विचारणीय है.

آیت نمبر ۸۰ نازل ہو چکی تھی پھر آپ سوچیں کہ رسول قرآن کے احکام یا ہدایت کے خلاف کوئی کام کر سکتے تھے؟ (نعوذ باللہ) اس آیت ۸۰ میں منافقین کو منکرین اللہ و رسول اور نافرمان کہا گیا ہے تو ایسی صورت میں رسول ایسے لوگوں کے حق میں دعائے مغفرت کرنے کی سوچ بھی نہیں سکتے تھے؟ بلکہ ان کو قتل کرتے اللہ کے حکم کے مطابق اور کیا ہے۔

تیسرے یہ کہ اللہ عالم الغیب ہے اس کو پہلے سے ہی علم تھا کہ نبی کو آئندہ کس طرح کے واقعات و حالات پیش آنے ہیں، اس لئے اللہ نے اپنے نبی کو وحی کے ذریعہ واضح احکام جاری فرمائے تھے جو قرآن کا حصہ ہیں تا کہ نبی کو بر وقت کسی پریشانی و معذوری کا سامنا نہ ہو۔ آیات کے سیاق و سباق سے معلوم ہوتا ہے کہ سورہ توبہ کی آیات نمبر ۸۰ لغایت ۸۴ تک تو ایک ساتھ ہی نازل ہوئی ہیں حالانکہ ان کے ساتھ اور بھی نازل ہوئیں مگر ان کو تو ماننا ہی پڑے گا، اگر ایسا نہ بھی ہو تو بھی آیت نمبر ۸۰ کے احکام ہی منافق کے حق میں دعائے مغفرت کرنے اور نماز جنازہ پڑھنے کی مخالفت کے لئے کافی ہیں اس کے علاوہ ہمیں غور کرنا چاہیے کہ کتب تاریخ و احادیث سے ایسی کسی بات کی نشان دہی نہیں ہوتی جس کی بنا پر رسول کو عبداللہ بن ابی جیسے غالی منافق کے حق میں دعائے مغفرت کرنے کے لئے رغبت یا تحریک ہوتی۔ پس معلوم ہوا کہ رسول نے منافق کی نماز جنازہ نہیں پڑھائی اور نہ اس کے حق میں دعائے مغفرت کی اور اس سلسلہ کی جملہ روایتیں غلط اور موضوع ہیں اور ہمیں ان کو سختی سے رد کرنا چاہیے۔

رہا سوال عبداللہ بن عبداللہ کا نبی سے اپنے باپ کے لئے دعائے مغفرت کرنے اور نماز جنازہ پڑھانے کی درخواست کرنا تو یہ بھی ایک عجیب سی بات ہے کیا عبداللہ کو اللہ کا وہ حکم کہ منافقوں سے جہاد کرو ان کو قتل کرو ان کے لئے دعائے مغفرت نہ کرو ان سے صدقات نہ لو معلوم نہ تھا؟ اگر ہاں تو ان کی درخواست کو مانا جا سکتا ہے اور اگر معلوم تھا اور معلوم تھا کیونکہ ان کو مخلص مومن لکھا ہے اور نبی کے ساتھ رہتے تھے تو ایسی حالت میں عبداللہ کبھی بھی نبی سے دعائے مغفرت کرنے کو نہیں کہہ سکتے تھے اور نہ ہی کہا اگر وہ مومن تھے یہ روایات ہی محل نظر ہیں۔

और उनके माल और सन्तान से आश्चर्य न करना उन वस्तुओं से ईश्वर यह चाहता है कि उनको दुनिया में दण्ड करें और जब उनकी जान निकले तो वह नास्तिक ही हो (८५)

اور ان کے مال اور اولاد سے تعجب نہ کرنا ان چیزوں سے اللہ یہ چاہتا ہے کہ ان کو دنیا میں عذاب کرے اور جب ان کی جان نکلے تو وہ کافر ہی ہوں (۸۵)

और जब कोई सूरत अवतरित होती है कि ईश्वर पर विश्वास लाओ और उसके रसूल के साथ (मिलकर) युद्ध करो तो उनमें जो लोग धनी है वह तुम से अनुमति मांगते है और कहते है हमें छोड़ दीजिए जो लोग घरों में बैठे है हम भी उनके साथ बैठे रहे (८६)

اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے کہ اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول کے ساتھ (مل کر) جہاد کرو تو ان میں جو لوگ دولت مند ہیں وہ تم سے اجازت مانگتے ہیں اور کہتے ہیں ہمیں چھوڑ دیجئے۔ جو لوگ گھروں میں بیٹھے ہیں ہم بھی ان کے ساتھ بیٹھ رہیں (۸۶)

वह लोग इस बात से प्रसन्न है कि घरों में रह जाने वाली स्त्रियों के साथ वह भी बैठ रहे उनके हृदयों पर (अवज्ञा करने से) मोहर लग गई है, (इसलिए) उनकी समझ में कोई बात नही आती (८७)

وہ لوگ اس بات سے خوش ہیں کہ گھروں میں رہ جانے والی عورتوں کے ساتھ وہ بھی بیٹھ رہیں ان کے دلوں پر (نافرمانی کرنے سے) مہر لگ گئی ہے (اس لئے) ان کی سمجھ میں کوئی بات نہیں آتی (۸۷)

परन्तु ईश्वर के रसूल ने और उन लोगों ने जो उनके साथ आस्था लाए अपने धन से और अपनी

لیکن اللہ کے رسول نے اور ان لوگوں نے جو ان کے ساتھ ایمان لائے اپنے مال سے اور اپنی جانوں سے جہاد

जानों से धर्म युद्ध किया वही वह लोग है जिनके लिए सत्कर्म है और वही सफल और उद्देश्य पाने वाले है (88)

کیا وہی وہ لوگ ہیں جن کے لئے نیکیاں ہیں اور وہی کامیاب اوربامراد ہیں(۸۸)

ईश्वर ने उनके लिए ऐसा स्वर्ग तैयार कर रखा है जिसके नीचे नहरें बह रही हैं वह बहुत बड़ी सफलता है सदैव उसमें रहेंगे (89)

اللہ نے ان کے لئے ایسی جنت تیار کر رکھی ہے جس کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں وہ بہت بڑی کامیابی ہے ہمیشہ اس میں رہیں گے(۸۹)

और कुछ बद्दू असमर्थता बताते हुए आए ताकि उन्हें भी (घर बैठे रहने की) अनुमति दी जाए और वह लोग ईश्वर और रसूल से झूट बोले थे वह भी बैठ रहे सो उनमें से जिन्होंने अवज्ञा का मार्ग स्वीकार किया उनको दुख देने वाला दण्ड दिया जाएगा (90)

اور کچھ بدو عذر کرتے ہوئے آئے تا کہ انہیں بھی (گھر بیٹھ رہنے کی) اجازت دی جائے اور وہ لوگ اللہ اور رسول سے جھوٹ بولے تھے وہ بھی بیٹھے رہے سوان میں سے جنہوں نے نافرمانی کی راہ اختیار کی ان کو دردناک عذاب دیا جائے گا(۹۰)

निर्बलों पर रोगियों पर और उन लोगों पर जिनके पास व्यय करने को कुछ नहीं है कोई आरोप नहीं यदि वह धर्म युद्ध में सम्मिलित नहीं होते यदि वह हृदय से ईश्वर और उसके रसूल के शुभ चिन्तक हों इस प्रकार का आरोप सदाचारियों पर नहीं होता ईश्वर बड़ा क्षमा करने वाला और कृपा वाला है (91)

کمزوروں پر بیماروں پر اور ان لوگوں پر جن کے پاس خرچ کرنے کو کچھ نہیں ہے کوئی الزام نہیں اگر وہ جہاد میں شریک نہیں ہوتے بشرطیکہ وہ دل سے اللہ اور اس کے رسول کے خیرخواہ ہوں اس طرح کا الزام پرہیزگاروں پر نہیں ہوتا اللہ بڑا بخشنے والا رحمت والا ہے(۹۱)

और न उन लोगों पर कुछ आरोप है (जिनके पास सवारी नहीं) वह तेरे पास आए ताकि आप उनके लिए सवारी का प्रबन्ध कर दें और जब आपने उनसे कहा मैं तुम्हारे लिए सवारी का प्रबन्ध नहीं कर सकता तो वह लौट गए परन्तु वह आंखों से इस दुख से आंसू बहाते हुए लौट गए कि उनके पास व्यय उपस्थित नहीं है (92) (पहले से ऐसा ही होता रहा है)

اور نہ ان لوگوں پر کچھ الزام ہے (جن کے پاس سواری نہیں) وہ تیرے پاس آئے تا کہ آپ ان کے لئے سواری کا انتظام کردیں. اور جب آپ نے ان سے کہا میں تمہارے لئے سواری کا انتظام نہیں کرسکتا تو وہ لوٹ گئے. لیکن وہ آنکھوں سے اس غم میں آنسو بہاتے ہوئے لوٹ گئے کہ ان کے پاس خرچ موجود نہیں ہے(۹۲) (پہلے سے ایسا ہی ہوتا رہا ہے)

आरोप तो उन पर है जो धनी होने के बावजूद तुम से आज्ञा मांगे उन्होंने यही पसन्द किया कि वह घरों में रह जाने वाली स्त्रियों के साथ बैठे रहें (परन्तु उनकी अवज्ञा के कारण) ईश्वर के नियम ने उनके हृदयों पर मोहर लगा दी थी अब कोई बात उनकी समझ में ही नहीं आती (93)

الزام تو ان پر ہے جو مالدار ہونے کے باوجود تجھ سے اجازت مانگیں انہوں نے یہی پسند کیا کہ وہ گھروں میں رہ جانے والی عورتوں کے ساتھ بیٹھے رہیں (لیکن ان کی نافرمانی کی وجہ سے) اللہ کے قانون نے ان کے دلوں پر مہر لگادی کہ اب کوئی بات ان کی سمجھ میں ہی نہیں آتی (۹۳)

(मुसलमानों) जब तुम वापसी पर उनकी ओर लोटोगे तो वह लोग तुम्हारे पास आकर बहाने प्रस्तुत करेंगे, ऐ रसूल तुम उनसे कह देना बहाने मत बनाओ हम कदापि तुम्हारी बात नहीं मानेंगे, ईश्वर ने तुम्हारे सब समाचार बता दिए हैं भविष्य में ईश्वर और उसका रसूल देखेगा कि तुम किस प्रकार के कार्य करते हो फिर तुम उस ईश्वर की ओर लोटाए जाओगे जो प्रकट और छुपी हर प्रकार की बातें जानता है फिर वह तुम को बताएगा कि तुम दुनिया में किस प्रकार के कार्य करते रहे हो (94)

(مسلمانو!) جب تم واپسی پر ان کی طرف لوٹو گے تو وہ لوگ تمہارے پاس آکر عذر کریں گے اے رسول تم ان سے کہہ دینا بہانے مت بناؤ ہم ہرگز تمہاری بات نہیں مانیں گے. اللہ نے تمہارے سب حالات بتادیئے ہیں. آئندہ اللہ اور اس کا رسول دیکھے گا کہ تم کس طرح کے کام کرتے ہو. پھر تم اس اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے. جو ظاہر اور پوشیدہ ہر طرح کی باتیں جانتا ہے پھر وہ تم کو بتائے گا کہ تم دنیا میں کس طرح کے کام کرتے رہے ہو(۹۴)

जब तुम लौटकर उनसे मिलोगे तो वह ईश्वर की शपथ खाएंगे ताकि तुम उनको क्षमा करो, पस उनकी ओर से मुख फैर लेना वह अशुद्ध है और उनका ठिकाना नर्क है, यह उन्ही कर्मों का फल है जो वह करते रहे हैं (95) {5:90; 9:28,125}

جب تم لوٹ کر ان سے ملو گے تو وہ اللہ کی قسمیں کھائیں گے تا کہ تم ان سے درگزر کرو. پس ان کی طرف سے رُخ پھیر لینا وہ ناپاک ہیں اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے. یہ انہیں اعمال کا نتیجہ ہے جو وہ کرتے رہے ہیں (۹۵)[۵:۹۰؛ ۹:۲۸،۱۲۵]

वह तुम्हारे सामने शपथ खाएंगे ताकि तुम उनसे प्रसन्न हो जाओ तो (सुन लो) यदि तुम प्रसन्न हो गए तो ईश्वर ऐसे पापियों और अवज्ञाकारों से

وہ تمہارے سامنے قسمیں کھائیں گے تا کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ تو (سن لو) اگر تم راضی ہو بھی گئے تو اللہ ایسے

प्रसन्न न होगा (96) {9:80,84,114}

मरूस्थल में रहने वाले बद्दू नास्तिकता और कपट में बड़े ही कठोर है और इसलिए है कि जो उपदेश ईश्वर ने अपने रसूल पर अवतरित किया है उनसे अभी अवगत नही है और ईश्वर सब कुछ जानने वाला है उसका कोई काम युक्ति से रहित नही है (97)

उन बद्दूवों में ऐसे भी है जो कुछ व्यय करेंगे उसे अर्थ दण्ड समझेंगे और प्रतीक्षक है कि तुम पर कोई आकाश से कष्ट अवतरित हो परन्तु विपत्ति के बुरे दिन स्वयं उन पर ही आने वाले है ईश्वर सुनता और जानता है (98)

बद्दूवों में कुछ ऐसे भी है जो ईश्वर पर और प्रलय पर विश्वास रखते है और जो कुछ व्यय करते है उसे ईश्वर की समीपता और रसूल के आशीर्वाद का साधन समझते है तो सुन लो वह निःसन्देह उनके लिए ईश्वर की समीपता का साधन है निकट ही ईश्वर उन्हें अपनी कृपा में प्रविष्ट करेगा निःसन्देह ईश्वर क्षमा करने वाला दया करने वाला है (99) {2:157; 9:103; 5:35; 17:57}

पलायन करने वाले और सहायता करने वालों में से जो लोग अग्रसरता करके पहले विश्वास लाए और जिन लोगों ने सच्चाई के साथ उनका अनुकरण किया उनसे ईश्वर प्रसन्न हुआ और वह ईश्वर से राजी हुए और ईश्वर ने उनके लिए उपवन तैयार कर रखे है जिनके नीचे नहरे बह रही है वह सदैव उनमें रहेंगे वह बहुत बड़ी सफलता है (100)

और उन बद्दूवी जातियों में से जो तुम्हारे आस-पास बसे हुए है कुछ कपटि है और स्वयं मदीने वालों में भी कुछ कपट पर अड़े हुए है, तुम उन्हें नही जानते (परन्तु) हम उन्हें भलिभांति जानते है हम उन्हें दो बार दण्ड देंगे, फिर वह दण्ड की ओर लौटाए जाएंगे (101)

और दूसरे (वह हैं) जिन्होंने अपने पापों को स्वीकार कर लिया, उन्होंने अच्छे और बुरे कर्मों को मिला लिया, हो सकता है कि ईश्वर उनका पश्चाताप स्वीकार कर लें, वह बहुत बड़ा क्षमा करने वाला है उसका कोई कार्य युक्ति से रहित नही है (102)

ऐ नबी तुम उनके धनों में से दान लेकर उन्हें शुद्ध करो और उससे (उनके निर्धनों को पवित्रता दीजिए अर्थात सहायता शुभ कर्मों के मार्ग में उन्हें बढ़ाओ) और उनके लिए दया की प्रार्थना करो, क्योंकि तुम्हारी प्रार्थना उनके लिए सांत्वना का साधन होगी ईश्वर सब कुछ सुनता और जानता है (103) {2:157; 6:99; 33:43,56;5:44,46; 24:41,55; 64:8; 37:181; 58:22}

नोट- सांत्वना का साधन क्यों होगी इसलिए कि ईश्वर का यह आदेश है कि ऐ मुहम्मद स0 आप पापियों और कपटियों से न तो दान, धर्मादाय लो और न उनके लिए मंगल कामना करो, तो इस आदेश के बाद न तो आप उनसे धर्मादाय लेते थे और न उनके लिए क्षमा की

فاسقوں اورنافرمان لوگوں سے راضی نہ ہوگا (۹۶) [۹:۸۰،۸۴،۱۱۴]

صحرانشین بدو کفر اور نفاق میں بڑے ہی سخت ہیں اور اس لئے ہیں کہ جو احکام اللہ نے اپنے رسول پر نازل کئے ہیں ان سے ابھی واقف نہیں ہیں اور اللہ سب کچھ جاننے والا ہے اس کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں ہے (۹۷)

ان بدوؤں میں ایسے بھی ہیں جو کچھ خرچ کریں گے اسے تاوان سمجھیں گے اور منتظر ہیں کہ تم پر کوئی آفت سماوی نازل ہو. لیکن گردش کے بُرے دن خود ان ہی پر آنے والے ہیں اللہ سنتا اور جانتا ہے (۹۸)

بدوؤں میں کچھ ایسے بھی ہیں جو اللہ پر اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ خرچ کرتے ہیں اسے اللہ کے تقرب اور رسول کی دعا کا ذریعہ سمجھتے ہیں تو سن لو وہ یقیناً ان کے لئے قرب الٰہی کا ذریعہ ہے عن قریب اللہ انہیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا. بے شک اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے (۹۹) [۲:۱۵۷؛ ۹:۱۰۳؛ ۵:۳۵؛ ۱۷:۵۷]

مہاجرین اور انصار میں سے جو لوگ سبقت کر کے پہلے ایمان لائے اور جن لوگوں نے راست بازی کے ساتھ ان کی پیروی کی ان سے اللہ راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے اور اللہ نے ان کے لئے باغ تیار کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے وہ بہت بڑی کامیابی ہے (۱۰۰)

اور ان بدوی قبائل میں سے جو تمہارے آس پاس بسے ہوئے ہیں کچھ منافق ہیں اور خود اہل مدینہ میں بھی کچھ نفاق پر اڑے ہوئے ہیں تم انہیں نہیں جانتے (لیکن) ہم انہیں خوب جانتے ہیں ہم انہیں دو مرتبہ عذاب دیں گے. پھر وہ عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے (۱۰۱)

اور دوسرے (وہ ہیں) جنہوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کرلیا. انہوں نے اچھے اور بُرے اعمال کو ملا لیا. ہو سکتا ہے کہ اللہ ان کی توبہ قبول کرلے وہ بہت بڑا بخشنے والا ہے اس کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں ہے. (۱۰۲)

اے نبی تم ان کے اموال میں سے صدقہ لے کر انہیں پاک کرو (اور اس سے ان کے غریبوں کو پاکی دیجئے یعنی مدد اور نیکی کی راہ میں انہیں بڑھاؤ) اور ان کے حق میں دعائے رحمت کرو، کیونکہ تمہاری دعا ان کے لئے وجہ تسکین ہوگی اللہ سب کچھ سنتا اور جانتا ہے (۱۰۳) [۲:۱۵۷؛ ۶:۹۹؛ ۳۳:۴۳،۵۶؛ ۵:۴۴،۴۶؛ ۲۴:۴۱،۵۵؛ ۶۴:۸؛ ۳۷:۱۸۱؛ ۵۸:۲۲]

نوٹ:۔ وجہ تسکین کیوں ہوگی. اس لئے کہ اللہ کا یہ حکم ہے کہ اے محمدؐ آپ کافروں اور منافقوں سے نہ تو صدقات زکوٰۃ لو اور نہ ان کے لئے دعائے خیر کرو تو اس حکم کے بعد نہ تو آپ ان سے زکوٰۃ لیتے تھے اور نہ ان کے لئے دعائے خیر

प्रार्थना करते थे, परन्तु जब किसी से धन लेकर मंगल कामना करते थे तो उनको ज्ञात हो जाता था कि हम कपटि नहीं हैं और उनको सांत्वना होती थी, यह है अर्थ सांत्वना का साधन वह व्यक्ति प्रसन्न हो जाते थे,

کرتے تھے لیکن جب کسی سے مال لے کر دعائے خیر کرتے تھے تو ان کو معلوم ہو جاتا تھا کہ ہم منافق نہیں ہیں اور ان کو تسکین ہوتی تھی یہ ہے مطلب تسکین کا ذریعہ وہ لوگ خوش ہو جاتے تھے۔

क्या वह लोग नहीं जानते कि ईश्वर ही अपने बन्दों से पश्चाताप स्वीकार करता है और दान लेता है और निःसन्देह ईश्वर ही पश्चाताप स्वीकार करने वाला कृपालु है (104)

کیا وہ لوگ نہیں جانتے کہ اللہ ہی اپنے بندوں سے توبہ قبول کرتا ہے اور صدقات لیتا ہے اور بے شک اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے (۱۰۴)

और उनसे कह दो कि कर्म किये जाओ ईश्वर और उसका रसूल और आस्तिक तुम्हारे कर्मों को देख लेंगे, और तुम परोक्ष और प्रकट के जानने वाले के पास लौटाए जाओगे, फिर जो कुछ तुम करते रहे हो वह सब तुम को बता देगा (105)

اور ان سے کہدو کہ عمل کئے جاؤ اللہ اور اس کا رسول اور مومن تمہارے عملوں کو دیکھ لیں گے۔ اور تم غائب اور حاضر کے جاننے والے کے پاس لوٹائے جاؤ گے پھر جو کچھ تم کرتے رہے ہو وہ سب تم کو بتا دے گا (۱۰۵)

और कुछ लोग हैं जिनका कार्य ईश्वर को समर्पित है चाहे उनको दण्ड दे या क्षमा कर दे और ईश्वर जानने वाला युक्ति वाला है (106)

اور کچھ اور لوگ ہیں جن کا کام اللہ کے سپرد ہے چاہے ان کو عذاب دے یا معاف کر دے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے (۱۰۶)

और कुछ लोग और हैं जिन्होंने एक मस्जिद बनाई इसलिए कि (सत्य कार्य को) हानि पहुंचाए और कुफ्र करें और धर्म वालों में फूट डाले और उस व्यक्ति के लिए सुरक्षित स्थान बनाएं जो इससे पहले ईश्वर और उसके रसूल के विरुद्ध युद्ध कर चुका है, वह अवश्य शपथ खा खाकर कहेंगे कि हमारा संकल्प तो मंगल के सिवा किसी दूसरे कार्य का न था, परन्तु ईश्वर शाक्षी है कि वह निश्चित झूटे हैं (107)

اور کچھ لوگ اور ہیں جنہوں نے ایک مسجد بنائی اس لئے کہ (دعوت حق کو) نقصان پہنچائیں اور کفر کریں اور اہل ایمان میں پھوٹ ڈالیں اور اس شخص کے لئے کمین گاہ بنائیں جو اس سے پہلے اللہ اور اس کے رسول کے خلاف لڑ چکا ہے وہ ضرور قسمیں کھا کھا کر کہیں گے کہ ہمارا ارادہ تو بھلائی کے سوا کسی دوسری چیز کا نہ تھا مگر اللہ گواہ ہے کہ وہ قطعی جھوٹے ہیں (۱۰۷)

तुम उस (मस्जिद) में कभी खड़े भी न होना अपितु वह मस्जिद जिसका आधार पहले दिन से संयम पर रखा गया है इस योग्य है कि उसमें जाया करो उसमें ऐसे लोग हैं जो पवित्र रहने को पसन्द करते हैं और ईश्वर पवित्र रहने वालों को ही पसन्द करता है (108)

تم اس (مسجد) میں کبھی کھڑے بھی نہ ہونا۔ البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے دن سے تقویٰ پر رکھی گئی ہے اس قابل ہے کہ اس میں جایا کرو۔ اس میں ایسے لوگ ہیں جو پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ پاک رہنے والوں کو ہی پسند کرتا ہے (۱۰۸)

बताओ वह व्यक्ति अच्छा है जिसने अपनी इमारत का आधार ईश्वर के भय और उसकी प्रसन्नता पर रखा था वह व्यक्ति जिसने अपने भवन का आधार गिर जाने वाली खाई के किनारे पर रखा और वह उसको लेकर नर्क में जा गिरी ईश्वर का नियम ऐसे पापियों पर पथ प्रदर्शन का मार्ग नहीं खोलता(109)

بتاؤ وہ شخص اچھا ہے جس نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ کے خوف اور اس کی رضامندی پر رکھی یا وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد گر جانے والی کھائی کے کنارے پر رکھی اور وہ اس کو لے کر دوزخ میں جا گری اللہ کا قانون ایسے ظالموں پر ہدایت کی راہ نہیں کھولتا (۱۰۹)

यह भवन जो उन्होंने बनाया है सदैव उनके हृदयों में खटकता रहेगा परन्तु यह कि उनके हृदय टुकड़े टुकड़े हो जाऐं और ईश्वर सब कुछ जानने वाला है उसका कोई कार्य युक्ति से रहित नहीं (110)

یہ عمارت جو انہوں نے بنائی ہے ہمیشہ ان کے دلوں میں کھٹکتی رہے گی مگر یہ کہ ان کے دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں اور اللہ سب کچھ جاننے والا ہے اس کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں (۱۱۰)

वास्तविकता यह है कि ईश्वर ने आस्तिकों से उनके जानो और उनके माल स्वर्ग के बदले क्रय कर लिए हैं वह ईश्वर की राह में युद्ध करते और मारते और मरते हैं उनसे (स्वर्ग का वचन) ईश्वर का दायित्व एक पक्का वचन है तौरात और इन्जील और कुरआन में और कौन है जो ईश्वर से बढ़कर अपने वचन का पूरा करने वाला हो? पस आनन्द मनाओ अपने उस सोदे पर जो तुम ने ईश्वर से किया है

حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے مومنوں سے ان کے نفس اور ان کے مال جنت کے بدلے خرید لئے ہیں وہ اللہ کی راہ میں لڑتے اور مارتے اور مرتے ہیں ان سے (جنت کا وعدہ) اللہ کے ذمہ ایک پختہ وعدہ ہے توراۃ اور انجیل اور قرآن میں اور کون ہے جو اللہ سے بڑھ کر اپنے عہد کا پورا کرنے والا ہو؟ پس خوشیاں مناؤ اپنے اس سودے پر جو تم نے اللہ

और यह वह है जो बड़ी सफलता है(111)(48:10)
(जिन लोगों ने ईश्वर से जान व माल का सौदा किया है वह यह है पापों से) पश्चाताप करने वाले पूजा करने वाले ईश्वर की प्रशंसा करने वाले धर्म प्राप्त करने या शिक्षा देने के लिए ईश्वर के मार्ग में यात्रा पर्यटन करने वाले, झुकने वाले सजदा करने वाले उपकार का आदेश करने वाले, बुराई से रोकने वाले और ईश्वर की निश्चित की हुई सीमाओं की रक्षा करने वाले और ऐ रसूल आस्तिकों को स्वर्ग की शुभ सूचना सुना दो (112)

سے کیا ہے اور یہ وہ ہے جو بڑی کامیابی ہے(۱۱۱)[۴۸:۱۰]
(جن لوگوں نے اللہ سے جان و مال کا سودا کیا ہے وہ یہ ہیں گناہوں سے) توبہ کرنے والے عبادت کرنے والے اللہ کی حمد و ثنا کرنے والے دین حاصل کرنے یا تعلیم دینے کے لئے اللہ کی راہ میں سفر سیاحت کرنے والے رکوع کرنے والے سجدہ کرنے والے نیکی کا حکم دینے والے، برائی سے روکنے والے اور اللہ کی ٹھہرائی ہوئی حدبندیوں کی حفاظت کرنے والے اور اے رسول مومنوں کو جنت کی خوشخبری سنادو(۱۱۲)

यह बात रसूल और मुसलमानों को शोभा नहीं देती कि वह अनेकेश्वर वादियों के लिए क्षमा की प्रार्थना करें चाहे वह उनके सम्बन्धी ही हों जबकि उन पर यह बात प्रकट हो चुकी कि वह नर्की है (113)
और इब्राहीम ने जो अपने मुशरिक पिता के लिए प्रार्थना की थी इसका कारण यह था कि उसने अपने पिता से जो वचन किया था उसे पूरा करना था परन्तु जब उस पर यह बात प्रकट हो गई कि वह (इब्राहीम का पिता) ईश्वर का शत्रु है तो वह उससे अप्रसन्न हो गया, निःसन्देह इब्राहीम बड़ा कोमल हृदय और सहनशील मानव था (114) (60:4)

یہ بات رسول اور مسلمانوں کو زیب نہیں دیتی کہ وہ مشرکوں کے لئے دعائے مغفرت کریں چاہے وہ ان کے رشتہ دار ہی ہوں جب کہ ان پر یہ بات ظاہر ہو چکی کہ وہ دوزخی ہیں(۱۱۳)
اور ابراہیم نے جو اپنے مشرک باپ کے لئے دعا کی تھی اس کا سبب یہ تھا کہ اس نے اپنے باپ سے جو وعدہ کیا تھا اسے پورا کرنا تھا لیکن جب اس پر یہ بات ظاہر ہوگئی کہ وہ (ابراہیم کا باپ) اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہوگیا۔ بے شک ابراہیم بڑا نرم دل اور بردبار انسان تھا(۱۱۴)[۶۰:۴]

ईश्वर की यह प्रकृति नहीं है कि वह किसी समुदाय को पथ प्रदर्शन देकर फिर पथ भ्रष्ट कर दे जब तक कि वह उसको यह न बता दे कि उसे किन वस्तुओं से बचना चाहिए निःसन्देह ईश्वर हर वस्तु से अवगत है (115)
निःसन्देह यह ईश्वर ही का अस्तित्व है जिसका राजसी प्रभुत्व सम्पूर्ण आकाशों और पृथ्वी पर है वही जीवित करता है वह मृत्यु देता है, ईश्वर के अतिरिक्त न तो तुम्हारा कोई सहायक है न अभिभावक (116)
निःसन्देह ईश्वर ने रसूल पर करूणा कृपा की अपनी अनुकम्पा की और देश त्यागने वालों और अभिभावकों पर भी जिन्होंने कठिनाई और निर्धनता और बेसरो सामान की स्थिति में उसका अनुकरण किया, जब निकट था कि एक दल के हृदय डगमगा जाएं परन्तु ईश्वर ने अपनी कृपा विशेष से ध्यान दिया वास्तविकता यह है कि ईश्वर ममता रखने वाला कृपा करने वाला है (117)

اللہ کی یہ عادت نہیں ہے کہ وہ کسی قوم کو ہدایت دے کر پھر گمراہ کردے جب تک کہ وہ اس کو یہ نہ بتادے کہ اسے کن چیزوں سے بچنا چاہیے، یقیناً اللہ ہر چیز سے واقف ہے(۱۱۵)
بے شک یہ اللہ ہی کی ذات ہے جس کا شاہانہ اقتدار تمام آسمانوں اور زمین پر ہے وہی جلاتا ہے وہی مارتا ہے اللہ کے سوا نہ تو تمہارا کوئی مددگار ہے نہ کارساز(۱۱۶)
بے شک اللہ نے رسول پر شفقت مہربانی کی اپنی رحمت سے نوازا اور مہاجرین اور انصار پر بھی جنہوں نے عسرت وتنگی اور بے سروسامانی کی حالت میں اس کے پیچھے قدم اٹھایا جب قریب تھا کہ ایک گروہ کے دل ڈگمگا جائیں لیکن اللہ نے اپنی رحمت خاص سے توجہ فرمائی حقیقت یہ ہے کہ اللہ شفقت رکھنے والا اور رحم فرمانے والا ہے(۱۱۷)

और वह तीन सहाबा भी जो विलंबित स्थिति में छोड़ दिए गए थे (उस कृपा से वंचित न रहे) जब दशा यह थी कि पृथ्वी अपनी सारी विशालता के बावजूद उन पर तंग हो गई थी, और वह स्वयं भी अपनी जान से अक्षम हो गए थे और जान चुके थे अब ईश्वर के सिवा कहीं उनका ठिकाना नहीं, पस ईश्वर ने अपनी कृपा के साथ उन पर दया की ताकि वह पश्चाताप करें, निःसन्देह ईश्वर ही है जो पश्चाताप स्वीकार करता है और दयालु है (118)

اور وہ تین صحابہ بھی جو معلق حالت میں چھوڑ دیے گئے تھے (اس رحمت سے محروم نہ رہے) جب حالت یہ تھی کہ زمین اپنی ساری وسعت کے باوجود ان پر تنگ ہوگئی تھی اور وہ خود بھی اپنی جان سے عاجز آ گئے تھے اور جان چکے تھے اب اللہ کے سوا کہیں ان کا ٹھکانہ نہیں۔ پس اللہ نے اپنی رحمت کے ساتھ ان پر مہربانی کی تاکہ وہ توبہ کریں بے شک اللہ ہی ہے جو توبہ قبول کرتا ہے اور مہربان ہے(۱۱۸)

मुसलमानो! ईश्वर की अवज्ञा से बचो और सच्चे लोगों के साथ हो जाओ (119)
मदीने के रहने वालो और देहाती दलों के लिए यह बात उचित नहीं है कि वह ईश्वर के रसूल से पीछे रह जाएं और न यह कि अपनी जानो को उनकी

مسلمانو! اللہ کی نافرمانی سے ڈرو اور سچے لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ(۱۱۹)
مدینہ کے باشندوں اور دیہاتی قبائل کے لئے یہ بات مناسب نہیں ہے کہ وہ اللہ کے رسول سے پیچھے رہ جائیں

जान से अधिक प्रिय रखें (अपितु नबी का साथ देना ईश्वर का आदेश है और आस्तिक ईश्वर का आदेश पूरा करता है अतः जो आस्तिक है वह पीछे नही रह सकता) यह इसलिए कि ऐसा कभी न होगा कि ईश्वर के मार्ग में भूख प्यास और जिस्मानी कष्ट की कोई पीड़ा वह झेलें और सत्य को झुठलाने वालों को जो मार्ग अप्रिय है उस पर कोई पग वह उठाऐं जो नास्तिकों को क्रोध दिलाए और किसी शत्रु से वह बदला लें और इसके बदले उनके लिए एक शुभ कर्म न लिखा जाए निःसन्देह ईश्वर के यहां उपकारियों का प्रतिदान मारा नही जाता (120)

اور نہ یہ کہ اپنی جانوں کو ان کی جان سے زیادہ عزیز رکھیں (بلکہ نبی کا ساتھ دینا اللہ کا حکم ہے اور مومن اللہ کا حکم پورا کرتا ہے اس لئے جو مومن ہے وہ پیچھے نہیں رہ سکتا) یہ اس لئے کہ ایسا کبھی نہ ہوگا کہ اللہ کی راہ میں بھوک پیاس اور جسمانی مشقت کی کوئی تکلیف وہ جھیلیں اور منکرین حق کو جو راہ ناگوار ہے اس پر کوئی قدم وہ اٹھائیں جو کافروں کو غصہ دلائے اور کسی دشمن سے وہ انتقام لیں اور اس کے بدلے ان کے حق میں ایک عمل صالح نہ لکھا جائے یقیناً اللہ کے یہاں محسنوں کا اجر مارا نہیں جاتا (۱۲۰)

और (इसी प्रकार) वह जो व्यय करते हैं थोड़ा या बहुत या कोई मैदान पार करते हैं तो यह सब कुछ उनके लिए लिख लिया जाता है ताकि ईश्वर उनको उनके कर्मों का बहुत अच्छा बदला दे जो वह करते रहे (121)

اور (اس طرح) وہ جو خرچ کرتے ہیں تھوڑا یا بہت یا کوئی میدان طے کرتے ہیں تو یہ سب کچھ ان کے لئے لکھ لیا جاتا ہے تا کہ اللہ ان کو ان کے اعمال کا بہت اچھا بدلہ دے جو وہ کرتے رہے (۱۲۱)

और यह तो हो नही सकता कि आस्तिक सबके सब निकल आएं तो यूं क्यों न किया कि हर दल में से कुछ व्यक्ति निकल जाएं ताकि धर्म का ज्ञान प्राप्त करके जाति की ओर वापस आऐं तो उनको डर सुनाऐं ताकि वह लोग बुराईयों से बचें (122)

اور یہ تو ہو نہیں سکتا کہ مومن سب کے سب نکل آئیں تو یوں کیوں نہ کیا کہ ہر جماعت میں سے چند آدمی نکل جائیں تا کہ دین کا علم حاصل کر کے سمجھ پیدا کریں اور جب اپنی قوم کی طرف واپس آئیں تو ان کو ڈرسنائیں تا کہ وہ لوگ برائیوں سے بچیں (۱۲۲)

ऐ आस्तिको! अपने निकट रहने वाले नास्तिकों से युद्ध करो और चाहिए कि वह तुम में कठोरता पाऐं और जान रखो कि ईश्वर सदाचारियों के साथ है (123)

اے ایمان والو! اپنے نزدیک رہنے والے کافروں سے جنگ کرو اور چاہیے کہ وہ تم میں سختی پائیں اور جان رکھو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے (۱۲۳)

और जब कोई सूरत अवतरित होती है तो कतिपय कपटि उनसे (व्यंग के तौर पर) पूछते हैं कि कहो तुम में से किसके विश्वास में इससे बढ़ौतरी हुई जो लोग विश्वास लाए हैं उनके विश्वास में वास्तव में वृद्धि ही हुई है वह इससे प्रसन्न हैं (124)

اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو بعض منافق ان سے (مذاق کے طور پر) پوچھتے ہیں کہ کہو تم میں سے کس کے ایمان میں اس سے اضافہ ہوا؟ جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کے ایمان میں حقیقت میں اضافہ ہی کیا ہے وہ اس سے خوش (۱۲۴)

और जिन लोगों के हृदयों में रोग है इस सूरत ने उनमें उनके मल के साथ और मल बढ़ा दिया और वह मरे भी तो काफ़िर (125) {9:28,90,95}

اور جن لوگوں کے دلوں میں روگ ہے اس سورت نے ان میں ان کی گندگی کے ساتھ اور گندگی بڑھا دی اور وہ مرے بھی تو کافر (۱۲۵)[۹:۲۸،۹۰،۹۵]

क्या वह देखते नही कि वह हर वर्ष एक या दो बार कष्ट में फंसाए जाते हैं फिर भी पश्चाताप नही करते और न शिक्षा प्राप्त करते हैं (126)

کیا وہ دیکھتے نہیں کہ وہ ہر سال ایک دو بار بلا میں پھنسائے جاتے ہیں پھر بھی توبہ نہیں کرتے اور نہ نصیحت پکڑتے ہیں (۱۲۶)

और जब कोई सूरत अवतरित होती है तो एक दूसरे की ओर देखने लगते हैं भला तुम्हें कोई देखता है? फिर चल देते हैं ईश्वर के नियम ने उनके मनों को फैर रखा है क्योंकि वह ऐसे लोग हैं कि समझ से काम नही लेते (127)

اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگتے ہیں بھلا تمہیں کوئی دیکھتا ہے؟ پھر چل دیتے ہیں اللہ کے قانون نے ان کے دلوں کو پھیر رکھا ہے کیونکہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ سمجھ سے کام نہیں لیتے (۱۲۷)

(लोगो!) तुम्हारे पास तुम ही में से एक रसूल आए हैं तुम्हारी पीड़ा उनको कठिन ज्ञात होती है और तुम्हारी भलाई को बहुत चाहते हैं और आस्तिकों पर अत्यन्त ममता करने वाला कृपालु है (128)

(لوگو!) تمہارے پاس تم ہی میں سے ایک رسول آئے ہیں تمہاری تکلیف ان کو گراں معلوم ہوتی ہے اور تمہاری بھلائی کو بہت چاہتے ہیں اور مومنوں پر نہایت شفقت کرنے والا مہربان ہے (۱۲۸)

फिर यदि वह लोग फिर जाऐं तो कह दो कि ईश्वर

پھر اگر وہ لوگ پھر جائیں تو کہدو کہ اللہ میرے لئے کافی

मेरे लिए प्रयाप्त है कौन कहता है कि ईश्वर नही है तो सुनो निःसन्देह वह है उसी पर मेरा भरोसा है और वही विशाल सिंहासन का स्वामी है (129)

ہے کون کہتا ہے کہ اللہ نہیں ہے سنو یقیناً وہ ہے اسی پر میرا بھروسہ ہے اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے (۱۲۹)

सूरत यूनुस (10) मक्की

سورت یونس (۱۰) مکی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ऐ मुहम्मद स0 यह उस पुस्तक की आयते है जो युक्ति और ज्ञान से परिपूर्ण है (1)

اے محمدؐ یہ اس کتاب کی آیتیں ہیں جو حکمت ودانش سے لبریز ہے (۱)

क्या उन लोगों को इस बात से आश्चर्य हुआ कि हमने उनमें से एक व्यक्ति के पास आदेश भेज दिया कि सब व्यक्तियों को डराऐ और विश्वास ले आए उनको यह शुभ सूचना सुनाए कि उनके रब के पास उनको पूरा फल और पद मिलेगा नास्तिकों ने कहा कि यह व्यक्ति तो निःसन्देह खुला जादूगर है (2)

کیا ان لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے اُن میں سے ایک شخص کے پاس وحی بھیج دی کہ سب آدمیوں کو ڈرائے اور جو ایمان لے آئے ان کو یہ خوشخبری سنائے کہ ان کے رب کے پاس ان کو پورا اجر ومرتبہ ملے گا کافروں نے کہا کہ یہ شخص تو بلاشبہ صریح جادوگر ہے (۲)

लोगो! तुम्हारा स्वामी तो वही है जिसने आकाशों और पृथ्वी को छै (आयाम) चर्णों में उत्पन्न किया फिर राज सिंहासन पर शोभामान होकर विश्व का प्रबन्ध चला रहा है कोई अनुशंसा करने वाला नही है परन्तु उस समय कि वह स्वयं किसी को आज्ञा दे वही ईश्वर तुम्हारा रब है, अतः तुम उसी की पूजा करो फिर क्या तुम चेतना में न आओगे (3) {2:28; 22:47;27:28;32:4;41:49,50;70:40}

لوگو! تمہارا پروردگار تو وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ (ایام) ادوار میں پیدا کیا پھر تخت سلطنت پر جلوہ گر ہو کر کائنات کا انتظام چلا رہا ہے کوئی شفاعت کرنے والا نہیں ہے مگر اس وقت کہ وہ خود کسی کو اجازت دے وہی اللہ تمہارا رب ہے لہٰذا تم اسی کی عبادت کرو پھر کیا تم ہوش میں نہ آؤ گے (۳) [۲:۲۸؛۲۲:۴۷؛۲۷:۲۸؛۳۲:۴؛۴۱:۴۹،۵۰؛۷۰:۴۰]

उसी के पास तुम सबको लौटकर जाना है ईश्वर का वचन सत्य है वही रचना को पहली बार उत्पन्न करता है फिर वही उसको दोबारा उत्पन्न करेगा, ताकि विश्वास वालो और शुभ कार्य करने वालो को न्याय के साथ बदला दे और जो नास्तिक है उनके लिए पीने को अत्यन्त गर्म पानी और कष्ट देने वाला दण्ड होगा क्योंकि वह (ईश्वर की आयात का इनकार करते थे) (4) {41:50;2:28}

اسی کے پاس تم سب کو لوٹ کر جانا ہے اللہ کا وعدہ سچا ہے وہی خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہی اس کو دوبارہ پیدا کرے گا تاکہ ایمان والوں اور نیک کام کرنے والوں کو انصاف کے ساتھ بدلہ دے۔ اور جو کافر ہیں ان کے لئے پینے کو نہایت گرم پانی اور درد دینے والا عذاب ہوگا۔ کیونکہ وہ (اللہ کی آیات کا) انکار کرتے تھے (۴) [۴۱:۵۰؛۲:۲۸]

वही है जिसने सूरज को चमकता हुआ (आग का गोला) बनाया और चान्द को (सूर्य के प्रकाश से) प्रकाश मान किया और चन्द्रमा के पड़ाव नियत किये ताकि तुम वर्षों (और महीनों) की गिनती ज्ञात करो और संख्यान ज्ञात करो, ईश्वर ने यह सब एक प्रबन्ध के अधीन बनाया है, समझने वालों के लिए वह अपनी आयतें खोल खोलकर कर बयान करता है (5) {6:96;17:12; 2:164; 3:191}

وہی ہے جس نے سورج کو چمکتا ہوا (آگ کا گولا) بنایا اور چاند کو (سورج کی روشنی سے) منور کیا اور چاند کی منزلیں مقرر کی تاکہ تم برسوں (اور مہینوں) کی گنتی معلوم کرو اور حساب معلوم کرو اللہ نے یہ سب ایک نظام کے تحت بنایا ہے سمجھنے والوں کے لئے وہ اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے (۵) [۶:۹۶؛۱۷:۱۲؛۲:۱۶۴؛۳:۱۹۱]

निःसन्देह रात दिन के एक दूसरे के पीछे आने जाने में और उन सब वस्तुओं में जो उसने आकाशों और पृथ्वी में उत्पन्न की है उन लोगों के लिए चिन्ह है जो सदाचारी और संयमी है (6)

بے شک رات دن کے ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے میں اور ان تمام چیزوں میں جو اس نے آسمانوں اور زمین میں پیدا کی ہیں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو متقی اور پرہیزگار ہیں (۶)

जिन लोगों को हम से मिलने की आशा नही और दुनिया के जीवन से प्रसन्न और उसी पर सन्तुष्ट हो बैठे है और हमारे चिन्हों से अचेत हो रहे है (7)

جن لوگوں کو ہم سے ملنے کی امید نہیں اور دنیا کی زندگی سے خوش اور اسی پر راضی ہو بیٹھے ہیں اور ہماری نشانیوں سے غافل ہو رہے ہیں (۷)

उनका स्थान उनके बुरे कर्मों के कारण जो वह करते रहे है नर्क होगा (8)

ان کا ٹھکانا ان کے اعمال بد کی وجہ سے جو وہ کرتے رہے ہیں دوزخ ہوگا (۸)

निःसन्देह जो लोग विश्वास लाए और उन्होंने शुभ

یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کا

कार्य किए उनका रब उनको उनके विश्वास के कारण सफलता का मार्ग खोल देगा, और ऐसे स्वर्ग में प्रवेश करेगा जिसके नीचे नहरें बह रही होंगी. (9)

رب ان کو ان کے ایمان کے سبب کامیابی کی راہ کھول دے گا اور ایسی جنت میں داخل کرے گا جس کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گے(۹)

वहां वह लोग (ईश्वर की निधियों को देखकर) पुकार उठेंगे ऐ ईश्वर तेरा अस्तित्व पवित्र है, और आपस में उनका उपहार यह होगा तुम पर शान्ति हो और उनकी अंतिम पुकार यह होगी हर प्रकार की प्रशंसा ईश्वर के लिए है जो सारे संसार का पालन हार है (10)

وہاں وہ لوگ (اللہ کی نعمتوں کو دیکھ کر) پکار اُٹھیں گے اے اللہ تیری ذات پاک ہے اور آپس میں ان کا تحفہ یہ ہوگا تم پر سلامتی ہو اور ان کی آخری صدا یہ ہوگی ہر طرح کی تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہاں کا پالنہار ہے(۱۰)

और यदि ईश्वर लोगों की बुराई में जल्दी करता जिस प्रकार वह (इन्सान) मंगल मांग में जल्दी करता है तो उनकी अवधि पूरी हो चुकी होती सो जिन लोगों को हम से मिलने की आशा नही उन्हें हम छोड़े रखते हैं कि अपनी अवज्ञा में बहकते रहें (11)

اور اگر اللہ لوگوں کی بُرائی میں جلدی کرتا جس طرح وہ طلب خیر میں جلدی کرتے ہیں تو ان کی میعاد پوری ہو چکی ہوتی۔سو جن لوگوں کو ہم سے ملنے کی امید نہیں انہیں ہمارا قانون چھوڑے رکھتا ہے کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں(۱۱)

और जब इन्सान को कष्ट पहुंचता है तो लेटा और बैठा और खड़ा हमें पुकारता है फिर जब हम उसको उस कष्ट से दूर कर देते हैं तो इस प्रकार गमन हो जाता है कि मानो किसी कष्ट पहुंचने पर हमें कभी पुकारा ही न था इसी प्रकार सीमा से निकल जाने वालों को उनके कर्म जो वह करते थे सुसज्जित करके दिखाए गए हैं (12) {10:22,23}

اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو لیٹا اور بیٹھا اور کھڑا ہمیں پکارتا ہے پھر جب ہم اس کو اس تکلیف سے دور کردیتے ہیں تو اس طرح گزر جاتا ہے کہ گویا کسی تکلیف پہنچنے پر ہمیں کبھی پکارا ہی نہ تھا اسی طرح حد سے نکل جانے والوں کو ان کے عمل جو وہ کرتے تھے آراستہ کر کے دکھائے گئے ہیں(۱۲)[۲۳،۲۲:۱۰]

तुम से पहले कितनी उम्मतें गमन हो चुकी हैं जब उन्होंने अत्याचार का मार्ग अपनाया तो हमने उन्हें वध कर डाला, उनके पास उनके रसूल खुले चिन्ह ले कर आए थे, परन्तु वह ऐसे न थे कि विश्वास ले आते पापियों को हम इसी प्रकार उनके पापों का बदला देते हैं (13)

تم سے پہلے کتنی امتیں گزر چکی ہیں جب انہوں نے ظلم کی راہ اختیار کی تو ہم نے انہیں ہلاک کرڈالا۔ان کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیاں لے کر آئے تھے۔لیکن وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لے آتے مجرموں کو ہم اسی طرح ان کے جرموں کا بدلہ دیتے ہیں(۱۳)

फिर उन लोगों के वध के बाद हमने तुमको उनका उत्तराधिकारी बनाया ताकि देखें कि तुम कैसे कार्य करते हो (14)

پھر ان لوگوں کی ہلاکت کے بعد ہم نے تم کو ان کا جانشین بنایا تاکہ دیکھیں کہ تم کیسے کام کرتے ہو(۱۴)

जब उनके सामने हमारी आयतें पढ़कर सुनाई जाएँगी तो वह लोग जिनको आशा नहीं (रसूल से) कहेंगे (चूंकि इस कुरआन में हमारे देवताओं की बुराई है अतः) तुम इस कुरआन के अतिरिक्त कोई और कुरआन ले आओ (जिसमें हमारे देवताओं की बुराई न हो) कह दो कि मुझको अधिकार नही है कि मैं उसे अपनी ओर से बदल दूं मैं तो उस आदेश का आबद्ध हूं जो मेरी ओर वही किया जाता है, यदि मैं अपने रब की अवज्ञा करूं (और इस कुरआन का एक अक्षर भी बदल दूं) तो मुझे डर लगता है कि कही मुझ पर यातना का बहुत बुरा दिन न आजाए (15) {3:16}

جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جائیں گی تو وہ لوگ جن کو (مرنے کے بعد) ہمارے سامنے آنے کی امید نہیں (رسول سے) کہیں گے (چونکہ اس قرآن میں ہمارے بتوں کی بُرائی ہے اس لئے) تم اس قرآن کے علاوہ کوئی اور قرآن لے آؤ (جس میں ہمارے بتوں کی بُرائی نہ ہو) کہدینا کہ مجھ کو اختیار نہیں ہے کہ اسے اپنی طرف سے بدل دوں میں تو اس حکم کا پابند ہوں جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے۔اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں (اور اس قرآن کا ایک حرف بھی بدل دوں) تو مجھے ڈر لگتا ہے کہ کہیں مجھ پر عذاب کا بہت بُرا دن نہ آجائے(۱۵)[۱۶:۳]

यह भी कह दो कि यदि ईश्वर चाहता ता (न तो) मैं ही यह (पुस्तक) तुमको पढ़ कर सुनाता और न वही तुम्हें इससे अवगत कराता, मैं इससे पहले तुम में एक आयू रहा हूं (और कभी एक वाक्य भी मिथ्या न कहा तुमने मुझे विश्वसनीय और सत्य वादी कहा) भला तुम समझते नही (16)

(یہ بھی) کہدو کہ اگر اللہ چاہتا تو (نہ تو) میں ہی یہ (کتاب) تم کو پڑھ کر سناتا اور نہ وہی تمہیں اس سے واقف کراتا۔میں اس سے پہلے تم میں ایک عمر رہا ہوں (اور کبھی ایک کلمہ بھی غلط نہ کہا تم نے مجھے امین اور صادق کہا) بھلا تم سمجھتے نہیں(۱۶)

अच्छा तो बताओ उससे बढ़ कर अन्यायी कौन होगा जो अपनी ओर से झूट घढ़ कर ईश्वर पर

اچھا تو بتاؤ اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اپنی طرف سے جھوٹ گھڑ کر اللہ پر افترا کرے یا جو اللہ کی آیات کو

मिथ्यारोप करे या जो ईश्वर की आयात को झुटलाए निःसंदेह पापी सफलता नही पाएंगे (17)

جھٹلائے بے شک گنہگار فلاح نہیں پائیں گے (١٧)

और जो ईश्वर को छोड़ कर ऐसी वस्तुओ की पूजा करते है जो न उन्हें हानी पहुंचा सकती है और न लाभ और वह लोग कहते है यह तो ईश्वर के समक्ष हमारे अनुशंसक है उनसे ज्ञात करो क्या तुम ईश्वर को ऐसी बातों की सूचना दे रहें हो जिसका अस्तित्व उसे न आकाशों में ज्ञात होता है और न पृथ्वी में? वह जैसा अनेकेश्वर वाद कर रहें है उसका आस्तित्व इससे पवित्र और उच्च है (18) [3:10, 21:28-29]

اور وہ اللہ کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی پرستش کرتے ہیں جو نہ انہیں نقصان پہنچا سکتی ہے اور نہ نفع اور وہ لوگ کہتے ہیں یہ تو اللہ کے حضور ہمارے شفارشی ہیں ان سے پوچھو کیا تم اللہ کو ایسی باتوں کی خبر دے رہے ہو جس کا وجود اسے نہ آسمانوں میں معلوم ہوتا ہے اور نہ زمین میں؟ وہ جیسا شرک کر رہے ہیں اس کی ذات اس سے پاک اور بلند ہے (١٨) [٣:١٠، ٢١:٢٨-٢٩]

और जो सब लोग है निःसंदेह वह सब एक ही समुदाय अर्थात मिल्लत थे फिर मत भेद करके पृथक पृथक हो गए और यदि एक बात जो तुम्हारे रब की ओर से पहले हो चुकी है न होती तो जिन बातों में वह विभेद करते है, उनमें निर्णय कर दिया जाता (19)

اور جو سب لوگ ہیں یقیناً وہ سب ایک ہی امت یعنی ملت تھے پھر اختلاف کر کے جدا جدا ہو گئے اور اگر ایک بات جو تمہارے رب کی طرف سے پہلے ہو چکی ہے نہ ہوتی تو جن باتوں میں وہ اختلاف کرتے ہیں ان میں فیصلہ کر دیا جاتا (١٩)

और नास्तिक कहते है इसके रब की ओर से इसे कोई चिन्ह चमत्कार क्यों न दिया गया? तुम कह दो कि परोक्ष का ज्ञान तो ईश्वर को ही है सो तुम प्रतीक्षा करो मैं भी प्रतीक्षा करता हूं (20)

اور کافر کہتے ہیں اس کے رب کی طرف سے اسے کوئی نشانی (معجزہ) کیوں نہ دی گئی؟ تم کہہ دو کہ غیب کا علم تو اللہ ہی کو ہے سو تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں (٢٠)

नोट- कुरआन में अनेक आयात ऐसी है जिनमें नास्तिकों की ओर से चमत्कार की मांग की गई है, और बार बार नास्तिको के इस कथन का उल्लेख किया है "यह कैसा रसूल है? चमत्कार क्यों नही दिखाता?" और हर बार कुरआन का उत्तर कुछ इस प्रकार का रहा कि चमत्कार रसूल के अधिकार में नही है वह कैसे दिखा दे इससे यह बात सिद्ध हो गई कि मुहम्मद स० ने कभी चमत्कार नही दिखाया, परन्तु उनका सबसे बड़ा चमत्कार यह कुरआन है जिसकी पुष्टि स्वंय कुरआन की आयात कर रही है और यह भी मिथ्या है कि आप ने चन्द्रमा के दो टुकड़े कर दिए इस विषय में सूरत कमर में लिखा जाएगा,

نوٹ: قرآن میں متعدد آیات ایسی ہیں جن میں کافروں کی طرف سے معجزے کی فرمائش کی گئی ہے اور بار بار کافروں کا یہ جملہ نقل کیا گیا ہے "یہ کیسا رسول ہے؟ معجزہ کیوں نہیں دکھاتا؟" اور ہر بار قرآن کا جواب کچھ اس طرح کا رہا کہ معجزہ رسول کے اختیار میں نہیں ہے وہ کیسے دکھا دے اس سے یہ بات ثابت ہو گئی کہ محمدؐ نے کبھی معجزہ نہیں دکھایا ان کا سب سے بڑا معجزہ یہ قرآن ہے جس کی تصدیق خود قرآن کی آیت کر رہی ہے اور یہ بھی غلط ہے کہ آپ نے چاند کے دو ٹکڑے کر دئے اس کے بارے میں سورت قمر میں لکھا جائے گا۔

और जब हम लोगों को कष्ट पहुंचने के बाद अपनी कृपा का स्वाद चखाते है तो वह हमारी आयतों में हीले करने लगते है, कह दो कि ईश्वर बहुत जल्द उपाय करने वाला है, और जो चाल तुम चलते हो हमारे फरिश्ते उनको लिखते जाते है (21)

اور جب ہم لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ ہماری آیتوں میں حیلے کرنے لگتے ہیں کہہ دو کہ اللہ بہت جلد تدبیر کرنے والا ہے اور جو چال تم چلتے ہو ہمارے فرشتے ان کو لکھتے جاتے ہیں (٢١)

वही तो है जो तुम्हें थल और जल में भ्रमण व पर्यटन की क्षमता देता है, अतः जब ऐसा होता है कि तुम पोत में स्वार होते हो और पोत अनुकूल वायू पा कर तुम्हें ले चलता है और यात्री प्रसन्न होते है, कि अचानक हवा के तीव्र झोंके प्रकट हो जाते है और हर ओर से लहरें उन पर आवेश मारती हुई आने लगती है, और यात्री विचार करने लगते है कि लहरों में घिर गए उस समय वह पूरे शुद्ध हृदय के साथ ईश्वर को ही पुकारने लगते है, यदि तू हमें इस चक्रवात से बचा ले तो निःसंदेह हम तेरे आज्ञा कारी हो जाएंगे (22)

وہی تو ہے جو تمہیں خشکی اور تری میں سیر و سیاحت کی توفیق دیتا ہے چنانچہ جب ایسا ہوتا ہے کہ تم جہاز میں سوار ہوتے ہو اور جہاز موافق ہوا پا کر تمہیں لے چلتے ہیں اور مسافر خوش ہوتے ہیں کہ اچانک ہوا کے تیز جھونکے نمودار ہو جاتے ہیں اور ہر طرف سے لہریں ان پر جوش مارتی ہوئی آنے لگتی ہیں اور مسافر خیال کرنے لگتے ہیں کہ لہروں میں گھر گئے اس وقت وہ پورے خلوص کے ساتھ اللہ ہی کو پکارنے لگتے ہیں اگر تو ہمیں اس توفان سے بچا لے تو یقیناً ہم تیرے فرمانبردار ہو جائیں گے (٢٢)

परन्तु जब वह उनको मुक्ति दे देता है तो देश में अनुचित उत्पात करने लगते है लोगों तुम्हारे उत्पात का कष्ट तुम्हारी ही जानों पर होगा तुम दुनिया के जीवन के लाभ उठा लो फिर तुमको हमारे ही पास लौट कर आना है, उस समय हम तुमको बताएंगे

لیکن جب وہ ان کو نجات دے دیتا ہے تو ملک میں ناحق شرارت کرنے لگتے ہیں لوگو! تمہاری شرارت کا وبال تمہاری ہی جانوں پر ہو گا تم دنیا کی زندگی کے فائدے اٹھا لو پھر تم کو ہمارے ہی پاس لوٹ کر آنا ہے اس وقت ہم

जो कुछ तुम करते हो (23)

تم کو بتائیں گے جو کچھ تم کرتے رہے ہو (۲۳)

दुनिया के जीवन की उपमा तो ऐसी है जैसे हमने आकाश से पानी बरसाया और उससे पृथ्वी पल्लवित हो गई और वनस्पति जो इन्सानों और चौपायों को भोजन का काम देती है उग आई और पृथ्वी अपने हरे भरे पौदो से सुसज्जित हो गई और धरती वालो को विश्वास हो गया कि अब वह हमारे अधिकार में है कि अचानक रात के समय या दिन के समय हमारा ओदश (यातना) आ पहुंची और हमारे नियम ने सारी उपज इस प्रकार नष्ट कर दी मानो एक दिन पहले वहां कुछ था ही नही जो लोग मनन करते है उनके लिए हम अपने हम अपने चिन्ह इसी प्रकार खोल खोल कर वर्णन करते है (24)

دنیا کی زندگی کی مثال تو ایسی ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا اور اس سے زمین شاداب ہوگئی اور نباتات جو انسانوں اور چوپایوں کی غذا کا کام دیتی ہیں اُگ آئیں اور زمین اپنے ہرے بھرے پودوں سے آراستہ ہوگئی اور زمین والوں کو یقین ہوگیا کہ اب وہ ہمارے قبضہ میں ہے کہ اچانک رات کے وقت یا دن کے وقت ہمارا حکم (عذاب) آپہنچا اور ہمارے قانون نے ساری فصل اس طرح برباد کردی گویا ایک دن پہلے وہاں کچھ تھا ہی نہیں جو لوگ غور کرتے ہیں ان کے لئے ہم اپنی نشانیاں اسی طرح کھول کھول کر بیان کرتے ہیں (۲۴)

नोट- दुनिया के जीवन की सफलताओ और मन मोहकता का हाल यही है, यह तात्कालिक और सामयिक होते है, उन में दृढ़ता और स्थिरता नही होती कोई सुख कैसा ही हो स्थाई नही होता कल जो दशा थी आज नही रही आज जो स्थिति है कल न रहेगी, कोई सुख ऐसा नही है जो किसी दुख की सूचना सिद्ध न हो सच कहा है कवि ने

क्या भरोसा जिन्दगानी का ☆ आदमी बुलबुला है पानी का।

अतः इन्सान का कर्तव्य है कि वह उन्ही वस्तुओं से सम्पर्क रखे जिसका फल सदैव रहने वाला हो,

نوٹ:۔دنیا کی زندگی کی کامرانیوں اور دل فریبیوں کا حال یہی ہے یہ ہنگامی اور وقتی ہوتے ہیں ان میں ثبات اور قیام نہیں ہوتا.کوئی عیش کیسا ہی ہو پائدار نہیں ہوتا کل جو حالت تھی آج نہیں رہی آج جو حالت ہے کل نہ رہے گی کوئی عیش ایسا نہیں ہے جو کسی غم کا پیش خیمہ ثابت نہ ہو سچ کہا ہے شاعر نے۔

کیا بھروسہ زندگانی کا ☆ آدمی بلبلہ ہے پانی کا

اس لئے انسان کا فرض ہے کہ وہ انہی چیزوں سے واسطہ رکھے جس کا نتیجہ دوامی ہو.

ईश्वर इन्सान को शान्ति के भवन की ओर बुलाता है और (उसके बन्दों में से) जो चाहता है उसको जीवन के सीधे मार्ग की ओर लगा देता है (25)

اللہ انسان کو سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے اور (اس کے بندوں میں سے) جو چاہتا ہے اس کو زندگی کے سیدھے رستہ کی طرف لگا دیتا ہے (۲۵)

जिन लोगों ने भलाई का मार्ग स्वीकार किया उनके लिए भलाई है और अधिक यह कि उनके मुखों पर स्याही और अपमान न छाएगा, वह स्वर्ग के अधिकारी है जहां वह सदैव रहेंगे (26)

جن لوگوں نے بھلائی کا طریقہ اختیار کیا ان کے لئے بھلائی ہے اور مزید یہ کہ ان کے چہروں پر سیاہی اور ذلت نہ چھائے گی وہ جنت کے حقدار ہیں جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے (۲۶)

जिन लोगों ने बुरे काम किए उनकी बुराई का बदला वैसा ही होगा जैसी बुराई उन्होंने की होगी और उनके मुखों पर अपमान और अपयश छाया होगा और ईश्वर से उन्हें बचाने वाला कोई न होगा उनके चेहरों पर इस प्रकार कालक छा जाएगी जैसे अंधेरी रात का एक टुकड़ा उन पर उढ़ा दिया गया हो वह लोग नर्की है नर्क ही में रहेंगे (27)

جن لوگوں نے بُرے کام کئے ان کی بُرائی کا بدلہ ویسا ہی ہوگا جیسی بُرائی انہوں نے کی ہوگی اور ان کے چہروں پر ذلت اور رسوائی چھائی ہوگی اور اللہ سے انہیں بچانے والا کوئی نہ ہوگا ان کے چہروں پر اس طرح کالک چھا جائے گی جیسے اندھیری رات کا ایک ٹکڑا ان پر اڑھا دیا گیا ہو وہ لوگ دوزخی ہیں دوزخ ہی میں رہیں گے (۲۷)

और जिस दिन हम उन सबको एकत्र करेंगे फिर अनेकेश्वर वादियों से कहेंगे कि तुम और तुम्हारे साझी अपने अपने स्थान पर ठेरे रहो तो हमारा नियम उनमें मतभेद डाल देगा और उनके साझी कहेंगे कि तुम हमको तो नही पूजा करते थे (28)

اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر مشرکوں سے کہیں گے کہ تم اور تمہارے شریک اپنی اپنی جگہ ٹھیرے رہو تو ہمارا قانون ان میں تفرقہ ڈال دے گا اور ان کے شریک کہیں گے کہ تم ہم کو تو نہیں پوجا کرتے تھے (۲۸)

हमारे और तुम्हारे मध्य ईश्वर ही शाक्षी प्रयाप्त है हम तुम्हारी पूजा से निश्चित बेखबर थे (29)

ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ ہی گواہ کافی ہے ہم تمہاری پرستش سے بالکل بے خبر تھے (۲۹)

वहां हर व्यक्ति (कर्म) जो उसने आगे भेजे होंगे को देख लेगा और वह अपने सच्चे स्वामी की ओर लौटाए जाएंगे और जो कुछ वह दोषारोपण बान्धा करते थे सब उनसे जाता रहेगा (30)

وہاں ہر شخص (اعمال) جو اس نے آگے بھیجے ہوں گے کو دیکھ لے گا اور وہ اپنے سچے مالک کی طرف لوٹائے جائیں گے اور جو کچھ وہ بہتان باندھا کرتے تھے سب ان سے جاتا رہے گا (۳۰)

(उन से) ज्ञात करो कि तुम को आकाश और पृथ्वी

(ان سے) پوچھو کہ تم کو آسمان اور زمین میں رزق کون دیتا

में जीविका कौन देता है या तुम्हारे कानों और आंखों का स्वामी कौन है और बेजान से जानदार कौन उत्पन्न करता है और जानदार से बेजान को कौन पैदा करता है और दुनिया के कार्यों का प्रबन्ध कौन करता है? तुरन्त कह देंगे कि ईश्वर तो कहो कि फिर तुम डरते क्यों नही (31)

यही तो ईश्वर तुम्हारा सत्य रब है अब बताओ सत्य बात जान लेने के बाद उसको न मानना पथ भ्रष्टता नही तो और क्या है निःसन्देह पथ भ्रष्टता है तो तुम कहां फिरे जाते हो? (32)

इसी प्रकार ईश्वर का आदेश उन अवज्ञाकारियों के प्रति सिद्ध होकर रहा कि वह विश्वास न लाएंगे (33)

उनसे ज्ञात करो क्या तुम्हारे साझी में कोई ऐसा भी है जो पहली बार रचना को उत्पन्न करे फिर उसको दोबारा बनाऐं कह दो कि ईश्वर ही है जो पहली बार पैदा करता है और वही जो फिर दोहराएगा तो तुम कहां बहके जा रहे हो (34)

उनसे ज्ञात करो क्या तुम्हारे साझीयों में कोई ऐसा भी है जो सत्य की ओर मार्ग दर्शन करता है कहो यह ईश्वर ही है जो सत्य की ओर मार्ग दर्शन करता है और जो सत्य की ओर मार्ग दर्शन करे वह इस बात का अधिकारी है कि उसका अनुकरण किया जाए या वह कि जब तक कोई उसे मार्ग न बताए मार्ग न पाए तो तुम को क्या हुआ है कैसा न्याय करते हो? (35)

और उनमें के अधिकांश अनुमान का अनुकरण करते हैं और निःसन्देह अनुमान सत्य की तुलना में कुछ भी उपयोगी नही हो सकता, निःसन्देह ईश्वर तुम्हारे कर्मों से अवगत है (36)

और यह कुरआन ऐसा नही कि ईश्वर के सिवा कोई इसको अपनी ओर से बना लाए हां यह ईश्वर का कथन है जो पुस्तकें इस से पहली सुरक्षा के बीच है उनकी पुष्टि करता है और उन्ही पुस्तकों का (इसमें) विस्तार है इसमें कुछ संदेह नही कि यह विश्व पालक की ओर से (अवतरित हुआ) है (37)

क्या वह लोग कहते है कि रसूल ने इसको अपनी ओर से बना लिया है कह दो कि यदि तुम सच्चे हो तो तुम भी इस प्रकार की एक सूरत विधि बना लाओ और ईश्वर के सिवा जिनको तुम बुला सको बुला लो (38) {2:23;6:94;17:88}

इसके विषय में नोट (2:23) पर अवलोकन हो (13:11) बात यह है कि जिस वस्तु की परिक्रमा नही कर सके और इसका परिणाम भी उनके सामने नही आया उसे उन्होंने झुठला दिया बिल्कुल इसी प्रकार उन लोगों ने भी झुठला दिया था जो उनसे पहले गुज़र हो चुके हैं तो देखो अत्याचारियों का कैसा अन्त हुआ? (39) {3:12;7:53; 9:33; 48:28}

और उनमें से कुछ तो ऐसे है कि इस पर विश्वास ले आएंगे और कुछ ऐसे है कि विश्वास नही लाएंगे

ہے یا تمہارے کانوں اور آنکھوں کا مالک کون ہے اور بے جان سے جان دار کون پیدا کرتا ہے اور جان دار سے بے جان کو کون پیدا کرتا ہے اور دنیا کے کاموں کا انتظام کون کرتا ہے؟ فوراً کہدیں گے کہ اللہ تو کہو کہ پھر تم ڈرتے کیوں نہیں (۳۱)

یہی اللہ تو تمہارا رب حقیقی ہے اب بتاؤ حق بات جان لینے کے بعد اس کو نہ ماننا گمراہی نہیں تو اور کیا ہے یقیناً گمراہی ہے تو تم کہاں پھرے جاتے ہو؟ (۳۲)

اسی طرح اللہ کا فرمان ان نافرمانوں کے حق میں ثابت ہو کر رہا کہ وہ ایمان نہ لائیں گے (۳۳)

ان سے پوچھو کیا تمہارے شرکا میں کوئی ایسا بھی ہے جو پہلی بار مخلوق کو پیدا کرے پھر اس کو دوبارہ بنائے؟ کہدو کہ اللہ ہی ہے جو پہلی بار پیدا کرتا ہے اور وہی ہے جو پھر دہرائے گا تو تم کہاں بہکے جارہے ہو (۳۴)

ان سے پوچھو کیا تمہارے شریکوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے کہو یہ اللہ ہی ہے جو حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے اور جو حق کی طرف رہنمائی کرے وہ اس بات کا حق دار ہے کہ اس کی پیروی کی جائے۔ یا وہ کہ جب تک کوئی اسے رستہ نہ بتائے رستہ نہ پائے تو تم کو کیا ہوا ہے کیسا انصاف کرتے ہو؟ (۳۵)

اور ان میں کے اکثر صرف ظن کی پیروی کرتے ہیں اور یقیناً ظن حق کے مقابلہ میں کچھ بھی کارآمد نہیں ہو سکتا بے شک اللہ تمہارے اعمال سے واقف ہے (۳۶)

اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ اللہ کے سوا کوئی اس کو اپنی طرف سے بنا لائے ہاں یہ اللہ کا کلام ہے جو کتابیں اس سے پہلی حفاظت کے درمیان ہیں ان کی تصدیق کرتا ہے اور انہی کتابوں کی (اس میں) تفصیل ہے اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ رب العالمین کی طرف سے (نازل ہوا) ہے (۳۷)

کیا وہ لوگ کہتے ہیں کہ رسول نے اس کو اپنی طرف سے بنالیا ہے کہدو کہ اگر سچے ہو تو تم بھی اس طرح کی ایک سورت ضابطہ بنالاؤ اور اللہ کے سوا جن کو تم بلا سکو بلا لو (۳۸)[۲:۲۳؛۶:۹۴؛۱۷:۸۸] اس کے بارے میں نوٹ ۲:۲۳ پر ملاحظہ ہو (۱۳:۱۱)

بات یہ ہے کہ جس چیز کا احاطہ نہیں کر سکے اور اس کا نتیجہ بھی ان کے سامنے نہیں آیا اسے انہوں نے جھٹلا دیا، بالکل اسی طرح ان لوگوں نے بھی جھٹلا دیا تھا جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں تو دیکھو ظالموں کا کیسا انجام ہوا؟ (۳۹)

[۳:۱۲؛۷:۵۳؛۹:۳۳؛۴۸:۲۸]

اور ان میں سے کچھ تو ایسے ہیں کہ اس پر ایمان لے آئیں اور کچھ ایسے ہیں کہ ایمان نہیں لائیں گے اور تمہارا رب

और तुम्हारा रब दुष्टों से भली भांति अवगत है (40)

شریروں سے خوب واقف ہے(۴۰)

और यदि यह तुम को झुटलाऐं तो कह दो कि मुझ को मेरे कर्म और तुम को तुम्हारे कर्मों का बदला मिलेगा तुम मेरे कर्मों के उत्तरदायी नही हो और मैं तुम्हारे कर्मों का उत्तरदायी नही (41)

اور اگر یہ تمہاری تکذیب کریں تو کہدو کہ مجھ کو میرے اعمال اور تم کو تمہارے اعمال کا بدلہ ملے گا تم میرے عملوں کے جواب دہ نہیں ہو اور میں تمہارے عملوں کا جواب دہ نہیں ہوں(۴۱)

और उनमें कतिपय ऐसे हैं कि तुम्हारी ओर कान लगाते हैं तो क्या तुम बहरो को सुनाओगे यद्यपि कुछ भी समझते न हो (42)

اور ان میں بعض ایسے ہیں کہ تمہاری طرف کان لگاتے ہیں تو کیا تم بہروں کو سناؤ گے اگر چہ کچھ بھی سمجھتے نہ ہوں (۴۲)

और कतिपय ऐसे हैं कि तुम्हारी ओर देखते हैं तो क्या तुम अन्धों को मार्ग दिखाओगे यद्यपि कुछ भी देखते न हो (43)

اور بعض ایسے ہیں کہ تمہاری طرف دیکھتے ہیں تو کیا تم اندھوں کو راستہ دکھاؤ گے اگر چہ کچھ بھی دیکھتے نہ ہوں (۴۳)

ईश्वर तो लोगों पर अन्याय नही करता परन्तु लोग ही अपने ऊपर अन्याय करते हैं (44)

اللہ تو لوگوں پر ظلم نہیں کرتا لیکن لوگ ہی اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں (۴۴)

जिस दिन ईश्वर उन्हें अपने सामने एकत्र करेगा उन्हें ऐसा अनुभूत होगा मानो इससे अधिक नही रहे जैसे दुनिया में घड़ी भर को ठहर गए और आपस में एक दूसरे को पहचानेंगे निःसन्देह जिन्होंने ईश्वर के सामने उपस्थित होने को झुटलाया वह अवश्य घाटे में हैं और पथ प्रदर्शन पर न थे (45) {23:113;30:55, 56;46:35;70:44}

جس روز اللہ انہیں اپنے سامنے جمع کرے گا انہیں ایسا محسوس ہوگا گویا اس سے زیادہ نہیں رہے جیسے دنیا میں گھڑی بھر کوئی ٹھہر گئے اور آپس میں ایک دوسرے کو پہنچانیں گے یقیناً وہ لوگ جنہوں نے اللہ کے سامنے حاضر ہونے کو جھٹلایا وہ ضرور گھاٹے میں ہیں اور ہدایت پر نہ تھے(۴۵)[۲۳:۱۱۳؛۳۰:۵۵،۵۶؛۴۶:۳۵؛۷۰:۴۴]

और यदि हम तुम्हें दिखा दें कुछ उस में से जो उन्हें वचन दे रहे हैं या तुम्हें पहले ही जीवन के दिन पूरे करके मृत्यु दें फिर हमारी ओर उन्हें लौटना है फिर उनका कोई कर्म ईश्वर से छुपा हुआ नही है (46) {5:117;46:55}

اور اگر ہم تمہیں دکھا دیں کچھ اس میں سے جو انہیں وعدہ دے رہے ہیں یا تمہیں پہلے ہی زندگی کے دن پورے کر کے وفات دیں پھر ہماری طرف انہیں لوٹنا ہے پھر ان کا کوئی عمل اللہ سے چھپا ہوا نہیں ہے(۴۶)[۵:۱۱۷؛۴۶:۵۵]

और हर एक समुदाय की ओर रसूल भेजा गया जब उनका रसूल आता है तो उनमें न्याय के साथ निर्णय कर दिया जाता है और उन पर कुछ अन्याय नही किया जाता (47) {61:6;10:45}

اور ہر ایک امت کی طرف رسول بھیجا گیا جب ان کا رسول آتا ہے تو ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور ان پر کچھ ظلم نہیں کیا جاتا (۴۷)[۶۱:۶؛۱۰:۴۵]

वह कहेंगे कि यदि तुम सच्चे हो तो यह वचन दण्ड कब आएगा (48)

اور وہ کہیں گے کہ اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ عذاب کب آئے گا (۴۸)

तुम कह देना मैं तो स्वयं अपनी जान के लाभ और हानि का भी मालिक नही हूं निःसन्देह वही होता है जो ईश्वर चाहता है हर समुदाय (के पतन) का एक समय निश्चित है जब वह आ जाता है तो न एक घड़ी पीछे रह सकते हैं न आगे (49) {12:31;3:93;11:107,108;39:68}

تم کہدینا میں تو خود اپنی جان کے نفع اور نقصان کا مالک نہیں ہوں یقیناً وہی ہوتا جو اللہ چاہتا ہے ہر امت (کے زوال) کا ایک وقت مقرر ہے جب وہ وقت آجاتا ہے تو نہ ایک گھڑی پیچھے رہ سکتے ہیں نہ آگے (۴۹)[۱۲:۳۱؛۳:۹۳؛۱۱:۱۰۷،۱۰۸؛۳۹:۶۸]

कह दो कि भला देखो तो यदि उस का दण्ड तुम पर अचानक आ जाए रात को या दिन को तो फिर पापी किस बात की जल्दी करेंगे (50)

کہدو کہ بھلا دیکھو تو اگر اس کا عذاب تم پر اچانک آجائے رات کو یا دن کو تو پھر گنہگار کس بات کی جلدی کریں گے (۵۰)

क्या उस समय विश्वास लाओगे जब वह आ जाएगा, तब कहा जाएगा और अब विश्वास लाए? इसी के लिए तो तुम जल्दी किया करते थे (यह वही कष्ट है) (51)

کیا اس وقت ایمان لاؤ گے جب وہ آجائے گا تب کہا جائے گا اور اب ایمان لائے؟ اسی کے لئے تو تم جلدی کیا کرتے تھے (یہ وہی عذاب ہے)(۵۱)

फिर उन पापियों से कहा जाएगा अब सदैव के दण्ड का स्वाद चखो आज तुम उन्ही कर्मों का बदला पाओगे जो करते रहे हो (52)

پھر ان ظالموں سے کہا جائے گا اب دائمی عذاب کا مزہ چکھو آج تم انہی اعمال کا بدلہ پاؤ گے جو کرتے رہے ہو(۵۲)

(ऐ रसूल) वह तुम से समाचार लेंगे आया यह बात सत्य है तुम कह देना हां ईश्वर की शपथ यह बात सत्य है और तुम ईश्वर को विवश नहीं कर सकोगे (53)

(اے رسول) وہ تم سے خبر لیں گے کہ آیا یہ بات سچ ہے تم کہہ دینا ہاں اللہ کی قسم یہ بات سچ ہے اور تم اللہ کو عاجز نہیں کرسکو گے (۵۳)

और यदि हर एक अवज्ञाकारी व्यक्ति के पास सम्पूर्ण संसार की वस्तुएं हों और बचने के लिए बदले में सब दे डाले और जब वह कष्ट को देखेंगे तो लज्जा को छुपाएंगे और उनमें न्याय के साथ निर्णय कर दिया जाएगा और उन पर अत्याचार न होगा (54)

اور اگر ہر ایک نافرمان شخص کے پاس روئے زمین کی تمام چیزیں ہوں اور بچنے کے لئے بدلے میں سب دے ڈالے اور جب وہ عذاب کو دیکھیں گے تو ندامت کو چھپائیں گے اور ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کردیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں ہوگا (۵۴)

लोगो! कान खोलकर सुन लो आकाशों और पृथ्वी में जो कुछ है वह ईश्वर के लिए है और यह भी सुन लो कि ईश्वर का कष्ट का वचन सत्य है (जब आ जाएगा तो किसी प्रकार टाले न टलेगा) परन्तु उनमें अधिकांश ऐसे हैं जो जानते नहीं हैं (55)

لوگو! کان کھول کر سن لو، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب اللہ ہی کے لئے ہے اور یہ بھی سن لو کہ اللہ کے عذاب کا وعدہ حق ہے (جب آجائے گا تو کسی طرح ٹالے نہ ٹلے گا) مگر ان میں زیادہ تر ایسے ہیں جو جانتے نہیں ہیں (۵۵)

वह नियमानुसार जीवित करता है और वही नियमानुसार मृत्यु देता है और उसी की ओर तुम को लौटकर जाना है (56)

وہ قانون کے مطابق جلاتا ہے اور وہی قانون کے مطابق موت دیتا ہے اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے (۵۶)

लोगो! तुम्हारे रब की ओर से तुम्हारे पास (एक पुस्तक) आ गई (जिसमें इन्सान के लिए) शिक्षा और हृदयों की सब बीमारियों का उपाय है और विश्वास वालों के लिए शिक्षा और अनुकम्पा है (57) {17:82}

لوگو! تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس (ایک کتاب) آگئی (جس میں انسان کے لئے) نصیحت اور دلوں کی تمام بیماریوں کا علاج ہے اور ایمان والوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے (۵۷) [۱۷:۸۲]

कह दो कि (यह पुस्तक) ईश्वर की कृपा दया और उसकी दया से अवतरित हुई है तो चाहिए कि लोग इससे प्रसन्न हो यह उससे कहीं उत्तम है जो वह संग्रह करते हैं (58)

کہہ دو کہ (یہ کتاب) اللہ کے فضل اور اس کی مہربانی سے نازل ہوئی ہے، تو چاہئے کہ لوگ اس سے خوش ہوں یہ اس سے کہیں بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں (۵۸)

(ऐ रसूल! उनसे) कहो क्या तुम ने इस बात पर विचार किया कि ईश्वर ने तुम्हारी जीविका के लिए जो वस्तुऐं उत्पन्न की हैं तुम ने (अपने अन्ध विश्वास से) कतिपय को अवैध और कतिपय को वैध मान लिया है उनसे ज्ञात करो क्या ईश्वर ने तुम्हें आज्ञा दे रखी है या तुम ईश्वर के नाम पर झूठी बात कह रहे हो (59) {66:1;57:25; 5:1;2:57;16:116;18:62,63;10:60}

(اے رسول! ان سے) کہو کیا تم نے اس بات پر بھی غور کیا کہ اللہ نے تمہاری روزی کے لئے جو چیزیں پیدا کی ہیں تم نے (اپنے وہم کی بنا پر) بعض کو حرام اور بعض کو حلال فرض کرلیا ہے، ان سے پوچھو کیا اللہ نے تمہیں اجازت دے رکھی ہے یا تم اللہ کے نام پر جھوٹی بات کہہ رہے ہو (۵۹) [۶۶:۱، ۵۷:۲۵، ۵:۱، ۲:۵۷، ۱۶:۱۱۶، ۱۸:۶۲، ۶۳، ۱۰:۶۰]

और जो लोग ईश्वर के नाम पर झूट बोल कर मिथ्या रोपण करते हैं उन्होंने प्रलय को क्या समझ रखा है? निःसन्देह ईश्वर लोगों पर कृपालु है परन्तु अधिकांश लोग आज्ञाकारी नहीं करते (60)

और तुम जिस स्थिति में होते हो या कुरआन में से कुछ पढ़ते हो या तुम लोग कोई और काम करते हो जब उसमें कार्यरत होते हो हम तुम्हारे सामने अर्थात देखते होते हैं और तुम्हारे रब से कण बराबर भी कोई वस्तु छुपी नहीं होती न पृथ्वी में और न आकाश में और कोई वस्तु जो कण से छोटी हो या बड़ी परन्तु सब उज्ज्वल पुस्तक में (लिखी हुई है) (61) {3:92;10:61;11:107, 108;87:7,6;32:8;34:2,7}

اور جو لوگ اللہ کے نام پر جھوٹ بول کر افترا کرتے ہیں انہوں نے قیامت کو کیا سمجھ رکھا ہے؟ بے شک اللہ لوگوں پر مہربان ہے لیکن اکثر لوگ فرمانبرداری نہیں کرتے (۶۰)

اور تم جس حال میں ہوتے ہو یا قرآن میں سے کچھ پڑھتے ہو یا تم لوگ کوئی (اور) کام کرتے ہو جب اس میں مصروف ہوتے ہو ہم تمہارے سامنے یعنی دیکھتے ہوتے ہیں اور تمہارے رب سے ذرہ برابر بھی کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہوتی ہے نہ زمین میں اور نہ آسمان میں اور کوئی چیز جو ذرہ سے چھوٹی ہو یا بڑی مگر کتاب روشن میں (لکھی ہوئی ہے) (۶۱) [۳:۹۲، ۱۰:۶۱، ۱۱:۱۰۷، ۱۰۸، ۸۷:۷، ۶، ۳۲:۸، ۳۴:۲، ۷]

सुन लो विश्वास करो कि जो लोग ईश्वर के चहीते

سن لو یقین کرو کہ جو لوگ اللہ کے چہیتے ہیں ان کو نہ تو کسی قسم

کا خوف ہوگا اور نہ کسی بات کا غم (۶۲)

है उनको न तो किसी प्रकार का भय होगा और न किसी बात का दुख (62)

یعنی جو لوگ ایمان لائے اور ہر طرح کی بُرائیوں سے بچتے رہے (۶۳)

अर्थात जो लोग विश्वास लाए और हर प्रकार की बुराईयों से बचते रहे (63)

ان کے لئے دنیا کی زندگی میں بھی خوش خبری ہے اور آخرت میں بھی اللہ کی باتیں بدلتی نہیں یہی تو بڑی کامیابی ہے (۶۴)

उनके लिए दुनिया के जीवन में भी शुभ सूचना है और परलोक में भी ईश्वर की बातें बदलती नही यही तो बड़ी सफलता है (64)

(اے رسول!) ان کی بکواس سے آزردہ نہ ہو (کیونکہ) ہر طرح کی عزت اللہ ہی کے لئے ہے (وہ تمہیں عزت دے گا اور تمہارے دشمنوں کو ذلیل کرے گا) وہ سب کی سنتا اور سب کچھ جانتا ہے (۶۵)

(ऐ रसूल!) उनकी बकवास से दुखी न हो (क्योंकि) हर प्रकार का सम्मान ईश्वर ही के लिए है (वह तुम्हें सम्मान देगा और तुम्हारे शत्रुओं को अपमानित करेगा) वह सबकी सुनता और सब कुछ जानता है (65)

اچھی طرح سن لو وہ تمام مخلوق جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں سب اللہ ہی کے (زیر فرمان) ہیں اور جو لوگ اللہ کے سوا اپنے بنائے ہوئے شریکوں کو پکارتے ہیں وہ صرف ظن کے پیچھے چلتے ہیں اور محض اٹکلیں دوڑا رہے ہیں (۶۶) [۱۰:۳۶]

अच्छी प्रकार सुन लो वह सब रचनाऐं जो आकाशों में है और जो पृथ्वी में है सब ईश्वर ही के (अधीन) हैं जो लोग ईश्वर के अतिरिक्त अपने बनाए हुए साझीयों को पुकारते हैं वह केवल अनुमान के पीछे चलते हैं और केवल अटकलें दौड़ाते हैं (66) {10:36}

وہی تو ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی تاکہ اس میں آرام کرو اور دن روشن بنایا (تاکہ اس میں کام کرو) جو لوگ سننے کی طاقت رکھتے ہیں ان کے لئے ان میں نشانیاں ہیں (۶۷)

वही तो है जिसने तुम्हारे लिए रात बनाई ताकि उसमें आराम करो और दिन उज्जवल बनाया (ताकि उसमें कार्य करो) जो लोग सुनने की शक्ति रखते है उनके लिए उनमें चिन्ह है (67)

لوگ کہتے ہیں اللہ نے بیٹا بنالیا ہے اس کی ذات (اس سے) پاک ہے اور وہ بے نیاز ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کا ہے اس طرح کی (بے بنیاد بات کہنے کی) تمہارے پاس کیا دلیل ہے؟ تم اللہ کے لئے ایسی بات کیوں کہتے ہو جو جانتے نہیں (۶۸)

लोग कहते है कि ईश्वर ने पुत्र बना लिया है इसका अस्तित्व (इससे) पवित्र है और वह लालसा रहित है जो कुछ आकाशों और पृथ्वी में है सब उसका है इस प्रकार की (आधार रहित बात कहने की) तुम्हारे पास क्या तर्क है? तुम ईश्वर के लिए ऐसी बात क्यों कहते हो जो जानते नही (68)

کہہ دو کہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں فلاح نہیں پائیں گے (۶۹)

कह दो कि जो लोग ईश्वर पर झूट बांधाते है सफल नही होते (69)

(ان کے لئے) جو فائدے ہیں وہ دنیا میں ہیں پھر ان کو ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے اس وقت ہم ان کو عذاب شدید چکھائیں گے کیونکہ وہ کفر کرتے تھے (۷۰)

(उनके लिए) जो लाभ है वह दुनिया में है फिर उनको हमारी ही ओर लौट कर आना है उस समय हम उनको कठोर दण्ड का स्वाद चखाऐंगे क्योंकि वह इनकार किया करते थे (70)

اور ان کو نوحؑ کا قصہ پڑھ کر سنا دو جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ اے قوم! اگر تم کو میرا تم میں رہنا اور اللہ کی آیتوں سے نصیحت کرنا ناگوار ہو تو میں اللہ پر بھروسہ رکھتا ہوں تم اپنے شریکو کے ساتھ مل کر میرے خلاف کارروائی کرو اور اپنے شریکوں کو بھی بلا لو پھر تم نے میرے خلاف جو منصوبہ تیار کیا ہو اس پر اچھی طرح غور کرلو کہ کوئی پہلو نظر سے نہ رہ جائے پھر میرے خلاف جو کچھ کرنا ہو کر گزرو اور مجھے ذرا بھی مہلت نہ دو (۷۱)

और उनको नूह की कथा सुना दो जब उन्होंने अपनी जाति से कहा कि ऐ जाति! यदि तुम को मेरा तुम में रहना और ईश्वर की आयतों से शिक्षा करना अप्रिय हो तो मै ईश्वर पर भरोसा रखता हूं तुम अपने साझीयों के साथ मिल कर मेरे विरुद्ध कार्यवाही करो और अपने साझीयों को भी बुला लो फिर तुमने मेरे विरुद्ध जो योजना तैयार की हो उस पर अच्छी प्रकार विचार कर लो कि कोई पार्श्व दृष्टि से न रह जाएफिर मेरे विरुद्ध जो कुछ करना हो कर लो और मुझे कुछ भी छूट न दो (71)

اور اگر تم نے منہ پھیر لیا تو (تم جانتے ہو کہ) میں نے تم سے کچھ معاوضہ نہیں مانگا میرا معاوضہ تو اللہ کے ذمہ ہے اور مجھے حکم ہوا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں رہوں (۷۲)

और यदि तुमने मुख फेर लिया तो तुम जानते हो कि मैं ने तुम से कुछ प्रतिकार नही मांगा मेरा प्रति कर तो ईश्वर का दायित्व है और मुझे आदेश हुआ है कि मैं आज्ञाकारों में रहूं (72)

لیکن ان لوگوں نے ان کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو اور جو لوگ ان کے ساتھ کشتی میں سوار تھے سب کو بچالیا اور انہیں

परन्तु उन लोगों ने उनको झुटलाया तो हमने उनको और जो लोग उनके साथ नाव में सवार थे सबको

बचा लिया और उन्हें (पृथ्वी में) उत्तराधिकारी बना दिया और जिन लोगों ने हमारी आयतों को झुटलाया उनको प्लावन कर दिया तो देख लो कि जो लोग डराए गए थे उनका कैसा अन्त हुआ? (73)
फिर हमने नूह के बाद और ईशदूत अपनी अपनी जाति की ओर प्रेषित किए तो वह उनके पास खुले चिन्ह लेकर आए परन्तु वह लोग ऐसे न थे कि जिस बात को पहले झुटला चुके थे उस पर विश्वास ले आते इसी प्रकार हम अत्याचार करने वालो के हृदयों पर मोहर लगा देते हैं (74)
फिर उनके बाद हमने मूसा और हारून को अपने चिन्ह देकर फिरऔन और उसके नेताओ के पास भेजा तो उन्होंने घमण्ड किया और वह पापी लोग थे. (75)
तो जब उनके पास हमारे यहां से सत्य आया तो कहने लगे कि यह तो खुला जादू है (76)
मूसा ने कहा क्या तुम सत्य के प्रति जब वह तुम्हारे पास आया यह कहते हो कि यह जादू है, यद्यपि जादूगर सफलता नही पाते (77)
वह बोले क्या तुम हमारे पास इसलिए आए हो कि जिस मार्ग पर हम अपने बड़ो को पाते रहें है उससे हमको फेर दो और इस देश में तुम दोनों ही की प्रधानता हो जाए? और हम तुम पर विश्वास लाने वाले नही हैं (78)
और फिरऔन ने आदेश दिया कि सब ज्ञाता जादूगरों को हमारे पास ले आओ (79)
जब जादूगर आए तो मूसा ने उनसे कहा कि जो तुमको डालना हो डालो (80)
जब उन्होंने (अपनी रस्सियों और लाठियों को) डाला मूसा ने उनसे कहा कि जो वस्तुएं तुम (बनाकर) लाए हो जादू है ईश्वर इसको अभी नष्ट कर देगा ईश्वर दुर्जनों के कार्य संवारा नही करता (81)
और ईश्वर अपने नियम से सच को सच ही कर देगा यद्यपि पापी बुरा ही माने (82)
तो मूसा पर कोई विश्वास न लाया परन्तु उसकी जाति में से कुछ लड़के (और वह भी) फिरऔन और उसके सभा सदो से डरते डरते कि कहीं वह उनको कष्ट में न फंसा दे और फिरऔन देश में बड़ा दमन कारी था और इसमें शंका नही कि घमण्ड में सीमा से अधिक बढ़ा हुआ था (83)
और मूसा ने कहा कि जाति! यदि तुम ईश्वर पर विश्वास लाए हो तो यदि तुम आज्ञाकारी हो तो उस पर भरोसा रखो (84)
तो वह बोले कि हम ईश्वर ही पर भरोसा रखते हैं, ऐ हमारे रब हमको अत्याचारियों के हाथ से परीक्षा में न डालना (85)
और अपनी दया से ऐसा कर कि हम नास्तिकों के

(زمین میں) جانشین بنادیا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ان کو غرق کردیا تو دیکھ لو کہ جو لوگ ڈرائے گئے تھے ان کا کیسا انجام ہوا؟ (۷۳)
پھر نوح کے بعد ہم نے اور رسول اپنی اپنی قوم کی طرف بھیجے تو وہ ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے مگر وہ لوگ ایسے نہ تھے کہ جس چیز کو پہلے جھٹلا چکے تھے اس پر ایمان لے آتے اسی طرح ہم زیادتی کرنے والوں کے دلوں پر مہر لگادیتے ہیں (۷۴)
پھر ان کے بعد ہم نے موسیٰ اور ہارون کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس بھیجا تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ گنہگار لوگ تھے (۷۵)
تو جب ان کے پاس ہمارے یہاں سے حق آیا تو کہنے لگے کہ یہ تو صریح جادو ہے (۷۶)
موسیٰ نے کہا کیا تم حق کے بارے میں جب وہ تمہارے پاس آیا یہ کہتے ہو کہ یہ جادو ہے حالانکہ جادوگر فلاح نہیں پانے کے (۷۷)
وہ بولے کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ جس راہ پر ہم اپنے بڑوں کو پاتے رہے ہیں اس سے ہم کو پھیر دو اور اس ملک میں تم دونوں ہی کی سرداری ہو جائے؟ اور ہم تم پر ایمان لانے والے نہیں ہیں (۷۸)
اور فرعون نے حکم دیا کہ سب کامل جادوگروں کو ہمارے پاس لاؤ (۷۹)
جب جادوگر آئے تو موسیٰ نے ان سے کہا کہ جو تم کو ڈالنا ہو ڈالو (۸۰)
جب انہوں نے (اپنی رسیوں اور لاٹھیوں کو) ڈالا تو موسیٰ نے کہا کہ جو چیزیں تم (بنا کر) لائے ہو جادو ہے اللہ اس کو ابھی نابود کردے گا اللہ شریروں کے کام سنوارا نہیں کرتا (۸۱)
اور اللہ اپنے قانون سے سچ کو سچ ہی کردے گا اگرچہ گنہگار برا ہی مانیں (۸۲)
تو موسیٰ پر کوئی ایمان نہ لایا مگر اس کی قوم میں سے چند لڑکے (اور وہ بھی) فرعون اور اس کے درباریوں سے ڈرتے ڈرتے کہ کہیں وہ ان کو آفت میں نہ پھنسا دے اور فرعون ملک میں بڑا جابر تھا اور اس میں شک نہیں کہ غرور میں حد سے زیادہ بڑھا ہوا تھا (۸۳)
اور موسیٰ نے کہا کہ قوم! اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو تو اگر تم فرمانبردار رہو تو اسی پر بھروسہ رکھو (۸۴)
تو وہ بولے کہ ہم اللہ ہی پر بھروسہ رکھتے ہیں اے ہمارے رب ہم کو ظالموں کے ہاتھ سے آزمائش میں نہ ڈالنا (۸۵)
اور اپنی رحمت سے ایسا کر کہ ہم کافروں کے ہاتھ سے

हाथ से मुक्ति पाजाऐं (86)

और हमने मूसा और उसके भाई की ओर वही भेजी कि अपने लोगों के लिए मिस्र में घर बनाओ और अपने घरो को किबला बना लो और नमाज़ पढ़ो और आस्तिकों को शुभ सूचना सुना दो (87)

और मूसा ने कहा ऐ रब तेरे नियम ने फ़िरऔन और उसके सरदारों को दुनिया के जीवन में सज्जा और धन से कृपा कर रखी है इसका परिणाम यह है कि वह इस माल से लोगों को तेरी राह से भटका रहें है, ऐ ईश्वर उनका धन नष्ट कर दे और वह इस स्थान पर पहुंच गए है, कि उनके ह्रदयों पर मोहर लग गई है वह आस्था न लाएंगे यहां तक कि कष्ट देने वाला दण्ड देख लें (88)

ईश्वर ने उत्तर में कहा तुम दोनों की प्रार्थना स्वीकार की गई दृढ़ पग रहो और उन लोगों की पद्धति का अनुकरण कदापि न करना जो ज्ञान नही रखते (89)

और जब हमने बनी इसराईल को समुन्द्र के पार उतार दिया तो फ़िरऔन और उसकी सेना ने अत्याचार और उद्दण्डता से उनका पीछा किया यहां तककि जब फ़िरऔन डूबने लगा तो पुकार उठा मैं विश्वास लाया कि जिस ईश्वर पर बनी इसराईल विश्वास लाए यद्यपि मैं अब तक कहता था कि कोई ईश्वर नहीं परन्तु वह ईश्वर है और मैं आज्ञाकारों में हूं निःसंदेह वह है, (90)

(उत्तर मिला) अब विश्वास लाता है यद्यपि तू पहले अवज्ञा करता रहा और दुष्ट बना रहा? (91)

अच्छा आज हम (तुझे तो नही) तेरे शरीर को (समुन्द्र की लहरो से) बचाए लेते है ताकि तेरे बाद आने वाली सन्तानों के लिए तू (अर्थात तेरा शव ईश्वर के शक्ति का) एक चिन्ह हो (ताकि लोग देखे कि यह शव उसी घमन्डी फ़िरऔन का है जो कहा करता था "अना रब्बूकुमुलआला" मैं तुम्हारा सबसे बड़ा रब हूं) किन्तु अधिकांश लोग ऐसे ही है जो हमारी निशानियों से अनभिज्ञ है (92) {30:3-4}

और यह सत्य है कि हमने बनी इसराईल के लिए उत्तम स्थान दिया था और उनको खाने के लिए पवित्र वस्तुए प्रस्तुत कर दी थी फिर जब जब मत भेद करते थे तो उनके पास ज्ञान आ जाता था निःसंदेह जिन बातों में वह मत भेद करते रहे है तुम्हारा रब प्रलय के दिन उनमें उन बातों का निर्णय कर देगा (93)

ऐ मुहम्मद स0 (यदि लोगों को इस पुस्तक में भ्रम हो) जो पुस्तक आप पर अवतरित की है वह लोग उन लोगों से ज्ञात कर लें जो उन पुस्तकों को पढ़ते रहे है जो आपसे पहले अवतरित हुई और विश्वास करो कि तुम्हारे रब की ओर से तेरे पास सत्य आ पहुंचा तो तुम्हारे साथी कदापि शंका करने वालो में से न हों (94)

{53:11-14-17, 6:86-90, 43:45, 25:93, 43:45, 25:93}

आस्तिकों! उन लोगों में से न होना जिन्होंने ईश्वर

نجات پاجائیں(۸۶)

اور ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کی طرف وحی بھیجی کہ اپنے لوگوں کے لئے مصر میں گھر بناؤ اور اپنے گھروں کو قبلہ ٹھہراؤ اور نماز پڑھو اور مومنوں کو خوشخبری سنادو(۸۷)

اور موسیٰ نے کہا اے رب تیرے قانون نے فرعون اور اس کے سرداروں کو دنیا کی زندگی میں زینت اور اموال سے نواز رکھا ہے اس کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ اس مال سے لوگوں کو تیری راہ سے بھٹکا رہے ہیں۔ اے اللہ ان کے مال غارت کردے اور وہ اس مقام پر پہنچ گئے ہیں کہ ان کے دلوں پر مہر لگ گئی ہے وہ ایمان نہ لائیں گے یہاں تک کہ دردناک عذاب بھی دیکھ لیں(۸۸)

اللہ نے جواب میں فرمایا تم دونوں کی دعا قبول کی گئی ثابت قدم رہو اور ان لوگوں کے طریقے کی ہرگز پیروی نہ کرنا جو علم نہیں رکھتے(۸۹)

اور جب ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر کے پار اتار دیا تو فرعون اور اس کے لشکر نے ظلم اور سرکشی سے ان کا پیچھا کیا یہاں تک کہ جب فرعون ڈوبنے لگا تو پکار اٹھا میں ایمان لایا کہ جس اللہ پر بنی اسرائیل ایمان لائے حالانکہ میں اب تک کہتا تھا کہ کوئی اللہ نہیں مگر وہ اللہ ہے اور میں فرمانبرداروں میں ہوں بے شک وہ ہے(۹۰)

(جواب ملا) اب ایمان لاتا ہے حالانکہ تو پہلے نافرمانی کرتا رہا اور مفسدوں میں رہا؟(۹۱)

خیر آج ہم (تجھے تو نہیں) تیرے جسم کو (سمندر کی لہروں سے) بچائے لیتے ہیں تاکہ تیرے بعد آنے والی نسلوں کے لئے تو (یعنی تیری لاش اللہ کی قدرت کی) ایک نشانی ہو (تاکہ لوگ دیکھیں کہ یہ لاش اسی متکبر فرعون کی ہے جو کہا کرتا تھا انا ربکم الاعلیٰ میں تمہارا سب سے بڑا رب ہو) لیکن زیادہ تر لوگ ایسے ہی ہیں جو ہماری نشانیوں سے بے خبر ہیں(۹۲)[۳۰:۳،۴]

اور یہ حقیقت ہے کہ ہم نے بنی اسرائیل کے لئے عمدہ جگہ دی اور ان کو کھانے کے لئے پاکیزہ چیزیں مہیا کردی تھیں پھر جب اختلاف کرتے تھے تو ان کے پاس علم آجاتا تھا بے شک جن باتوں میں وہ اختلاف کرتے رہے ہیں تمہارا رب قیامت کے دن ان میں ان باتوں کا فیصلہ کردے گا(۹۳)

اے محمدؐ اگر لوگوں کو اس کتاب میں شک ہو جو کتاب آپ پر نازل کی ہے تو وہ لوگ ان لوگوں سے دریافت کرلیں جو ان کتابوں کو پڑھتے رہے ہیں جو آپ سے پہلے نازل ہوئیں اور یقین کرو کہ تیرے رب کی طرف سے تیرے پاس حق آپہنچا تو تمہارے ساتھی ہرگز شک کرنے والوں میں سے نہ ہوں(۹۴)

[۵۳:۱۱،۱۴،۱۷، ۶:۸۶،۹۰، ۴۳:۴۵، ۲۵:۹۳، ۴۳:۴۵، ۲۵:۹۳]

اے ایمان والو! ان لوگوں میں نہ ہونا جنہوں نے اللہ کی

की धाराओ को झुटलाया अन्यथा तुमभी हानी उठाने वालो में हो जाओगे (95)	آیتوں کو جھٹلایا ورنہ تم بھی نقصان اٹھانے والوں میں ہو جاؤ گے (۹۵)
जिन लोगों पर उनकी अवज्ञा के कारण से तेरे रब का आदेश दण्ड पारित हो चुका है वह कदापि विश्वास न लाएंगे (96) {9:111, 13:31}	جن لوگوں پر ان کی نافرمانیوں کی وجہ سے تیرے رب کا حکم عذاب صادر ہو چکا ہے وہ ہرگز ایمان نہ لائیں گے (۹۶)[۹:۱۱۱،۱۳:۳۱]
(वह उस स्थान पर पहुंच गए हैं) यदि सारी निशानियां उनके सामने आजाए चाहे वह दुख देने वाला कष्ट ही हो को देख लें विश्वास न लाएंगे (97)	(وہ اس مقام پر پہنچ گئے ہیں) اگر ساری نشانیاں ان کے سامنے آجائیں چاہے وہ دردناک عذاب ہی ہو کو دیکھ لیں (ایمان نہ لائیں گے) (۹۷)
तो कोई नगरी की उपमा है जो कष्ट देखकर विश्वास लाई हो और उसका विश्वास उसके लिए लाभकारी सिद्ध हुआ हो? तो सुनों! निःसंदेह वह यूनुस अ0 की जाति थी वह जाति जब विश्वास ले आई तो अलबत्ता हमने उस पर से दुनिया के जीवन में अपमान का दण्ड टाल दिया था और उसको एक समय तक जीवन का लाभ दिया था (98) {21: 87-88}	تو کوئی بستی کی مثال ہے جو عذاب دیکھ کر ایمان لائی ہو اور اس کا ایمان اس کے لئے نفع بخش ثابت ہوا ہو؟ تو سنو! بے شک وہ یونس کی قوم تھی وہ قوم جب ایمان لے آئی تھی تو البتہ ہم نے اس پر سے دنیا کی زندگی میں رسوائی کا عذاب ٹال دیا تھا اور اس کو ایک مدت تک زندگی کا فائدہ دیا تھا (۹۸)[۲۱:۸۷،۸۸]
और यदि तुम्हारा ईश्वर चाहता (बल से) तो जितने लोग पृथ्वी में हैं सबके सब विश्वास ले आते (ईश्वर ने सबको अधिकार दिया है) तो क्या तुम लोगों पर जबरदस्ती करना चाहते हो कि वह आस्तिक हो जाए (लोगों को स्वतंत्रता है) (99) {2: 256}	اور اگر تمہارا رب چاہتا (زبردستی) تو جتنے لوگ زمین میں ہیں سب کے سب ایمان لے آتے (اللہ نے سب کو اختیار دیا ہے) تو کیا تم لوگوں پر زبردستی کرنا چاہتے ہو کہ وہ مومن ہو جائیں (لوگوں کو آزادی ہے) (۹۹)[۲:۲۵۶]
किसी इन्सान को यह अधिकार नही दिया कि ईश्वर के नियम के बिना था विरुद्ध विश्वास ले आए (अर्थात उसका विधान इस्लाम है उस पर ही विश्वास माना जाएगा) जो लोग बुद्धि से काम नही लेते उन्हें वह (कुफ्र की) अशुद्धि में डाल कर विश्वास की पवित्रता से वंचित कर देता है ऐसे अशुद्ध प्रवृति वाले मानव ईमान नही ला सकते (100)	کسی انسان کو یہ اختیار نہیں دیا کہ اللہ کے قانون کے بغیر یا خلاف ایمان لے آئے (یعنی اس کا قانون اسلام ہے اس پر ہی ایمان مانا جائے گا) جو لوگ عقل سے کام نہیں لیتے انہیں وہ (کفر کی) ناپاکی میں ڈال کر ایمان کی پاکی سے محروم کر دیتا ہے (ایسے ناپاک فطرت والے انسان ایمان نہیں لا سکتے) (۱۰۰)
(ऐ रसूल! उनसे) कहो जो कुछ आकाशों में है और जो कुछ पृथ्वी में है उन सब पर दृष्टि डालो (तुम्हें ईश्वरीय शक्तिके चिन्ह हर ओर दिखाई देंगे) परन्तु जो लोग विश्वास (की सम्पत्ति) से वंचित है उनके लिए न कोई चिन्ह लाभ दायक है और न डराने वालों की ताड़ना (101)	(اے رسول! ان سے) کہو جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے ان سب پر نظر ڈالو (تمہیں اللہ کی قدرت کی نشانیاں ہر طرف دکھائی دیں گی) لیکن جو لوگ ایمان (کی دولت) سے محروم ہیں ان کے لئے نہ کوئی نشانی سودمند ہے اور نہ ڈرانے والوں کی تنبیہ (۱۰۱)
तो वह लोग इसके सिवा और किस बात के प्रतीक्षक है कि उन पर भी पहले लोगों की भांति (यातना) के बुरे दिन आए तुम उनसे कहो अच्छा प्रतीक्षा करो मैं भी तुम्हारे साथ प्रतीक्षा कर रहा हूं (102)	تو وہ لوگ اس کے سوا اور کس بات کے منتظر ہیں کہ ان پر بھی گزرے ہوئے لوگوں کی طرح (عذاب) کے بُرے دن آئیں۔ تم ان سے کہو اچھا انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں (۱۰۲)
फिर जब सत्य का इनकार करने वालो पर कष्ट आ जाता है तो हम अपने रसूलों को और उन लोगों को जो विश्वास लाए उस से बचा लेते हैं (इसी प्रकार का हमारा नियम है) और हमने अपने ऊपर यह बात अनिवार्य कर ली है अर्थात यह हमारा नियम है कि आस्था वालों को बचा लिया करें (103)	پھر (جب منکرین حق پر عذاب آجاتا ہے تو) ہم اپنے رسولوں کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے اس سے بچا لیتے ہیں (اسی طرح کا ہمارا قانون ہے) اور ہم نے اپنے اوپر یہ بات لازم کر لی ہے یعنی یہ ہمارا قانون ہے کہ ایمان والوں کو بچا لیا کریں (۱۰۳)
कहदो कि लोगों! यदि तुमको मेरे धर्म में किसी प्रकार का भ्रम हो तो (सुन रखोकि) जिन लोगों की तुम ईश्वर के सिवा पूजा करते हो मैं उनकी पूजा नही करता अपितु मैं ईश्वर की पूजा करता हूं जो तुम्हारी आतमाएं ग्रहण हर लेता है और मुझको यही आदेश हुआ कि विश्वास लाने वालों में हूं (104) {3:55, 5:117, 1:136}	کہہ دو کہ لوگو! اگر تم کو میرے دین میں کسی طرح کا شک ہو تو (سن رکھو کہ) جن لوگوں کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو میں ان کی عبادت نہیں کرتا بلکہ میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تمہاری روحیں قبض کر لیتا ہے اور مجھ کو یہی حکم ہوا کہ ایمان لانے والوں میں ہوں (۱۰۴)[۳:۵۵،۵:۱۱۷،۱:۱۳۶]

और मुझे यह भी आदेश दिया गया है कि हर ओर से हट कर अपना मुख ईश्वर के धर्म की ओर कर लूं और अनेकेश्वर वादीयों में से न हो जाऊं (105)

(اور مجھے یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ)ہرطرف سے ہٹ کر اپنا رُخ اللہ کے دین کی طرف کرلوں اورشرکوں میں سے نہ ہوجاؤں (۱۰۵)

और ईश्वर को छोड़ कर ऐसोंको (सहयता के लिए) न पुकारना जो तुम्हें न लाभ पहुंचा सकें न हानी यदि आपने ऐसा किया तो वास्तव में आप की गणना भी अत्याचारियों में हो जाएगी, (106)

اوراللہ کوچھوڑ کرایسوں کو(مدد کے لئے) نہ پکارنا جوتمہیں نہ تو نفع پہنچاسکیں نہ نقصان اگر آپ نے ایسا کیا تو یقیناً آپ کا شمار بھی ظالموں میں ہو جائے گا(۱۰۶)

यदि ईश्वर के नियम से आपको कोई दुख पहुंचे तो उसे दूर करने वाला उसके अतिरिक्त कोई नही और यदि उसके कृपा दया नियम से आपको कोई भलाई पहुंचे तो उसे रोकने वाला भी कोई नही, वह अपने बन्दों में से उस पर कृपा दया करता है जो अपने कर्म से कृपा दया लेना चाहता है और वह क्षमा करने वाला कृपालु है (107)

اگر اللہ کے قانون سے آپ کو کوئی دکھ پہنچے تو اسے دور کرنے والا اس کے سوا کوئی نہیں اور اگر اس کے فضل قانون سے آپ کوکوئی بھلائی پہنچے تواسے روکنے والا بھی کوئی نہیں وہ اپنے بندوں میں سے اس پر فضل کرتا ہے جواپنے عمل سے فضل لینا چاہےاوروہ بخشنے والامہربان ہے(۱۰۷)

कहदो कि लोगों तुम्हारे रब के यहां से तुम्हारे पास सत्य आचुका है तो जो कोई पथ प्रदर्शन प्राप्त करता है तो पथ प्रदर्शन से अपने ही लिए भलाई करता है, और जो पथ भ्रष्टता स्वीकार करता है तो भ्रष्टता से अपनी ही हानी करता है और मैं तुम्हारा प्रतिनिधि नही हूं (108)

کہدو کہ لوگوں تمہارے رب کے یہاں سے تمہارے پاس حق آ چکا ہےتو جوکوئی ہدایت حاصل کرتا ہےتوہدایت سے اپنے ہی حق میں بھلائی کرتا ہے۔اور جوگمراہی اختیار کرتا ہےتو گمراہی سے اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔اور میں تمہارا وکیل نہیں ہوں (۱۰۸)

और (ऐ रसूल!) तुम्हें वही के द्वारा जो आदेश दिया जा रहा है उसका अनुकरण करो और (कष्टो का) साहस के साथ सामना करो अर्थात धैर्य करो यहां तककि ईश्वर (तुम्हारे और नास्तिको के बीच) निर्णय करे और वही सबसे अच्छा निर्णय करने वाला है (109)

اور(اے رسول)تمہیں وحی کے ذریعہ جوحکم دیاجارہا ہے اس کی پیروی کرواور(تکلیفوں کا) ہمت کے ساتھ مقابلہ کرویعنی صبر کرو۔یہاں تک کہ اللہ (تمہارےاورکافروں کے درمیان)فیصلہ کرےاوروہی سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے(۱۰۹)

सूरत हूद (11) मक्की

سورت ھود(۱۱) مکی

ऐ मुहम्मद स0 यह वह (ईश्वर की) पुस्तक है जिसकी धाराऐं (अपने अर्थ और भाव के अनुसार) अचल है इनका विस्तार ईश्वर की ओर से वर्णन कर दिया गया है जिसका कोई कार्य युक्ति से रहित नही और जिसको हर बात की सूचना है (1)

اے محمدؐ یہ وہ (اللہ کی) کتاب ہے جس کی آیتیں (اپنے معانی اورمفہوم کے اعتبار سے)مستحکم کی ہیں ان کی تفصیل اس اللہ کی طرف سے بیان کردی گئی ہیں جس کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں اورجس کو ہر بات کی خبر ہے(۱)

नोट- कुरआन हर प्रकार से पूर्ण है यह अपने विवरण के लिए किसी कथन का आश्रित नही वही गुप्त का यह अर्थ कदापि नही कि ईश्वर मुहम्मद स0 को कुरआन की आयात का अर्थ समझाने के लिए एक अप्रकट वही अवतरित करता था कि मुहम्मद स0 को कुरआन की परिभाषा ज्ञात हो जाए कुरआन में ईश्वर ने सब विवरण वर्णन कर दिया है और मुहम्मद स0 ने उनके अनुसार ही कहा और कर्म किया, छुपी वही का अर्थ है औचित्य या युक्ति,

نوٹ: ۔قرآن ہرطرح سے مکمل ہے یہ اپنی تفصیل کے لئے کسی روایت کامحتاج نہیں۔وحی خفی کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اللہ محمدؐ کوقرآن کی آیات کا مطلب سمجھانے کے لئے ایک چھپی ہوئی وحی نازل کرتا تھا کہ محمدؐ کوقرآن کی اصطلاحات معلوم ہوجائیں قرآن میں اللہ نےتفصیل بیان کردی ہےاورمحمدؐ نے ان کے مطابق ہی فرمایااورعمل کیا۔وحی خفی کا مطلب ہے مصلحت یا حکمت۔

(ईश्वर का आदेश है कि) ईश्वर के अतिरिक्त किसी की पूजा न करो विश्वास करो कि मैं तुम्हारे लिए ईश्वर की ओर से डराने वाला और समाचार देने वाले के पद पर नियुक्त हूं (2)

(اللہ کاحکم ہے کہ)اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو۔یقین کرو کہ میں تمہارے لئے اللہ کی طرف سے نذیر اوربشیر (کی حیثیت سے مامور)ہوں (۲)

और यह कि अपने स्वामी से क्षमा मांगो और (हर बुराई को छोड़कर) उसके नियम की ओर आकृष्ट हो जाओ पश्चाताप करो वह तुमको एक निश्चित अवधी तक जीवन के लाभो से लाभानवित करेगा, और उन लोगों को जो अधिक सत्कर्म करेंगे, उनके प्रयत्नों का अधिक प्रतिदान देगा, परन्तु यदि तुमने विमुखता की (और ईश्वर की बात न मानी) तो मुझे डर है कि तुम पर एक बड़े दिन की यातना अवतरित हो (3)

اور یہ کہ اپنے رب سے معافی مانگواور(اور برائیوں کوچھوڑ کر)اس کے قانون کی طرف متوجہ ہوجاؤتوبہ کرو،وہ تم کو ایک مقرر وقت تک زندگی کے فائدوں سے بہرہ مند کرے گااوران لوگوں کو جو زیادہ نیکی کریں گےان کی کوششوں کا زیادہ اجر دے گا۔لیکن اگر تم نے روگردانی کی (اوراللہ کی بات نہ مانی)تو مجھے ڈر ہے کہ تم پرایک بڑے دن کاعذاب نازل ہو(۳)

तुम सबको ईश्वर की ओर लोटना है वह हर वस्तु के अनुमान बनाने की क्षमता रखता है (4)

تم سب کو اللہ کی طرف لوٹنا ہے وہ ہر چیز کے انداز ے بنانے کی قدرت رکھتا ہے(۴)

देखो! वह लोग अपने वक्षों को दोहरा करते है कि अपने भेदों को ईश्वर से छुपाएं तो सुनलो जिस समय वह वस्त्रों को अपने ऊपर डाल लेते है (तब भी) वह खुली छुपा हर बात को जानता है वह तो वक्षों के भीतर के भेदों से भी अवगत है (5) {77:7}

دیکھو!وہ لوگ اپنے سینوں کو دوہرا کرتے ہیں کہ اپنے بھیدوں کو اللہ سے چھپائیں تو سن لو جس وقت وہ کپڑوں کو اپنے اوپر ڈال لیتے ہیں(تب بھی) وہ کھلی چھپی ہر بات کو جانتا ہے وہ تو سینوں کے اندر کے بھیدوں سے بھی واقف ہے(۵)[۷:۷۷]

वमामिन दाब्बातिन ।2

پارہ ۱۲۔وَمَا مِن دَآبَّۃٍ ۔

और धरती पर चलने फिरने वाला ऐसा कोई जानवर जानदार नही है जिस की जीविका (का प्रबन्ध) ईश्वर का दायित्व न हो वह उसके स्थान को जहां भी जानता है, जहां वह रहता है और उस स्थान को भी जानता है वह सोंपा जाता है सारी बाते (ईश्वर के ज्ञान की) उज्जवल पुस्तक में (लिखी हुई) है (6)

اور زمین پر چلنے پھرنے والا ایسا کوئی جانور جاندار نہیں ہے جس کی روزی (کا انتظام) اللہ کے ذمہ نہ ہو۔ وہ اس کی جگہ کو بھی جانتا ہے جہاں وہ رہتا ہے اور اس کی جگہ کو بھی جانتا ہے جہاں وہ سونپا جاتا ہے ساری باتیں (علم الٰہی کی) روشن کتاب میں (لکھی ہوئی) ہیں (۶)

और वही है जिसने आकाशों और पृथ्वी को छ अय्याम में (अर्थात छे दीर्घ चेर्णा में) उतपन्न किया (उसमें एक चर्ण वह था जब पृथ्वी पानी में डुबी हुई थी) उस समय उसका राज्य पानी पर था (फिर एक समय वह आया जब उसने तुमको उत्पन्न किया) ताकि तुम्हें परिक्षा में डाले और देखे कि) तुममें से कौन अच्छे कर्म करता है (हे ईशदूत) यदि तुम कहो कि तुम लोग मरने के बाद (पुनः) जीवित किये जाओगे तो जिन लोगों ने नास्तिकता का मार्ग ग्रहण कर रखा है वह निःसंदेह कह देंगे कि यह तो स्पष्ट जादू है (7) {79:27से33}

